محمود نیازی
نیا
پیا

ناول

سزا

محمود نیازی

جملہ حقوق اشاعت برائے ہندوستان بنام...
نسیم بک ڈپو لکھنؤ
محفوظ ہیں

قیمت
مجلد :- پانچ روپیہ

نسیم بک ڈپو ـــــ لاٹوش روڈ لکھنؤ
ٹیلیفون ... ۴۵۵۹

ناشر:- عزیز الرحمٰن
پرنٹر:- سرفراز قومی پریس لکھنؤ

اپنی اس چھوٹی سی کاوش کو .....

عمر محترم معظمی و مرشدی حضرت

اعزاز میاں صاحب

سجادہ نشین خانقاہ بیاضیہ بڑی چاچڑاں

کے نام معنون کرتا ہوں

محمود نیازی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پہلا باب

شارع کتب فروشاں

نیشاپور کی یہ سب سے غیر آباد اور سنسان سڑک تھی جو جامع مسجد سے شروع ہو کر پارک تک چلی گئی تھی اس سڑک کے دونوں طرف گھنی جھاڑیاں تھیں ان پر انگور کی بیلیں اس طرح پھیلی ہوئی تھیں کہ بعض جگہ تو سورج کی روشنی صرف چند گھنٹوں کیلئے ہی آتی تھی۔ مدتوں تک اس سڑک کا یہ حال رہا کہ دن دہاڑے مسافر لٹ جاتے تھے اور لوگ اس طرف جاتے ہوئے ڈرتے تھے دس بارہ برس سے یہ آباد ہونا شروع ہو گئی اور اب اس پر کتابوں کی کئی دوکانیں بھی کھل گئی تھیں جامع مسجد اور درسگاہ نیشاپور کی قربت سے یہ دوکانیں خوب چلنے لگی تھیں جن طالب علموں کو کتابوں کی ضرورت ہوتی تھی وہ بجائے شہر جانے کے یہاں سے ہی خرید لیتے تھے۔ تقریباً دو فرلانگ سیدھی جانے کے بعد یہ سڑک گھوم گئی تھی اور اس جگہ سے چڑھائی شروع ہو جاتی تھی۔ اس موڑ پر ایک بہت بھاری اور پرانا چنار کا درخت کھڑا تھا اور اس کے نیچے سے ایک میٹھے پانی کا چشمہ بہتا تھا جو سڑک کے

کنارے کنارے گذرتا ہوا سامنے والی گھاٹیوں میں غائب ہوگیا تھا۔

اس چشمے پر پانی بھرنے کیلئے قرب وجوار کی عورتیں آتی رہتی تھیں اور اسوقت بھی چنار کے درخت کے نیچے گپ شپ لڑا رہی تھیں انکے قریب ہی کئی گگرے پانی سے بھرے ہوئے رکھے تھے اس درخت کے بالکل سامنے ایک کتابوں کی دوکان تھی جسپر بیٹھا ہوا بوڑھا کتب فروش اونگھ رہا تھا یہ دوکان دوسری دوکانوں سے قدرے ہٹ کر تھی اور اسپر صرف پرانی کتابیں خریدی اور بیچی جاتی تھیں اسلئے بہت کم گاہک اس طرف آتے تھے اسکے علاوہ بڑھا کتب فروش صورت سے بھی اچھا معلوم ہوتا تھا اور شاید ہی کوئی خوش نصیب شخص ایسا ہو جس نے اس بوڑھے کو دوکان پر جاگتا ہوا دیکھا ہو دوکان کے برابر سے گزرتے ہوئے مدرسہ کے چھوٹے چھوٹے بچے اس بوڑھے کا مذاق اڑایا کرتے تھے اور کبھی کبھی اسپر کنکریاں بھی پھینکتے ہوئے بھاگ جاتے تھے لڑکے مل کر نعرہ لگاتے اٹھ جاگ پرانے الو اب رات ہونے والی ہے! اس جملہ کی تکرار بار بار ہوتی ـــــ تالیاں بجتیں اور جب وہ بوڑھا جاگ کر ان کے پیچھے دوڑتا تو سب نو دو گیارہ ہو جاتے روز یہی ہوتا۔

اپنے باپ کے متعلق اس نعرہ کو سن کر یاسمین بہت پیچ و تاب کھاتی تھی بارہ تیرہ برس کی تھی۔ بھی اس شیطانی لشکر کا مقابلہ تو کیا کرتی لیکن وہ ایسے موقع پر لڑکوں کو منہ چڑا کر اپنا دل خوش کر لیا کرتی تھی۔ لڑکوں نے اسکی طرف کبھی توجہ نہ کی اور نہ اس کے منہ چڑانے کا کوئی جواب دیا۔ یہ شیطانی ٹولی کبھی کبھی یاسمین کی بلی پر بھی کنکریاں پھینکتی ہوئی گذر جاتی تھی۔

یاسمین گیارہ بارہ برس کی یا ممکن ہے کہ تیرہ برس کی ہو لیکن تھی بہت حسین یا کم از کم اپنی نظر میں وہ خود کو بہت خوبصورت سمجھتی تھی اور اسی وجہ سے

اس نے اپنے چہرہ پر ایک چھوٹی سی نقاب ڈالنا شروع کر دی تھی۔ اگر وہ پورا برقعہ پہنتی اور اپنے مکان کے جھروکوں سے جھانکتی تو ممکن ہے کہ لڑکوں کیلئے زیادہ قابل توجہ ہوتی۔

یاسمین کا باپ خالی وقت میں لڑکوں کو پڑھایا کرتا تھا۔ کبھی کبھی وہ اپنے باپ کو پڑھاتے ہوئے سنتی لیکن اس کے لئے پڑھنا لکھنا ایسی ہی اہمیت رکھتا تھا جیسے کہ اندھیری رات میں چمگادڑوں کو اڑتا ہوا دیکھنا۔ جب لڑکے پڑھ کر چلے جاتے تو وہ پھر دوکان میں آجاتی۔ اس کے مکان سے دوکان بالکل ملی ہوئی تھی بلکہ یوں کہئے کہ مکان کی بیٹھک میں ہی دوکان تھی۔ یاسمین کا باپ بہت بوڑھا ہو چکا تھا اور آنکھوں سے بھی مجبور ہو چلا تھا اس لئے دن بھر وہ اپنے باپ کی دیکھ بھال کرتی اور اگر کبھی کوئی بھولا بھٹکا گاہک آجاتا تو اس سے بات کرتی۔ یاسمین کی ماں کو مرے ہوئے زمانہ ہو چکا تھا اور اب اس کا جو کوئی بھی تھا وہ یہی بوڑھا باپ تھا

آج یاسمین اپنے باپ کے لئے پانی پینے کے لئے مکان میں گئی اور جب وہ واپس آئی تو دو لڑکے دوکان پر کھڑے تھے ان میں دراز قد لڑکا رحیم تھا۔ نیشاپور کے بڑے امیر کا اکلوتا لڑکا۔ رحیم کے کندھے پر سرخ بانات کی ایک عبا پڑی ہوئی تھی۔ دوسرا لڑکا صورت شکل اور لباس سے غریب معلوم ہو رہا تھا وہ اسوقت تک کتابوں پر جھکا ہوا مطالعہ میں رہا جب تک آفتاب غروب نہ ہو گیا۔ اس شام رحیم نے کئی کتابیں خریدیں جب یہ دونوں لڑکے مغرب کی اذان کی آواز سن کر چلے گئے تو بوڑھا کتب فروش الماری کے پاس گیا اور

تھوڑا سا پیراور دو روٹیاں اس میں سے نکال کر یاسمین کو دینے کے بعد نماز پڑھنے چلا گیا۔ اس غریب لڑکی کیلئے یہ غذا بھی نعمت تھی وہ اس کو خوش خوش کھانے لگی تھوڑی دیر کے بعد اس کا باپ بھی مسجد سے آکر دوکان میں بیٹھ گیا وہ اس وقت کسی گہرے خیال میں غرق معلوم ہوتا تھا۔

وہ خوب جانتا تھا کہ رحیم اس کی دوکان پر روزانہ کیوں آتا تھا اس کے چکر یاسمین اور صرف یاسمین کی وجہ سے ہوتے تھے یہ امیرزادہ اپنی دولت سے متاثر کرکے اس بوڑھے کو پرچانا چاہتا تھا۔ لیکن ان باتوں کی یاسمین کو بالکل خبر نہ تھی اسکا طائر خیال جو آشیانہ بنانا چاہتا تھا وہ رحیم جیسے امیرزادوں کی پہونچ سے بہت بلند تھا وہ چاہتی تھی کہ اسکا شوہر دیبا و حریر کا لباس پہنتا ہو۔ جب وہ اس سڑک پر سبزہ گھوڑے پر سوار ہوکر گذرے تو اس کے جلو میں سینکڑوں ترکی سوار ہوں۔ اس کے شوہر کا محل۔ بلکہ کئی کئی محل ہوں جن کے جھروکوں میں سے جھانک کر وہ دریا میں نہاتے ہوئے سفید ہنسوں کے جوڑوں کو دیکھ سکے۔ اسکی لونڈیاں تک زرکار ریشمی ملبوس پہنے ہوں اور سونے چاندی کے برتنوں میں قسم قسم کی مٹھائیاں روزانہ کھانے کو ملیں ـــــ وہ اس سے زیادہ کیا سوچ سکتی تھی؟ آخر تھی بھی تو گیارہ بارہ برس کی چھوکری۔ کبھی وہ یہ سوچتی کہ اس کا شوہر اسکو اتنا چاہنے والا ہوگا کہ اس کے حرم کی دوسری بیویاں اس کے آگے لونڈی اور باندیوں کی طرح رہیں گی صرف اس کے ہی بچے اپنے باپ کی زیادہ توجہ کے مستحق ہوں گے۔ وہ اس کا کبھی تمسخر نہ اڑائے گا ـــــ

"رحیم بہت ہنستا ہے" یاسمین کو یکبارگی رحیم کی ہنسی یاد آگئی اور وہ دوبارہ

سوچنے لگی:

دوسری طرف اس کا بوڑھا باپ خیالی پلاؤ پکانے میں مصروف تھا "خیر اگر وہ روزانہ یہاں آتا ہے تو اچھا ہی ہے۔ بوڑھے کتب فروش نے دل میں کہا "میری یاسمین مزے کرے گی ـــ اس کے آگے پیچھے سینکڑوں کنیزیں اور خادمائیں پھرا کریں گی"۔

"یہ بھی برا نہیں ہے" یاسمین کا ننھا سا دماغ سوچنے میں مصروف تھا ایک لمحہ کیلئے اس کے سامنے رحیم کی تصویر اس کے خیالی امیر زادے کے روپ میں آگئی جو سبزہ گھوڑے پر سوار تھا اور سینکڑوں غلام اس کے جلو میں چل رہے تھے ـــ لیکن رحیم ابھی تک رحیم ہی تھا اور یاسمین ایک کھوٹے پیسے کو رگڑ کر اشرفی بنانے کی کوشش کر رہی تھی۔ یاسمین کو تعجب تھا کہ آخر ابراہیم کے مفلس لڑکے کو یہ ہر وقت اپنے ساتھ کیوں لگائے پھرتا ہے۔!

"ابراہیم کا لڑکا" وہ اپنی بلی کو جو سڑک پر جانے کیلئے بیقرار تھی دبوچ کر سوچنے لگی "یہ لڑکا بہت خاموش اور گھنا معلوم ہوتا ہے۔ مجھے ایسے لڑکے بہت ناپسند ہیں جو بوڑھوں کی طرح معلوم ہوں"۔

ابراہیم کے لڑکے نے یاسمین کی طرف کبھی توجہ نہ کی تھی وہ رحیم کے ساتھ دوکان پر آتا۔ اپنے باپ کے ساتھ سڑک پر گذرتا لیکن کیا مجال جو ایک بار بھی اس نے یاسمین کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا ہو۔ عجیب بے پرواہ اور لاابالی لڑکا تھا۔ عمامے کے پیچ ہر وقت کھلے رہتے۔ عبا کے بند تو شاید ہی کبھی بند رہے ہوں۔ جب وہ اس کی دوکان پر آتا تو کتابوں کے مطالعہ میں محو رہتا۔ کبھی ایک

کتاب دیکھتا کبھی دوسری۔ آخر رحیم بھی تو تھا جو اس سے بھی بات کرنے کی کوشش کرتا اور اس کے باپ سے تو خوب گھل مل کر باتیں کرتا۔

"ابراہیم کا لڑکا" یاسمین کا باپ بڑبڑایا "وہ اپنے مدرسہ میں اتنا خاموش اور سنجیدہ نہیں رہتا ہے جیسا کہ یہاں معلوم ہوتا ہے۔ وہاں وہ اپنے استاد سے اتنی حجت کرتا ہے کہ وہ بھی عاجز آگیا ہے ـــ شاید ہی کوئی لڑکا ہو جس کا یہ مذاق نہ اڑاتا ہو۔"

یاسمین بھی ابراہیم کے لڑکے کے چلبلے پن سے خوب واقف تھی کیونکہ وہ بھی اسی مدرسہ میں پڑھتی تھی لیکن وہاں سے دوسرے روز جو بھاگ کر آئی تو پھر نہیں گئی ـــ لیکن آج تو وہ کچھ اور ہی سوچ رہی تھی۔

بلی اب سڑک پر پہونچ گئی تھی یاسمین اسکو آواز دیکر برابر بلا رہی تھی ـــ "مالکی ـــ مالکی ـــ او مالکی" لیکن وہ نامعلوم کہاں غائب ہو چکی تھی۔ آخر جھنجھلا کر یاسمین بھی سڑک پر آگئی اور بلی کو تلاش کرنے لگی ـــ ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے آخر اس نے اپنی مالکی کو پا ہی لیا وہ چنار کے درخت کی ایک اونچی ٹہنی پر دبکی ہوئی بیٹھی کانپ رہی تھی اور نیچے کوئی درجن سے زیادہ شیطانی غول ـــ مدرسے کے لڑکے اس پر کنکریاں پھینک رہے تھے۔ یاسمین نے جب یہ منظر دیکھا تو اس کے آگ ہی تو لگ گئی اور وہ تن پھناتی ہوئی غصہ سے بل کھاتی ہوئی فوراً وہاں پہونچ گئی۔

"بس کرو" وہ غصہ میں بھرائی ہوئی آواز سے چیخی۔

جب لڑکوں نے اپنا کام بند نہ کیا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ مالکی

شرمندہ نظروں سے یاسمین کو دیکھ رہی تھی۔ یاسمین نے آگے بڑھ کر ایک لڑکے کو دھکا دیا اور تیزی سے بھاگتی ہوئی درخت کے نیچے پہونچ گئی آنسوؤں کے دو بڑے بڑے قطرے اس کے رخساروں پر آکر رک گئے تھے اس نے شاخوں کو مضبوطی سے پکڑا اور تنے پر قدم جماتی ہوئی اوپر پہونچ گئی۔ جب اس نے اپنی مالکی کو دبوچ لیا تو کنکریاں آنا بھی بند ہو گئیں۔ لڑکوں کو مالکی سے دلچسپی تھی یاسمین سے نہیں۔ آہستہ آہستہ سارا شیطانی غول کھسک گیا۔

یاسمین غصہ کی ترنگ میں چڑھ تو گئی تھی لیکن اب نیچے اترتے ہوئے دل کانپ رہا تھا وہ اس وقت ایک کافی اونچی ڈال پر بیٹھی ہوئی کانپ رہی تھی اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیا کرے اور کس طرح بلّی سمیت نیچے اترے۔ یہ تو ناممکن تھا کہ وہ بلّی کو لئے ہوئے اوپر سے کود پڑتی۔ بلّی کو چھوڑ کر وہ اسی طرح نیچے اتر سکتی تھی جیسے چڑھی تھی لیکن یہ بھی ناممکن تھا پھر بلّی کس طرح نیچے آتی۔ دوکاندار لوگ نماز سے فارغ ہو کر اپنی اپنی دوکانیں کھول رہے تھے کس شخص کو خبر تھی کہ ایک چھوٹی سی لڑکی درخت پر پھنسی بیٹھی ہے ـــــ ہاں ایک لڑکا ایسا ضرور تھا جو اس کو دیکھ کر درخت کے نیچے آکھڑا ہوا تھا۔

"آؤ۔ نیچے کود پڑو" لڑکے نے بازو پھیلاتے ہوئے کہا۔

وہ ابراہیم کا لڑکا تھا جو اس کو ہمیشہ سے ناپسند رہا "نہیں" یاسمین نے سر ہلا کر جواب دیا "تم مجھے گرا دو گے"

"او ڈرپوک لڑکی" ابراہیم کے لڑکے نے کہا اور درخت کی شاخیں پکڑ کر جھولتے ہوئے فوراً اوپر پہونچ گیا۔ اس نے مضبوطی سے یاسمین کے بازو پکڑ لے

اور اسکو لیکر نیچے کود پڑا یاسمین کی سانس پھولی ہوئی تھی اور اس کے دوپٹے میں الجھی ہوئی بلی خرخر کی آوازیں نکال رہی تھی۔ یاسمین کی اڑی ہوئی رنگت اور دھڑکتے ہوئے دل کو محسوس کر کے ابراہیم کا لڑکا مسکرا رہا تھا۔ اسکی سیاہ آنکھوں سے شوخی اور چلبلاہٹ جھلک رہی تھی وہ اس وقت مالکی کر یاسمین کے دوپٹے کے پھندوں سے آزاد کرا رہا تھا۔

"اوہ۔ تم نے تو اس غریب کو اتنا جکڑ رکھا ہے کہ اسکا دم گھٹ رہا ہوگا" یاسمین نے اپنے رخساروں سے آنسو پونچھے اور چیخ پڑی "میرا مذاق اڑاؤ" وہ دوبارہ رونے لگی اور اس کی آنکھوں سے خوف ظاہر ہونے لگا۔ وہ دوڑ کر انگور کی ٹٹیوں کے سائے میں چلی گئی۔

اس کے بعد کئی روز تک یاسمین کے دماغ میں ابراہیم کے لڑکے کے علاوہ کوئی دوسرا خیال ہی نہ آیا۔ ابراہیم کے لڑکے کی خمار آگیں نگاہیں اور بانہوں کی مچھلیاں اس کے تصور میں رہتیں اور اسی طرح رات گذر جاتی۔ وہ اپنے مکان کی چھت پر ایسی جگہ بیٹھ جاتی جہاں سے مدرسہ کا دروازہ نظر آتا تھا اور جب دوسرے نوجوان لڑکوں کے ساتھ ابراہیم کا لڑکا آتا ہوا نظر آتا تو وہ اپنے رخساروں پر تپش سی محسوس کرنے لگتی۔ دل دھڑکنے لگتا۔ جب اس نے کنکھیوں سے دیکھا تو آج پہلی بار اسے محسوس ہوا کہ ابراہیم کا لڑکا گھوڑے پر کس قدر تن کر بیٹھتا تھا۔ کس مضبوطی سے وہ اپنے قدموں کو رکابوں میں جمائے رکھتا۔ اس کے ہونٹ موٹے موٹے اور سیاہ تھے۔ وہ جب یاسمین کی طرف مسکرا کر دیکھتا تو وہ پسینہ میں نہا جاتی اور شرما کر چھت پر سے ہٹ جاتی۔

یاسمین نے ابراہیم کے لڑکے کو متوجہ کرنے کی بہت کوشش کی۔ ایک بار اس نے اپنی شادی شدہ بہن کا عطر چرایا اور اپنے کپڑوں پر چھڑک کر آنکھوں میں خوب سرمہ لگایا۔ چہرہ پر غازہ ملا ـــــ یہ سارے کام وہ اپنی بہن کو کرتے ہوئے دیکھ چکی تھی ـــــ پھر اس نے چنبیلی کے پھول لاکر اس کا ایک ہار بنایا اور جس وقت ابراہیم کا لڑکا دوکان میں آنے والا تھا اس نے وہ ہار زمین پر ڈال دیا اور خود ایک کونے میں چھپ کر بیٹھ گئی وہ یہ دیکھنا چاہتی تھی کہ ابراہیم کا لڑکا ہار کو اٹھا کر کیا کہتا ہے ـــــ ایک بار جب اسکی بہن نے اس طرح ایک ہار زمین پر ڈال دیا تھا تو اس کے ہونے والے بہنوئی نے ہار کو چوم کر اپنی محبوبہ کے گلے میں ڈال دیا تھا ـــــ لیکن ابراہیم کے لڑکے نے کچھ بھی نہ کیا اس نے ہار کو اٹھا کر ایک چوکی پر رکھ دیا اور کتابوں کے مطالعہ میں کھو گیا ـــــ وہ ساری رات یاسمین نے بے چینی میں گذاری وہ چاہتی تھی ابراہیم کا لڑکا اس سے بات چیت کرے۔ اس کے حسن کی تعریف کرے ـــ اس نے کئی بار رات کو اٹھ کر اپنی مرحوم ماں کے آئینہ میں اپنی صورت دیکھی اور خود ہی اس نتیجہ پر پہونچی کہ وہ انتہائی خوبصورت تھی۔ کاش کسی امیر کے یہاں پیدا ہوئی ہوتی!

جب دوسرے روز صبح کو وہ دوکان پر آیا تو یاسمین نے اسکی ایک ایک حرکت کا غور سے مطالعہ کیا ـــــ وہ اپنے غلاف کے سوراخ میں سے جھانک کر اسکو دیکھتی رہی۔ وہ کون سی کتاب پسند کرتا ہے ـــــ کس طرح کتابوں کے ورق لوٹ رہا ہے ـــــ صرف ایک کتاب ہی ایسی تھی جس کو وہ ہمیشہ پسند کرتا تھا اس کتاب کو وہ خود بھی کئی بار دیکھ چکی تھی۔ اس میں خطوط اور دائروں کی عجیب

عجیب تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ طرح طرح کے نمونے تھے، جو ایک دوسرے کو کاٹتے تھے۔ قسم قسم کی اشکال تھیں۔ وہ اس کتاب کے مضمون کو سمجھ نہیں سکتی تھی لیکن وہ بھی اس کو پسند کرتی تھی اور اسی وجہ سے اس نے کتاب کو دوسری کتابوں کے نیچے چھپا دیا تھا۔

آج ابراہیم کے لڑکے کے ساتھ اس کا دوست رحیم بھی تھا۔ دراز قد رحیم اسکو دیکھ کر مسکرانے لگا۔ بوڑھا کتب فروش اس وقت مکان کے اندر تھا۔

"اوہ یاسمین آج تو تم نے بناؤ سنگھار میں کمال کر دیا ہے" رحیم نے بوڑھے کی غیر حاضری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کہا "آج تو بدر کمال بھی تم کو دیکھ کر شرما رہا ہے۔"

یاسمین شرما کر مسکرانے لگی لیکن اس کی نظریں ابراہیم کے لڑکے ہی پر تھیں جو اس کتاب کو ڈھونڈھ رہا تھا جسے اس نے چھپا کر رکھا تھا۔ یاسمین جلدی سے آگے بڑھی اور کتابوں کی ڈھیری کو الٹ پلٹ کر سرخ جلد کی وہ کتاب نکال لی اس گڑبڑ میں کتاب کا سرورق بھی ٹوٹ گیا۔ اسی وقت یاسمین نے اپنے باپ کے قدموں کی آواز سنی۔ اس کا دل خوف سے دھڑکنے لگا کیونکہ وہ جانتی تھی کہ اس کتاب کو اسکا باپ اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھتا تھا۔ دوکان میں آتے ہی سب سے پہلے بوڑھے کی نظر اسی کتاب پر پڑی۔

"یہ ورق تجھ سے پھٹ گیا ہے" رحیم نے کہا "اس کی کیا قیمت ہے؟ میں اسکو خرید لوں گا" وہ جانتا تھا کہ اس کے دوست کو وہ پسند تھی۔

"یہ اقلیدس کی نایاب کتاب ہے" بوڑھے نے کہا "اس کتاب میں

اقلیدس کی ان شکلوں کی مشکلات حل کی گئی ہیں جن کا ثبوت ایک دوسرے پر موقوف ہے۔ بوڑھے کی آنکھوں سے بے یقینی جھانک رہی تھی کیونکہ وہ جانتا تھا کہ رحیم کو اقلیدس سے کوئی دلچسپی نہیں تھی اور ابراہیم کا لڑکا اس کو خریدنے کی ہمت نہیں کر سکتا تھا۔

"نیشاپور کی کسی لائبریری میں ایسی مکمل کتاب نہیں ہے کہ جس میں ساری تفصیلات معہ اشکال کے ہوں" بوڑھے نے سلسلہ کلام جاری رکھا "میں نے اس کتاب کو سلطان کی خدمت میں پیش کرنے کیلئے رکھا تھا۔"

"اوہ کوئی حرج نہیں ہے" رحیم نے کہا "میں اس کو خرید کر اپنے دوست ابراہیم خیمہ دوز کے لڑکے عمر کو دیدونگا۔"

عمر کا چہرہ شدت جذبات سے سرخ ہوگیا اس نے کتاب کو اٹھا کر اپنی انگلیوں میں مضبوطی سے پکڑ لیا۔

"لیکن او بوڑھے دوکاندار" رحیم نے کہا "تم نے یہ تو بتایا نہیں کہ یہ کتاب سلطان محمود غزنوی کی ہے اور ان کے تخت پر ہر وقت رکھی رہتی تھی! ہنہ۔ پرانی اور شکستہ حال کتاب بھی بھلا اتنی نایاب ہو سکتی ہے جتنی تم بتا رہے ہو! میرے خیال سے تو اسکی قیمت دس بارہ دینار سے زیادہ نہیں ہو سکتی بلکہ یہ بھی بہت ہیں کیونکہ جس یونانی کی یہ لکھی ہوئی ہے اس کو مرے ہوئے بھی سینکڑوں برس ہو چکے ہیں۔"

"نہیں صاحب ـــ اسکی قدر تو وہی لوگ جان سکتے ہیں جو اس علم سے واقف ہیں" یاسمین کے باپ نے کہا "اشکال کی موجودگی نے اس کی قیمت کو

بڑھا دیا ہے ـــــ اس کے علاوہ اس کی جلد تو دیکھئے کتنے بہترین چمڑے کی ہے اور اس پر طلائی کام ـــــ"

ایک گھنٹہ تک اس کتاب کی قیمت پر جھک جھک ہوتی رہی یا عمر کو یہ اندازہ ہو گیا تھا عمر اس کو حاصل کرنے کیلئے بیچین تھا آخر کار رحیم نے اپنے دوست کیلئے پچاس دینار میں کتاب کو خرید لیا۔

جب دونوں طالب علم دوکان سے رخصت ہو کر سڑک پر پہنچے تو یاکین نے کھڑکی میں سے دیکھا کہ عمر نے اپنی جیب میں سے ایک چھوٹا سا طلائی قلمدان نکالا اور اس کو اپنے دوست رحیم کی جیب میں زبردستی ٹھونس کر ایک طرف کو بھاگ گیا تاکہ رحیم قلمدان واپس نہ کر سکے۔ یہ قلمدان عمر کی واحد ملکیت تھی جو اس کو اپنے دادا کے ترکے میں ملی تھی لیکن اس کتاب پر آج اس نے اپنی سب سے قیمتی چیز کو قربان کر دیا تھا۔

ابراہیم خیمہ دوز کے لڑکے کیلئے وہ ایک یادگار شام تھی۔ اس نے مغرب کی نماز سے فارغ ہو کر جلدی جلدی رات کا کھانا کھایا۔ چشمے پر جا کر اپنے ہاتھ دھوئے پھر ان ہاتھوں کو احتیاط کے ساتھ بھیڑ کی کھال سے خشک کیا۔ شمعدان روشن کر کے وہ اپنے حجرہ کی چھت پر پہنچ گیا۔

اس حجرہ کی چھت کچی تھی جس پر مالک مکان نے پیاز اور پودینہ وغیرہ بو رکھا تھا۔ عمر نے یہ حجرہ اس لئے پسند کیا تھا کہ اس کا کرایہ بہت کم تھا اور دو مہینہ ہوئے اس کے والد کا انتقال بھی ہو چکا تھا اور اب وہ دنیا میں اسی طرح اکیلا تھا جس طرح وہ پیدا ہوا تھا۔ باپ کی بچی کھچی پونجی کو وہ بہت

احتیاط سے صرف کر رہا تھا اور اسی لئے اپنے آبائی مکان کو کرایہ پر اٹھا کر اسنے یہ حجرہ لے لیا تھا۔ اس حجرہ میں مکمل تنہائی کے علاوہ سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ اسکی چھت پر بیٹھکر وہ رات کو ستاروں کا مطالعہ کرتا تھا جو اسکا محبوب مشغلہ تھا۔ جس وقت میدان سے رات کی خوشگوار ہوا کے جھونکے آتے تو چھت پر اگی ہوئی پیاز اس طرح رقص کرتی جیسے اس میں بھی جان ہو۔ اس چھت سے نیشاپور کی اکثر عمارتیں اچھی طرح سے نظر آتی تھیں۔

آج ہوا بند تھی اس لئے چھت پر آکر اس نے اطمینان کی سانس لی روز کی طرح آج شمع کے بجھنے کا اندیشہ نہ تھا شمعدان کو اس نے طاقچے پر رکھا اور ایک پھٹا ہوا کمبل بچھا کر بیٹھ گیا اور اپنے دھلے ہوئے ہاتھوں سے کچھ کی خریدی ہوئی کتاب کے اوراق کو آہستہ آہستہ لوٹنے لگا۔ آج اسکی چوڑی پیشانی پر خراب زرد ابر کے نیچے خمار آلود آنکھوں میں عجیب دلفریب عزم ہنا شوق تھا جستجو تھی۔ اس کے برابر میں پرکار، قلم اور دوات، اور سامنے کپاس کا کاغذ تھا جس پر لکھی ہوئی کئی برس کی تحریر کو اس نے آج ہی دھویا تھا۔ پرکار اور پیمانہ کی مدد سے اس نے پہلے تو ایک مخروطی شکل کاغذ پر بنائی پھر اسکو تیزی کے ساتھ مختلف قطعوں میں تقسیم کیا۔ اس کے بعد ان قطعوں پر حروف لکھ کر ان کا حساب لگانے لگا۔

حجرہ کی چھت پر پڑے ہوئے ٹین کی کھڑکھڑاہٹ کی آواز، شمعدان پر پتنگوں کی زیادتی۔ حتیٰ کہ وہ کتاب تک اس وقت اس کے دماغ سے نکل چکی تھی۔ وہ صرف اپنے کاغذ پر بنی ہوئی شکلوں میں منہمک تھا۔ اسوقت

ایک جانی پہچانی آواز نے اس کے انہماک کو ختم کر دیا۔

یہ عشا کی اذان کی آواز تھی جس نے عمر کو بے چین کر دیا۔ آج تک اس کی کوئی بھی نماز بلا جماعت نہیں ہوئی تھی ـــــ لیکن یہ کتاب کمبخت ایسی تھی جو ایسے کام میں بھی حارج ہوئی تھی۔ عمر نے ایک بار شمعدان پر نظر ڈالی اور پھر اپنے کام میں مشغول ہو گیا آج اس نے طے کر لیا تھا کہ حجرہ میں ہی نماز پڑھے گا۔

آدھی رات کے وقت اس کے انہماک میں دوبارہ خلل پڑا جبکہ اسے سڑک پر ایک بہت بڑے مجمع کے گذرنے کی آوازیں سنیں اس مجمع کے ساتھ سینکڑوں مشعلیں بھی تھیں۔ عمر اپنے حجرہ کی منڈیر پر آکر بیٹھ گیا یہ ایک بہت بڑا جلوس تھا جس کے آگے سیاہ علم لئے ہوئے ایک خوبصورت نوجوان چل رہا تھا یہ جلوس جوش میں بھرے ہوئے اسلامی مجاہدین کا تھا جو جہاد میں شرکت کیلئے جا رہے تھے سارے مجاہد شوق شہادت میں ڈوبے ہوئے سے نظر آ رہے تھے ان کے بشروں سے جوش و غضب کے آثار ظاہر تھے۔ عمر جلوس کے قائد کو تعریفی نظروں سے دیکھنے لگا کیونکہ وہ اس وقت انتہائی فصاحت اور بلاغت کے ساتھ دوسرے لوگوں کو جہاد کے لئے آمادہ کر رہا تھا ـــــ اس تقریر کو سن کر راہ چلتے لوگوں کا ایمان تازہ ہو رہا تھا۔ جلوس کے قائد نے بلند آواز سے "نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ" کہا جس پر نمازیان اسلام نے اللہ اکبر کا پرزور نعرہ لگایا۔ اس کے بعد قائد نے بلند آواز سے سورۂ توبہ کی آیات کو پڑھنا شروع کر دیا جس کا ترجمہ ہے۔ جو لوگ اللہ پر ایمان لائے

جنھوں نے خالصۃً للہ ہجرت کی اور جہاد کیا اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے ان کے درجے اللہ کے نزدیک بلند ہیں یہ ہی لوگ ہیں جنھوں نے مراد پائی۔ ایسے لوگوں کو خدا خوشخبری دیتا ہے انتہائی مہربانی کے ساتھ اپنی خوشنودگی مزاج کی اور ان بہشتوں کو جن کی نعمتیں ہمیشہ باقی رہنے والی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ بڑا ثواب ہے جو انہیں ملے گا۔" قائد نہایت خوش گلو تھا۔ تلاوت کے بعد اس نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا ــــ "اسلام کے شیدائیو ــــ ملت محمدی کے جاں نثارو اسلام پر مشرکین نے یورش کر دی ہے وہ ہمارا دین صفحۂ ہستی سے مٹانا چاہتے ہیں ــــ جاگو ــــ اٹھو ــــ اور اس طرح ان کا صفایا کر دو جیسے ریگستان کی تیز و تند ہوا سوکھے ہوئے پتوں کو اڑا لیجاتی ہے ــــ اللہ اکبر ــــ اللہ اکبر"

جب وہ جلوس گذر گیا تو اللہ اکبر کے پرجوش نعرے بھی فضا میں مدغم ہوتے گئے۔ عمر کئی منٹ تک کھڑا ہوا ستاروں کے جھرمٹ کو دیکھتا رہا پھر اس نے ایک بھرپور انگڑائی لیکر جاہی لی اور شمع بجھا کر بستر پر دراز ہو گیا اونٹ کے بالوں کا دوسرا کمبل اپنے اوپر ڈال لیا۔ دوسرے لمحے وہ سو چکا تھا۔

دوسرا باب

مستقبل کے خواب

آج یاسمین کو اتفاق سے ایسا موقع مل گیا جس کی تلاش میں وہ سال بھر سے تھی۔ اس کے باپ نے سامنے والے چشمے پر گھڑا بھرنے کے لئے اسکو بھیجا تھا چنار کے درخت کے نیچے سے بہنے والے چشمے کی پتلی دھار سے اس نے گھڑا آسانی کے ساتھ بھر لیا اور پھر وہیں وہ سستانے کیلئے بیٹھ گئی۔ اسی وقت عمر بھی چشمے کا پانی اوک سے پینے کیلئے وہاں پہنچ گیا۔ یاسمین نے پورے ایک سال کے بعد آج عمر کو دیکھا تھا کیونکہ اس کے باپ نے یاسمین کو اسکی خالہ کے پاس جانے بھیج دیا تھا اور کل ہی وہ ایک طویل عرصہ کے بعد واپس آئی تھی۔ عمر کے ساتھ اسوقت نہ تو کوئی دوست تھا اور نہ ہاتھ میں کتاب۔ اس نے آتے ہی یاسمین کو جھک کر سلام کیا اور ایک مستعد سپاہی کی طرح تن کر کھڑا ہو گیا

"کہو۔ کیا بات ہے؟" یاسمین نے گھڑے کی طرف بڑھتے ہوئے کہا

"میں کیا کہوں؟ تم تو سال بھر میں بہت بدل گئیں پہچانی بھی نہیں جا رہی ہو" یاسمین کا دل کسی انجانے خوف سے دھڑکنے لگا

"ابا کہتے ہیں کہ تم ہر آدمی کا مذاق اڑاتے ہو۔ دوسرے لوگوں پر فقرہ بازی کرتے ہو۔ کیوں اب کیوں خاموش ہو گئے؟ میری باتوں کا جواب کیوں

نہیں دیتے ؟"

عمر اس کو چہکتے ہوئے سن کر تعجب سے دیکھنے لگا یہ معلوم ہو رہا تھا کہ وہ کوئی ایسی مینا تھی جسے ابھی زبان ملی ہو۔

دوسرے لوگوں کا دل دکھانے سے کیا فائدہ ؟" یاسمین کی بڑ جاری رہی" اگر تم دوسروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو گے تو وہ بھی تمہارے کام آئینگے ـــــ تم کو جب مدرسہ سے چھٹی ملتی ہے تو خالی وقت میں کیا کرتے رہتے ہو؟ بس اسی نفنگے رحیم کے ساتھ آوارہ پھرنا۔ اور کیا کر سکتے ہو۔ حالانکہ وہ تمہارا مذاق اڑاتا ہے۔ تمہاری مفلسی پر طنز کرتا ہے ـــــ کیا عمر ہے تمہاری ؟"

عمر مسکرانے لگا" میری عمر اس وقت انیس ۱۹ سال کی ہے۔ کبھی کبھی میں اپنے مرحوم باپ کی دوکان پر چلا جاتا ہوں جو خیمہ دوزی کا کام کرتا تھا لیکن رحیم ـــ رحیم ایسا نہیں ہے جیسا تم سمجھتی ہو۔ وہ ایک سچا اور مخلص دوست ہے۔"

یاسمین ابتک ایک پتھر پر بیٹھی تھی اور عمر کھڑا تھا نہ معلوم کیا سوچ کر اس نے عمر کے لئے اپنے برابر جگہ کر دی اور شرمیلی نظروں سے اسکو دیکھنے لگی۔

"اچھا یہ بتاؤ" یاسمین نے چہک کر کہا" کہ اب تمہارا کیا ارادہ ہے ؟ کیا ساری عمر اسی طرح آوارہ گردی میں گذار دو گے ؟ اسوقت کیا تم پانی پینے کیلئے یہاں آئے تھے یا کپڑے دھونے کے لئے ؟"

عمر اس کے قریب جیا گیا" مجھے اپنی تعلیم[1] کی تکمیل کی آرزو تھی خدا نے وہ بھی پوری کردی ہے قرآن شریف بھی حفظ ہوگیا اب میری سب سے بڑی اور دیرینہ تمنا ہے کہ ۔ عمر نامعلوم کس خیال میں کھو گیا" یہی سب سے بڑی آرزو اپنی ایک رصدگاہ[2] قائم کرنے کی ہے۔ خدا اسکو پورا کرنے والا ہے۔

یاسین غریب کو کیا خبر تھی کہ رصدخانہ کیا چیز ہوتی ہے لیکن اس نے فوراً ہی دوسرا سوال کیا "اور اس کے بعد ؟"

---

[1] عمر خیام لغت فقہ اور تاریخ کا جید عالم تھا (بیہقی و تہرزوری) اور نام مذکورے اس پر متفق ہیں کہ فلسفہ اور حکمت میں بوعلی سینا کے بعد اسکا درجہ تھا (بیہقی و تہرزوری) پیشوایان خراسان اور علماء زمان میں علم نجوم اور فلسفہ میں خیام کا کوئی ہمسر نہ تھا (قفطی) جب تک اسے خراسان کا شمار کیا جاوے تو خیام ان میں بحر ذخار اور سب سے بلند مرتبہ ریاضیات میں سب سے بڑا اور حسابیات میں سب سے بڑھکر (تہرزوری) خیام نے المجسطی (ہیئت کی سب سے بڑی کتاب) ابوالحسن انیزی سے پڑھی تھی جو ہیئت کا سب سے بڑا عالم تھا۔ قرأت اور تفسیر میں وہ مدطولیٰ رکھتا تھا (سلیمان ندوی)

[2] وہ مقام جہاں آفتاب کی حرکات کو صحیح طور سے ضبط و مشاہدہ کیا جائے۔ جب سے آفتاب کی تولید شروع ہوئی اس وقت سے لیکر آج تک آفتاب حرکت کے ضبط میں کچھ نہ کچھ بل ضرور نکلا ہے۔ اسلئے حرکت شمسی کی صحیح تحقیق کرنے کے لئے سب سے پہلے بطلیموس نے رصدخانہ قائم کیا اور اس کے بعد اسلام میں بھی خیام سے پہلے بہت سے رصدخانے قائم ہو چکے تھے جن میں مشہور رصدخانے ۔ رصدخانہ مامون ۲۱۱ھ ۔ رصدخانہ محمد بن جابر ۲۱۵ھ ۔ رصد شرف الدولہ دیلمی ۳۷۹ھ اور رصد ابوعلی سینا ۴۲۸ھ بہت مشہور تھے ۔ (مضمون اسلامی رصدخانے ۔ رسالہ ندوہ ماریچ دلی ۱۹۰۹ء) مصنفہ سید سلیمان ندوی

"مادہ! پھر — پھر کرۂ آسمان کا ایک گلوب اور بطلیموس کی المجسطی —
اس کے علاوہ بہت سا دوسرا سامان جسکی رصد خانہ میں ضرورت ہوتی ہے"

یاسمین نے اتنا سمجھا کہ عمر کی خواہش کسی ایسی عمارت کو تعمیر کرنے کی تھی جس میں خاموشی اور تنہائی ہو — وہ خود بھی اپنے لئے ایسا ہی کوئی مکان چاہتی تھی۔

"میں سمجھ گئی" اس نے اسطرح سر ہلا کر کہا جیسے سچ مچ سمجھ گئی ہو — "تم سیدی احمد کا پیشہ اختیار کرنا چاہتے ہو جو ستاروں کو دیکھ کر قسمت کا حال بتاتا ہے"

نیشاپور کی عورتوں کو سیدی احمد پر بڑا اعتقاد تھا یہ شخص سفلی عملیات کرتا تھا اور تھوڑا بہت نجوم میں بھی دخل رکھتا تھا۔

"لاحول ولا قوۃ۔ تم نے بھی کس گدھے کا نام لیا ہے" عمر بولا "اسکے سارے جادو ٹونے لغو ہیں اور شریعت اسلام کی وجہ سے ان پر اعتقاد رکھنا حرام ہے"

عمر جو کچھ بھی چاہتا تھا وہ یاسمین کے ننھے سے دماغ میں دھنسنا دشوار تھا وہ اپنے رصد خانہ کو روز و سال کے صحیح تعین کیلئے استعمال کرنا چاہتا تھا — یاسمین کے نزدیک تو دن کی شروعات اسی وقت سے ہوتی تھی جب بھی صبح کو اس کی آنکھ کھل جائے اور جب سورج نکل آئے۔ اس زمانہ میں تمام اسلامی ممالک میں قمری سال کا رواج تھا۔ دن اور رات کا معیار آفتاب کے طلوع اور غروب پر تھا اور مہینہ کا تعین چاند کے نکلنے سے ہوتا تھا جو تیس ۳۰ یا انتیس ۲۹ دن میں نکلتا ہے اور پھر ڈوب جاتا ہے — عمر چاہتا تھا کہ ایسے ماہ و سال کا تعین

کرے جس میں وہ دشواریاں نہ ہوں جو قمری یا شمسی سال میں ہوتی ہیں۔

یاسمین نے اتنی دیر میں نہ جانے کتنی باتیں سوچ ڈالیں۔ وہ خود بخود سر کو جنبش دیتی جاتی اور خیالی پلاؤ پکاتی جاتی۔ اگر عمر اپنی رصدگاہ قائم کر سکا۔ اور وہ اس سے تھوڑی بھی محبت کر سکی۔ تو وہ اس کا زندگی بھر ساتھ دیگی۔ اس کے کپڑے دھویا کرے گی۔ اس کے جوتوں پر زردوزی کا کام کرے گی" اور اسی قسم کی بہت سی باتیں یاسمین نے سوچ ڈالیں۔

یاسمین ابھی گھر جانا نہیں چاہتی تھی۔ اسکو ابراہیم کے بیٹے کی باتیں بہت پسند آئی تھیں وہ چاہتی تھی کہ ابھی اور باتیں ہوں اس نے اپنی جیب سے وہ گلاب کا پھول نکال لیا جو اس نے اپنی چوٹی میں لگانے کیلئے توڑا تھا۔

کیا تمہیں یہ پسند ہے؟" یاسمین نے آہستہ سے اس وقت پوچھا جب چاند بادلوں میں روپوش ہو گیا تھا۔

"کیا؟ اوہ یہ!" عمر نے گلاب اپنے ہاتھ میں لے لیا اور سونگھنے لگا "کیا یہ تم نے توڑا تھا؟"

"ہاں۔ لیکن میں چاہتی ہوں کہ یہ تم لے لو" اس نے فوراً جواب دیا "اسے اپنے پاس رکھ لو"

ایک بار یاسمین نے دیکھا تھا کہ اس کے پڑوس والی لڑکی نے اپنے جھروکے سے سڑک پر ایک گلاب کا پھول پھینکا تھا جس کو سڑک پر گذرتے ہوئے ایک بغدادی فوجوان نے اٹھا کر اپنے دل سے لگا لیا تھا یاسمین چاہتی تھی کہ عمر بھی ایسا کرے لیکن اس نے دو تین بار سونگھنے کے بعد پھینک دیا۔ یاسمین نے

پھول کو زمین سے اُٹھا کر دوبارہ اپنی قمیض کی جیب میں رکھ لیا۔

"جب تمہارا اپنا رصد خانہ بن جائے گا" یاسمین کے خیال میں رصد خانہ بھی قاعدے سے ملتی جلتی کوئی چیز تھی۔ "تو میں بہت خوش ہوں گی۔"

عمر مسکرانے لگا۔ "تمہاری کیا عمر ہے یاسمین؟"

"چودھویں سال میں ہوں۔" اس نے شرماتے ہوئے جواب دیا۔ اسے اپنی بہن اور دوسری عورتوں کو کہتے ہوئے سنا تھا کہ چودھویں سال میں لڑکی بیاہ کے قابل ہو جاتی ہے۔

"جب تم پورے چودہ سال کی ہو جاؤ گی تو میں تم کو گلاب کے پھول بھیجوں گا ــــ بہت سے پھول۔"

تھوڑی دیر کے بعد عمر تو اٹھ کر چلا گیا لیکن یاسمین وہیں بیٹھی رہی۔ اپنے پتلے پتلے گلابی ہونٹ دبائے ہوئے وہ کسی سوچ میں بیٹھی رہی۔ اس کی آنکھوں میں اس وقت سرخ ڈورے پڑ گئے تھے اور کسی انجانی خوشی سے اس کا انگ انگ دمکنے لگا تھا ــــ نہ جانے کب تک وہ اسی عالم میں وہاں بیٹھی رہتی لیکن خچر گاڑی کی چوں چوں اور چند آدمیوں کی چیخ کی آواز سے وہ چونک پڑی۔ پوری سڑک اس گاڑی کی وجہ سے غبار آلود ہو گئی تھی اور یہ لوگ اجنبی معلوم ہو رہے تھے۔ وہ اُٹھ کر گلاب کی باڑھ کے پاس دوبارہ گئی چند پھول توڑے اور گھڑا اُٹھا کر اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔

"ابھی کافی وقت ہے۔" اس نے پڑوس کی ایک عورت کو اپنے باپ سے کہتے سنا۔ "اب یاسمین کا پردہ کرا دو کیونکہ آج ہی وہ ایک طالب علم کے ہاتھ

چشمہ کے کنارے پر بیٹھی ہوئی دیکھی گئی ہے ـــــ شاید آدھا گھنٹہ ہوا ہو"

"ہاں ـ اب میں اسکو دوکان میں آنے کی بھی ممانعت کر دونگا" اسکے باپ نے جواب دیا ـ

یاسمین سانس روکے ہوئے دروازہ سے ملی ہوئی کھڑی رہی ـــ اس کیلئے یہ کوئی غیر متوقع بات نہیں تھی کیونکہ وہ جانتی تھی کہ ایک دن ضرور ایسا آنے والا ہے کہ وہ شادی کے قابل لڑکیوں کی طرح برقعہ اوڑھے گی ـــ اسکو یہ بھی یقین تھا کہ اسکی محبت بھی کسی روز رنگ لا کر رہے گی ـ

تیسرا باب

کوہستانی کارواں سرائے

نیشاپور سے سات منزل کی مسافت پر یہ کارواں سرائے شارع خراسان پر تھی۔ سرائے کے صحن میں لکڑی کے بڑے بڑے لٹھوں کا الاؤ دہک رہا تھا۔ اونٹ اپنی جگہ پر بیٹھے ہوئے بلبلا رہے تھے گھوڑے اور خچر سوکھی ہوئی گھاس پر منہ مار کر ہنہنا رہے تھے اس کے ساتھ ہی فقیروں کی لامتناہی صدائیں ان ساری آوازوں سے مل جل کر ایک عجیب ہنگامہ سا بپا کر رکھا تھا یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہاں کوئی میلہ سا لگا ہوا ہے۔

سرائے کی بیرونی کوٹھریوں میں بیٹھے ہوئے مسافر چاول اور سوکھے ہوئے گوشت پر ہاتھ صاف کر رہے تھے اس کے ساتھ ہی فقیروں کے کشکولوں میں تانبے کے سکوں کے گرنے کی بھی آوازیں آ رہی تھیں۔ یہ مسافر اس وقت انتہائی سخاوت پر تلے ہوئے نظر آ رہے تھے اور اسکی وجہ یہ تھی کہ وہ سب ایک خطرناک سفر پر جا رہے تھے۔ ایسا سفر جس کو شروع کرنے سے پہلے خیرات کرنا ضروری ہوتی ہے۔

جب پانی کی آخری بوند بھی ختم ہو گئی تو سرائے والے نے چلا کر سارے مسافروں کو آگاہ کر دیا کہ وہ پانی مہیا کرنے کی ذمہ داری نہیں لے سکتا اسکے بعد

وہ اپنی پیٹی میں سے نکال کر آج کی آمدنی کو شمار کرنے لگا۔ آجکل اسکی کمائی کا خاص زمانہ تھا کیونکہ یہ سارے قافلے جہاد میں شرکت کیلئے گذر رہے تھے

مجاہدین نے سرائے کی دیوار پر اپنی پوستینیں پھیلا دی تھیں اور کچھ لوگ اپنی اپنی کوٹھریوں میں دہکتے ہوئے کوئلوں کے طباق سامنے رکھے ہوئے ہاتھ تاپ رہے تھے اس آگ کی روشنی میں ان کی لمبی لمبی داڑھیوں والے چہرے سرخ معلوم ہو رہے تھے خراسانی۔ عجمی۔ ایرانی اور عرب۔ ہر فرقہ اور قبیلہ کے لوگ تھے جو اپنے لبادوں اور پوستینوں میں سکڑے ہوئے بیٹھے تھے اور آپس میں ہنسی مذاق کر رہے تھے۔ ان لوگوں پر ریگستانی برفیلی ہواؤں کا مطلق اثر نہ تھا کیونکہ یہ وہ لوگ تھے جو بات کم کرتے تھے اور لڑنے زیادہ تھے

نیشاپور کے امیرزادہ رحیم کے پاس بھی ایک سمور کی پوستین تھی جو سیاہ رنگ کی تھی اور اس پر زردوزی کا کام کیا ہوا تھا۔ مجاہدوں کے پرجوش نعروں نے اس کے جذبہ ایمانی کو بھی بیدار کر دیا تھا اور وہ بھی جہاد میں شرکت کے لئے جا رہا تھا۔ اس کے ساتھ ایک پورا مسلح دستہ بھی تھا۔ یہ لوگ سلطان الپ ارسلان کی فوج میں شامل ہونے کیلئے جا رہے تھے جو اس وقت مشرق بعید میں جہاد میں مصروف تھا۔ رحیم کے ساتھ اس کا دوست ابراہیم کا لڑکا عمر بھی تھا۔

رحیم کا خاندان ایرانی تہذیب کا نمونہ تھا۔ یہ تہذیب یونانیوں سے بھی زیادہ قدیم تھی۔ اس وجہ سے رحیم کی طرز معاشرت ستھری اور اخلاق و آداب کے طریقے بے عیب تھے۔ اس نے چوسر پولو اور دوسرے سینکڑوں کھیل کھیلے لیکن اب بچپن سے طبیعت اچاٹ ہو گئی تھی اب وہ جہاد میں شرکت

کرکے اپنے مذہب اور قوم کی خدمت کرنا چاہتا تھا۔

"سرکار۔ آج تو ٹھنڈ بہت ہے" اس کے ایک ملازم نے کہا۔

آج واقعی ٹھنڈ بہت تھی اور برف باری بھی شروع ہو چکی تھی۔ رحیم نے بتایا، کہ دوسرے مجاہدین کو دیکھا جو اپنے اپنے لبادوں میں لپٹے ہوئے بے خبر سو رہے تھے۔ سرائے کا مالک ابھی تک وہاں موجود تھا۔

"سرکار اگر آپ بازی گروں کا تماشہ دیکھنا چاہیں تو سرائے کے پچھلے حصے میں عمر قندی بازی گروں کا ایک قافلہ آج ہی آکر ٹھہرا ہے" سرائے دار نے کہا "آج رات کو دس بجے کے بعد وہ اپنا تماشہ دکھائیں گے"

رحیم ایک لمحہ تک ہچکچانے کے بعد کھڑا ہو گیا "کیوں خیام تم بھی چلو گے تماشہ دیکھنے؟" اس نے مجھ سے پوچھا "نہیں جاؤ۔ تم ہو جاؤ مجھے تو ان خرافات سے کوئی دلچسپی ہے نہیں" میں نے جواب دیا۔

جب رحیم ایک آقا اس نے دو تین مرتبہ جاگتے ہوئے دیکھا اس وقت تک چار بجنے والے تھے۔ اس نے مجھے دیکھتے ہی اٹھ بیٹھا اور اپنے دوست کے لئے بستر پر جگہ کر دی "تماشہ کیسا تھا؟"

"کمبخت سرائے دار بھی بہت دھوکہ باز ہوتے ہیں" رحیم نے کہا "تماشہ تو بالکل بیکار تھا لیکن جب میرے پیسے خرچ ہو ہی گئے تھے تو میں بھی پورا تماشہ دیکھ کر ہی آیا۔ لیکن تم یہاں کیوں جاگ رہے تھے؟"

"میں خود ابھی باہر سے آیا ہوں"

"کہاں گئے تھے؟"

"میری طبیعت گھبرانے لگی تو پہلی فرصت کیلئے باہر نکل گیا اور کئی میل تک پیدل چلتا ہوا۔ اندھیرے میں ٹھوکریں کھاتا ہوا ایسی جگہ پہونچ گیا جہاں سے پچاسوں الاؤں کی روشنیاں نظر آرہی تھیں۔ قریب پہونچا معلوم ہوا کہ وہ کوئی فوجی پڑاؤ تھا جہاں سینکڑوں خیمے استادہ تھے اور ان کے بیچ میں ایک بڑا خیمہ نصب تھا جس پر زرد جھنڈا لہرا رہا تھا۔ اس خیمہ کے چاروں طرف مسلح سپاہیوں کا سخت پہرہ تھا۔ اس خیمہ کو دیکھ کر میں نے اندازہ کرلیا تھا کہ وہاں یقیناً کوئی شہزادہ یا بڑا امیر ٹھہرا ہوا تھا"

رحیم نے گہری سانس لی "وہ کون لوگ تھے؟"

"میں اور آگے بڑھ گیا۔ امیر عسکر اپنے خیمہ کے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔ وہ کھلتے ہوئے گندمی رنگ کا نوجوان تھا۔ پیشانی بلند اور کشادہ۔ آنکھیں بڑی بڑی اور دلکش۔ سینہ چوڑا اور بھرے بھرے مضبوط بازو۔ وہ عربی عبا پہنے ہوئے تھا اور سر پر خوشرنگ عمامہ تھا۔ اس کے سامنے آگ روشن تھی جس کے چاروں طرف بہت سے لوگ مؤدب بیٹھے ہوئے تھے وہ اسوقت جن لوگوں سے گفتگو کررہا تھا وہ صورت سے حکیم اور منجم معلوم ہورہے تھے۔ میں لوگوں کی نظروں سے چھپتا ہوا ایک ایسے خیمہ کے پیچھے پہونچ گیا جہاں سے امیر کا خیمہ بالکل سامنے تھا اب ان لوگوں کی باتیں کرنے کی آواز بھی مجھے اچھی طرح سنائی دے رہی تھی۔

"وہ منجم اسکو بتا رہے تھے کہ انھوں نے ابھی آسمان پر ایسی ستاروں کا جھرمٹ دیکھا تھا ـــــ لیکن مجھے معلوم تھا کہ وہ بھلا نہیں ہو سکتے کیونکہ انکے

نظر آنے کا وقت یہ نہیں ہے۔"

"سہیل کے متعلق تو شاید کوئی ضرب المثل بھی ہے"؟ رحیم نے کہا۔

"ہاں — اور وہ یہ ہے کہ سہیل پر نظر پڑنا انتہائی خوش نصیبی کی علامت ہے"

"پھر تم نے کیا کیا؟"

"میں نے آگے بڑھ کر امیر سے عرض کیا کہ وہ سہیل نہیں بلکہ دوسرے ستارے تھے۔"

"اُفوہ! کمال کر دیا — تم کی امیر سے بات کرنے کی تم کو ہمت کیسے ہوئی؟"

"ان حکیموں نے اٹھ کر وہ ستارے دکھائے لیکن میں نے فوراً ہی اسکی تردید کر دی اور ان کو وہ جگہ بھی بتا دی جہاں اسوقت سہیل نظر آ سکتے تھے — میں نے ایک بیوقوفی بھی کی؟"

"وہ کیا؟"

"میں نے بتایا کہ جن ستاروں کو یہ منجم سہیل سمجھ رہے ہیں وہ حقیقت میں بہت منحوس ہیں — میسائیوں کو شکست ضرور ہوگی لیکن دونوں بادشاہوں کے سروں پر موت کے بادل چھائے ہوئے ہیں — میری یہ بات سن کر ضیغم اصغر اس طرح اچھل پڑا جیسے بچھو نے کاٹ لیا ہو۔"

"ضیغم اصغر!" رحیم نے بے ساختہ اچھل کر پوچھا "کیا کہہ رہے ہو؟"

"اس شہزادہ کو لوگ ضیغم اصغر ہی کہتے تھے۔"

"خوب!" رحیم نے حیرت سے پوچھا "کیا آج تک تم نے ضیغم اصغر کا نام

نہیں سنا ہے ؟"

"نہیں"

"خدا ان لوگوں سے راضی رہے ـــ وہ ہمارے سلطان کے ولی عہد ملک شاہ ہیں ـــ لوگ انکو ضیغم اصغر کہتے ہیں اور ان کے والد سلطان العالم الپ ارسلان کو ضیغم اکبر ـــ تم نے ان کی فتح کی پیشینگوئی کی ہے ـــ خدا کرے ایسا ہی ہو"

"میں ان کو جانتا نہیں تھا ورنہ دوسری پیشینگوئی ہرگز نہ کرتا"

"ان کے والد کی موت کی ؟ ہاں یہ تو بری پیشینگوئی ہے جو غلط ہی ہو تو بہتر ہے ـــ شہزادہ نے کیا کہا ؟"

"انھوں نے میرا نام پوچھا میں نے بتا دیا ـــ اور یہ بھی بتا دیا کہ میں نیشاپور کی درسگاہ کا طالب علم ہوں اور جہاد میں شرکت کیلئے جا رہا ہوں"

"خیر جو ہوا وہ اچھا ہی ہوا ـــ اگر ہمارے سلطان کا انتقال ہو گیا تو ضیغم اصغر ہی سلطان ہونگے تب ممکن ہے کہ دربار میں تمہیں کوئی اچھی جگہ مل جائے"

عمر نے بے خیالی میں سر کو جنبش دی۔

"تمہاری پیشینگوئیاں ہمیشہ صحیح ہوتی ہیں" رحیم نے سلسلۂ کلام جاری رکھا "مجھے یقین ہے کہ جو تم نے کہا ہے ایسا ہی ہوگا ـــ یرک ـــ اور یرک" اپنے سوتے ہوئے ملازم کا کندھا پکڑ کر ہلایا "یرک ـ اٹھو نماز کا وقت ہو گیا ہے ـــ میرے لئے وضو کا پانی گرم کر دو

دونوں نے فجر کی نماز پڑھی اور پھر اپنے کمبلوں میں گھس کر سو گئے۔

چوتھا باب

جنگ

سلجوقی دربار کا مسخرا بختیار اپنے سفید خچر پر بیٹھا ہوا کسی گہرے خیال میں غرق تھا اس کے چھوٹے چھوٹے پاؤں خچر کی پسلیوں سے تھوڑے ہی نیچے تھے۔ اس کے دبلے پتلے جسم پر اس وقت قرمزی رنگ کی عبا پڑی ہوئی تھی اور چھوٹی چھوٹی زیرہ سی آنکھیں تیزی سے ادھر ادھر گھوم رہی تھیں۔

بختیار نے سلطان کو خوش کرنے کیلئے اپنی سی ہر کوشش کر لی تھی لیکن سلطان کے ہونٹوں سے کئی روز سے ہنسی غائب تھی اور وہ بے صبری سے مجاہدین کے قافلوں کا انتظار کر رہا تھا۔ یہ جنگ معمولی نہیں بلکہ فیصلہ کن جنگ تھی جس کے لئے عیسائیوں نے اپنی پوری قوت سے تیاریاں کی تھیں عیسائیوں کی ہمیشہ یہ خواہش رہی کہ وہ بیت المقدس کو فتح کر لیں بلکہ دوسری اسلامی سلطنتوں شام۔ مصر اور فلسطین سے مسلمانوں کا اخراج کر کے عیسائی حکومت کی داغ بیل ڈالیں۔ کئی بار صلیبی جنگیں ہوئیں۔ عیسائیوں نے بڑی بڑی تیاریاں کر کے مسلمانوں پر بار بار حملے کئے۔ سفاکانہ بے رحمیاں اور وحشیانہ ستم انگیزیاں کیں لیکن ہر بار ان کو شکست فاش ہوئی۔ پہلی صلیبی جنگ میں سلطان قزل ارسلان نے ان وحشی درندوں کو چن چن کر قتل کروا دیا اسکے بعد

عیسائیوں نے پیہم حملے کئے لیکن ہر بار اپنے بہت سے علاقے اور قلعے چھڑا دئے۔ ان پے در پے شکستوں نے رومیوں کی آنکھیں کھول دی تھیں ۱۰۶۸ء میں قیصر روم نے ایک بہادر جنرل سے اپنی لڑکی کی شادی کر کے تخت و تاج اس کے سپرد کر دیا اور زبردست تیاریاں شروع کر دیں۔ ۱۰۶۹ء میں وہ الجزیرہ کی طرف بڑھا اور منبج تک لوٹتا مارتا چلا آیا۔[1]

دوسرے سال ۱۰۷۰ء میں اس نے آرمینیہ کا رخ کیا۔ اس کے ساتھ مقدونیہ۔ بلغاریہ۔ مالڈیویا اور خلقا، یورپ (Allies of Europe) کی فوجیں تھیں۔ فرنگ اور نارمن رسالے تھے۔ اس کے علاوہ روس۔ بجاناک۔ قبچاق۔ الخاز اور ارمن قوموں کی بھی جمعیتیں تھیں۔ اس فوج کی تعداد دو لاکھ سے زیادہ تھی ان تیاریوں کے ساتھ وہ آرمینیہ پر اعمال خلاط کی طرف بڑھا اور ملازگرد کے مقام پر دریائے آرسن کی وادی میں خیمہ زن ہوا۔ سلطان العالم الپ ارسلان سلجوقی کو اس اچانک حملے کی خبر اسوقت ہوئی جب وہ حلب سے واپس آکر شہر آذربائیجان میں مقیم تھا کوئی دوسرا ہوتا تو سراسیمہ ہو جاتا لیکن سلطان کا جوش شجاعت بھڑک اٹھا

---

[1] تاریخ زوال و سقوط سلطنت روم۔ مصنفہ گبن جلد ۶ صفحہ ۲۵۳۔ (دوبلڈ کلاسکس ایڈیشن)

[2] ابن اثیر کے خیال سے دو لاکھ۔ صاحب زبدہ اور صاحب روضۃ الصفا کے نزدیک۔ تین لاکھ اور گبن کا گمان ایک لاکھ فوج کا تھا۔ ابن راوندی اس فوج کی تعداد چھ لاکھ بتاتا ہے۔

اس نے سوچا کہ یہ توقف کا مقام نہیں ہے اگر لشکر اور سامان جنگ کی فراہمی کا انتظام کیا تو وقت ہاتھ سے نکل جائے گا اور دشمنان اسلام کی کامیابی کے امکانات قوی ہو جائیں گے لہذا اس نے اسی حال میں جنگ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اپنے وزیر نظام الملک طوسی کو شہزادوں اور خواتین حرم کے ساتھ تبریز یا ہمدان روانہ کیا اور اپنے لڑکے ملک شاہ کی جانشینی کی وصیت کر کے پندرہ ہزار کی مختصر فوج لے کر دشمن کی طرف پوری سرعت کے ساتھ روانہ ہو گیا[1]۔ خلاط کے مقام پر دس ہزار[2] رومیوں کا ہراول ایک رومی جنرل کی قیادت میں بڑھا لیکن سلطان نے پہلے ہی حملے میں اس ہراول دستے کے پرخچے اڑا دیئے۔ اس عرصہ میں رومی فوجیں ملازگرد کو فتح کر کے پامال کر چکی تھیں اور خلاط کا محاصرہ کئے پڑی تھیں۔ سلطان کی پیش قدمی کا حال سنتے ہی قیصر نے مقام الزہرہ پر جماؤ کیا۔ سلطان بھی تیز رفتاری کے ساتھ اس مقام پر پہنچ گیا اور رومی لشکر سے دو فرسنگ کے فاصلہ پر پہنچ کر خیمہ زن ہو گیا۔

سلطان نے سب سے پہلے صلح کا پیغام بھیجا قیصر نے جواب دیا۔

— اگر وہ[3] وحشی صلح کا خواہشمند ہے تو اپنے اس مقام کو

---

[1] سلاجقہ۔ مصنفہ سید ابوالاعلیٰ مودودی

[2] ابن اثیر کے نزدیک دس ہزار اور بقول عماد کاتب بیس ہزار

[3] مشہور عیسائی مؤرخ گبن کے الفاظ

جہاں اسوقت مقیم ہے رومی فوجوں کے پڑاؤ کیلئے خالی کر دے اور اپنا شہر رے اور اپنا ذاتی محل اپنی صداقت کے ثبوت میں ہمارے حوالہ کر دے۔"

اس جواب کے بعد جنگ ناگزیر تھی لیکن سلطان کے امام صلوۃ اور فقیہہ ابو نصر محمد بن عبدالملک بخاری حنفی نے مشورہ دیا کہ "آج تو وقت کیجئے کل جمعہ کا دن ہوگا جس وقت تمام دنیا کے مسلمان آپ کی نصرت کیلئے دعا مانگ رہے ہوں حملہ کیجئے تاکہ بندگان خدا کی دعائیں مجاہدین کی تلواروں کے ساتھ ہوں" سلطان نے یہ مشورہ منظور کر کے کل تک کے لئے جنگ ملتوی کر دی۔

آج جمعرات کا دن تھا اور بختیار کل کے خوف میں گھلا جا رہا تھا جنگ کے دوران وہ ہمیشہ سلطان کی پشت پر رہتا تھا جہاں نہ عیسائیوں کی پہونچ تھی اور نہ سلجوقوں کے تیروں کا خدشہ۔

یہ بات بختیار کے لئے تعجب خیز تھی کہ صرف پندرہ ہزار کی مٹھی بھر فوج دو لاکھ خونخوار اور وحشی درندوں سے مقابلہ کرنے کے لئے تیار تھی۔ قبل اسوقت کھلے میدان میں فرد کش تھا اور سلجوقی فوج کو بہت آسانی کے ساتھ گھیر سکتا تھا

دوسرے روز صبح کی پہلی کرن کے ساتھ رحیم بھی اٹھ بیٹھا۔ اس نے عمر خیام کو اٹھایا اور نماز سے فارغ ہو کر اپنے خیمہ سے باہر آ گیا۔ ٹھنڈی اور برفیلی ہواؤں کے جھکڑوں کے ساتھ پورے کیمپ میں کھلبلی مچی ہوئی تھی مسلمان اپنے خیموں کے سامنے بیٹھے ہوئے ہتھیاروں کو صیقل کر رہے تھے

اور ہر فرد جوش و غضب میں بھرا ہوا معلوم ہو رہا تھا۔ یہ لوگ رات بھر نمازیں پڑھتے رہے۔ قرآن پاک کی تلاوت میں مشغول رہے۔ اور اب اس سفر کی تیاریوں میں مصروف تھے جس کے لئے اللہ تعالےٰ نے انتہائی مہربانی کے ساتھ اپنی خوشنودی مزاج کی خوشخبری دی ہے۔ رحیم اور عمر نے بھی اپنی تلواریں یرمک کو صیقل کے لئے دیدیں اور جلدی جلدی تھوڑی سی کھجوروں کا ناشتہ کر کے آنے والے لمحات کا بے چینی کے ساتھ انتظار کرنے لگے۔

دوپہر کے بعد مجاہدین اسلام مسلح ہو ہو کر جمعہ کی نماز کیلئے اکٹھے ہونے لگے۔ اللہ اکبر کے پرسرور اور باعظمت نعرے سے ساری وادی گونجنے لگی۔ سامنے کی وادی ٹڈی دل عیسائی لشکر سے بھری ہوئی تھی اور وہ لوگ مٹھی بھر مسلمانوں کے جوش و خروش کو دیکھ دیکھ کر حیران ہو رہے تھے۔

نماز سے فارغ ہونے کے بعد سلطان[1] درگاہ الٰہی میں سربسجود ہو کر خوب رویا۔ اس کے ساتھ پوری فوج روئی اور پھر اس نے فوج کو مخاطب کر کے کہا:

---

[1] رومی مورخین اس جنگ میں سلطان کی موجودگی کے سرے سے ہی منکر ہیں انکا بیان ہے کہ سلجوقی فوجوں کی کمان کوئی سلجوقی خواجہ سرا کر رہا تھا۔ مشہور انگریز مورخ گبن جلد ۶ صفحہ ۲۵۶ پر لکھتا ہے کہ رومی مورخ اس فتح کا سہرا سلطان کے سر سے اتارنا چاہتے ہیں حالانکہ وہ یہ نہیں سمجھتے کہ یہ سہرا سلطان کے سر سے اتار کر ایک خواجہ کے سر پر باندھنے میں قیصر روم کی گردن کا طوق ذلت اور زیادہ بھاری ہو جاتا ہے۔

"آج[1] جو شہادت چاہتا ہے وہ ٹھہر جائے اور جو واپس جانا چاہتا ہے خوشی سے واپس چلا جائے ـــ کسی ڈر یا خوف کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اب یہاں کوئی سلطان یا بادشاہ نہیں ہے" ـــ یہ کہہ کر اس نے تلوار اٹھائی اپنے ہاتھ سے اپنے گھوڑے کی دم باندھی سفید لباس پہن کر اور حنوط ملکر کہا "اگر میں شہید ہو گیا تو یہی میرا کفن ہوگا" ان باتوں نے تمام مجاہدین کے دل شوق شہادت اور جوش شجاعت سے گرما دئے، اور جنگ کے لئے بے تاب فوج مدمی فوج پر تلملا کر ٹوٹ پڑی۔ اسی وقت سلطان کو پھر خدا یاد آیا جس کے بھروسہ پر وہ اپنے سے تیرہ گنی طاقت سے مقابلہ کرنے کیلئے آیا تھا۔ اس نے گھوڑے سے اتر کر فرش خاک پر سجدہ کیا اور اللہ سے تائید۔ نصرت کی دعا مانگی اس کے بعد وہ اٹھا اور بجلی کی سی سرعت کے ساتھ لشکر مخالف پر حملہ آور ہوا۔

دونوں لشکر ٹکرائے صاف اور شفاف تلواروں کی چمک سے دشمنوں کی آنکھیں چندھیانے لگیں ـــ تلواریں ڈھالوں پر پڑیں اور اٹھیں پھر جھکیں اور پھر لاکھوں سروں کی طرف جھکیں۔ وہی تلواریں جو ابھی تک صاف اور شفاف تھیں اب خون میں ڈوبی ہوئی انسانی سروں کی بارش کر رہی تھیں۔ مسلمان خاموش تھے لیکن عیسائی بہت شور کر رہے تھے۔ جو شخص بھی جہاں تھا انتہائی دلیری سے لڑ رہا تھا۔ زخمی پیلا رہے تھے گھوڑے ہنہنا رہے تھے

---

[1] سلاجقہ مصنفہ سید ابوالاعلیٰ مودودی

اور ان تمام آوازوں نے ملکر عجیب قسم کا شور بپا کر رکھا تھا۔

شروع میں تو عیسائی یہ سمجھتے تھے کہ وہ پندرہ ہزار مسلمانوں کو آن کی آن میں پیس ڈالیں گے لیکن جب انھوں نے مسلمانوں کو لڑتے ہوئے دیکھا تو ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ ابھی تک پندرہ میں ہزار سے زائد عیسائی ختم ہو چکے تھے۔

عمر خیام بھی بڑی جانبازی سے لڑ رہا تھا وہ جس طرف بھی نکل جاتا اس طرف کے عیسائیوں کی شامت آجاتی اگر کوئی عیسائی بدبختی سے اس پر حملہ کرتا تو وہ تو فوراً ہی ختم ہو جاتا۔

اب چونکہ دن بھی شباب آگیا تھا اس لئے جنگ میں بھی کافی گرمی آگئی تھی اور مسلمانوں نے اپنا پورا زور لگا رکھا تھا ہر مسلمان انتہائی بہادری اور جانبازی کے ساتھ جنگ میں مصروف تھا۔ رحیم بھی خونخوار شیر کی مانند لڑ رہا تھا اور وہ اب تک بے شمار عیسائیوں کو قتل کر چکا تھا اس نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا جس کو مسلمان اپنی لڑائی کی مشغولیت میں بالکل بھول ہی گئے تھے رحیم کے نعرہ کی آواز سن کر سب نے ایک ساتھ اس پر ہیبت نعرہ کی تکرار کی جس سے عیسائیوں کے دل لرز گئے۔ ادھر مسلمانوں نے نعرہ لگاتے ہی نہایت شدت سے حملہ کیا۔ اس حملے نے عیسائیوں کے جوش و خروش کو بھی بڑھا دیا اور وہ بھی غضبناک ہو کر حملے کرنے لگے۔

اسی وقت شہزادہ ملک شاہ نے قلب لشکر پر حملہ کیا۔ مسلمانوں نے اپنے شہزادہ کو دیکھتے ہی اللہ اکبر کا فلک شگاف نعرہ لگایا اور اپنی پوری

قوت اسی طرف لگا دی۔ فیصلہ اصغر عیسائیوں کو کھیرے ککڑی کی طرح کاٹ رہا ہے اس حملہ کی تاب نہ لا کر انور رومی جنرل باسیلا سیوس پیچھے ہٹا اس کے متصل ہی مالڈیرا اور ولاچیا (Wallachia) رسالہ تھا اس نے بھی میدان خالی کرنا شروع کر دیا۔ ایک دوسری فوج رومی شہزادہ انڈرونیکوس کی قیادت میں تھی اس کو قیصر سے غیبی مدد ملی تھی وہ صرف ظاہرداری کے طور پر جنگ میں شامل ہوا تھا وہ عین گھمسان کی لڑائی میں اس طرح پسپا ہوا تھا کہ پوری صف ٹوٹ گئی۔ یہ واقعہ ہے کہ مسلمان اس جنگ میں اتنی قلیل تعداد میں تھے کہ ان کی شکست لازمی تھی لیکن مسلمانوں کے ساتھ خدائی مدد تھی پے در پے کچھ ایسے واقعات ہوتے گئے جو مسلمانوں کے لئے فائدہ مند تھے۔ اتفاق یہ ہے کہ اسی موقعہ پر شدت گرمی سے تنگ آکر قیصر اپنے خیمہ کی طرف مڑا کہ تھوڑی دیر سایہ میں آرام کرے شاہی علم کے پیچھے ہٹتے ہی عیسائی فوج کی ہمت ٹوٹ گئی اور اس نے راہ فرار اختیار کی مجبور ہو کر قیصر پھر میدان میں واپس آیا اور چیدہ دستوں کو لے کر مقابلہ پر ڈٹا لیکن اب لڑائی کا پانسہ پلٹ چکا تھا فوج کا بڑا حصہ پسپا ہو کر بھاگ چکا تھا اور ترکی سورما اسے دباتے ہوئے بڑھ رہے تھے باقی فوج بھی بددل ہو چکی تھی۔ آخر کار جب قیصر کے اردگرد کی ساری فوج کٹ گئی تو وہ خود بھی زخمی ہو گیا اور جب اس کا گھوڑا بھی مارا گیا تو وہ میدان سے بھاگنے لگا ایک غلام[1] نے بڑھ کر اسکے

---

[1] ابن اثیر لکھتا ہے کہ اس غلام کا واقعہ بھی عجیب تھا یہ غلام سعد الدولہ گوہر آبدار کا مملوک تھا فوج کی بھرتی کے وقت نظام الملک کے سامنے اسے پیش کیا گیا (باقی صفحہ ۴۱)

پاؤں میں کمند ڈال کر گرفتار کر لیا۔ اس غلام کو خود بھی خبر نہیں تھی اس نے کس شخص کو گرفتار کیا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ اسے قتل کر دے لیکن دوسرے رومی قیدی نے یہ بتایا کہ وہ قیصر تھا۔[1]

بہت دیر سے عمر اپنے دوست رحیم کو تلاش کر رہا تھا کیونکہ اسے اندیشہ تھا کہ کہیں اسکا دوست ختم نہ ہو گیا ہو آخر کار بہت دیر کے بعد اس نے رحیم کو ایک بڑے سے خیمہ کے پاس کھڑا ہوا دیکھا۔ اس کے قریب خراسانی دستہ کھڑا مال غنیمت کی نگرانی کر رہا تھا۔

رحیم کے غلاموں میں سے تین غلام سامنے والے رومی خیمہ میں سے نکل رہے تھے ان کے کندھوں پر ریشمی کپڑوں کے تھان اور بغل میں چاندی کے برتن تھے وہ ایک خوبصورت رومی لڑکی کو گھسیٹتے ہوئے لا رہے تھے یہ لڑکی اس وقت بالکل حواس باختہ ہو رہی تھی اور کبھی کبھی نظروں سے چاروں طرف دیکھ رہی تھی۔ اس کے لانبے لانبے سنہری بال کھلے ہوئے تھے اور آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ اسکی کمر سے طلائی کام کیا ہوا زرتار پٹکا بندھا ہوا تھا خراسانی دستہ کے سپاہی اس لڑکی کو حیرت سے دیکھنے لگے کیوں کہ انھوں نے

(بقیہ صفحہ ۴۰) میں نظام الملک نے اس کمزور اور نحیف قسم کے غلام کو لینے میں پس و پیش کیا لیکن جب سعد الدولہ نے بہت سفارش کی تو نظام الملک نے کہا "اچھا ہے لے لو شاید ہی قیصر روم کو گرفتار کرا لے" وقت کی بات نظام الملک کا یہ طنزیہ فقرہ حرف بحرف پورا ہوا

[1] ابن اثیر۔

آج تک کوئی رومی لڑکی نہیں دیکھی تھی۔

"یا عمر" رحیم نے عمر کو دیکھتے ہی خوشی سے بے قابو ہو کر کہا "خدا کا شکر ہے کہ تم زندہ ہو ——"

"اس لڑکی کا کیا قصہ ہے؟"

"یہ کسی عیسائی سردار کی کنیز معلوم ہوتی ہے" رحیم نے پرمسرت لہجہ میں کہا "شاید کوئی رومی کتا اب بھی اس کا پیچھا کر رہا ہے —— آؤ خیمے میں چل کر بیٹھیں۔"

"آقا ہوشیار" پیچھے سے پرک کی چیخ کی آواز آئی "آقا جلدی بچئے"

خیموں کے درمیان سے ہوتی ہوئی عیسائی سواروں کی ایک جماعت رحیم کے سر پر پہنچ چکی تھی۔ عمر ابھی رحیم سے کافی فاصلہ پر تھا یہ عیسائیوں کا کیمپ تھا اس لئے مسلمان فوج بھی کافی فاصلہ پر تھی —— یہ سوار تلواریں سونتے ہوئے تھے اور ان کے چہرہ سے شیطانیت برس رہی تھی۔ انکے چہرہ آہنی خودوں سے ڈھکے ہوئے تھے —— غالباً یہ بھگوڑے عیسائیوں سے بچھڑے ہوئے کچھ سپاہی تھے جو کسی خیمہ میں چھپ کر بیٹھ گئے تھے اور اب موقع ملتے ہی بھاگ نکلے —— عمر نے فوراً ہی اپنے گھوڑے کی باگ رحیم کی طرف موڑ لی اور تیزی سے روانہ ہو گیا۔ اسی وقت وہ ایک بھاگتے ہوئے عیسائی سے اتنے زور سے ٹکرایا کہ اس کی آنکھوں میں خاک بھر گئی کئی منٹ تک وہ اپنی آنکھوں کو مل مل کر صاف کرتا رہا اس نے محسوس کیا کہ وہ اپنے گھوڑے سے گر کر اس وقت زمین پر پڑا ہوا تھا کافی دیر تک کوشش کرنے

کے بعد وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے میں کامیاب ہو سکا۔

آنکھ کھلتے ہی اس نے رحیم کے غلام یرک کو زمین پر پڑے ہوا دیکھا اس کی گردن کٹی ہوئی تھی اس کے برابر میں ہی زمین پر رحیم پڑا ہوا تھا جس پر دوسرے غلام جھکے ہوئے تھے۔

عمر بے قرار ہو کر اس طرف دوڑا اور رحیم کا سر اپنے زانو پر رکھ لیا اس وقت رحیم کے ہونٹوں پر عجیب قسم کی مسکراہٹ تھی

"کیا تم بھی زخمی ہو گئے رحیم بھائی؟" عمر نے پوچھا "کس طرح؟"

رحیم اس کو اس طرح دیکھ رہا تھا جیسے اس نے عمر کے سوالات کا مطلب نہ سمجھا ہو۔ عمر نے رحیم کے جسم کو آہستہ سے لوٹا اور قمیض اٹھا کر دیکھنے لگا۔ زخم گردے پر تھا اور بہت کاری تھا زمین پر سے اٹھانے کی وجہ سے زخم میں سے ایک تیز دھار خون کی نکل کر عمر کے کرتے پر گر رہی تھی۔

"اب بتائیے مالک" رحیم کے دوسرے غلام ازبک نے کہا "مجھے تو اب آخری وقت معلوم ہو رہا ہے"

عمر کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور وہ بار بار رحیم کے چہرہ کی طرف دیکھ رہا تھا جو اس وقت ہلدی کی مانند زرد ہو رہا تھا۔ عمر نے اپنے دوست کے دل پر ہاتھ رکھ کر دیکھا دھڑکن بند ہو چکی تھی ایک بار رحیم کے حلق سے جھٹکے سے آواز نکلی اور پھر اس کی گردن ایک طرف کو لڑھک گئی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

اسی وقت ازبک نے زخمی شیر کی مانند بھیانک آواز نکالی اور اپنی

کمر سے پیش قبض نکال کر کھڑا ہو گیا وہ اس وقت اپنے ہونٹوں کو بھینچے ہوئے تھا پھر دوبارہ ایک خوفناک چیخ مار کر وہ قیدی لڑکی کی طرف جھپٹا ۔۔۔ وہ غریب اس وقت خاموش کھڑی ہوئی پھٹی پھٹی نظروں سے رحیم کی لاش کو دیکھ رہی تھی

اس ناگہانی آفت پر وہ ایک طرف کو ہٹ کر کانپنے لگی ۔ ازبک کے پیش قبض نے اس کی قمیض کے دامن کو چاک کر دیا تھا وہ بھاگ کر عمر کے پاس آ گئی اس کے ہاتھ عمر کے پاؤں کی طرف بڑھے ہوئے تھے اور سارا جسم لرز رہا تھا۔ اس نے زبان سے تو کچھ نہ کہا لیکن اس کی آنکھوں سے اس کے دلی کرب اور خوف کا اندازہ ہو رہا تھا۔

"بیوقوف ۔۔۔ یہ کیا حرکت ؟" عمر نے ازبک کو ڈانٹا۔

"یہ بھی اسی قوم سے تعلق رکھتی ہے جس نے میرے مالک کو شہید کیا ہے" ازبک نے غرا کر کہا "اور میرے سگے بھائی کو مارا ہے ۔"

عمر نے ازبک کا ہاتھ پکڑا ایک طرف کو لے چلا لیکن ازبک نے زور سے پچھاڑ کھائی اور زمین پر مچھلی کی طرح لوٹنے لگا وہ برابر رحیم اور یرک کے قاتل کو گالیاں اور کوسنے دیئے جا رہا تھا۔

عمر نے رومی لڑکی کو خیمہ میں جانے کے لئے اشارہ کیا اور پھر دوسرے ملازموں کی مدد سے انھوں نے دونوں لاشیں اٹھائیں اور ان کو خیمہ میں لیجا کر فرش پر رکھ دیا اور پانی لانے کے لئے غلاموں کو حکم دیا۔ عمر کو جلد ہی محسوس ہو گیا تھا اسے اپنے دوست کے آخری سفر کیلئے فوراً ہی بہت کچھ کرنا تھا۔ ہر کام اسی کے شایان شان ہونا چاہیئے تھا۔

جب رحیم کا جنازہ تیار ہو گیا تو نماز کیلئے میدان میں رکھ دیا گیا اور سلطان نے نماز میں شرکت کی۔

عمر کی آنکھوں میں اپنے دوست کی صورت پھرنے لگی۔ اسکی بھوری آنکھیں اور مسکراتا ہوا چہرہ جو اب کعبہ کی طرف منہ کیئے ہوئے کفن میں لپٹا ہوا ابدی نیند سو رہا تھا۔

رحیم کو دفنانے کے بعد بھی وہ بہت دیر تک قبر کے سرہانے بیٹھا رہا اور آخر کار سارے ختم ہو کر صبح صادق کی روشنی نمودار ہو گئی۔ "اچھا رحیم بھائی خدا حافظ" اس نے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے کہا "خدا نے مجھے بھائی کے بدلے میں ایک شفیق دوست دیا تھا جس کے ساتھ سارا بچپن گذارا اب اسے یہ بھی منظور نہ ہوا۔"

عمر وہاں سے اٹھ کر اپنے خیمے میں آ گیا۔ موم بتی اب بھی روشن تھی جس کی روشنی میں اس نے رومی لڑکی کو دیکھا جو بالکل بے خبر پڑی ہوئی سو رہی تھی۔ عمر نے وضو کر کے نماز پڑھی پھر وہ اپنے دوست کی مغفرت کیلئے دعا مانگنے لگا۔ اب وہ لڑکی بھی جاگ اٹھی تھی اور عمر کو بیٹھا ہوا دیکھ کر اس کے قریب آ کر بیٹھ گئی اور اپنی جیب سے آئینہ نکال کر اس میں منہ دیکھتے ہوئے اپنے پریشان بالوں کو سنوارنے لگی ــــ آج اس کے لئے کوئی نئی بات نہیں تھی اسکی زندگی میں نا معلوم کتنی بار راتوں رات اسکے آقا تبدیل ہوتے رہے

پانچواں باب

عالی حوصلہ سلطان

دریائے آرس کی وادی میں جہاں سے آرمینیہ کے پہاڑوں کے نیچے سے بہنے والی جھیل نظر آتی تھی سلطان العالم فرمانروائے مشرق و مغرب سلطان الپ ارسلان سلجوقی کا خیمہ نصب تھا جس میں بیش بہا ایرانی قالینوں کا فرش بچھا ہوا تھا۔ خیمے کے عین درمیان تخت بچھا ہوا تھا جس پر بڑھا لیکن پر ہیبت سلطان بیٹھا تھا۔ تخت کے دونوں طرف ترکی شہزادوں۔ امراء اور سرداروں کی کرسیاں بچھی ہوئی تھیں۔ تمام لوگ رعب شاہی کی وجہ سے بت بنے ہوئے مؤدب بیٹھے تھے نہ کوئی حرکت کرتا تھا نہ کھانس سکتا تھا۔ ہر شخص کی نگاہیں دروازہ پر لگی ہوئی تھیں جہاں سے رومی بادشاہ اور دوسرے قیدی آنے والے تھے۔ بختیار ایک آہنی صندوق پر بیٹھا ہوا تھا تاکہ سلطان کے سامنے پیش کئے جانے والے قیدیوں کو اطمینان سے دیکھ سکے [illegible] دربار شاہی میں آہنی صندوق پر بیٹھنے کی ہمیشہ سے اجازت تھی [illegible] یہ تھی کہ وہ کبڑا تھا اور تخت سے اونچی کرسی پر بیٹھنا بے ادبی [illegible] یہ آہنی صندوق خاص طور سے اس کے لئے بنوایا گیا تھا۔

تھوڑی دیر کے بعد خیمہ کا پردہ اٹھا اور قیصر روم کو سلطان کے سامنے لاکر پیش کیا گیا۔ قیصر کا رنگ صرف ایک ہی رات میں سیاہ پڑ گیا تھا ہر شخص نگاہیں اس وقت سلطان کے چہرہ پر لگی ہوئی تھی اور تمام ارکان سلطان کا حکم سننے کے لیئے منتظر تھے۔

"اگر تمہاری جگہ اس حالت میں مجھ کو تمہارے سامنے لایا گیا ہوتا تو تم میرے ساتھ کیا سلوک کرتے!" سلطان نے پوچھا۔

قیصر نے نظریں اٹھا کر سلطان کو دیکھا اور ایک لمحہ سوچتا رہا۔

"میں آپ کے ساتھ برا سلوک کرتا" اس نے بیباکی سے جواب دیا۔

سلطان کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آگئی "اور تم مجھ سے کس سلوک کی توقع کرتے ہو؟"

قیدی بادشاہ دربار کے پرجوش چہروں کو دیکھنے لگا۔

"یا تو آپ مجھے قتل کر دیں گے اور یا بلاد اسلامیہ میں میری تشہیر کرینگے" رومی شہنشاہ نے کہا "اور بعید امکان یہ بھی ہے کہ شاید معاف کر دیں"

سلطان اس رومی شہنشاہ کی جرأت اور بے باکی سے بہت متاثر ہوا

"مجھے تمہاری نیت کا حال معلوم ہو گیا اب مجھے بھی تمہارے ساتھ وہی سلوک کرنا چاہیئے جو تم میرے ساتھ کرتے!"

"لیکن میری نیت کا انجام بھی تو آپ نے دیکھ لیا اس لیئے اگر آپ کی یہ نیت نہ ہو تو بہتر ہے"

سلطان مسکرانے لگا اور اس نے قیصر کو اپنے برابر تخت پر بٹھا لیا۔

"آج سے آپ میرے مہمان ہیں" سلطان نے کہا "اور میرے خیمہ میں آپ کا قیام رہے گا آپ کے مخصوص ساتھی اور بطریق[1] بھی آپ کے ساتھ رہیں گے ـــــ دس ہزار دینار آپ کے خرچ کے لئے دیئے جائیں گے"

قیصر کا سر ندامت سے جھک گیا اور وہ شرم کی وجہ سے سلطان کا شکریہ تک نہ ادا کر سکا۔ اسکے بعد دونوں بادشاہوں میں پچاس[2] سال کے لئے حسب ذیل شرائط پر تصفیہ ہوا۔

۱۔ قیصر ہر سال ساٹھ ہزار دینار خراج ادا کریگا۔

۲۔ اس جنگ میں جو مقتول ہوئے تھے اور رومی قیدیوں کی رہائی کیلئے پندرہ لاکھ دینار فدیہ ادا کریگا

۳۔ وہ تمام مسلمان رہا کر دیئے جائیں گے جو رومیوں کے پاس قید تھے

۴۔ جس وقت بھی سلطان کو ضرورت ہوگی قیصر سلطان کو فوجی امداد دیگا۔

اس تصفیہ کے بعد سلطان نے قیصر کو خلعت دیکر گلے سے لگا لیا

---

[1] بطریق رومی فوج کا ایک اعلیٰ عہدہ دار ہوتا تھا جسکے ماتحت دس ہزار سپاہی ہوتے تھے

[2] یہ صلح ذرا ہی ختم ہوگئی کیونکہ قیصر کی شکست سے اسکی سلطنت میں انقلاب آگیا اور میخائیل نے تخت پر قبضہ کر لیا۔ قیصر نے صرف دو لاکھ دینار اور ایک سونے کی کرسی جس میں نو سو ہزار جواہرات تھے سلطان کی خدمت میں بھیجکر معافی چاہی کہ اب میں اس سے زیادہ دینے کے قابل نہیں ہوں۔ سلطان نے اسکی مدد کرنا چاہی لیکن وہ اس سے پہلے ہی شکست کھا کر گرفتار ہو چکا تھا اس کے بعد مر گیا (سلجوقیہ۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی)

اور قیصر نے بغداد کی جانب سر جھکا کر خلیفہ کی تعظیم دی خود سلطان اسکودری سرحد تک چھوڑنے گیا۔

٭ ٭ ٭

عمر کو دوسری رات بھی نیند نہ آسکی۔ رات بھر اسکی نظر کے سامنے رحیم کا مسکراتا ہوا چہرہ رہا۔ رحیم کے ملازمین اب اس کے احکامات کے منتظر تھے۔

دوسرے مجاہدین اور عرب اب اپنے گھروں کو مال غنیمت سے لدے پھندے جا رہے تھے اور آہستہ آہستہ وہ وادی خالی ہو رہی تھی۔

رحیم کے ملازمین بھی اپنے گھوڑوں پر سامان لادنے لگے عمر نے دیکھا کہ ہر غلام کے پاس کافی مال تھا جو مال غنیمت میں ان کو ملا تھا۔ کئی روز سے یہ لوگ سامان کی خرید و فروخت کر رہے تھے اور ان لوگوں نے ایسی چیزیں بھی دوسرے مجاہدین سے خرید لی تھیں جو ان کے لئے بالکل بیکار تھیں۔ اب یہ لوگ اپنے اپنے گھر جانے کیلئے بے چین تھے لیکن عمر کے پاس ایک چیز بھی نہیں تھی حتیٰ کہ ایک خنجر تک نہ تھا جو اس جنگ کی یادگار ہوتا۔ اس نے اپنا تمام حصہ رحیم کے نام پر خیرات کر دیا تھا۔

ازبک نے رحیم کا نشکی گھوڑا کس کر تیار کر دیا تھا اور اپنے آقا کے ہتھیاروں اور زرہ بکتر کا بنڈل باندھ کر زین کے پیچھے باندھ دیا تھا۔

"اس رومی لڑکی کو یہ گھوڑا کیوں نہ دیا جائے" عمر نے ازبک سے کہا۔ "اس کو لے جانے کے لئے ہمارے پاس کوئی سواری نہیں اور نہ ڈولی" فیدی لڑکی کو بھی ساتھ لیجانا ضروری تھا۔ وہ رحیم کی ملکیت تھی اور

نیشاپور کے بازار میں اچھی قیمت پر فروخت کی جا سکتی تھی۔ وہ جوان تھی اسکے بال ریشم کے مانند نرم تھے اس لئے اس کی جو بھی قیمت ملتی اس کا حقدار رحیم کا باپ تھا۔

عمر نے تھوڑی بہت یونانی زبان بھی سیکھی تھی اس لئے بہت آسانی کے ساتھ اس نے اس لڑکی کے متعلق بہت سی معلومات حاصل کر لی تھیں اور وہ یہ تھیں:۔

اس لڑکی کا نام انزابیلا تھا وہ دنیا میں تنہا ہی تھی کیونکہ جنم کی لونڈی تھی۔ قسطنطنیہ کی رہنے والی تھی اس جنگ میں اس کو ایک رومی سردار لے آیا تھا اس کے بعد ملازگرد کی جنگ میں اس رومی سردار کو رحیم نے مار ڈالا اور اس پر قبضہ کر لیا تھا۔

انزابیلا کے چہرہ پر اب ایک نقاب پڑا ہوا تھا اس کو رحیم کے گھوڑے پر سوار کرانے کے بعد وہ خود بھی سوار ہو گیا اور یہ مختصر سا قافلہ نیشاپور کی طرف روانہ ہو گیا۔ انزابیلا عمر کے پیچھے پیچھے چل رہی تھی سڑک پر گذرنے والا ہر شخص یہی سمجھ رہا تھا کہ وہ عمر کی ملکیت تھی اور اس جنگ میں حاصل ہوئی تھی

عمر کو پہلی منزل پر بہت دشواریاں پیش آئیں مجاہدین کی واپسی کی وجہ سے کاروان سرائے میں تل دھرنے کی جگہ نہیں تھی اس کو اپنے خیمے بھی سرائے سے کافی فاصلہ پر نصب کرنے پڑے کیونکہ دور تک سرائے کے خیمہ لگے ہوئے تھے۔ پانی حاصل کرنے کیلئے اس کے آدمیوں کو کئی میل کا سفر کرنا پڑا۔ خیر خدا خدا کر کے سارا کام ٹھیک ہوا۔

وہ اپنے خیمہ میں اس وقت تک بیٹھا سوچتا رہا جب تک خیمہ کے باہر جلتے ہوئے الاؤ کی آگ بالکل بجھ نہ گئی اسکو اس وقت سجدی بسری امیں یاد آ رہی تھیں اور رحیم کی یاد رہ رہ کر اس کے دل میں چٹکیاں لے رہی تھی۔

اس کے پیچھے رومی لڑکی شب خوابی کا لباس تبدیل کر رہی تھی اور ٹھنڈی سانسیں بھر رہی تھی جس کی آواز عمر نے بھی سنیں۔ وہ مڑ کر اسکی طرف دیکھنے لگا اس کی بڑی بڑی آنکھیں آنسوؤں سے بھری ہوئی تھیں۔ ازابیلا رو رہی تھی لیکن معلوم نہیں کہ کیوں؟

"کیا ہوا؟ تم کیوں رو رہی ہو؟"

ازابیلا کے ہونٹ تھرتھرائے اور وہ مسکرانے کی ناکام کوشش کرنے لگی وہ نہیں چاہتی تھی کہ اس کے دلی جذبات عمر پر ظاہر ہوں ہر انسان کے احساسات ہوتے ہیں چاہے وہ غلام ہو یا سلطان لیکن غلام کیلئے زبان کھولنے کی اجازت نہیں ہوتی۔

جب عمر نے آگے بڑھکر اپنے رومال سے اسکے آنسو خشک کئے تو وہ تھوڑا پیچھے ہٹ کر اس کو عجیب نظروں سے دیکھنے لگی۔ عمر کی قربت سے اس کا دل دھڑکنے لگا تھا۔

عمر سمجھ گیا کہ اس کو صرف یہ غم ہے کہ اب نامعلوم وہ کس کی لونڈی ہوگی لیکن وہ بھی مجبور تھا وہ امانت میں خیانت نہیں کر سکتا تھا ازابیلا کو جانا ہی تھا چاہے رحیم کے یہاں یا نیشاپور کی منڈی میں۔

دونوں ایک دوسرے کو کافی دیر تک خاموشی سے دیکھتے رہے پھر اپنے اپنے بستروں پر لیٹ کر بے خبر سو گئے۔

چھٹا باب

خواجہ ابوالحسن الانباری

خواجہ ابوالحسن[1] کی عمر باسٹھ سال کی تھی۔ قرآن کے بعد جس کے وہ حافظ تھے

---

[1] خیام کے اساتذہ ہیئت میں ابوالحسن الانباری کا نام نمایاں ہے۔ مہر زوری میں ہے "ابوالحسن الانباری اپنے وقت کا بہت بڑا فلسفی تھا اس پر ہندسہ اور ہیئت کا علم غالب تھا۔ اس نے خیام کو مجسطی (ہیئت کی بڑی کتاب) کے علاوہ علم ہندسہ کا درس بھی دیا۔ خیام نے فقہ اور حدیث کا درس امام موفق سے لیا تھا اور یہی وہ امام موفق ہیں جنکی درسگاہ کیلئے مشہور ہے کہ حسن ابن صباح، نظام الملک طوسی اور خیام نے ساتھ پڑھا تھا اور باہم یہ عہد و معاہدہ کیا تھا کہ امام موفق کے شاگردوں میں سے اگر کوئی بڑے عہدے پر پہنچتا ہے تو وہ دوسرے ساتھیوں کی مدد کریگا۔ قسمت کی خوبی دیکھئے کہ نظام الملک سلجوقی سلطنت کا وزیر ہو گیا اور حسن ابن صباح مصر میں جا کر اسمٰعیلی داعیوں میں شریک ہو گیا اور بہت بڑا آدمی ہو گیا۔ ابھی تک یہ نہ معلوم ہو سکا ہے کہ خیام نے فلسفہ کا درس کس سے لیا تھا اس نے اپنے ایک رسالہ "الکون والتکلیف" کے صفحہ ۱۴۰ پر ابن سینا کا ذکر کیا ہے۔ کہتا ہے کہ "اور شاید میں نے اور میرے استاد پچھلے فلسفیوں میں سب سے بہتر ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا بخاری نے (خدا ان کا درجہ بلند کرے) اس مسئلہ میں خوب غور کر لیا ہے" اگر ابوعلی سینا واقعی استاد نہ ہو تب بھی وہ اس کی تصنیفات سے بے حد عقیدت رکھتا تھا اور اتنا یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی کے آخری لمحات میں ابوعلی سینا کی شفا کے مطالعہ میں مصروف تھا۔

(باقی صفحہ ۵۳ پر)

صرف ریاضی کیلئے زندہ تھے۔ اوقات کی پابندی انکی زندگی کا خاصہ بن چکی تھی ان کے یہاں کا ہر کام اس آبی گھڑی کے ساتھ ساتھ ہوتا تھا جو ان کے مکان کے صحن میں لگی ہوئی تھی اور ہر وقت اس میں سے پانی کے قطرے ٹپکتے رہتے تھے۔

ان کے ملازمین صرف گھڑی کو دیکھ کر اپنے مالک کی مصروفیات کا اندازہ کر لیتے تھے۔ وہ آسانی کے ساتھ یہ معلوم کر سکتے تھے ان کا آقا کس وقت وضو کر رہا ہے۔ اور کب نماز پڑھ رہا ہے اور کس وقت اپنی کتاب کو لکھ رہا ہے۔

پانچ نمازیں۔ دو وقت کا مختصر کھانا اور بارہ گھنٹہ متواتر کام بس یہ خواجہ ابوالحسن الانباری کا نقشہ تقسیم اوقات تھا۔ یہ سارے کام روزانہ اپنے محور پر اس طرح گھومتے رہتے تھے جس طرح سورج گردش کرتا ہے۔ دونوں وقت صبح شام اور ہر موسم میں ان کے دسترخوان پر صرف ایک ہی قسم کی غذا ہوتی تھی۔ کھجوریں۔ ستو اور جو کی روٹی۔ اس میں کسی قسم کی تبدیلی ہونا ناممکن تھی۔

اگر ان کے نوجوان شاگردوں کو کبھی اخروٹ یا انار کی خواہش ہوتی تو یہ لوگ بہت خفیہ طور سے یہ چیزیں پڑوس کے کاشتکاروں سے خرید لیتے

(بقیہ صفحہ ۵۲) ابوعلی سینا کے بہت سے تلامذہ اور شاگرد خیام کے زمانہ میں موجود تھے ممکن ہے کہ ان سے خیام نے فلاسفہ کا درس لیا ہو اور اسی لئے ابوعلی سینا کو اپنا استاد اور معلم کہتا ہو (خیام ـــ سید سلیمان ندوی ، واللہ اعلم)

اور ایسی جگہ بیٹھ کر ان کو کھاتے جہاں سے خواجہ کا مکان تک نہ نظر آتا ہو
خواجہ نے بالکل گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی اور انکا مکان نیشاپور کے
ترک کے میدان کے دوسرے کنارے پر تھا ان کے بہت سے پڑوسیوں نے
تو انکی صورت بھی نہ دیکھی تھی۔ وہ آجکل جبر و مقابلہ پر ایک رسالہ تصنیف
کر رہے تھے جس کی فرمائش وزیر اعظم نے کی تھی۔ ان کے شاگردوں کے
ذمہ یہ کام تھا کہ وہ استاد کے بولے ہوئے حاشیوں کو لکھتے تھے۔ ضرورت
کے وقت دوسری قدیم کتب کی چھان بین کرتے۔ اس کے معاوضہ میں خواجہ
ان کو کھانا کھلاتے اور دوپہر کے بعد دو گھنٹہ ریاضی کا لیکچر دیتے۔

خواجہ کی سب سے بڑی تمنا یہ تھی کہ ان کی موت کے بعد علم ریاضی کا دنیا
سے خاتمہ نہ ہو جائے اس لئے وہ اپنے آٹھوں ناکارہ شاگردوں پر کافی
محنت کرتے۔ ان آٹھوں میں وہ عمر خیام کے مستقبل سے بہت مشتبہ تھے
جس کو یہاں آئے ہوئے صرف دو ماہ ہوئے تھے جبکہ دوسرے شاگرد
برسہا برس سے استاد کی خدمت کر رہے تھے۔

ریاضی کے مسائل میں خواجہ کو یونانی تحقیقات اور نظریات سے
شغف تھا اور قدیم مصری ریاضی کے وہ بہت مداح تھے۔ مصر والوں نے ہی
سب سے پہلے وہ حروف دریافت کئے جن سے شمار کیا جا سکتا ہے اسکے
علاوہ ان کے اندازے اور تخمینے اتنے صحیح ہوتے تھے کہ اہرام جیسی عمارتیں
بنا ڈالیں جن کو دیکھ کر موجودہ سائنس داں آج تک چکراتے ہیں۔

"یا خواجہ" ایک شاگرد نے پوچھا "سیاروں کی چال اور گردش معلوم

کرنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟ چاند کی گردش سے تو ہم کو مہینوں کا اندازہ ہوتا ہے لیکن دوسرے سیاروں کا مطالعہ ہمارے کس کام آسکتا ہے؟"

خواجہ نے متفکرانہ انداز سے سر کو جنبش دی وہ اس وقت سبز عمامہ باندھے ہوئے تھے جو انھوں نے سفر حج کے موقعہ پر مدینہ منورہ میں خریدا تھا انھوں نے اپنی صاف شفاف سفید داڑھی پر ہاتھ پھیرا اور کئی بار کلام صاحب کیا۔ انکو نجوم اور پیشینگوئیوں سے ذہنی بغض تھا اور وہ اسے قطعاً ناجائز سمجھتے تھے لیکن جب سے سلطان کو نجوم میں دلچسپی پیدا ہوگئی تھی وہ اس کے خلاف کچھ نہ کہتے تھے — ہاں ہیئت کے وہ اپنے وقت کے امام تھے ان کے زمانہ میں ان کی ٹکر کا ماہر فلکیات کوئی دوسرا نہیں تھا۔

"میں نے یہ بھی سنا ہے کہ یونانیوں کے نزدیک سیماب میں حرکت عطارد کے اثر سے ہوتی ہے" ایک دوسرا شاگرد بولا "اور سورج کا اثر سونے پر اور قمر کا چاندی پر ہوتا ہے"

خواجہ ابوالحسن کو شبہ تھا کہ انکی صحبت میں وزیراعظم کا کوئی جاسوس نہ ہو سب شاگردوں میں عمر خیام ہی نووارد تھا سب سے پہلے عمر انکے پاس اکیلا آیا تھا اور اس نے ریاضی کی تعلیم حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ اس نے بتایا تھا کہ وہ دنیا میں اکیلا ہی تھا اور اسکا کوئی والی وارث نہیں تھا۔ خواجہ کو اس پر رحم آگیا، اور اپنے شاگردوں میں اس کو شامل کرلیا۔ اس وقت ان کو اپنے شاگردوں پر غصہ آرہا تھا کہ وہ ایسے بے تکے سوالات کیوں کر رہے تھے جن کے جواب اگر وہ نفی میں دیتے تو عتاب سلطانی اور

اگر اثبات میں دیتے تو اپنے ضمیر کا خون۔

بہت دیر تک سوچ بچار کرنے کے بعد انھوں نے اپنے خشک لب تر کئے اور گلوگرفتہ آواز میں کہنا شروع کیا "خیام مآب علامہ ابوریحان البیرونی اپنے ایک رسالے میں نجوم کے متعلق فرماتے ہیں کہ ستارہ شناسی بھی ایک علم ہے اس علم سے آنے والے واقعات کی پیشینگوئیاں کی جاتی ہیں سیاست ملک، افراد اور بادشاہوں کی قسمتوں کا حال اس سے معلوم کیا جاتا ہے ـــــ اس لئے ستارہ شناسی کے ماہر وہ لوگ بھی ہو سکتے ہیں جو پیشینگوئیاں نہیں کرتے لیکن کوئی بھی پیشینگوئی بغیر علم ستارہ شناسی کے نہیں ہو سکتی۔"

شاگردوں نے پوری توجہ کے ساتھ استاد کا یہ گول مول جواب سنا جس شاگرد نے سوال کیا تھا وہ مدتوں سے اپنے استاد کی ایک پوشیدہ کتاب کے ایک نسخہ پر غور کر رہا تھا جو سونا بنانے کا تھا لیکن ابھی تک اسے کامیابی حاصل نہیں ہوئی تھی۔

"بطلیموس کی مجسطی میں لکھا ہے کہ آفتاب کا اثر سونے پر بدیہی اور عیاں بالذات ہے" اسی شاگرد نے ہچکچاتے ہوئے کہا "اسکی وجہ یہ ہے کہ آفتاب خود بھی قائم بالذات آتش ہے ـــــ اور آگ ہی وہ واحد ذریعہ ہے جس سے سونے کی خاصیت معلوم ہو سکتی ہے ـــــ اگر کسی طرح بھی آگ کے جوہر کا ارتکاز ہو جائے ـــــ"

"کسی بھٹی یا تنور میں" دوسرے شاگرد نے تصحیح کی۔

"لیکن توانائی بالفعل کے ساتھ" ایک پرانے شاگرد نے حکیمانہ لہجہ میں کہا

"یہ تو علم کائنات یا علم آفرینش ہوا" استاد نے جھنجھلا کر کہا "نجوم سے اس کا کیا تعلق؟ ارضی اور فلکی اجسام اس علم کے بحث ہیں اس کے باوجود بھی یہ علم اتنا قطعی نہیں ہے جتنا علم ریاضی۔ ہم اجسام اور اشیاء کی حقیقت کبھی نہیں جان سکتے۔ فوق الادراک چیزیں تو انسانی دائرہ علم میں آ ہی سکتیں صرف تحت الادراک چیزیں رہ جاتی ہیں، جن پر کچھ غور کیا جا سکتا ہے لیکن حقیقت ان کی بھی جانی نہیں جا سکتی۔ سب سے زیادہ کا بال اور بدیہی مادہ یا جسم ہے چاہے وہ سونے چاندی کا ہو یا انسانی اعضاء کا ــــ لیکن غور سے دیکھو کہ ہم مادہ کو کس حد تک جانتے ہیں اس کا جواب ہمیشہ نفی میں ملے گا ہم مادہ کی حقیقت نہیں بلکہ صرف خاصیت جانتے ہیں کہ وہ تحلیل ہوتے ہوتے ایسے چھوٹے اجزاء تک منتہی ہو جاتا ہے جو پھر تحلیل نہیں ہو سکتے۔ ان کو ہی اجزائے[1] دیمقراطیسی کہتے ہیں۔ ان اجزاء میں حرکت۔ وزن۔ کشش ہر چیز ہے لیکن یہ ان اجزاء کے خواص اور اعراض ہیں انکی اصل حقیقت نہیں اور نہ معلوم ہو سکتی ہے ــــ سونے کی مثال لے لو ہم دیکھتے ہیں کہ وہ ایک خاص مقدار رکھتا ہے ــــ اسکا رنگ سنہرا ہوتا ہے۔ گرمی سے پگھلتا ہے اور ٹھنڈ سے سکڑتا ہے لیکن یہ سب اس کے اوصاف ہوئے جن کو قدیم یونانی زبان میں عرض کہتے ہیں ان میں کوئی جوہر کچھ

---

[1] ایٹم بم کی تھیوری کا دارومدار انہیں اجزائے دیمقراطیسی پر ہے ــــ ان اجزاء کو اجزائے لایتجزیٰ بھی کہتے ہیں۔

قایم بالذات نہیں حالانکہ سونا خود قائم بالذات ہے اس لئے ہم کو سونے کی حقیقت کچھ بھی نہیں معلوم ـــــ ہم تو صرف اتنا جانتے ہیں کہ خدا نے جہاں زمین۔ آسمان۔ چاند۔ سورج اور دوسری چیزوں کی تخلیق کی وہاں سونا۔ چاندی اور دوسری دھاتوں کو بھی بنا دیا جو زمین کے اندر کانوں میں موجود ہیں ـــــ یہی ہمارا ایمان ہے کہ ایک لفظ "کُن" سے سارے عالم کی تخلیق ہو گئی"

"اس کا تو مطلب یہ ہوا کہ ہم سب جاہل ہیں اور پڑھنے لکھنے کے بعد بھی ہمیں کچھ نہیں معلوم" ایک شاگرد نے کہا۔

"بیشک ـــــ علم سے صرف وہ باتیں معلوم ہو جاتی ہیں جن کی ہم کو ضرورت پڑتی ہے ـــــ لیکن آگے بڑھنے کے بعد پھر وہی لاعلمی۔ ایک راز کھلتا ہے تو ستر راز سامنے آجاتے ہیں ایک گرہ کھلتی ہے تو سینکڑوں الجھنیں بڑھ جاتی ہیں ـــــ جو شخص سب سے زیادہ آگے بڑھا وہ اتنا ہی بڑا جاہل ہو گیا ـــــ مثال کے طور پر ہم جانتے ہیں کہ ہر چیز ہمیں اوپر سے گرتی ہے زمین پر آتی ہے اسکی علت تجاذب اجسام ہے لیکن تجاذب اجسام کی علت کیا ہے یہ نہیں معلوم۔ یہ مسئلہ ہزارہا برس سے ابھی تک لاینحل ہے سقراط نے تمام عمر کی تحقیقات کے بعد یہی کہا "معلوم شد کہ ہیچ معلوم نہ شد" علم اور جہالت میں بال برابر کا فرق ہے سقراط سے لوگوں نے کہا کہ جب تم کچھ نہیں جانتے اور ہم بھی کچھ نہیں جانتے تو ہم میں اور تم میں کیا فرق ہے اس نے کہا کہ بہت بڑا فرق ہے اور وہ یہ ہے کہ میں جانتا ہوں کہ میں

نہیں جانتا اور تم یہ بھی نہیں جانتے کہ تم نہیں جانتے ۔ ہر شخص اس لاعلمی کے رتبہ کو نہیں پہونچ سکتا۔ ہر قسم کی تحقیقات ۔ انکشافات اور جدید اصلاحات کا سرچشمہ یہی لاعلمی کا فلسفہ ہے جو ہمیں ہر ہر قدم پہ آگے بڑھاتا ہے ۔ ہم جس قدر جانتے اتنا ہی آگے بڑھتے رہتے ہیں ؎

تو بے خبری بے خبری کار تو نیست ہر بے خبری را نرسد بے خبری

خواجہ ابوالحسن نے اپنی تقریر کو ختم کر کے کنکھیوں سے عمر کی طرف دیکھا جو ان کی باتوں کو پوری دلچسپی سے سن رہا تھا ان کے ہاتھ میں پنسل اور کاغذ تھا ۔ خواجہ کے تمام شاگردوں میں صرف عمر کی ہی یہ عادت تھی کہ وہ ان کی تقریر کے نوٹ لیتا جاتا تھا لیکن آج کی تقریر ایسی نہیں تھی جس کے نوٹ لینے کے بعد خواجہ صبر کر لیتے ان کو خطرہ تھا کہ کہیں وہ پرچہ نظام الملک کے سامنے پیش نہ کر دیا جائے جب عمر نے وہ پرچہ توڑ مروڑ کر اپنی جیب میں رکھ لیا تو بوڑھے ابوالحسن بجلی کی سی سرعت کے ساتھ اٹھے اور انہوں نے جھپٹ کر عمر کی جیب سے وہ پرچہ نکال لیا اس پرچہ پر صرف دو مکعبوں کی اشکال بنی ہوئی تھیں ۔ ان دونوں مکعبوں کو بہت آڑے ترچھے خطوط کاٹ رہے تھے اور ان پر جگہ جگہ حروف تہجی لکھے ہوئے تھے ۔

"یہ کیا چیز ہے خواجہ نے اپنی ذہانت کو چھپانے کی غرض سے قدرے تیز لہجہ میں پوچھا ۔

"سلہ جذر المکعب" عمر نے فوراً جواب دیا

سلہ Cube Root

خواجہ ابوالحسن کو فوراً یاد آگیا کہ جذرالمکعب کی یہ دشوار ترین مساوات انھوں نے گذشتہ ہفتہ خیمہ دوز کے لڑکے کو حل کرنے کے لئے دی تھی۔

"تمہیں کہاں تک کامیابی ہوئی؟"

"یہ پوری حل ہو چکی ہے جناب" عمر نے جواب دیا۔

خواجہ ابوالحسن کو اس بات کا یقین نہیں آیا وہ جانتے تھے یونانی حکما تک اس مسئلہ کو حل کرنے سے قاصر رہے تھے اور وہ صرف اس کا تجزیہ کر پائے تھے۔

انھوں نے وہ کاغذ بے صبری کے ساتھ دوبارہ عمر سے لے لیا دوسرے طالب علموں کو چھٹی دے کر انھوں نے عمر کو ساتھ لیا اور اپنے حجرہ میں آگئے جب دونوں اطمینان کے ساتھ بیٹھ گئے تو خواجہ اس مساوات کو دیکھنے لگے

"اس کو سمجھنے میں میری عقل نے تو جواب دیدیا" انھوں نے کہا "مجھے تو صرف یہ نظر آرہا ہے کہ تم نے مکعبوں کو انتہائی چھوٹے زاویوں میں تقسیم کر دیا ہے اور تم بھی یونانیوں کے تجزیے تک پہونچ گئے ہو۔"

"لیکن یونانی اس نتیجہ تک کیسے پہونچے تھے؟"

"ابھی تک یہ مجھے خود نہیں معلوم۔"

خواجہ سوچنے لگے انھوں نے عمر کو مساوات کا جواب نہیں بتایا تھا۔ اس کے علاوہ جس کاغذ میں یہ مسئلہ اور یونانیوں کا تجزیہ تحریر تھا وہ احتیاط کے ساتھ ان کے قرآن شریف کے جزدان میں رکھا ہوا تھا اور یہ قرآن شریف مقفل الماری میں رکھا ہوا تھا کئی برس سے انھوں نے قرآن شریف کو

نکالا بھی نہیں تھا کیونکہ وہ خود ایک اچھے حافظ تھے۔ دوسرے شاگردوں کو ان کی غیر موجودگی میں حجرہ کے اندر آنے کی اجازت نہیں تھی جب بھی وہ کمرہ درس میں جاتے تو حجرہ کا دروازہ ہمیشہ مقفل کر دیتے اس لئے یہ تو ظاہر تھا کہ عمر نے اس مساوات کو صرف اپنی استعداد سے حل کیا تھا اور اسنے "پرچہ دیکھا تک نہیں تھا جس میں یونانیوں کا تجزیہ لکھا ہوا تھا۔

"تم نے ان مربعات[1] جامد کے ابعاد[2] سے جذر المکعب کے مسئلہ کو حل کیا ہے" خواجہ نے کہا "لیکن ان کا نتیجہ کیا برآمد ہوا؟"

"جواب اسی میں موجود ہے آپ خود ملاحظہ فرمائیے" عمر نے پرچہ پر جھکتے ہوئے کہا "یہ دیکھئے اس قطعہ[3] کو گھٹائیے اور اس کو اور اسکو جوڑئیے۔"

"میں ازدھا نہیں ہوں" خواجہ نے کہا "لیکن کعبہ کی قسم یہ الجبرا نہیں ہے۔۔۔ یہ تو علم ہندسہ ہے اس ملعون حکیم اقلیدس کی ایجاد۔۔۔"

"بہرحال مساوات تو حل ہو گئی" عمر نے کہا "یہ ضرور کہ الجبرے سے حل نہیں ہو سکی"

خواجہ ابوالمحسن مسکرانے لگے "کیا یہ الجبرائی[4] مساوات نہیں ہے؟"

---

1. Solid Squares
2. Dimension
3. Sagment
4. Algbric Equation

"ہے اور بے شک ہے لیکن اس سے بھی تو الجبرائی اشکال کی ترتیب دی جا سکتی ہے۔ یہ دیکھئے اس طرح" عمر نے اس کاغذ پر مختلف اشکال بنانا شروع کر دیں۔ ان اشکال کو دیکھ کر خواجہ ابوالحسن کو یقین ہو گیا تھا کہ ان کے لائق شاگرد نے الجبرے کا دشوار ترین مسئلہ حل کر لیا تھا اب وہ بہ آسانی اس کو اپنے رسالہ میں شامل کر سکتے تھے۔

خواجہ ابوالحسن کے سارے جسم میں اطمینان کی ایک لہر سی دوڑ گئی خود الجبرے کے موجد کو بھی اتنی محبت نہیں ہوئی تھی جو وہ اپنی کتاب میں اس مسئلہ کو باندھ لگاتا۔ خواجہ کا سینہ فخر سے پھول گیا اب وہ بغداد کی درسگاہ میں سینہ سپر ہو سکتا تھا۔

"کیا تم نے دوسرے مسائل بھی اس طریقہ سے حل کئے ہیں؟" عمر ہچکچانے لگا "جی ہاں ۔ اکثر ۔" اس نے جواب دیا۔

"اور کامیابی ہوئی ہے؟"

"عام طور پر ۔۔۔ لیکن ہمیشہ نہیں"

"کیا میں وہ مسائل بھی دیکھ سکتا ہوں مع استدلال؟" تعجب قریب کہ اپنی عادت کے خلاف خواجہ ابوالحسن نے یہ سوال انتہائی نرم لہجہ میں پوچھا تھا۔

ایک لمحہ تک عمر خاموش رہا۔ "یا خواجہ میں نے آپ کا نمک کھایا ہے" آخر کار اس نے کہا "میں نے آپ کی جوتیاں سیدھی کر کے بہت کچھ حاصل کیا ہے ۔۔۔ آپ نے جو کام بھی مجھے کرنے کہا، میں نے کیا اور آپکو

دکھا دیا لیکن یہ دوسرے مسائل میرے اپنے ہیں اور ـــــ اور میں ان کو ہر قیمت پر اپنے ہی تک رکھونگا ـــــ میری اس جسارت کو معاف فرمائیگا ـــــ"

خواجہ ابوالحسن کی داڑھی کا ایک ایک بال کھڑا ہو گیا اور ان کی آنکھوں سے چنگاریاں سی نکلنے لگیں "اپنے تک رکھوگے؟" ان کے لہجہ میں غصہ اور حیرت کے ملے جلے جذبات تھے۔ وہ دریچہ سے اپنے صحن میں لگے ہوئے خشک شاہ درختوں کو دیکھنے لگے۔ خواجہ ابوالحسن ابھی تک ناامید نہیں ہوئے تھے حالانکہ عمر نے بہت کچھ صاف اور واضح الفاظ میں کہدیا تھا

"میرا سامان ایسی الماری میں رہتا ہے جس میں ہر وقت تالا پڑا رہتا ہے" خواجہ نے کہا "پھر تمہیں کیا خوف ہے؟"

"لیکن میں اپنی کوٹھری کے دروازے میں تالا کبھی نہیں ڈالتا۔ میرے سارے کاغذات پوری کوٹھری میں بکھرے رہتے ہیں مجھے معلوم ہے کہ میرے سارے کاغذات دوسرے لوگوں کے لئے بیکار ہیں۔

عمر کو رخصت کرنے کے بعد خواجہ ابوالحسن شام تک ان معمات کے حل پر جھکے ہوئے غور کرتے رہے وہ اس طرح غیر میں ڈوبے ہوئے تھے کہ آج سہ پہر کا پیکچر بھی ناغہ کر دیا۔ وہ ایک دوسرے مسئلہ کو بھی نئے طریقہ سے حل کرنا چاہتے تھے لیکن کامیابی نہ ہوئی۔ انھوں نے آج تک اقلیدس کی مدد سے جبر و مقابلہ کے مسائل کو حل کرنے کے متعلق نہیں سوچا تھا

"ابو علی سینا بھی یہ نہ کر سکے" وہ سوچنے لگے ان پر اس وقت جھلاہٹ طاری تھی "لیکن یہ ٹانگ برابر چھوکرا ـــــ" خواجہ نے جھنجھلا کر کاغذ اور

چغل کو پھینک دیا اور گہرے تفکر میں غرق ہو گئے۔ جب خواجہ نے اپنی گھڑی پر نظر ڈالی تو مغرب کی نماز کا وقت گذرتا ہوا معلوم ہوا ان کی زندگی میں پہلی بار آج ایسا ہوا تھا جو ان کے معمولات میں فرق آیا ہو انھوں نے اٹھ کر جلدی جلدی وضو کیا اور نماز میں مشغول ہو گئے۔

وہ پورا ایک ہفتہ خواجہ ابوالحسن نے عمر خیام کی پراسرار شخصیت کے بارے میں سوچ کر گذارا۔

ساتواں باب

پیشینگوئیوں کی بازگشت

شام کے وقت خواجہ ابوالحسن الانباری کے دروازے پر ایک گاڑی آکر رکی۔ اس گاڑی کے پیچھے غلاموں اور سپاہیوں کی کافی بڑی تعداد تھی۔ ایک غلام نے آگے بڑھ کر خواجہ کے دروازے پر آواز دی "خواجہ سے ملاقات کیلئے ملک طغرل خاں تکش تشریف لائے ہیں ـــ خواجہ کے غلاموں نے بڑھ کر پھاٹک کھول دیا۔

تکش کا موٹا تازہ جسم سلکی لبادے سے ڈھکا ہوا تھا اس کے سر پر نیلے رنگ کی ایک بھاری پگڑی بندھی ہوئی تھی اور وہ شاہانہ وقار کے ساتھ قدم اٹھاتا ہوا خواجہ کے حجرے کی طرف بڑھ رہا تھا۔ خواجہ ابوالحسن بھی اسکی پیشوائی کے لئے اپنے حجرہ سے باہر نکل آئے۔ تکش نے ان کو دیکھتے ہی اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھ ان کی طرف بڑھائے اور تیزی سے انکی طرف بڑھا

خواجہ ابوالحسن نے اپنے مہمان کو احترام کے ساتھ لے جاکر قالین پر بٹھایا اور فواکہات اس کے سامنے پیش کئے گئے خواجہ کو اپنے مہمان سے زیادہ واقفیت نہیں تھی بس وہ اتنا ہی جانتے تھے کہ وہ سلجوقی دارالسلطنت کا شحنہ تھا اور وزیر اعظم خواجہ کا بھی محسن اور مربی تھا۔

بہت دیر تک خواجہ کی زیرِ تصنیف کتاب کے متعلق گفتگو ہوتی رہی۔ اس کے بعد یکایک تکش نے فارغ التحصیل طالب علم عمر خیام سے ملنے کی خواہش کی اس وقت خواجہ کے بھی کان کھڑے ہوئے۔ اتفاق سے عمر بھی دو طالب علموں کے ساتھ اس وقت ادھر ہی آ رہا تھا۔ وہ حجرہ میں آکر ان کے ایک گوشہ پر بیٹھ گیا۔ خواجہ نے عمر کا تعارف تکش سے کرایا۔

"گذشتہ ماہ جب رومی شہنشاہ نے ہم پر ایک بھاری جمعیت کے ساتھ حملہ کیا تھا تو ایک شخص نے ہماری فتح کی پیشینگوئی کی تھی ـــ خدا کا شکر ہے کہ قیصر کو ایسا سبق ملا کہ وہ اسی غم میں مر گیا۔" تکش نے کہا۔

"ہاں یہ تو میں نے بھی سنا تھا۔" خواجہ نے کہا۔

"اور تعجب تو یہ ہے کہ" تکش نے عمر کی طرف دزدیدہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا "قیصر روم کو ہمارے ولی نعمت نے معاف بھی کر دیا تھا لیکن اس کے باوجود وہ مر گیا ـــ اس پیشینگوئی کا دوسرا حصہ بھی پورا ہو گیا" وہ پھر عمر کو دیکھنے لگا۔

عمر نے دبار سے کھسک جانا ہی مناسب سمجھا اس کے جانے کے بعد بہت دیر تک تکش خاموش بیٹھا ہوا سوچتا رہا۔

"کیا آپ کو پیشینگوئیوں اور نجوم پر اعتقاد ہے؟" تکش نے خواجہ سے پوچھا "کیا یہ ممکن ہے کہ آنے والے واقعات پر پہلے سے جو کچھ کہا جائے وہ حرف بحرف پورا ہو جائے؟"

اس سوال کا جواب خواجہ کے لئے دینا آسان نہیں تھا انکو معلوم تھا

کرتکش وزیر اعظم کا منہ چڑھا اور خاص آدمی تھا۔

"جہاں تک میرے ایمان کا تعلق ہے خدا کی قدرت سے کچھ بھی بعید نہیں ہے" خواجہ نے چبا چبا کر کہا "اور میرا عقیدہ اگر آپ دریافت کرتے ہیں تو میری ناقص معلومات تو صرف ریاضی کی کتابوں تک ہی محدود ہے"

"فرض کیجئے کوئی شخص بیک وقت تین باتوں کی پیشگوئی کرتا ہے ـــــ دو باتیں حرف بحرف پوری ہوتی ہیں کیا تیسری بات کے پورے ہونے کا بھی امکان ہو سکتا ہے؟"

"ہو سکتا ہے محض حسن اتفاق سے دونوں باتیں پوری ہو گئی ہوں" خواجہ نے کہا "اس کے علاوہ کون ایسا بیوقوف نجومی ہوگا جو بیک وقت تین تین باتوں کی پیشگوئیاں کرے؟"

"آپ کے شاگردوں میں ہی وہ موجود ہے ـــــ وہی طالب علم جس سے میں نے ابھی گفتگو کی تھی"

"کون؟ عمر خیام! خواجہ کی داڑھی حیرت سے تھرتھر کانپنے لگی" یہ آخری چیز تھی جس کو پورا کرنے کی مجھے اس سے توقع تھی!"

"یہ کیا کرتا ہے؟"

"وہ مساوات کے مسائل اس آسانی سے حل کر لیتا ہے جیسے آپ ملازموں کو گرفتار کرتے ہیں ـــــ وہ میری تمام کتابوں کو اپنی فرصت کے اوقات میں پڑھتا ہے ـــــ نمک کے میدان کے کنارے کنارے گھنٹوں اکیلا گھومتا ہے ـــــ انار کھانے اور چوسر کھیلنے کا شوقین ہے ـــــ وہ ریاضی کے مسائل

خود اپنے بھی اختراع کرتا رہتا ہے اور ان کو ایک صندوق میں چھپا کر رکھتا ہے
"لیکن یہ نمک کے میدان میں کیوں گھومتا ہے؟ کیا آپ کے ویرانہ
کی کسی حسین دوشیزہ کے چکر میں تو نہیں پھنس گیا ہے۔؟" تکش نے پوچھا۔
"یہاں چند بوڑھی اور بدشکل دھوبنوں کے علاوہ کوئی عورت ہی
نہیں ہے۔"

تکش نے برا سا منہ بنایا اور اپنی عبا کے بند کر سلنے لگا "یہ تو عجیب
اور پراسرار طالب علم ہے۔ شاید مخفی باتوں کو معلوم کرنے کیلئے خدا نے
اس کو مخصوص قوت دی ہے یا ممکن ہے کہ کسی شیطان کی روح اس میں
حلول کر گئی ہو ـــــ اچھا اب میں آپ کے سپرد ایک معمولی کام کرتا ہوں
آپ اس کے کردار اور خصوصیات کا گہرا مطالعہ کریں اور ان باتوں کی رپورٹ
مرتب کر کے اسی کے ہاتھ میرے پاس نیشاپور بھیج دیں ـــــ اگلے ماہ کی پہلی
تاریخ جمعہ کو ہوگی میں اس کو نیشاپور کی جامع مسجد کے ترکمان دروازہ پر
ملوں گا ـــــ اچھا اب مجھے اجازت دیجئے" تکش نے اٹھتے ہوئے کہا
"مجھے شرمندگی ہے کہ میں نے آپ کو تکلیف دی لیکن یہ کام بھی اعلیٰ حضرت
نظام الملک کا ہے"

تکش کے جانے کے بعد خواجہ ابوالحسن بہت دیر تک سوچ بچار کرتے
رہے ان کو تعجب تھا کہ عمر کی سراغرسانی کے لئے انکو مامور کیا گیا تھا جسکے
متعلق انہیں شبہ تھا کہ وہ شاہی جاسوس ہے ان کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ
عمر کے بارے میں اتنی دلچسپی کیوں لی جارہی تھی اور اسکو نیشاپور میں کیوں

طلب کیا گیا تھا ان تمام باتوں سے خواجہ ابوالحسن کی بدگمانی بڑھتی جارہی تھی

ایک ماہ متواتر کوشش کرنے کے بعد بھی وہ عمر کے متعلق کوئی نئی بات معلوم نہ کر سکے اب خواجہ کو اچھی طرح یقین ہو گیا تھا کہ عمر یقیناً شاہی جاسوس تھا اور عمر پر جو انکو سراغرسانی کے لئے مامور کیا گیا تھا اس میں بھی کوئی گہری سیاسی چال پوشیدہ تھی۔

آج شام کو جب عمر نے اپنا کام پیش کیا تو انھوں نے اس سے دقبال کرانے کی کوشش بھی کی۔

"تم نظام الملک کے پاس واپس کب جاؤ گے؟" خواجہ نے پوچھا۔

"واپس!۔۔۔ وزیراعظم ہونے کے بعد سے تو میں نے انکو دیکھا بھی نہیں ہے"

"تو پھر خدا کے لئے یہ بتاؤ کہ تم یہاں پر کیوں ہو؟"

"میں یہاں پڑھنے آیا تھا" عمر نے جواب دیا "اپنے باپ کی موت کے بعد میں نے اپنے دوست رحیم کے یہاں رہنا شروع کر دیا تھا لیکن رحیم کی موت کے بعد اس کے گھر والوں نے ہی آنکھیں پھیر لیں ۔۔۔ ان لوگوں نے رحیم کی لونڈی ازابیلا کو بازار میں فروخت کر دیا اور مجھے گھر سے نکال دیا۔

"وہاں سے نکلنے کے بعد مجھے ایسی جگہ کی تلاش ہوئی جہاں رہ کر میں اپنی بقیہ تعلیم کو پورا کر سکوں اور اپنی تحقیقات کو بھی جاری رکھ سکوں۔"

"اور وہ تحقیقات کیا تھیں" خواجہ نے پوچھا "آخر تم نے یہاں رہکر

کون کون سے کام انجام دیے ؟"

"جبر و مقابلہ کے بہت سے قدیم مسائل حل کیے اور کئی رسالے اپنے تصنیف کیے۔"

"خوب!" خواجہ نے تمسخر آمیز لہجہ میں کہا "کس کس مضمون پر رسالے تصنیف کیے ؟"

"صرف ریاضی، اقلیدس اور جبر و مقابلہ پر"

"ماشاء اللہ! اور ان کے نام کیا کیا ہیں ؟"

"پہلے رسالہ کا نام تو رسالہ استخراج اضلاع مربعات و مکعبات ہے دوسرا رسالہ جبر و مقابلہ پر ہے اس کا نام "فی براہین الجبر و مقابلہ" ہے تیسرا رسالہ اقلیدس پر "رسالۃ فی شرح ما اشکل من مصادرات کتاب اقلیدس" ابھی مکمل نہیں ہوا ہے۔"

"اور کیا کیا ؟" خواجہ کے لہجہ میں اب شفقت اور نرمی تھی۔

"میں نے یہ غور کیا کہ اس مختصر سی دنیا میں علم کس طرح آیا اور علم کے لانے والے کون لوگ تھے ـــــ سب سے بہتر علم تو ہمیں ان پیغمبروں سے ملا جن پر وحی نازل ہوتی تھی یہ پیغمبر زیادہ تر امی تھے لیکن معرفت الٰہی کے ساتھ اس دنیا سے بھی باخبر تھے جو ہماری نظروں سے پوشیدہ ہے۔ علم کے سب سے بڑے علم بردار تو یہی پیغمبر تھے ان کے بعد علماء، محققین اور فلسفیوں کا درجہ ہے یہ لوگ پیغمبروں کی تعلیم کی مفسر تھے ان حکماء اور فلسفیوں میں ارسطو اور افلاطون کا درجہ بہت بلند ہے اور ان کا میں نے بغور مطالعہ بھی کیا ہے

ان کے بعد میرے استاد ابوعلی سینا کا درجہ ہے جنھوں نے اپنے علم و فضل کے آفتاب سے جہالت اور کم علمی کے سینکڑوں سمندر خشک کر دیئے۔

"ان حکماء اور فلسفیوں کے بعد شاعر آتے ہیں۔ شاعروں کا شعور انتہائی خطرناک ہوتا ہے کیونکہ ان کے کلام کی بنیاد محض تصورات پر ہوتی ہے وہ تل کو پہاڑ اور پہاڑ کو رائی بنا سکتے ہیں ان کی نظریں ساتوں آسمانوں تک پار ہو جاتی ہیں اور پستی میں وہ تحت الثریٰ تک کی خبر لاتے ہیں۔"

"لیکن تم نے اس فہرست میں ریاضی داں کا نام تو لیا ہی نہیں" خواجہ نے کہا "صرف ریاضی داں ہی ایسی شخصیت ہے جو مشاہدہ پذیر حقیقت کی تکمیل کر سکتی ہے ـــ ریاضی ایک ایسا پل ہے جس کے ذریعہ ہم لاعلمی کی سرزمین سے علم و دانش کی مملکت میں پہونچتے ہیں ـــ اور جہاں تک جبر و مقابلہ کا سوال ہے یہ ریاضی کی سب سے اہم اور بڑی شاخ ہے ـــ خدا تمہاری عمر میں برکت دے مجھے آج تک تمہارے علم کے متعلق صحیح معلوم نہ ہو سکا تھا ـــ مجھے امید ہے کہ تم اپنی بیش بہا صلاحیتوں کو الجبرائی مساوات کے حل میں صرف کرو گے اور ان پر نئی نئی تنقیدات اور تشریحات کرو گے" خواجہ کی آواز میں رقت تھی۔

عمر اپنے بوڑھے استاد کی طرف احترام آمیز نظروں سے دیکھنے لگا "کچھ مسائل اور بھی ہیں اگر ان کو ہم حل کر لیں تو ـــ مثلاً سیاروں کی چال کا اگر صحیح اندازہ لگایا جا سکے تو ـــ"

"میرے! لیکن یہ تو نجوم ہے اس کا ریاضی سے کیا تعلق؟"

"میرا اشارہ نجوم کی طرف ہی تھا"

"تمہارے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جبر و مقابلہ کے مسائل نجوم کے مسائل کے مانند ہیں استغفر اللہ!" خواجہ نے غصہ سے کہا "مجھے یہ سن کر بہت افسوس ہوا" "لیکن کچھ نہ کچھ حقیقت تو ہر علم میں ہو سکتی ہے اگر اس کو حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔"

خواجہ ابوالحسن نے ٹھنڈی سانس بھری "میرے بچے جوانی میں سب ہی اس قسم کے خیالی پلاؤ پکاتے ہیں۔ تم تو پیشگوئیاں کرتے ہو لیکن میری اس پیشگوئی کو بھی ہمیشہ یاد رکھنا کہ نجومی ہمیشہ خانماں برباد رہتا ہے اور ہمیشہ در بدر کی ٹھوکریں کھاتا پھرتا ہے" ان کی داڑھی مضحکہ خیز انداز سے ہل رہی تھی پھر خود ہی اپنے الفاظ کی سختی کو محسوس کر کے انھوں نے قدرے ندامت سے کہا "بہرحال ہر شخص کی زندگی کا کوئی نصب العین ہوتا ہے۔ میری دعا ہے کہ تم زندگی میں ہمیشہ کامراں اور بامراد رہو۔ میری تمنا تھی کہ تم صرف ریاضی میں ہی کمال حاصل کرتے۔ جو خدا کو منظور ہے ہوتا وہی ہے۔ کل تمہیں میرا خط لیکر نیشاپور جانا ہے اور ممکن ہے کہ تمہاری سرپرستی کے لئے کوئی بڑا آدمی مل جائے۔ خدا تمہارے سفر کو خوشگوار بنائے اور تم بخیریت تمام منزل مقصود تک پہونچو۔"

عمر جب وہاں سے اٹھا تو بہت افسردہ اور مضمحل تھا اس کو یہی خیال تھا کہ استاد خفا ہو کر اس کو نکال رہے تھے اس نے محسوس کیا کہ یہ دوسرا دروازہ تھا جو اس پر بند ہوا۔ پہلے رحیم کے یہاں سے نکالا گیا اور اب خواجہ ابوالحسن کے یہاں سے۔

عمر کے جانے کے بعد خواجہ ابوالحسن نے سفید رنگ کا ایک قیمتی کاغذ نکالا اور اس پر لکھنا شروع کیا۔

"عالی قدر والا منزلت ملک الفغاج خاں تکش السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے اپنے شاگرد عمر خیام کے متعلق جو معلومات حاصل کیں ہیں ان کا لب لباب یہ ہے کہ وہ اپنی استعداد علمی میں اس وقت مفتی اعظم بغداد کا ہمسر ہے۔ اس کے پاس ایک خداداد نعمت یہ ہے کہ وہ ہر دشوار ترین مسئلہ کو دم بھر میں حل کر لیتا ہے۔ کیوں اور کس طرح یہ مجھے نہیں معلوم ـــــ یہ کہنا دشوار ہے کہ وہ اپنی اس خصوصیت کا استعمال کس طرح کرے گا کیونکہ وہ ابھی تک خورد فکر کا غلام ہے ویسے ہر طرح آزاد ہے

میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ میرے یہاں سے اس نے جتنا بھی علم حاصل کیا ہے نیک کاموں میں صرف ہو اور اپنی سرپرستوں کی ہمدردیاں حاصل کرے۔

کاش کہ اسلام میں ایسے جونہار فرزند ہمیشہ پیدا ہوں فقط

آپکا مخلص ابوالحسن الابزری عفی عنہ

جب روشنائی خشک ہو گئی انھوں نے خط کو ایک لفافہ میں بند کیا اور پھر لفافہ پر مہر لگا کر سردار تکش کا نام لکھ کر ترکان دروازہ نیشاپور کا پتہ لکھ دیا۔

آٹھواں باب

نگرانی

تمراس وقت جامع مسجد سے ملی ہوئی صرافوں والی گلی میں ایک دکان پر بیٹھا تھا اس کے ہاتھ میں ایک آہنی سیخ تھی جس پر سے چھٹا چھٹا کردہ گرما گرم کباب کھا رہا تھا۔ وہ اس وقت بہت زیادہ بھوکا تھا کیونکہ خواجہ ابوالحسن کے یہاں سے صبح تڑکے ہی چل دیا تھا اور راستہ میں بغیر کسی جگہ قیام کئے ہوئے جب وہ نیشاپور میں داخل ہوا تو دوپہر ڈھلنے والی تھی۔ زیادہ تر راستہ اس نے ایک خچر پر سوار ہو کر کاٹا تھا یہ خچر والے نمک کے میدان سے اپنے خچروں پر نمک بار کر کے نیشاپور لا رہے تھے خچر والوں سے باتیں کرتے ہوئے اور انکے گیت سنتے ہوئے اسکا راستہ اچھا کٹ گیا تھا لیکن کھانے کو صبح سے کچھ نہ ملا تھا۔

جس دوکان پر وہ بیٹھا ہوا تھا وہ گلی کے نکڑ پر ہی تھی اور یہ جگہ ترکمان دروازہ سے بھی بالکل ملی ہوئی تھی وہ اس دوکان پر بیٹھ کر نیشاپور آتے ہوئے ہر مسافر کو دیکھ سکتا تھا۔ دو لڑکے بھاگتی ہوئی بھیڑوں کا پیچھا کر رہے تھے اور چوں چوں کرتی ہوئی کمہاروں کی مٹی سے لدی ہوئی ایک گاڑی ترکمان دروازہ کی طرف آ رہی تھی — دروازہ سے ایک مختصر سا سانڈنی سواروں کا قافلہ گذر رہا تھا۔ سانڈنیوں کے گلوں میں بندھی ہوئی گھنٹیوں کی آواز کی ہم آہنگی

ایک عجیب قسم کا شور سا بپا کر رکھا تھا۔

"یہ سب سمرقندی بنجارے ہیں" کبابی نے کہا "آجکل تو ان لوگوں کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے"

"ان قافلوں پر یہ کیا لاتے ہیں" عمر نے پوچھا۔

"ہاتھی دانت۔ باقر کا بنا ہوا ریشمی کپڑا۔ مشک کے نافے۔ کچا عنبر۔ شیشے کا سامان۔ کانسی کے برتن۔ ریوند چینی ـــ اور کون سی ایسی چیز ہے جو یہ نہ لاتے ہوں پر سا علم تو خدا کو ہی ہے"

"سوائے دیسے کبابوں کے" عمر نے مسکراتے ہوئے خالی سیخ اور پانچ درم اسکو دیدیئے۔ اس طنز کو غریب کبابی کیا سمجھتا۔

"ماشاء اللہ ـــ خدا کا شکر ہے کہ ہماری بھیڑیں کافی تیار ہیں ورنہ ایسے کباب تیار نہیں ہو سکتے تھے" کبابی پانچ درہم ملنے سے بہت خوش معلوم ہوتا تھا کیونکہ عمر نے صرف تین کباب کھائے جو صرف تین درم کے تھے کبابی نے ایک سیاہ فام لڑکے کو آواز دی جو اس وقت سامنے والی پھلوں کی دوکان پر بیٹھا ہوا ایک داستان گو کی دلچسپ داستان سننے میں منہمک تھا ایک پیتل کی صراحی اس کے قریب رکھی ہوئی تھی "او یزید کی اولاد ـــ کاہل کمبخت دیکھ نہیں رہا ہے کہ ایک معزز مہمان کو پیاس لگی ہے ـــ فوراً پانی لا"

اس لڑکے نے جلدی سے آکر ایک کانسی کا گلاس اپنی جیب سے نکالا اور صراحی سے پانی انڈیل کر عمر کے سامنے پیش کیا۔ اس کو پی کر عمر نے دوسرا گلاس لیا اور آدھا پی کر باقی آدھے پانی سے کلی کی ہاتھ دھوئے

اور پھر اس توئے سے منہ پونچھنے لگا جو اسی لڑکے نے دیا تھا۔

عمر نے ایک چھوٹا سا سکہ لڑکے کے ہاتھ پر رکھ دیا۔

"او کمبخت۔ ایک پیاسے مسافر کی پیاس بھی بغیر پیسے کے نہیں بجھا سکتا" کبابی نے ہونٹ سکوڑ کر کہا۔

"اور بھوکے مسافر کی بھوک کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے" عمر نے مسکراتے ہوئے پوچھا۔

"اوہ۔ مجھے کوئی ایسا آدمی بتا دیجئے جو اللہ کے نام پر روزانہ ایک بھیڑ مفت دیجایا کرے ـــــ اور کباب سینکنے کے لئے کوئلے اور ایک ایسا لڑکا جو مفت پنکھا ہلایا کرے۔ اس وقت میں بغیر کسی دشواری کے مسافروں کو مفت کباب کھلا دیا کروں گا" کبابی نے شالوں کو جنبش دیکر کہا اور عمر کو دیکھنے لگا جو اس وقت اونٹ کے بالوں کی ایک معمولی اور اکہری عبا پہنے ہوا تھا اور ایک چھوٹی سی گٹھری اس کی بغل میں تھی "آپ کیا مشہد مقدس کی زیارت کو جا رہے ہیں" کبابی نے خود بخود اندازہ لگا کر پوچھا۔

"مجھے کچھ نہیں معلوم کہ کہاں جا رہا ہوں" عمر نے کھوئے ہوئے لہجہ میں کہا

وہ اب کبابی کی دوکان سے اٹھ کر مسجد کے دروازے پر جانا چاہتا تھا آج جمعہ کا دن تھا لوگ جوق در جوق نماز کے لئے مسجد میں آ رہے تھے اسوقت گلی سے گرمی کی تپش بھی کم ہو چکی تھی اور نیم برہنہ لڑکے چھوٹی چھوٹی شکیزوں سے گلی میں چھڑکاؤ کر رہے تھے اندھے داستان گو کی آواز بھی لوگوں کے چہل پہل میں دب گئی تھی اس نے مسجد میں جا کر نماز پڑھی اور پھر وہاں سے

ترکمان دروازہ کے برابر والی ایک دوکان میں آکر بیٹھ گیا۔

اب شام ہو چلی تھی اور کئی مسلح ترک ترکمان دروازہ کو بند کر کے اس پر پہرہ دینے کے لئے آ گئے تھے۔ دوکاندار اپنی اپنی دوکانوں پر قمقمیں روشن کرنے لگے عمر وہاں سے اٹھ کر سڑک پر آ گیا اور پھر مسجد کی طرف روانہ ہو گیا۔

"اوہ۔ عمر خیام! آ گئے تم"

بولنے والا وہی موٹا تازہ کوتوال تکش تھا جو اسوقت زعفرانی رنگ کے سلک کی عبا پہنے ہوئے تھا۔ عمر فوراً ہی اس کی طرف بڑھا۔ جب وہ اپنے گھوڑے سے نیچے اتر آیا تو عمر نے اپنی پیٹی سے خواجہ ابوالحسن کا خط نکال کر اسے دیدیا۔ کوتوال نے لفافہ چاک کیا اور سڑک پر لگی ہوئی ایک لالٹین کے پاس جا کر اسے پڑھنے لگا۔

تکش نے خط کو تہہ کر کے اپنی جیب میں رکھ لیا۔

نیشاپور میں تمہارا مکان کہاں ہے؟" تکش نے پوچھا۔

"فی الحال تو کہیں نہیں ہے۔"

تکش نے عمر کی بوسیدہ عبا اور گٹھری پر نظر ڈالی جو اس کی بغل میں دبی ہوئی تھی پھر اس لہجہ میں بولا جیسے کتے کو روٹی کا ٹکڑا ڈال رہا ہو "تمہارے رہنے کا انتظام میں ایک زین ساز کے یہاں کر سکتا ہوں بشرطیکہ تم اسکے آدھی درجن بچوں کو قرآن شریف پڑھا سکو۔"

اس کی نظریں اور لہجہ اتنا گستاخ تھا کہ عمر کو تاؤ آ گیا۔

"براہ کرم یہ منصب آپ اپنے کسی صاحبزادہ کو دیدیں جو کسی خیراتی مدرسہ میں پڑھتے ہوں ـــــ اچھا اب میں جا سکتا ہوں؟"

"یقیناً" تکش نے بے رخی سے کہا اور اپنا گھوڑا آگے بڑھا لیا۔ تکش نے اپنے پیچھے چلنے والے فقیر کے کاسہ میں ایک سکہ ڈالا جو برابر مانگے جا رہا تھا

"اس نوجوان کی نگرانی کرو جو بھوری عبا پہنے ہوئے سامنے کھڑا ہے" تکش نے اتنے آہستہ سے کہا وہ فقیر ہی سن سکا "ایک لمحہ کیلئے بھی اسکو تنہا نہ چھوڑنا اور اس کے قیام کی جگہ معلوم کر کے مجھے بتانا"

"بہتر ہے" فقیر نے آہستہ سے کہا اور سکہ لیتے ہوئے ایک زوردار "یا حق" کا نعرہ لگا کر آگے بڑھ گیا۔

عمر سمجھ گیا تھا کہ اس کا تعاقب ہو رہا تھا کیونکہ عمر کے ناک میں برابر تمباکو کی خوشبو آ رہی تھی جو وہ فقیر پی رہا تھا ـــــ اسکی جیب میں صرف ایک دینار اور چار پانچ درہم رہ گئے تھے بس یہی اسکا کل سرمایہ تھا جو چلتے وقت خواجہ ابوالحسن نے دیا تھا اس نے طے کر لیا تھا کہ وہ اپنے پرانے حجرہ میں ہی قیام کریگا جس کی چھت پر پیازہ اگی ہوئی تھی۔

شارع کتب فروشاں پر وہ چشمہ کے پاس جا کر رک گیا بلکہ اس کے قدم خود بخود رک گئے ایک لڑکی چشمہ پر جھکی ہوئی اپنا گھڑا بھر رہی تھی وہ برقعہ اوڑھے تھی لیکن عمر تو اسکو ہزار میں پہچان سکتا تھا۔ وہ تیزی سے جا کر اس کے برابر کھڑا ہو گیا لیکن لڑکی نے اس کی طرف دیکھا تک نہیں۔

"پیاری یاسمین" عمر نے آہستہ سے کہا۔

شام کے اندھیرے میں، دو آنکھیں نقاب میں سے چمک رہی تھیں۔ لڑکی نے آہستہ سے اپنے ماتھے پر آئے ہوئے بالوں کو ہٹایا۔ عمر اس کی طرف محبت بھری ہوئی نظروں سے دیکھتا رہا۔ یاسمین اس وقت چنار کے درخت کے سائے میں تھی جہاں تاریکی اور زیادہ تھی۔ اب وہ پرانی یاسمین ـــ ننھی سی شریر بچی نہیں تھی بلکہ ایک نئی یاسمین برقعہ اوڑھے ہوئے ـــ سنجیدہ اور گلاب کی خوشبو سے معطر یاسمین تھی۔ گھڑا ایک طرف کو لڑھک گیا تھا اور اس میں سے پانی نکل نکل کر بہہ رہا تھا۔ اب وہ کافی بڑی ہو گئی تھی اس کے سفید سفید برہنہ بازو برقع سے باہر نکلے ہوئے تھے۔

"یاسمین" عمر نے دوبارہ کہا "یہاں تم کس کا انتظار کر رہی تھیں؟"

وہ ایک دم اچھل پڑی "بیوقوف ـــ" اس کا لہجہ اب بھی پرانا تھا "میں کیوں کسی کا انتظار کرتی"

اس نے جلدی سے آدھا بھرا ہوا پانی کا گھڑا اٹھا کر بغل میں دبایا اور اپنے گھر کی طرف چل دی ـــ اس کی رفتار بہت تیز تھی اور اسے وقت کافی غصہ میں معلوم ہو رہی تھی ـــ وہ گذشتہ دو برس سے روزانہ عمر کا انتظار کر رہی تھی اسے امید تھی کہ وہ آئے گا اور ضرور آئیگا ـــ عمر نے وعدہ کیا تھا کہ تیرہ برس کی عمر، وہ ہو جائے گی تو وہ اس کیلئے گلاب کے پھول بھیجے گا۔ بہت سے گلاب کے پھول ـــ لیکن اب اس کی پندرھویں سال بھی ختم ہونے والی تھی۔

چنار کے درخت کے تنے کی آڑ میں کھڑا ہوا ایک شخص خاموشی سے

ان دونوں کو دیکھ رہا تھا ـــــ یاسمین کے جانے کے بعد وہ عمر کے پاس آگیا۔

"بابا ایک درم ـــ اللہ کے نام پر" فقیر نے ہانک لگائی بھوکے فقیر کو ایک درم ـــ اللہ کے نام پر"

نواں باب

سانحۂ عظیم

نیشاپور کے قبرستان کی نئی پرانی۔ شکستہ اور ویران قبروں پر اتنے پھول گرے ہوئے تھے کہ ایک بیش بہا قالین سا بچھ گیا تھا اس قبرستان میں افتاس کے سینکڑوں درخت تھے اور یہ ان کے ہی پھول تھے جن سے پورے قبرستان کی زمین زرد ہو گئی تھی ـــــ اور آفتاب کی روشنی ان قبروں پر اس طرح پڑ رہی تھی کہ جس سے ہر گذرنے والے کو معلوم ہو جاتا تھا کہ قبر پر پاؤں پڑے بغیر کس راستہ سے گذرنا چاہیئے ـــــ کچھ قبروں کی لوحیں سادی تھیں اور کچھ سنگ مرمر کی جن پر پچی کاری کی ہوئی تھی یہ قبریں عورتوں اور لڑکیوں کی تھیں

افتاس کے درختوں کے نیچے کچھ عورتیں اپنے اپنے برقعوں کا نقاب اٹھائے ہوئے بیٹھی تھیں اور ان کے سر ایک دوسرے سے ملے ہوئے تھے اور ان کے ہونٹ اور ہاتھ مسلسل حرکت میں تھے ـــ دنیا بھر کی باتوں کا سلسلہ جاری تھا یہ عورتیں ایک قبر کے چاروں طرف بیٹھی تھیں۔ چند بچے گھاس پر کھیل رہے تھے۔

آج جمعرات کا دن تھا ـــ یوم الفاتحہ ـــ عورتوں کا بڑا مجمع ہر

جمعرات کو فاتحہ خوانی کے لئے قبرستان میں اکٹھا ہوتا تھا اور یہ دن عورتوں کے لئے مخصوص تھا کوئی مرد آج یہاں نہیں آسکتا تھا ـــ فاتحہ خوانی تو کیا ہوتی کیونکہ جب چار عورتیں مل کر بیٹھتی ہیں تو دنیا کے ہر مسئلہ پر گفتگو کا لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ان دلچسپ باتوں کا سلسلہ رات گئے تک رہتا ـــ عورتوں کی نظر بچا کر نوجوان لڑکیاں ادھر ادھر بھی گھوم لیتی تھیں۔ قبرستان میں لگے ہوئے کھٹے انگوروں اور مکھوں کو کھانا ان کا محبوب مشغلہ تھا۔

یاسمین بھی تنہا گھومتی پھرتی ہوئی بہت دور پہونچ گئی ـــ قبرستان کے آخری کنارے پر ایک چھوٹا ٹیلا تھا وہ اس پر جا کر بیٹھ گئی اور اپنے سر پر اڑتے ہوئے کبوتروں کی ٹکریوں کو دیکھنے لگی۔ ان کبوتروں کے گھونسلے اس شکستہ دیوار کے سوراخوں میں تھے جو قبرستان سے ملی ہوئی تھی یہ ایک چہار دیواری تھی لیکن اس پر کوئی چھت نہیں تھی اس چہار دیواری کے اندر ایک اونچا اور کافی چوڑا چکلا مینار کھڑا ہوا تھا ـــ یہ کسی زمانہ میں رصد بان کا کام دیتا تھا اور اس میں بیٹھ کر قبرستان سے ملے ہوئے دریا کی نگرانی کی جاتی تھی تاکہ کوئی دشمن اگر دریا کی طرف سے حملہ آور ہو تو فوراً معلوم ہو جائے۔ لیکن یہ پچاس سال پرانی بات تھی اب تو سینکڑوں میل تک سلجوقیوں کی ہی حکومت تھی ـــ وہ پورے مشرق وسطیٰ کے مالک تھے۔ ان کی سلطنت نے سرحد چین سے سواحل بحر ابیض اور سرحد سے خوارزم اور ایران تک تمام علاقوں کو ایک کر دیا تھا۔ اب تحمن کے حملہ کا تو کوئی خوف ہی نہ تھا اس لئے یہ مینار بھی ویران ہو گیا تھا اور اس میں کبوتروں اور چمگادڑوں نے

قبضہ کر رکھا تھا یا پھر عمر جیسے بے گھر لوگوں کی پناہ گاہ بن گیا تھا۔ عمر زیادہ تر راتیں اسی مینار پر گزارتا تھا اور ستاروں کا مطالعہ کرتا تھا۔

"اے بے سہارے اوپر خدا کی مار" یاسمین نے مینار میں کسی کا سایہ دیکھتے ہوئے خود سے کہا "میں یہاں کیوں آ گئی"

لیکن وہ اٹھی نہیں شاید اس نے مینار والے سایہ کو پہچان لیا تھا۔ تخایل عارفانہ کے ساتھ لیٹی ہوئی کبوتروں کو دیکھتی رہی تھوڑی ہی دیر میں چہار دیواری سے ایک نوجوان نکلا اور یاسمین کے برابر آ کر بیٹھ گیا۔ وہ فوراً اٹھ کر بیٹھ گئی اس کی آنکھوں سے خوف ٹپک رہا تھا۔

"کہو۔ کیا بات ہے؟" یاسمین نے پوچھا "تم یہاں کیوں آ گئے اگر کسی نے دیکھ لیا تو"

"تو اور بھی اچھا ہو گا" عمر نے مسکرا کر کہا اس کی نظریں یاسمین کی مبہوت آنکھوں اور گلابی ہونٹوں پر لگی ہوئی تھیں۔

"تم تو ملازگرد کی جنگ میں بھی شریک ہوئے تھے؟ تم نے سلطان کو بھی دیکھا ہو گا۔ بہت سے شہروں کو اور سینکڑوں لڑکیاں دیکھی ہوں گی۔۔۔ کچھ تو بتاؤ کہ تم نے اس ڈھائی برس میں کہاں کہاں کی سیر کی؟"

لڑکیوں کا ذکر سن کر عمر کی نظر کے سامنے رومی لڑکی ازابیلا کی صورت گھوم گئی۔

"کچھ بھی نہیں دیکھا" اس نے جواب دیا "جب لڑائی ختم ہو گئی تو اپنے گھر واپس آ گئے۔"

نیشاپور میں کیا کرنے کا ارادہ ہے؟"

"کچھ نہیں معلوم ـــ جو مقدر کرائے"

"کیا تم دوبارہ یہاں سے چلے جاؤ گے؟"

عمر نے سر کو جنبش دی "نہیں ـــ اب کہیں نہیں جاؤں گا ـــ" وہ اس وقت یاسمین کے علاوہ کچھ اور سوچنا ہی نہیں چاہتا تھا ـــ وہ بڑی ضرور ہو گئی تھی لیکن اسکی باتیں ویسی ہی بچپانہ تھیں۔

"لوگ کہتے ہیں کہ تم خواجہ ابوالحسن کے عزیز شاگردوں میں سے تھے" یاسمین نے کہا "اب تو تم بہت قابل ہو گئے ہو گے؟"

عمر کو یہ سن کر کوئی تعجب نہیں ہوا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ شارع کتب فروشاں کا بچہ بچہ خواجہ ابوالحسن کے علم و فضل سے واقف تھا۔ جن کا معمولی معمولی رسالہ بھی سینکڑوں دینار میں فروخت ہوتا تھا۔

"لیکن میری حالت فقیروں سے بھی بدتر ہے" عمر نے کہا "ہر فقیر کا کوئی نہ کوئی ٹھکانہ آرام کرنے کا ضرور ہوتا ہے لیکن میرے پاس وہ بھی نہیں ہے۔ اس دنیا میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جسے میں اپنا کہہ سکوں"

یاسمین نے پہلو بدلا "تم تو یزدی کا بن سے بھی گئے گذرے ہو وہ تو ستارہ شناسی کی بدولت بے شمار دولت کا مالک ہے ـــ وہ ریشمی عبائیں پہنتا ہے ـــ عمدہ غذائیں کھاتا ہے اور سینکڑوں حبشی غلاموں کا مالک ہے ـــ اچھا اب مجھے جانا چاہیئے وہ دیکھو عورتیں اب جانے کی تیاریاں کر رہی ہیں"

جب عمر نے اس کی کلائی پر ہاتھ رکھ دیا تو وہ اٹھ نہ سکی۔ "دیکھو چاند بھی نکل آیا اور کبوتر بھی اپنے اپنے گھونسلوں میں چلے گئے ـــ اب مجھے جانے دو"

"اس چاند کے قریب ابھی ایک ستارہ اور نکلے گا"

"نہیں ـــ میں اس کا انتظار نہیں کروں گی" یاسمین نے ہنستے ہوئے کہا

"تم کو تو ستارے دیکھنے کی عادت ہے کیا تم کو ڈر نہیں لگتا جو اس منحوس مقام پر رہتے ہو ـــ رات کو قبرستان کی روحیں ضرور یہاں آتی ہوں گی؟"

"ہاں ـــ اور وہ سب روحیں میری دوست ہیں ـــ وہ میرے لئے اصطرلاب مہیا کرتی ہیں ـــ میرے لئے ستاروں کی قندیلیں روشن کرتی ہیں ـــ مجھے ایسے سبق دیتی ہیں جن کو بابل اور یونان کے حکما ہی جانتے تھے"

یاسمین کا جسم کسی انجانے خوف سے لرزنے لگا۔ اس نے لوگوں کو کہتے سنا تھا عمر کسی پراسرار قوت کا مالک ہے جس کی وجہ سے پوشیدہ اسرار اس پر منکشف ہو جاتے ہیں ـــ اب سمجھ میں آیا کہ وہ روحوں سے بات کرتا ہوگا

"لیکن تم ان سے کس زبان میں باتیں کرتے ہو ـــ بابل کی قدیم زبان میں؟"

"نہیں یاسمین ـــ یہ روحیں دنیا کی ہر زبان جانتی ہیں ـــ وہ مجھ سے فارسی میں باتیں کرتی ہیں"

یاسمین غریب کو کیا خبر تھی کہ وہ اس سے مذاق کر رہا تھا وہ عمر سے اور قریب ہو کر بیٹھ گئی اور خوفزدہ نظروں سے قبرستان کی طرف دیکھنے لگی جب عمر نے اسے اپنے آغوش میں لے لیا تو وہ کانپنے لگی اور آہستہ آہستہ

اس کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کرنے لگی۔ اس کا سر جھکا ہوا تھا اور آنکھیں بند تھیں۔

"اب اسے عمر سے بھی ڈر معلوم ہو رہا تھا ـــــ عمر نے اس کی کانپتی ہوئی آواز سنی "مجھے ڈر لگ رہا ہے ـــــ اب میں جاؤں گی ـــــ مجھے ڈر ـــــ"

"پگلی ـــــ یہ تو مذاق تھا" عمر نے اس کے رخساروں پر ہاتھ رکھ کر اس کا منہ اپنی طرف کر لیا "میری طرف دیکھو" عمر نے کہا لیکن یاسمین کی آنکھیں بند رہیں۔

نئے چاند کی رو پہلی محراب میں اب کافی روشنی آ گئی تھی اور ایک تارہ اس کے بیچ میں جھلملا رہا تھا ـــــ یہ معلوم ہو رہا تھا جیسے چاند کی دودھیا روشنی نے سارے آسمان پر نقرئی پالش کر دی ہو۔ یاسمین اس کے آغوش سے نکل جانا چاہتی تھی۔

عمر نے اس کی ریشمی قمیص کھینچ لی تھی جس کی وجہ سے اس کے برہنہ شانے کی گلابی جلد چاند کی روشنی میں چمک رہی تھی ـــــ اسی وقت یاسمین نے آنکھیں نیم وا کر کے اپنے بازو عمر کے گلے میں حائل کر دیے ـــــ اس کی چھاتیاں اس طرح دھڑک رہی تھیں جیسے پانی کی لہروں میں کنول کے پھول ہچکولے لیتے ہیں ـــــ

اب ساری عورتیں قبرستان سے جا چکی تھیں اور عشاء کی نماز کا وقت تھا ساری دنیا سے بے خبر وہ دونوں شارع کتب فروشاں کی طرف جا رہے تھے عمر اس کو گھر تک چھوڑنے جا رہا تھا۔ گھر کے سامنے پھونکر چنار کے درخت کے نیچے وہ دونوں پھر رک گئے یاسمین کی نقاب آنسوؤں سے تر ہو گئی تھی۔

"میں تمہارے بغیر کس طرح زندہ رہ سکتی ہوں" یاسمین نے عمر کے گلے سے لگتے ہوئے کہا اور پھر اپنے مکان کی طرف چلی گئی ــــ

عمر کو آج بھوک نہیں لگ رہی تھی اور نہ اسے نیند آ رہی تھی۔ وہ اس فقیر کو دیکھ کر مسکرایا جو اس کے حجرہ کے ارد گرد منڈلا رہا تھا۔ جب یہ فقیر لنگڑاتا ہوا دور نکل گیا تو عمر بھی اپنے حجرہ سے نکل کر سامنے والے پارک کی طرف چل دیا ــــ چوکیدار لالٹین لئے ہوئے "ہوشیار ــــ خبردار" کی صدائیں لگا رہے تھے۔ عمر اس وقت نیم مدہوشی کے عالم میں تھا لیکن وہ ایک سایہ کو دیکھ کر چونک پڑا جو ایک درخت کے سایہ سے نکل کر تالاب کی طرف چلا گیا تھا ــــ عمر بھی تالاب کی طرف روانہ ہو گیا ــــ یہ تالاب اسکے حجرہ کے سامنے والے پارک میں تھا اور اسمیں پانی اس چشمے سے آتا تھا جو شارع کتب فروشاں پر چنار کے درخت کے نیچے سے نکلا تھا۔

پارک میں داخل ہو کر اس نے دیکھا کہ ایک کوزہ پشت آدمی تالاب کے کنارے بیٹھا ہوا اونگھ رہا تھا۔ اس کے شانوں پر ایک بوسیدہ عبا پڑی ہوئی تھی ــــ عمر کو وہ صورت جانی پہچانی سی معلوم ہوئی لیکن اسے یہ نہ یاد آسکا کہ اس کو کہاں اور کب دیکھا تھا۔

جب عمر اس کوزے کے برابر بیٹھ گیا تو اس اجنبی نے پانی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا "او بھائی۔ دیکھو چاند نے بھی اپنا منہ آنسوؤں کے سمندر میں چھپا لیا ہے"

عمر تالاب کی سطح پر دیکھنے لگا۔ چاند کا عکس ہزاروں لاکھوں حصوں میں

بٹ کر اس طرح ہل رہا تھا جیسے کسی نے سیروں سیماب فرش پر بکھیر دیا ہو ـــــ آج کی رات عمر کے پاس رنج و غم کا کیا کام تھا لیکن کبڑے کو روتا دیکھ کر وہ چونک پڑا۔ اب عمر کو یاد آ گیا تھا کہ یہ کبڑا سلطان الپ ارسلان کا منہ لگا مسخرہ بختیار تھا۔

"کیا ہوا تمہیں بختیار" عمر نے نرمی سے پوچھا۔

"مجھے کیا ہوا یہ نہ پوچھو ـــــ بس تم اس سے اندازہ کر لو کہ جب سارا عالم محو خواب ہے میں جاگ رہا ہوں مجھے اس چاند کے ڈوبنے کا غم ہے جو سچ مچ کا چاند تھا ـــــ چودھویں کا چاند ـــــ یہ آسمان والا چاند تو اسکے سامنے کیا حقیقت رکھتا ہے ـــــ یہ تو ہزاروں برس سے ڈوبتا اور نکلتا ہے ـــــ لیکن میرا چاند اب نہیں نکل سکتا وہ ہمیشہ کیلئے ڈوب گیا ـــــ"

عمر کو سناٹا آ گیا اور اس کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا۔ آخر ہوا کیا ـــــ خدا کیلئے جلد بتا دو۔"

"اب دنیا میں میرا کوئی آقا نہیں ہے ـــــ" کبڑے نے گلوگرفتہ آواز میں کہنا شروع کیا۔ واللہ وہ ابر کرم تھا ـــــ" وہ اپنے بختیار پر حد سے زیادہ مہربان تھا وہ بختیار جو اسکا ادنیٰ ترین خادم تھا ـــــ وہ غریبوں کا والی اور بے کسوں کا چاہنے والا تھا ـــــ لیکن اب وہ آفتاب غروب ہو گیا ـــــ بختیار کا چاہنے والا اب کہاں ہے ـــــ افوہ ـــــ سلطان سلطان الپ ارسلان شہید کر دیئے گئے۔

اوہ ـــــ انا للہ وانا الیہ راجعون ـــــ" عمر نے اچھل کر کہا "مجھے

نہیں معلوم تھا ــــ یہ کس طرح ہوا؟"

"تمہیں خبر نہیں! تعجب ہے حالانکہ پورے نیشاپور پر غم کی گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں ساری مملکت اسلامیہ ماتم کدہ بنا ہوا ہے ــــ ہم آج ہی ان کے جسد کو مرقد سے لے کر آئے ہیں۔

"یہ واقعہ کیسے ہوا؟"

"ہمارے ساتھ دو لاکھ جمعیت تھی اور سلطان کا ارادہ بلاد ترکستان کو زیر نگیں کرنے کا تھا ــــ سفر کی ابتدائی تاریخوں میں دریائے جیحوں پر پل بنوایا گیا اور اس کو عبور کرنے میں ہمیں ایک ماہ سے زائد لگ گیا ــــ جب ہم نے پل کو عبور کیا تو ربیع الاول کا مہینہ شروع ہو چکا تھا۔ ۴ ربیع الاول ۴۷۵ھ کو سلطان کے سامنے ایک قلعدار کا مقدمہ پیش ہوا۔ اس ملعون قلعدار کا نام یوسف خوارزمی تھا ــــ قلعدار کی بدزبانی پر سلطان نے اسے قتل کرنے کا حکم دیدیا۔ یوسف کی گستاخی اور بڑھ گئی اور اسنے سلطان کو غضب آلود نگاہوں سے دیکھتے ہوئے کہا "اے مخنث ــــ کیا مجھ جیسا بہادر آدمی اس طرح مارا جائے گا؟"

سلطان جوش و غضب سے وارفتہ ہو گیا" فوراً اس کے بند کھول دو" اس نے حکم دیا اور فوراً اس کی تعمیل کر دی گئی پھر سلطان نے تیر و کمان اٹھا کر اسکا نشانہ لیا لیکن بدقسمتی سے نشانہ خالی گیا ــــ"

"نشانہ خالی گیا!" عمر نے حیرت سے آنکھیں پھیلا کر کہا" سلطان کی قادر اندازی تو مشہور تھی!"

"ہاں ـــ لیکن مقدر کے لکھے کو کون ٹال سکتا ہے ـــ نشاندخانی کیا"
بختیار نے آنسو پونچھتے ہوئے کہا "ادھر اس مردود یوسف خوارزمی نے
بغل سے چھری نکال لی اور سلطان کی طرف جھپٹا ـــ سلطان نے چاہا کہ
کرسی سے اتر کر اس کی طرف بڑھے لیکن اتفاق تو دیکھئے عبا کا دامن
پاؤں کے نیچے آگیا اور ہمارا پیارا سلطان اوندھے منہ گر پڑا ـــ وہ
لعین بھی سر پر پہنچ چکا تھا اس نے فوراً ہی سلطان کی کمر میں چھری گھونپ دی
اور سعد الدولہ گوہر آئین کو بھی زخمی کر دیا جو تخت کے پیچھے کھڑے ہوئے
تھے ـــ اس اچانک حملہ سے پورا دربار ہکا بکا رہ گیا ـــ یوسف نے
اس ہڑبونگ سے فائدہ اٹھا کر فرار ہونا چاہا لیکن ارمنی فراش نے بڑھ کر
اس کے سر پر ایسی چوب ماری کہ وہ وہیں ڈھیر ہو گیا ـــ پھر کیا تھا ترکی
سپاہی اس پر ٹوٹ پڑے اور ذرا سی دیر میں پارہ پارہ کر دیا ـــ آہ!
"کیا زخم کاری لگا تھا؟"
"نہیں ـــ لیکن وقت آچکا تھا کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی اور آخر ۱۷ ربیع الاول
کو ہمارے آقا نے ۴۰ سال کی عمر میں اس دار فانی سے کوچ کیا ـــ
افسوس کہ اتنے بڑے سلطان کی موت اس طرح ہوئی!"[1]

---

[1] سلطان کی اس طرح موت کے متعلق بھی ایک عجیب واقعہ مشہور ہے حالت مرض میں
سلطان نے کہا تھا کہ "ساری عمر میں جب بھی یاد آیا اس نے اپنے دل میں غرور اور خود پسندی
کو جگہ دی تھی کل جب میں ایک ٹیلے پر کھڑا ہوا اپنی عظیم الشان فوج کو دیکھ رہا تھا تو
میرے دل میں خیال آیا تھا کہ آج روئے زمین پر کوئی طاقت میرا مقابلہ نہیں کر سکتی
(باقی صفحہ ۹۱ پر)

خیام

"ان کو دفن کہاں کیا جائے گا؟"

"مرد میں ـــــ خدا اپنی جوار رحمت میں انکو جگہ عطا فرمائے"

"آمین"

(بقیہ صفحہ ۹۰) اور جب یوسف سامنے لایا گیا تو بجائے خدا کے اپنے قوت بازو پر میں نے بھروسہ کیا تھا اور دشمن کو حقیر جانا تھا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خدا نے ایک ادنیٰ قیدی کے ہاتھوں مجھے موت کے منہ میں پہنچایا ـــــ خدا تجھے خاک کرے۔

(تاریخ گزیدہ صفحہ ۴۴۰-۴۴۱۔ سانحۃ الصدور صفحہ ۲۰-۲۱)

دسواں باب

نظام الملک طوسی سے ملاقات

"رات بھر کمبخت نے پریشان کیا نہ خود سویا اور نہ مجھے سونے دیا" چیچک رو فقیر نے کہا "میں جنم کے روز سے اس کا پیچھا کر رہا ہوں۔ اسکی ایک ایک حرکت پر میری نظر رہی ہے"

"اچھا یہ تو بتاؤ وہ لڑکی کوئی لونڈی ہے؟" تکش نے پوچھا۔

"لونڈی تو نہیں معلوم ہوتی" فقیر نے کہا "حالانکہ اس کے گھر والے اس سے پانی کے گھڑے بھروا لیتے ہیں"

"شادی شدہ ہے؟"

"نہیں"

"اسکا نام کیا ہے"

"یاسمین ـــــ یہ نام میں نے عمر کی زبان سے سنا تھا جب وہ قبرستان ٹیلے پر اس سے باتیں کر رہا تھا فیض عام حمام کے حمامی سے میں نے یہ بھی سنا ہے کہ اس لڑکی کیلئے مشہد کے کسی سوداگر ابوالقاسم نے اپنی شادی کا پیغام دیا ہے"

"ابوالقاسم ـــــ پشمینہ کا سوداگر؟"

"جی سرکار"

"وہ تو بہت بڑا سوداگر ہے اس کے پاس سینکڑوں اونٹ ہیں" تکش نے ایک لمحہ تک سوچنے کے بعد کہا ـــــ "خیر اب تم واپس جاؤ اور جب تک تمہیں دوسرا حکم نہ ملے اسکی نگرانی کرتے رہو۔

"بہت بہتر ـــــ لیکن میں آپ کے پیغامبر کو کس طرح پہچانوں گا سرکار؟"

"وہ تم کو ٹھوکر مار کر مخاطب کریگا اور یہ پوچھے گا کہ خیمہ دوز کا لڑکا کس جگہ خیمہ دوزی کر رہا ہے لیکن تمہاری جگہ جب تک دوسرا آدمی مقرر نہ ہو جائے تم سونے کی کوشش نہ کرنا"

تکش نے اپنی جیب سے مٹھی بھر چھوٹے سکے نکال کر فقیر کے سامنے پھینک دیئے وہ ان کو جلدی جلدی اٹھاتے ہوئے زیر لب بڑبڑانے لگا۔ یہ تو ایک بغدادی درہم کے برابر بھی نہیں ہیں ـــــ دن رات مصیبت اٹھانے کا صلہ ملا۔ اس سے تو اچھا تھا کہ بھیک مانگ لیتا ـــــ لیکن یہ باتیں اسنے اتنے آہستہ سے کہیں کہ تکش نہ سن سکا ـــــ وہ تکش سے ڈرتا بھی بہت تھا اور اس کے اقتدار سے بخوبی واقف تھا۔

وہاں سے جا کر وہ چشمے کے کنارے چنار کی آڑ میں بیٹھ گیا اور پاسمین کے مکان کی نگرانی کرنے لگا۔

وہ ایسی جگہ بیٹھا تھا جہاں سے درسگاہ کے دروازہ کو بھی دیکھ سکتا تھا ـــــ سارے نیشاپور پر اس وقت غم واندوہ کے بادل چھائے ہوئے تھے اور سلطان کی موت سے ہر شخص غمگین نظر آ رہا تھا ـــــ سلطان کی

مغفرت کیلئے مسجدوں اور مدرسوں میں قرآن خوانی اور نئے سلطان کی کامیابی کے لیئے دعائیں مانگی جارہی تھیں ـــــ اب نیا سلطان جوان سال ملک شاہ ہوا تھا جو پوری مملکت اسلامی میں ضخیم اصغر کے نام سے پکارا جاتا تھا اور سب اسلام کا سب سے طاقتور حکمران تھا ـــــ

وہ فقیر اپنی کمین گاہ میں بیٹھا ہوا سارے حالات کا جائزہ لے رہا تھا ـــــ دن کی روشنی میں تو عمر اور یاسمین بہت ہی کم نظر آتے لیکن رات کا سیاہ پردہ پڑتے ہی دونوں چپکے کنارے ضرور ملتے ـــــ روزانہ اندھیرے میں دو سائے نمودار ہوتے تھا سرگوشی اور جلدی جلدی قدم اٹھاتے ہوئے آتے ـــــ گھنٹوں باتیں کرتے اور جب عشا کی نماز کا وقت ہو جاتا تو چلے جاتے یہی ان کا معمول تھا۔

فقیر کو وہاں بیٹھے ہوئے آج تیسرا دن تھا اسی وقت ایک چوبدار نما آدمی آیا اور اسکی کمر سے کئی بار ٹھوکریں مار کر بولا "کیوں بیٹے ـــ تمہارا خیمہ دوز اس وقت کس جگہ خیمہ دوزی کر رہا ہے؟"

ٹھوکریں اتنی کرارہی تھیں کہ فقیر سب کچھ بھول گیا "ابے کون ہے تو؟" فقیر نے جھلا کر کہا ـــــ "بیہودہ کہیں کا ـــــ ولدالحرام ـــــ"

اس کی پیٹھ پر دوسری ٹھوکر لگی جو اور بھی زوردار تھی "تجھے یہاں پر کس نے مقرر کیا ہے؟" چوبدار نے پوچھا

"اس نے مقرر کیا ہے جو تجھے ایک اشارہ سے جہنم رسید کر سکتا ہے ـــــ اوہ ہاں ـــــ اب یاد آیا ـــــ یار آہستہ سے ہی ٹھوکر ماری ہوتی

— عمر خیام روزانہ اس وقت فیض عام حمام میں نہانے گیا ہے — خدا کی قسم
میں خود وہاں جاتا اگر حمامی کو دینے کیلئے میرے پاس ایک درہم ہوتا"

"خدا تیری حالت پر رحم کرے" چوبدار بولا "تیرا حمام جانا باطل —
سرکار نے خیام دوز کو طلب کیا ہے۔

شاہی چوبدار کے پیچھے پیچھے عمر قصر وزارت کے دروازے پر پہنچا۔ یہاں
جہاں سینکڑوں امراء اور بڑے بڑے سردار باری کے انتظار بیٹھے ہوئے تھے
ان لوگوں کے خادموں اور گھوڑوں کی وجہ سے ایک اچھا خاصہ میلہ سا لگا ہوا
تھا۔ یہاں اس کو تکلیف دہ دل گیا جو چوبدار کے پیچھے پیچھے بے صبری سے ایک
طرف بڑھا جیسے وہ اس کے انتظار میں ہو — تکلیف سے محرابا پار کرتا اور
تیزی کے ساتھ ترکی نیم جامہ والے اور بافوج کے درمیان سے گزرتا ہوا
— راستہ بھر لوگ اسکو جھک جھک کر سلام کرتے رہے

"میرے عزیز" تکلیف سے کہا "معزز وقت سے ایک گھنٹہ گذر چکا ہے
اور تم کو ابھی تک پہونچا نہیں گیا غالباً تم کو کہاں لیجایا
ہے؟ — اعلیٰ حضرت نظام الملک ذوی وزیر اعظم مملکت سلجوقیہ کے سامنے"

عمر کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی — سلطان ملک شاہ اس کے مکتب کا ساتھی
تھا۔ نظام الملک حسن ابن صباح اور اس نے سلطان ملک شاہ کی درسگاہ میں ایک ساتھ

---

[1] اس واقعہ کے اصلی ماخذ تین ہیں۔ ایک تو خود نظام الملک حسن خود نظام الملک کی
زبانی سے بھری کے واقعہ کا پتہ چلتا ہے — دوسرا راحۃ الصدور میں دوسرا حسن ابن صباح
کی سرگذشت سیدنا دیوریا اور فیض نے اس واقعہ کو شرح کر بتایا ہے۔

پڑھا تھا اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کا وعدہ کیا تھا۔

"نہ معلوم وہ مجھے پہچانتا ہے بھی یا نہیں" عمر سوچنے لگا "کیونکہ اب وہ بہت بڑا آدمی ہو چکا تھا دولت سلجوقی کے سیاہ اور سفید کا مالک ـــــ لیکن مجھے کس لیے بلایا گیا ہے" عمر نے پوچھا۔

چپکش بھی نہ بتا سکا "مجھے تمہاری حفاظت کیلئے اور تمہارا امتحان لینے کیلئے مقرر کیا گیا تھا" چپکش نے کہا "اس وقت تمہاری تقدیر یاور معلوم ہوتی ہے"

اسی وقت ایک بھاری اور دبیز پردے کے پیچھے سے ایک غلام نمودار ہوا اور وہ غلام ان دونوں کو لیکر ایک عالیشان کمرہ میں پہونچ گیا ـــــ ایک کرسی پر ایک نوجوان شخص بیٹھا ہوا تھا اس کے سامنے ایک چھوٹی سی میز پڑی ہوئی تھی جس پر بہت سے کاغذات بکھرے ہوئے تھے

ان دونوں نے احترام کے ساتھ سلام کیا اور فرش پر بچھے ہوئے قالین پر دو زانو بیٹھ گئے۔ کچھ منٹ تک نظام الملک کی گہری نظریں عمر پر پڑتی رہیں پھر اس نے اس کاغذ کو دیکھا جو اس کے ہاتھ میں تھا۔

"اوہ۔ تم ہو ابراہیم خیمہ دوز کے لڑکے! خواجہ ابوالحسن کے شاگرد اور بے پناہ قوتوں کے مالک ـــــ اگر پہلے سے مجھے معلوم ہو جاتا کہ تم وہی ہو جس کے ساتھ میں نے امام کے یہاں حدیث اور فقہ کا درس لیا تو مجھے اتنا پریشانی نہ ہوتی اور نہ تمہاری نگرانی کرانے کی ضرورت ہوتی ـــــ وہ زمانہ بھی تم کو یاد ہے عمر؟"

"خوب اچھی طرح ـــــ"

تکش حیران بیٹھا ہوا ان دونوں کی گفتگو سن رہا تھا۔

خواجہ ابوالحسن نے لکھا ہے کہ تم عجیب و غریب صلاحیتوں کے مالک ہو ۔ — حالانکہ سب سے بڑی طاقت خدا کی ہے — میں تم سے صرف ایک بات معلوم کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ تم نے ہمارے سلطان کو — جو اس وقت شہزادہ تھے — ملازگرد کی جنگ کا نتیجہ اور قیصر روم اور سلطان (خدا ان پر رحمت نازل کرے) کی موت کی پیشگوئی کس علم سے کی تھی؟"

عمر کو ایسا معلوم ہوا کہ جیسے اس کے سارے جسم کا خون سمٹ کر چہرہ پر آگیا ہو — اگر وہ ان پیشگوئیوں کی نتائج پر اس وقت غور کر لیتا تو ہرگز یہ پیشگوئیاں نہ کرتا۔

"حقیقت یہ ہے کہ —" عمر نے گلوگرفتہ آواز میں کہا —

"وہ تو صرف اندازہ تھا۔"

"کیا کہہ رہے ہو؟" نظام نے حیرت سے کہا "اپنے الفاظ کو اچھی طرح واضح کرو — صرف اندازہ سے اتنی صحیح پیشگوئیاں کوئی نہیں کر سکتا — تم اس وقت گھبرائے ہوئے معلوم ہوتے ہو — اطمینان سے سوچ کر جواب دو"

عمر ایک لمحہ تک سوچتا رہا "خدا کے حکم کے بغیر ایک پتہ بھی جنبش نہیں کھا سکتا ہے" عمر نے کہا "اور یہ واقعات بھی اسی کے حکم سے ہوئے"

"لاریب — یہ تو ہمارا ایمان ہے — لیکن میری خواہش یہ معلوم کرنے کی تھی کہ تم نے ان واقعات کا اندازہ کس طرح کر لیا تھا" نظام الملک بولا "یہ تو طے شدہ بات ہے تمہارے سامنے اس وقت نہ تو رومی بادشاہ کا

زائچہ ہوتا، ورنہ ہمارے سلطان (خدا ان پر رحمت نازل کرے) کا"

"میں نے ان چیزوں پر غور نہیں کیا تھا"

"لیکن اس کے باوجود بھی تم نے ایسی پیشگوئیاں کیں جو بغیر زائچہ دیکھے ہوئے نہیں کی جا سکتیں"

"جی ہاں ـــــ"

"شاید اسی وجہ سے خواجہ ابوالحسن نے تمہاری غیر معمولی صلاحیتوں کا حوالہ دیا ہے"

"میرے محترم استاد مجھ کو ایسا سمجھتے ہیں لیکن میں کیا کہوں یہ مجھے معلوم ہے"

"اور تم کو یہ بھی معلوم ہے کہ اپنے والد کی شہادت کے بعد سے سلطان ملک شاہ تم کو کئی بار دریافت کر چکے ہیں؟"

"مجھے نہیں معلوم تھا"

"تم کو سلطان کی خدمت میں ابھی پیش کیا جائے گا ـــــ تمہاری تقدیر کا ستارہ اس وقت بلندی پر ہے"

"لیکن مجھے کسی انعام کی خواہش نہیں ہے" عمر نے کہا "اس کے علاوہ دربار کے ادب آداب کے طریقوں سے بھی ناواقف ہوں"

نظام الملک کو اچھی طرح معلوم تھا کہ چند گھنٹوں کے اندر عمر کہاں سے کہاں پہونچنے والا تھا وہ اس موقع سے فائدہ اٹھا کر عمر پر اپنا احسان بھی رکھنا چاہتا تھا۔

"میں تمہارا پرانا ساتھی ہوں" نظام الملک نے کہا "میں چاہتا ہوں

کہ اپنے ہم مکتب کی جو خدمت بھی ہو سکے دل و جان سے کروں ـــــ سلطان تم کو شاہی منجم اور اپنے محافظ خاص کا درجہ دینا چاہتے ہیں"

"سلطان مالک ہیں" عمر نے مختصر سا جواب دیا۔

"تمہیں کن کن چیزوں کی ضرورت ہوگی؟"

"ایک رصد گاہ ـــــ ایک بغدادی اصطرلاب جس کا قطر کم سے کم تین ہاتھ کا ہو ـــــ اور بطلیموس کی مجسطی"

"اور؟"

"کرۂ آسمان کا ایک بڑا گلوب[1] جس پر احقر حلقے ہوں ـــــ ایک ادنیٰ مینار ـــــ اور اگر ممکن ہو سکے تو ایسی آبی گھڑی جو نہ زیادہ ذوبلین کے فرق کی ہو"

نظام الملک کے اشارہ پر مکتش نے ان چیزوں کی فہرست بنائی یہ سب چیزیں انتہائی کمیاب اور بیش قیمت تھیں۔

"اور رصد گاہ کے لئے جگہ تعمیر کی جائے گی؟"

"ہاں آپ کی رائے کافی ہے" عمر نے جواب دیا "قدیم زمانے کے محافظی مینار سب ہی کوہ پر جگہ جگہ موجود ہیں ـــــ اسی قسم کا ایک بہزیناد قبرستان کے قریب ہے ـــــ میں نے اسکو متعدد بار استعمال بھی

---

[1] Celestial globe

[2] Horizontal Rings

کیا ہے اگر وہ مجھے مل جائے تو صرف تھوڑی سی مرمت میں کام چل جائیگا اور نئی رصدگاہ تعمیر کرنے کی ضرورت نہ ہوگی ـــــ لیکن اس کے دروازہ پر ڈالنے کے لئے چند قفل ـــ بخارا کے دو تین قالین مع گاؤ تکیوں کے ـــ چینی نقاشی کے پردے ـــ اور چاندی کی ایک صراحی پانی کیلئے ـــ

"واللہ" نظام نے مسکراتے ہوئے کہا "مجھے نہیں معلوم تھا کہ ستارہ شناسی کیلئے بھی اتنی چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے! بہرحال یہ ساری چیزیں مہیا کر دی جائیں گی لیکن ایک شرط پر ـــ اور وہ شرط یہ ہے کہ تم آئندہ یہ کبھی نہ کہو گے کہ ملازگرد کی پیشگوئی محض ایک اندازہ تھا"

"بہت اچھا ـــ اب نہیں کہونگا"

"اور تم نے بخارا کے قالینوں اور چینی قالینوں کا تو خیال کیا" نظام الملک نے شگفتہ لہجہ میں کہا "لیکن تم نے اپنے کھانے پینے کے متعلق کچھ نہیں سوچا؟ ـــ لو۔ اس تھیلی میں پانچسو دینار ہیں جو تمہاری ضرورتوں کیلئے ہیں تکش تمہارے لئے دو غلاموں کا بندوبست کر دیں گے"

"مجھے وہ مینار کب تک ملیگا" عمر نے تھیلی لیتے ہوئے بےچینی سے پوچھا

نظام نے تکش پر نظر ڈالی جو ہکا بکا بیٹھا تھا "کل ظہر کی نماز کے بعد" ـــ اس نے جواب دیا۔

نظام سے اجازت ملنے کے بعد وہ تیزی سے باہر نکل آیا اس کے پیچھے پیچھے تکش بھی دیناروں کی تھیلی لیکر دوڑا جس کو وہ فرش پر ہی بھول آیا تھا۔

عمر کو دروازہ تک چھوڑ کر تکش پھر نظام کے پاس آ گیا

"میں نے تو آپ سے پہلے ہی عرض کیا تھا کہ عمر غیر معمولی صلاحیتوں کا مالک ہے" تکش نے کہا "اگر اس کی حسب منشاء سارا سامان مہیا کر دیا جائے تو سارے نیشاپور میں اس کی ٹکر کا کوئی دوسرا منجم اور ہیئت داں ملنا ناممکن ہے ـــــ لیکن ہے بہت زیادہ نڈر اور بے باک اور حقیقت میں شاہی منجم کو ایسا ہونا بھی چاہیے"

"لیکن اس کا کوئی راز معلوم کر لینا ہے دشوار ـــــ نامعلوم ہر وقت کس خیال میں کھویا ہوا رہتا ہے"

"جوانی کی محبت ـــــ جب اس کے آغوش میں یاسمین نہیں ہوتی اسوقت بھی وہ اپنے تصور کی آنکھ سے اسے اپنے آغوش میں سمجھتا ہے ـــــ"

نظام الملک کی تیکھی نظروں کو دیکھ کر تکش فوراً خاموش ہو گیا۔ وزیر اعظم بہت متقی اور پرہیزگار انسان تھا۔

تکش نے وہاں سے رخصت ہو کر اس فقیر کو عمر کی نگرانی پر سے اٹھا لیا اور چند ملازموں کی تلاش کرنے لگا جو قابل اعتماد ہوں اور عمر کے ساتھ اس برج میں رہ سکیں۔

دوسری طرف شارع کتب فروشاں کے چشمے پر عمر یاسمین سے کہہ رہا تھا "خدا کا شکر ہے کہ اب مجھے رہنے کے لئے جگہ مل گئی ـــــ اب میں ایسی عمارت کا مالک ہوں جس کے قفل کی کنجی صرف میرے پاس ہی رہے گی"

"لیکن وہ تو مینار بالکل کھنڈر ہے" یاسمین نے کہا۔

"کیا پرواہ ہے ـــــ روٹی کا ٹکڑا بھی تو روٹی ہی ہوتا ہے ـــــ اور تمہارے ساتھ تو مجھے اس کھنڈر میں بھی اتنا ہی سکون ملے گا جتنا سلطان کو اپنے قصر میں ملتا ہے۔

گیارھواں باب

عمر کی مایوسی

اس مینار کے معاملہ میں تکش نے اپنا وعدہ پورا کر دیا ـــــ دوسرے روز نماز کے بعد اس نے رصد گاہ کی کنجی عمر کے حوالہ کر دی۔ ایک ہفتہ تک اس مینار میں پتھر اور معمار لگے رہے اور اس کی مرمت کرتے رہے اسکے چاروں طرف ایک نئی دیوار بھی بنا دی گئی اور مینار پر بھی اندر باہر پلاستر کر دیا گیا۔ جب پہلی بار یاسمین اس مینار کو دیکھنے آئی تو عمر بہت خوش ہوا

مینار کی نچلی منزل میں جازم بچھا کر فرش کر دیا گیا اور یہ اس رصد گاہ کا خیر مقدمی کمرہ تھا۔ دوسری منزل کے کمرہ میں عمر نے قیمتی قالینوں کا فرش کرایا دریچوں میں قیمتی پردے لٹکوائے یہ اس کا کمرہ خواب تھا اس میں صندل کی الماریاں سامان رکھنے کے لئے نکالی گئیں، یہ الماریاں اس کے قلمی مسودات اور کتابوں کے لئے تھیں نظام الملک نے بھی بہت سی کتابیں بھیج دی تھیں جو ان الماریوں میں سجا دی گئیں۔ تیسری اور چوتھی منزل کے کمرہ امانت کو رکھنے اور رصد گاہ کے کاموں کے لئے چھوڑ دیئے گئے۔ عمر نے جو سامان بنایا تھا اس کی تلاش میں کئی آدمیوں کو بغداد بھیجا جا چکا تھا۔

ابھی تک عمر کا رجحان کام کی طرف نہیں ہوا تھا ـــــ اس نے

اپنا زیادہ تر وقت بازاروں میں گھومنے پھرنے اور اپنے لئے سامان خریدنے میں صرف کیا۔ اس نے سفید ریشمی کپڑے کے بیش قیمت تھان خریدے کیونکہ یاسمین کو سفید لباس بہت پسند تھا ـــــ اس کے علاوہ مٹھائیوں کے مرتبان جلانے کے لئے عود و عنبر ـــــ کافسی کے لوبان دان ایسی بہت سی چیزیں خرید ڈالیں ـــ اس نے یاسمین کے لئے چاندی کا ایک بازو بند بھی خریدا جس میں فیروزے جڑے ہوئے تھے ـــــ آسمانی رنگ کے بیش قیمت نیشاپوری فیروزے

جب یاسمین نے اس بازو بند کو دیکھا تو خوشی کی وجہ سے اس کے منہ سے کوئی لفظ نہ نکل سکا "ارے ـــ یہ تو ـــــ"

یاسمین نے اپنا بازو عمر کے سامنے کر دیا تاکہ وہ بازو بند اس پر باندھ دے ـــــ اس نے لمبے چوڑے بخارا کے قالینوں کو دیکھا اور خوشی کی وجہ سے اسکو اپنے سانس پر قابو پانا دشوار ہو گیا۔ وہ عمر کے کمرہ کی ہر چیز کو الٹ پلٹ کر کے دیکھ رہی تھی۔

"ارے! اس الماری میں تو بہت سی کتابیں ہیں۔ کیا تم ان کو پڑھتے ہو ـــــ جب میں یہاں نہیں ہوتی ہوں گی جب ہی پڑھتے ہو گے؟"

"نہیں ـــ میں نے صرف ایک چھوٹی سی کتاب کو پڑھا ہے جس میں نظمیں ہیں" عمر نے کہا۔

"نظمیں!" یاسمین نے اشتیاق بھرے لہجہ میں کہا اس کے خیال سے نظموں میں صرف جادوگروں کے قصے اور پرانے زمانہ کے بادشاہوں کی کہانیاں ہی ہو سکتی تھیں "بہت مزیدار نظمیں ہوں گی؟"

"اتنی دلچسپ نہیں ہیں جتنی دلچسپی مجھے تمہاری موجودگی سے محسوس ہو رہی ہے" عمر اس وقت تک اس پر نظریں جمائے رہا جب تک وہ بھی اسکو دیکھنے پر مجبور نہ ہو گئی۔

"مجھے شرم آ رہی ہے" یاسمین نے کہا اور اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا

"تم تو اس چاند سے بھی زیادہ حسین ہو جو ابھی بادلوں کی اوٹ سے نکلا ہے" عمر نے چاند کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"کیا ان نظموں والی کتاب میں یہی لکھا ہے؟"

"نہیں ـــــ یہ میرے دل کی کتاب میں لکھا ہے"

"اور میرے دل کی کتاب میں؟" یاسمین نے پوچھا

"تمہارے دل کی کتاب میں ـــ ظلم ـــ ستم ـــ بے وفائی جس نے عمر کے غم میں اضافہ کر دیا ہے ـــــ"

یاسمین نے خود کو ایک گاؤ تکیہ پر گرا کر ایک قاتل انگڑائی لی اور اپنی نیم وا آنکھوں سے عمر کو دیکھنے لگی۔

"میں ظالم ہوں؟ ـــ بے وفا ہوں ـــ اور کیا کیا ہوں" یاسمین زیر لب کہہ رہی تھی۔

عمر پر فرطِ مسرت سے اس وقت نیم مدہوشی کا سا عالم طاری تھا۔ عمر کا خون ایک عرب کا خون تھا ـــــ عرب کی گرم اور تیز ہواؤں سے تپا ہوا خون ـــــ لیکن عرب کی معاشرت اور اسلامی تعلیمات قدم قدم پر اس کی رہنمائی کر رہی تھی۔

"اچھا تو یہ تمہاری رصدگاہ ہے" یاسمین نے کہا "جہاں بیٹھ کر تم ستاروں کا مشاہدہ کرو گے"

عمر اس کی طرف حیرت سے دیکھنے لگا "تم کو یہ کیسے معلوم ہوا؟"

"اوہ۔ یہ بھی کوئی چھپی ہوئی بات ہے۔ سڑکوں پر ــــ حماموں میں ــــ بازاروں میں ــــ ہر شخص کی زبان پر یہی ہے۔ نیشاپور کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ تم نے ملک شاہ کے سامنے تین پیشینگوئیاں کی تھیں اور وہ تینوں پوری ہو گئیں ــــ تم بہت کچھ جانتے ہو"

یاسمین نے سوچا کہ اسکا محبوب بادشاہوں تک کی قسمتوں کا حال بتا سکتا ہے ــــ یہ بڑے فخر کی بات تھی۔ یاسمین کے دماغ میں ستارہ شناسی کی ابتدا اور انتہا پیشینگوئیوں تک ہی محدود تھی۔

"آخر ہماری محبت کا انجام کیا ہوگا" عمر نے پوچھا "میں بہت ہی غریب آدمی ہوں جنتا روپیہ مجھے ملا تھا اس کا میں نے سامان خرید لیا"

"بیوقوف ــــ" یاسمین نے جھڑکا "اب تو تم شاہی منجم ہو چکے ہو اب میرے گھر پر کسی دوسرے شخص کو آنے کی جرأت نہیں ہو سکتی ــــ آج میں مسجد میں جا کر دعا مانگوں گی کہ ہماری یہ خوشی دائمی ہو جائے" وہ اٹھ کر چلی گئی۔

اس وقت پو پھٹنے والی تھی قبرستان کی قبروں کے دھندلے دھندلے سائے نظر آنے لگے تھے ــــ عمر اس تکیہ پر سر رکھ کر دراز ہو گیا جس میں یاسمین کے جسم کی بھینی بھینی مہک آ رہی تھی۔

عمر نے دوسرے روز اسکا انتظار کیا لیکن وہ نہ آئی۔ مایوس ہو کر وہ مطالعہ میں مصروف ہو گیا۔ وہ اس وقت نظموں کی کتاب پڑھ رہا تھا جس کے ہر ہر صفحہ پر ایک رباعی لکھی ہوئی تھی ـــ کتاب کے سرورق پر اس نے اپنے خیالات کو لکھ لیا جو شاید اسکی پہلی رباعی تھی۔

در میکدۂ عشق نیازے دارم　　با شمع رخش سوز و گدازے دارم
آنکہ بے عشق طہارت کردہ　　بارے بت خویش نمازے دارم

عمر نے سوچا تھا کہ یاسمین اس رباعی کو سن کر کتنا خوش ہو گی۔ کہ یہ رباعی صرف اس کے لئے ہی لکھی گئی۔ حالانکہ وہ جانتا تھا کہ یہ ایک معمولی رباعی تھی جو صرف ان الفاظ پر مشتمل تھی جو اس کے دماغ میں تھے۔

یاسمین دوسرے دن بھی نہ آئی ـــ نہ دوسرے دن ـــ اور نہ پھر تیسرے دن!

وہ چنار کے نیچے پہونچکر چشمہ کے کنارے گھنٹوں اس کا انتظار کرتا ـــ لیکن یاسمین کو نہ آنا تھا نہ آئی۔

روزانہ دوپہر کو وہ اس امید میں اپنے مینار پر چلا جاتا کہ شاید وہاں وہ اس کا انتظار کر رہی ہو لیکن ہر بار اس کو اپنا کمرہ خالی ملتا ـــ پھر اسے یقین ہو گیا کہ شاید وہ بیمار ہو گئی ہے ـــ اتنی بیمار کہ کوئی خبر بھی نہیں بھیج سکتی ہے۔

عمر اس وقت مسجد سے رصدگاہ کی طرف جا رہا تھا اسے راستہ میں وہی جانا پہچانا چیچک رو فقیر نظر آگیا عمر نے تیزی سے اسکی طرف بڑھکر اسے

کندھے پر ہاتھ رکھ دیا "تم نے اس کو بھی دیکھا ہے ـــــ وہی جو روز از چشمہ پر آکر مجھ سے ملتی تھی اور تم چھپے ہوئے ہم لوگوں کی نگرانی کرتے رہتے تھے۔"

فقیر کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں تیزی سے جھپکنے لگیں "اوہ ـــ وہ ـــ لیکن اب تو وہ گئی"

عمر کے لب ہلے "گئی ـــ کہاں؟"

فقیر نے اندازہ کر لیا کہ وہ اس موقع سے فائدہ اٹھا سکتا تھا۔

"میں نے سنا تھا" اس نے کہا "لیکن میں بہت بھوکا ہوں ـــ دو وقت ہو گئے ہیں اور ایک پیسہ بھی میرے پاس نہیں ہے"

عمر نے فوراً اپنی پیٹی کو ٹٹولا لیکن اس میں کچھ بھی نہ تھا۔ اس نے فقیر کو اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کیا اور ایک کابلی مہاجن کی دکان کی طرف چل دیا یہ مہاجن عمر کو جانتا تھا اور کئی بار اسے ادھار دے چکا تھا ـــ کابلی مہاجن کے سامنے مختلف سکوں کی ڈھیریاں لگی ہوئی تھیں۔ یونانی بازنطینی۔ بغدادی درہم ہر قسم کے اور ہر ملک کے چاندی۔ سونے اور تانبے کے سکے۔ کچھ گول تھے اور کچھ بیضاوی۔ کچھ سکوں کے بیچ میں سوراخ تھا جو ایک ڈوری میں پروئے ہوئے تھے۔

"مجھے ایک دینار دیدو خان" عمر نے کہا "اگلے چاند تک کیلئے"

"لیکن ہر چاند کو ایک نقرئی درہم بڑھ جائیگا" خان نے کہا۔

"جلدی کرو" عمر جھنجلا کر بولا اور ایک دینار لیکر اس نے فقیر کو دے دیا اور وہاں سے اس کو پارک میں لے گیا "اب مجھے صحیح بات بتا دو ـــ میں نے یہ دینار اسی لئے تم کو دیا ہے"

"اگر میں جھوٹ بولوں تو میرے شانوں پر سر نہ رہے ـــــ فقیر نے کہنا شروع کیا "کئی روز ہوئے اسکا باپ اور چچا اس کو مار رہا تھا کہ وہ کیوں غائب رہتی ہے ـــ پھر دوسرے دن اس کے یہاں کوئی سوداگر آیا اور ـــــ"

عمر خاموش رہا لیکن اس کے چہرہ کا رنگ سیاہ پڑ گیا تھا۔

"ان لوگوں نے ہی ابوالقاسم سوداگر کو بلایا تھا ـــــ پھر قاضی اور گواہ اکٹھے ہوئے ـــ میں نے اپنی آنکھوں سے ان لوگوں کو آتے ہوئے دیکھا ـــ اور بھی بہت سے مہمان تھے ـــ زعفرانی چاولوں۔ دنبہ کے کباب اور شربت سے سب کی تواضع کی گئی ـــ انھوں نے مجھے بھی کھانا کھلایا"

"اور یاسمین ـــ اسکا کیا ہوا۔ جلدی بتاؤ ـــــ"

فقیر سوچنے لگا "میں نے ایک فراش کو دوسرے فراش سے کہتے سنا تھا کہ وہ کئی روز سے برابر رو رہی تھی وہاں زبردستی دو تین آدمیوں کے ذریعہ لائی گئی ـــ اور اسکا نکاح ہو گیا ـــ ابوالقاسم نے اس کی بڑی قیمت ادا کی تھی کئی اونٹ اور بہت سے خیمے ـــ ابوالقاسم اپنی بیوی کو لے گیا"

عمر سکتے کے عالم میں فقیر کی صورت تک رہا تھا چہرہ شدت رنج و ضبط سے سرخ ہو رہا تھا۔ جب عمر رصدگاہ کی طرف چل دیا تو فقیر نے اس دینار کو پتھر پر بجا کر دیکھا ـــ وہ بالکل اصلی تھا اور نیا ـــ ایک لمبی سانس لے کر اس نے اس دینار کو بھی چاندی کے ان سکوں میں ڈال لیا جو تین روز پیشتر یاسمین کے چچا سے اس معاوضہ میں ملے تھے کہ اس نے یاسمین کے متعلق بتایا تھا کہ وہ روزانہ ایک نوجوان سے ملنے قبرستان والے مینار میں جاتی تھی

اسی خبر کو سن کر یاسمین کی شادی جلد سے جلد کر دی گئی۔

راستہ میں عمر کو تکش نظر آ گیا جو ایک جوہری کی دوکان پر بیٹھا ہوا فیروزے دیکھ رہا تھا۔ عمر نے اپنی ساری کہانی اسے سنا دی۔ کہ نوال نے کافی توجہ کے ساتھ پورا۔ اقصہ سنا پھر کسی گہرے خیال میں کھو گیا ـــ اگر یاسمین کوئی معمولی رقاصہ یا لونڈی ہوتی تو وہ بہت آسانی کے ساتھ اسے عمر کیلئے حاصل کر سکتا تھا۔ لیکن اس کا تو باقاعدہ نکاح ہوا تھا اور اب وہ اپنے شوہر کی ملکیت تھی ـــ تکش یہ بھی جانتا تھا کہ ان معاملات میں نظام الملک بہت سخت واقع ہوا تھا ـــ

"اب تو تیر کمان سے نکل چکا ـــ" تکش نے ہمدردانہ لہجہ میں کہا "کاش کہ تم پہلے ہی میرے پاس آ گئے ہوتے ـــ اب تو وہ نکاح کی فولادی زنجیروں میں جکڑی جا چکی ہے۔"

"لیکن تم یہ معلوم کر سکتے ہو کہ وہ کہاں ہے ـــ" عمر نے کہا "یہ شادی جبر کے ساتھ ہوئی ہے، وہ اس سے خوش نہیں تھی اور نہ اسکی مرضی سے ہوئی ہے ـــ تم صرف اسکا پتا تلاش کر دو پھر میں ـــ"

"یہ کتنی بڑی بات ہے" تکش نے بے کو جنبش دے کر کہا "میں آج ہی اپنے آدمیوں کو مختلف کاروانی سراؤں میں بھیج دوں گا یہ لوگ تم کو بتا دیں گے وہ کہاں مل سکتی ہے ـــ جب تک تم میرے پاس ہی رک جاؤ۔"

دوسرے روز تکش کے جاسوس بھی ناکام واپس لوٹ آئے انھوں نے بتایا کہ ابوالقاسم سوداگر شہری قافلہ میں بھی نہیں تھا ـــ وہ اپنی بیوی اور

چند غلاموں کو لیکر نامعلوم کس طرف چلا گیا ـــ یہ بھی نہیں معلوم ہو سکا کہ وہ کس سمت گیا تھا۔

تکش کا خیال تھا کہ اس جواب سے عمر مطمئن ہو جائیگا لیکن یہ غلط تھا ـــ عمر اپنی پرانی اور بوسیدہ عبا پہن کر بازار کی طرف روانہ ہو گیا پھر وہ سرائے کے دروازہ پر شتربانوں سے باتیں کرتے ہوئے دیکھا گیا اس کے بعد وہ اس طرح غائب ہو گیا کہ تکش کے سپاہی بھی اسے نہ پا سکے حالانکہ انھوں نے ابوالقاسم کی بہ نسبت عمر کی تلاش زیادہ سرگرمی اور جستجو سے کی تھی۔

عمر نے شتربانوں کے ساتھ پچاسوں میل کا سفر کر ڈالا ـــ مشہد میں پہونچکر اس نے تمام سرائوں کو چھان ڈالا۔ سوداگروں سے پوچھا ـــ ہر راستہ چلنے والے آدمی سے دریافت کیا ـــ مشہد کے گلی کوچوں کو چھانا لیکن بیکار ابوالقاسم کا پتہ نہ مل سکا ـــ امام کے مزار پر بھی ہو آیا جہاں آجکل زائرین کا تعداد میں آ رہے تھے لیکن وہاں بھی کامیابی نہ ہوئی ـــ ایک بار اسنے ابوالقاسم کا پیچھا شمالی کوہستانی تک کیا لیکن وہاں پہونچکر معلوم ہوا کہ وہ کوئی دوسرا ابوالقاسم تھا جو بخارا کے قالینوں کا سوداگر تھا ـــ

اس سفر کی تکان سے عمر کا جسم کافی تحلیل ہو گیا ـــ یاسمن کی فرقت کا غم اسے گھن کی طرح کھائے جا رہا تھا اس کی راتوں کی نیند اڑ گئی تھی ! اسے ہر وقت یہی خیال ستاتا رہتا تھا یاسمن بھی اس کے فراق میں اسی طرح تڑپ رہی ہوگی ـــ ممکن ہے کہ بیمار ہو گئی ہو ـــ نامعلوم غریب کو آرام پہنچا اور کس حال میں ہوگی ؟ ـــ

اسی طرح ہفتے اور پھر مہینے گذر گئے ۔۔۔ اب موسم گرما کا بھی اخیر ہو چلا تھا ۔۔۔ میدانوں کی نرم مٹی اب لوہے کی مانند سخت تھی ۔ گھاس کا دور دور پتہ نہ تھا ۔۔۔ عمر کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے تھے ۔۔۔ ہر طرف سے مایوس ہو کر اب عمر کو نیشاپور کی یاد ستانے لگی تھی ۔

گرمی کی زیادتی اور مسلسل سفر کی وجہ سے عمر کو بخار آگیا وہ دو ہفتہ تک بالکل صاحب فراش رہا جب بخار نے اس کا پنڈا چھوڑا تو وہ اُٹھا لیکن اب اتنا کمزور ہو گیا تھا دو قدم چلنے پر بھی چکر آتے تھے ۔۔۔ ایک خدا ترس شہدی سوداگر نے اپنا خچر اس کو دے دیا تاکہ وہ آرام کے ساتھ نیشاپور پہنچ جائے بخار کے ساتھ ہی عمر کے عشق کا بخار بھی بڑی حد تک اتر چکا تھا اب وہ سمجھ گیا تھا کہ اس طرح آوارہ گردی کرنے سے مقصد حاصل نہیں ہو سکتا ۔

آخر کار ایک ہفتہ مسلسل سفر کے بعد وہ نیشاپور پہنچ گیا ۔ شہدی کو شکریہ کے ساتھ خچر واپس کر کے وہ قبرستان کی طرف چل دیا ۔ اسے امید تھی کہ وہاں کوئی بھی نہ ہوگا ۔۔۔ وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ زمین و آسمان ہی بدل ہوا تھا اس پرانے اور شکستہ مینار کے بجائے ایک عالیشان اور نئی عمارت کھڑی ہوئی آسمان سے باتیں کر رہی تھی اس عمارت کے برابر ایک بہت شاندار برج بنایا گیا تھا ۔۔۔ عمارت کے چاروں طرف ایک خوشنما باغیچہ لگا ہوا تھا جس میں کئی مالی پانی دے رہے تھے ۔ برج کے اوپر ایک بہت بڑی دوربین لگی ہوئی تھی جس کی چمک سے آنکھیں خیرہ ہوئی جا رہی تھیں ۔ برج کے برابر باغیچہ میں ایک آبی گھڑی بھی نصب تھی ۔

بارھواں باب

ملک شاہی رصد گاہ

ایک بوڑھے معمار نے عمر کو پہچان لیا وہ دوڑتا ہوا اس کے پاس آیا اور جھک کر سلام کیا اس کے پیچھے پیچھے دوسرے لوگ بھی عمر کے چاروں طرف اکٹھے ہو گئے۔

"آپ کو رصد گاہ مبارک ہو سرکار" بوڑھے نے مودب ہو کر کہا "ہم لوگوں نے مہینوں سخت محنت کرنے کے بعد ان عمارتوں کو تیار کیا ہے۔ قدم رنجہ فرما کر ہم لوگوں کو انعام دیجئے"

عمر کی بوسیدہ عبا اور گرد آلود چہرہ کو دیکھ کر ہر شخص کو تعجب ہو رہا تھا۔ عمر رصد گاہ میں پہنچ گیا ایک کمرہ میں اس کا سارا سامان سجا ہوا تھا اس کی غیر موجودگی میں کسی نے اس کے سامان کو ہاتھ تک نہ لگایا تھا۔

"یہ تو بتاؤ کہ میرے نام کوئی خط تو نہیں آیا تھا یا کوئی زبانی پیغام؟" اس نے ایک ملازم سے پوچھا۔

"یا خواجہ" اس نے جواب دیا "آپ کے جانے کے بعد ملک شاہ کا قاصد روزانہ یہ دریافت کرنے آتا تھا کہ آپ تشریف لے آئے یا نہیں — میں نے ابھی ان سے پتہ خبر بھیج دی کہ حضور تشریف لے آئے ہیں"

"اس کے علاوہ کوئی خط"

"نہیں، سرکار۔۔۔ اس کے علاوہ نہ کوئی قاصد آیا اور نہ کوئی خط"

اپنے کمرے میں پہنچے ہوئے قالین پر عمر بیٹھ گیا۔ کئی ملازم اسکے پاؤں دھونے کے لئے چاندی کی صراحی اور سونے کی طشتری لے آئے۔۔۔ اسی وقت ایک بوڑھا آدمی کمرہ میں داخل ہوا اسکے نورانی چہرہ پر برف کی مانند سفید داڑھی تھی

"میرا نام سیمون ابن یحییٰ الواسطی ہے" بوڑھے نے کہا "میں جامعہ نظامیہ[1] بغداد کے شعبہ ریاضی سے تعلق رکھتا ہوں ۔۔۔ مجھے خواجہ نظام الملک نے اس درسگاہ کے نگران کے طور پر مقرر کیا ہے"

عمر نے خندہ پیشانی کے ساتھ بوڑھے ریاضی داں سے مصافحہ کیا

"میں نے بطلیموس کی المجسطی کا ایک قدیم نسخہ حاصل کر لیا ہے خواجہ سیمون نے کہا" اور خواجہ نظام الملک کی کوشش سے کانسی کا وہ کرۂ آسمانی (اسطرلاب) بھی مل گیا ہے جس کو شیخ الرئیس ابوعلی سینا استعمال کرتے تھے۔

"خوب" عمر نے کھوئے ہوئے لہجہ میں کہا۔

خواجہ سیمون خاموشی کے ساتھ وہاں سے کھسک گیا۔ جب کافی اندھیرا ہو گیا تو عمر آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا مینار کی سب سے اوپری منزل میں پہونچ گیا۔ بوڑھا ریاضی داں وہاں پہلے سے ہی موجود تھا اس نے

---

[1] جامعہ نظامیہ بغداد کی سب سے بڑی یونیورسٹی تھی اسکو نظام الملک طوسی نے قائم کیا تھا یہاں مختلف علوم کی ریسرچ ہوتی تھی یہ دنیا کی سب سے پہلی یونیورسٹی تھی۔

ان چاروں لیمپوں کو روشن کیا جو گلوب کے چاروں طرف کھڑے ہوئے تھے اور ان پر اس طرح شیڈ لگے ہوئے تھے کہ ان کی روشنی گلوب کے صرف نصف حصہ میں پڑتی تھی۔

عمر اس گلوب کے پاس جا کر اس پر جھک گیا اس پر مختلف سیاروں کے نشانات بہت خوبصورتی سے بنے ہوئے تھے۔ تمام خطوط انتہائی نفاست سے کھینچے گئے تھے ـــ ایک جگہ دم دار ستارے کی تصویر بھی بنی ہوئی تھی دریچہ سے اس نے آسمان پر دیکھا اور آہستہ آہستہ گلوب کو اس وقت تک گھماتا رہا جبتک وہ اس وقت کے کرۂ فلک کے مطابق نہ ہوگیا۔ اسکے ہاتھ افقی حلقوں کو تلاش کر رہے تھے۔

دوسرے روز تکش بھی وہاں آگیا "خدا کا شکر ہے کہ تم واپس آگئے" اس نے کہا "ہم نے تمھاری تلاش میں دن رات ایک کردیا۔ ہمارے آدمیوں کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ـــ دوسری طرف وزیراعظم کا عتاب ـــ خدا ہی جانتا ہے کہ کس کس طریقہ سے ان کے غصہ کی آگ کو ٹھنڈا کیا"

"میرے جانے کے بعد یاسمین کا بھی کوئی خط آیا تھا؟" عمر نے پوچھا۔

"یاسمین کون؟ اوہ وہ لڑکی!" کوتوال نے کہا "نہیں اس کا کوئی خط نہیں آیا"

"کچھ پتہ چلا؟"

تکش نے ہونٹ سکوڑ کر سر کو جنبش دی "نہیں ـــ اس کے علاوہ بھی تو نیشاپور میں سینکڑوں لڑکیاں ہیں ـــ تمہارے ایک اشارے کی دیر ہے

ایرانی ــــ سمرقندی ــــ چینی کنیزیں۔ بہت تربیت یافتہ اور ہوشیار ــــ اب وزیراعظم کے اطمینان کیلئے کوئی کام شروع کر دینا چاہیئے ــــ وہ آجکل بہت جھنجلائے ہوئے ہیں"

عمر خاموش تھا ــــ یاسمین کے علاوہ اس کے دماغ میں کوئی منصوبہ نہ آتا تھا۔

"سوچو ــــ غور کرو ــــ" تکش نے کہا "آخر جب تم خواجہ ابوالحسن کے یہاں تھے تو تمہارے دماغ میں کون سا پروگرام تھا؟"

"ایک نئی تقویم کا اجراء ــــ نئی جنتری"

"کیا؟"

"آفتاب کی صحیح حرکت معلوم کر کے سال اور دنوں کا از سر نو تعین کیا جائے۔"

"شمسی اور قمری جنتری تو پہلے سے ہی موجود ہے ــــ پھر نئی جنتری کی کیا ضرورت ہے"

"لیکن ان دونوں میں دشواریاں ہیں"

"وہ کیا؟"

"اللہ تعالیٰ نے آفتاب اور چاند کو روز و سال کے تعین کے لئے ہی پیدا کیا ہے" عمر نے کہا "تمام قوموں نے روز و شب کے تعین کیلئے آفتاب کے طلوع اور غروب کو مانا ہے اس طرح مہینے کے تعین کیلئے چاند واضح نشان ہے ــــ مشرقی قوموں نے جن کی سطح عموماً صاف رہتا ہے

اسی چاند کو مہینہ کا معیار مقرر کیا ہے لیکن جن ملکوں کا مطلع ابر آلود رہتا ہے اور وہاں کے لوگ پہلی تاریخ کو چاند دیکھنے سے عاجز رہتے ہیں ان کیلئے شمسی مہینہ کو معیار مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح ہر قوم نے اپنے اپنے معیار کے مطابق آفتاب اور چاند کے بارہ مہینوں کے مجموعے کا نام سال رکھا ہے۔"

"تو پھر اس میں دشواری کیا پیش آتی ہے؟" تکش نے پوچھا۔

"سب سے بڑی دشواری تو یہی ہے کہ زمین کے حوادث زیادہ تر آفتاب سے متاثر ہیں اور خاص طور پر زراعت کا دارومدار سورج پر ہے۔ موسم کے اوقات سے ہی فصلوں کی کاشت۔ پیداوار اور ربیع اور خریف کا کام انجام پاتا ہے اسی معیار سے ملک کی آمدنی خزانہ میں آتی ہے اس لئے جو قومیں قمری سال کو مانتی ہیں ان کو مجبوراً شمسی سال کو بھی ماننا پڑتا ہے۔ قمری طریقہ تو جاہل سے جاہل آدمی کیلئے بھی آسان ہے جب چاند سر شام ناخن کی مانند پتلا ہو کر مغرب کے افق سے نمودار ہوتا ہے تو ہر شخص سمجھ لیتا ہے کہ ایک مہینہ ختم ہوا اس کے متعلق فرمان نبوی بھی ہے اسی وجہ سے مسلمان ملکوں میں شمسی سال کو اختیار کرنے میں رکاوٹ پڑتی ہے لیکن اسلامی سلطنتوں کی سب سے بڑی دشواری مالی سال کو تنظیم دینے میں ہوتی ہے۔ اگر صرف زراعت کیلئے شمسی سال کو مان لیا جائے اور دوسرے کاموں کے لئے قمری سال کا استعمال ہو تو دونوں سالوں میں تقریباً ۱۱ دن ۹ گھنٹے کا فرق ہو جاتا ہے۔ اس طرح ہم لوگ کسی طرح بھی قمری سال کو ترک نہیں کر سکتے اور نہ یہ پسند کرتے ہیں کہ دوسری قوم کی مذہبی تاریخ کو بعینہ قبول کر لیں۔ میں

چاہتا ہوں کہ آفتاب کے دائرہ عظمیٰ کی حتو الامکان پوری پیمائش کر کے ایک نئی تقویم کا آغاز کیا جائے جس سے یہ ساری دقتیں دور ہو جائیں"

"کیا ہم قمری سال میں چند روز کا اضافہ کر کے شمسی نہیں بنا سکتے؟" تکش نے پوچھا۔ "یا کبیس کا اضافہ نہیں کر سکتے؟"

"نہیں ـــ اس کے متعلق قرآن میں واضح حکم موجود ہے ـــ اِنَّمَا النَّسِیٓءُ زِیَادَۃٌ فِی الْکُفْرِ ـــ اس طرح تو ہم حلال مہینوں کو حرام اور حرام کو حلال بنا لیں گے ـــ رمضان المبارک اور حج کے مہینوں کو بدلا نہیں جا سکتا۔ میں جس تقویم کی تلاش میں ہوں وہ بدعت حسنہ ضرور ہے لیکن صرف مالیہ کی وصولی کیلئے استعمال کی جائے گی"

خدا تمہاری حالت پر رحم فرمائے" تکش نے تشویش کن لہجہ میں کہا "یہ سرنوی لوگ تو تمہیں کچا ہی چبا جائیں گے ـــ اور یہ صحیح ـ خدا کا پیدا کیا ہوا چاند ہمارے لئے کافی ہے ـ حضور صلعم نے فرمایا تھا کہ "ہم[1] اُن پڑھ لوگ ہیں جو حساب و کتاب نہیں جانتے، مہینہ ایسے اور ایسے ہوگا ـــ یہ فرما کر آپ نے انگلیوں سے قمری مہینہ کے تیس اور انتیس دنوں کی طرف اشارہ کیا ـــ"

"قمری سال تو ہر حال میں جاری رہے گا ـــ اس سے کون انکار کرتا ہے میری تقویم تو صرف مالیہ کی وصولی کیلئے استعمال ہوگی ـــ یونانی۔ قبطی

---

[1] اِنَّا اُمَّۃٌ اُمِّیَّۃٌ لَا نَکْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ الشَّھْرُ ھٰکَذَا وَھٰکَذَا (بخاری سوم)

رومی، ایرانی، فرعون ہر قوم نے شمسی طریقہ کو اختیار کر لیا ہے لیکن ہم دوسروں سے پیچھے رہے ہیں"

"چرسا سب سمجھ کر دے ـــــ خدا تم کو اپنے حفظ و امان میں رکھے"

"مجھے ایک چوبی ستون بھی اس مینار کے قریب بنوانا ہے" عمر نے کہا "یہ ستون آفتاب کا سایہ ناپنے کے کام آتا ہے ـــــ آؤ میرے ساتھ چلو تو میں اس کی جگہ تم کو بتا دوں"

خواجہ میمون کو ساتھ لیکر یہ دونوں صحن میں آ گئے۔

"مجھے ایک ایسے چوبی ستون کی ضرورت ہے جو انسانی قد سے کم از کم پانچ گز بلند ہو" عمر نے کہا "وہ اتنا چوکس استادہ کیا جائے گا کہ ایک ناخن کا بھی فرق نہ ہو ـــــ میرے پاس کاریگر دو ہیں جو تمہیں دیکھتے گا میں ان کو سمجھا دونگا کہ ستون کس قسم کا ہوگا اور کہاں نصب کیا جائے گا۔

"اس کام کے لئے تو پہلے وزیر اعظم سے اجازت لینے کی ضرورت ہوگی" تکش نے کہا "کیونکہ کافی خرچ ہو جائیگا"

"یہ ہی طریقہ ایسا ہے جس سے ہم ایک بال کے برابر بدلنے والے آفتاب کے سایہ کی پیمائش کر سکتے ہیں" عمر بولا۔

"بال کے برابر!" تکش نے اپنا عمامہ سنبھالا اور خواجہ میمون کو دیکھنے لگا اسے امید تھی کہ بوڑھا ریاضی داں بھی عمر کی اس بات پر حیران ہو گیا ہوگا

"خواجہ کی بات صحیح ہے" میمون نے کہا "اگر ستون کو صحیح طور سے نصب کر دیا جائے تو ممکن ایسا ہی کام دے گا"

تھوڑی دیر تک ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد تکش وہاں سے رخصت ہوگیا۔ وہ اسوقت جلد سے جلد نظام الملک کے پاس جاکر ساری رپورٹ دینا چاہتا تھا۔

"لیکن نئی تقویم تو ملک میں ہنگامہ برپا کردے گی" نظام الملک نے تکش سے پوری روئداد سننے کے بعد کہا" علماء بھی اس کی سخت مخالفت کریں گے۔۔۔ میری سمجھ میں نہیں آتا مخالفت کے اس طوفان کو کس طرح روکا جائیگا۔۔۔ خیر ہوگا۔ دیکھ لیا جائیگا۔"

"اس کے علاوہ اس نے ایک چوبی ستون کیلئے بھی کہا ہے" تکش نے کہا" غالباً آفتاب کا سایہ ناپنے کے لئے"

"فوراً بنوا دو" نظام نے حکم دیا" یہ واقعہ ہے کہ اس تقویم سے ہمارے سلطان بہت خوش ہوں گے اور یہ کیا کم بات ہے کہ ان کے عہد میں جو تقویم جاری ہوگی اس سے ہزار ہا برس تک انکا نام دنیا میں رہے گا"

نظام نے سوچ لیا تھا کہ وہ ہر طریقے سے عمر کی مدد کریگا اور اپنی پوری طاقت سے مخالفت کی آندھی کو روکے گا۔ وہ جانتا تھا کہ ملک شاہ کے نام کے ساتھ دنیا میں اسکا نام بھی امر ہو جائیگا اور لوگ یہ کہیں گے کہ رصدگاہ ملک شاہی کے قیام میں نظام الملک کا بھی بڑا ہاتھ تھا۔

نظام الملک سے اجازت لیکر تکش کوتوالی میں آگیا۔ کوئی کوزہ پشت آدمی بہت دیر سے اس کے انتظار میں بیٹھا تھا تکش کو دیکھتے ہی وہ کھڑا ہوگیا اور اپنی جیب سے کوئی چیز نکال کر اس کے سامنے پیش کی جو رومال میں

بندھی ہوئی تھی۔

"میں حلب کی طرف سے آرہا ہوں حضور" کوزہ پشت نے کہا جو یقینی طور پر سلطان الپ ارسلان کا درباری مسخرا بختیار ہی تھا۔ "ایک عورت نے مجھے یہ جوشن دیا تھا کہ یہ آپ کو پہونچایا جائے اور آپ اسکو عمر خیام کو بھجوا دیں گے اس عورت نے یہ بھی بتایا تھا کہ وہ حلب جانے والی سڑک پر زبردستی لیجائی جا رہی ہے"

"صرف یہی چیز عمر کو بیقرار کر سکتی ہے" تکش نے فیروزے جڑے ہوئے بازو بند کو جیب میں رکھتے ہوئے اپنے دل میں کہا "خدا کی قسم اب میں اسکو دیوانہ بننے نہ دوں گا اور نہ وزیر اعظم کا غصہ مول لونگا ــــ بس اسکا ہی علاج ہے کہ نہ ہوگا بانس اور نہ بجے گی بانسری"

تکش نے طے کر لیا تھا کہ وہ اس جوشن کو جلد سے جلد کہیں پھینک کر اس سے نجات حاصل کریگا اس نے اپنی لمبی عبا کے بند لگائے اور شارع کتب فروشاں کی طرف روانہ ہوگیا۔ چشمے پر چھوٹے چھوٹے بچے کھیل رہے تھے اس نے وہ جوشن جیب سے نکالا اور بچوں کی نگاہ بچا کر چشمہ میں ڈالدیا ــــ تھوڑی دیر میں چشمہ کا پانی ساکن ہوگیا اور جوشن بھی صفحۂ ہستی سے غائب ہوگیا۔

تیرھواں باب

رصدگاہ کا افتتاح

اور رصدگاہ میں عمر کے ساتھ کام کرنے کے لئے نظام الملک نے دوسرے علماء ہیئت کو بھی دعوت دی تھی خواجہ میمون ابن نجیب الواسطی تو پہلے ہی موجود تھے اب خواجہ مظفر اسفزاری اور ابو العباس لوکری کا بھی اضافہ ہوگیا تھا یہ دونوں اپنے زمانہ کے زبردست عالم اور علم ہیئت کے خصوصی ماہر سمجھے جاتے تھے۔ رصدگاہ کے سارے انتظامات مکمل ہو چکے تھے اور اب اس کے افتتاح کی تیاریاں ہو رہی تھیں۔ افتتاح کے لئے خود سلطان ملک شاہ تشریف لانے والے تھے۔

دوپہر تک رصدگاہ کی عمارت کو دلہن کی طرح سجایا گیا۔ رصدگاہ کے چمن کی ہر روش پر بیش قیمت قالینوں کا فرش کیا گیا کیونکہ اسی جگہ سلطان اور دوسرے مہمانوں کے حضور کا انتظام تھا۔ صندل کی بیش بہا چوکیوں پر سطحوں کے مباحث اور شرح کی کتابیں سجائی گئیں۔

رصدگاہ کی نچلی منزل کے ایک بڑے کمرہ میں سلطان کا دربار ہونے والا تھا۔ کمرہ سایہ دار اور بلند تھا اس کی دیواروں پر نقش و نگار ہو رہے تھے اور چھت سے پرویز کے پردے پر ڈال دیئے گئے قالینوں پر

بیضاوی دائرے میں سیاہ آبنوسی کرسیاں ڈال دی گئیں ان کرسیوں سے تقریباً تین فٹ اونچا ایک چبوترہ بنایا گیا اس چبوترے پر دائیں بائیں گدے دار کرسیاں قرینے سے سجائی گئیں یہ کرسیاں مولویوں، شہزادوں، وزراء اور عمائدین سلطنت کیلئے تھیں۔ اس چبوترے کی مدد پر ایک دوسرا چبوترہ اس سے ایک فٹ اونچا بنایا گیا اس کے تین طرف سونے کا کٹہرہ لگا ہوا تھا۔ اس چبوترے پر بیش قیمت قالینوں کو بچھا کر ان پر دیباج کا فرش کر دیا گیا تھا اس فرش پر خالص سونے کا بنا ہوا تخت تھا جس پر بیش قیمت ہیرے اور فیروزے آویزاں تھے۔ تخت کے بالائی حصہ میں سچے موتیوں کی جھالر لٹکی ہوئی تھی۔

نیشاپور کے تمام مدرسوں، خانقاہوں اور بڑے بڑے خاندانوں کے سربراہ آج کے جلسہ میں شریک ہونے والے تھے خواجہ بوالحسن زنجانی نے بھی دعوت منظور کر لی تھی۔ نظام الملک نے ہر مہمان کا اسکی حیثیت کے مطابق استقبال کیا اور ان کی مخصوص جگہوں پر لیجا کر بٹھایا۔۔۔ آج کے مہمانوں میں ایسے لوگ تو بہت ہی کم تھے جن کو ہیئت یا نجوم سے دلچسپی تھی بلکہ وہ لوگ زیادہ تھے جو عمر اور اسکی رصدگاہ کے شدید مخالف تھے نظام الملک نے عمر کے کان میں کہہ دیا تھا کہ وہ ان لوگوں کے پیچھے کھڑا رہے اور خود ان کے سامنے جانے کی کوشش نہ کرے۔

وقت مقررہ پر سلطان بھی آ گیا اسکا لباس اس وقت گرد آلود ہو رہا تھا کیونکہ شکار سے وہ سیدھا یہیں واپس آیا تھا اس کے باوجود اس کے

چہرہ پر سکان یا تسلی مدہی کے بجائے شگفتگی تھی۔

جب نظام الملک نے سلطان کے سامنے عمر کو پیش کیا تو وہ کئی منٹ تک اس نوجوان ہیئت داں کو دیکھتا رہا" تو یہ ہیں عمر خیام" اس نے آہستہ سے کہا۔

"سلطان العالم کا ادنیٰ خادم" عمر نے سر جھکا کر آہستہ سے کہا۔

"ہم بھولے نہیں ہیں" سلطان نے مسکراتے ہوئے کہا" ملازگرد کی جنگ کے موقع پر تم نے پیشگوئیاں کی تھیں انکو شاید عمر بھر نہ بھول سکیں ـــــ حالانکہ ان میں سے ایک پیشگوئی ایسی تھی جس سے ہماری دنیا تاریک ہوگئی ـــــ ہم اپنے شفیق اور پیارے بابا سے اور دنیائے اسلام ایک بہت بڑے غازی سے محروم ہوگئی ـــــ اب تم اطمینان کے ساتھ یہاں رہو ہماری حکومت تم کو ہر قسم کی آسانیاں مہیا کرے گی۔

عمر سر جھکائے خاموش کھڑا رہا۔

"عالی جاہ ـــــ" نظام الملک نے آگے بڑھ کر کہا" عمر کا تقرر شاہی منجم کی حیثیت سے کر دیا گیا ہے ان کی تنخواہ کے علاوہ نیشاپور کے قریب ایک جاگیر بھی دیدی گئی ہے"

"بالکل ٹھیک" سلطان نے کہا اور پھر عمر کی طرف مخاطب ہوگیا "اچھا اب ہم دیکھیں گے کہ تم نے رصدگاہ میں کیا کیا کام کئے ہیں۔

رصدگاہ کی عمارت اور تمام آلات رصدگاہ کا معائنہ کرکے بادشاہ بہت خوش ہوا۔ خواجہ سیمون نے تفصیل کے ساتھ کرۂ فلک اور تمام آلات رصد کا استعمال

سلطان کو دکھایا۔ اس موقع پر مفتی اعظم بھی آگے بڑھ آئے وہ ان آلات اور رصدگاہ کے قیام سے کچھ خوش نہیں نظر آ رہے تھے۔

"مجھے ایک آیت اس وقت یاد آگئی ہے" مفتی اعظم نے کہا "قرآن شریف میں خدائے تعالیٰ فرماتا ہے ـــــ چاند اور سورج کے احترام میں مت جھکو بلکہ اس معبود حقیقی کا احترام کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے ـــــ اگر تم اسکی عبادت کرنا چاہتے ہو"

دوسرے علماء نے اس آیت کو سن کر مفتی اعظم کی تائید کی۔

"اللہ تعالیٰ یہ بھی فرماتا ہے کہ عمر نے فوراً جواب دیا "اسکی شان جبروت ـــــ اسکی قدرت کاملہ کی نشانیوں میں سے چاند اور سورج بھی ہیں ـــــ دن اور رات بھی ہیں ـــــ جبتک ان نشانیوں کی ـــــ ان علامتوں کی کھوج نہ لگائی جائے ہم اسے کس طرح پا سکتے ہیں"

ملک شاہ بالکل خاموش رہا ـــــ سارے دربار پر سناٹا طاری تھا ـــــ سلطان نے مفتی اعظم کے ساتھ اختتام کے بقیہ مراسم بھی ادا کئے اور رخصت ہونے کیلئے رصدگاہ کے دروازہ پر آگیا۔ اپنے گھوڑے پر سوار ہونے سے پہلے اس نے عمر کو بلایا۔

"کل کے دربار میں تمہیں وہ سزا نشانیوں کی خبر ـــــ عالم بیدار کی خفت دی جائے گی" وہ ایک جملے کے ساتھ گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ "اب تم ہمیشہ میرے پاس آیا کرو ـــــ خدا کی قسم مجھے چشمہ نیوا کی اشد ضرورت پڑتی ہے"

"لیکن یہ ہوا برا" نظام الملک نے دوسرے دن عمر سے کہا "میں نے منع کر دیا تھا کہ تم مفتی اعظم کے سامنے خاموش رہنا لیکن تم نے ترکی بترکی جواب دے کر سخت غلطی کی ـــــ اب دیکھو اسکا انجام کیا ہوتا ہے"

"میں نے تو صرف قرآن شریف کی ایک آیت پڑھی تھی" عمر نے متحیرانہ لہجہ میں کہا۔

"خیر دیکھا جائے گا ـــــ لیکن تمہیں ان معاملات میں دخل دینا نہیں چاہیئے تھا" نظام الملک نے کہا "کل مجلس شوریٰ نے تمہارے پروانہ تقرری پر دستخط کر دیئے ہیں اب تم کو بارہ سو اشرفیاں سالانہ بغیر کسی ٹیکس کی مجرائی کے ملا کریں گے"

عمر حیرت سے آنکھیں پھیلائے منہ کھول کر رہ گیا اسکے خواب و خیال میں بھی نہ تھا کہ اتنی بڑی رقم کا وہ ملازم ہو سکتا تھا۔

"سلطان ملک شاہ بھی تمہارا خاص خیال رکھتے ہیں" نظام الملک نے سلسلۂ کلام جاری رکھا "لیکن ہمیشہ یہ بھی یاد رکھنا کہ وہ اس شخص کیلئے تلوار کی نوک سے بھی زیادہ تیز ہیں جس پر سے ان کا بھروسہ اٹھ جائے تمہارا مقدر اسی وقت تک یاور ہے جبتک سلطان کی نظر عنایت تم پر ہے"

یہ باتیں ذکر بیسب معلوم ہوئی کہ اپنا کام کرنے کے باوجود بھی اسے نوجوان سلطان کو ہر طرح سے خوش رکھنا پڑیگا ـــــ نظام نے اسکے خیالات کو بھانپ لیا۔

"کوئی فکر نہ کرو ـــــ تم میری حمایت میں ہو" اسنے نرمی سے کہا

"اور خدا کا شکر ہے کہ اس وقت کسی شخص میں بھی اتنی ہمت نہیں ہے جو کھلم کھلا میری مخالفت کر سکے ـــــ اس کے علاوہ سلطان پر میرا اثر بھی کافی ہے۔"

عمر خاموش بیٹھا ہوا ان حالات پر غور کرتا رہا

"مجھے ایک عظیم الشان سلطنت قائم کرنا ہے ـــــ خلافت کی بنیادیں مضبوط کرنا ہیں" نظام الملک نے کہا "سلجوقیوں کے آنے سے پہلے بغداد کی خلافت برائے نام ہی رہ گئی تھی ـــــ ہارون رشید نے جو عظمت اور شان و شوکت قائم کی تھی اس کے تمام اعتبار مضمحل ہو گئے تھے ـــــ حکومت اسلامیہ کے بہت سے مرکز ہو گئے تھے لیکن سلجوقی ترکوں نے خلافت عباسیہ کے اقتدار کو دوبارہ چمکایا ـــــ بہت سے چھوٹے چھوٹے خاندانوں کو حکومت اور فرماں روائی کی کرسی سے جدا کر کے ایک عظیم الشان اور طاقتور سلطنت کو قائم کر کے خلیفہ کی بزرگی اور وقار کو قائم رکھا ـــــ

"سلطان العالم الپ ارسلان خلد آشیاں آندھی کی مانند مشرق سے مغرب کی طرف روانہ ہوئے انھوں نے چار سال تک خراسان پر حکومت کی ـــــ اور دس سال کے قریب پورے مشرقی وسطیٰ اور مغربی ایشیا پر حکمراں رہے۔ انھوں نے اپنی سلطنت کو دریائے جیحون کے مشرقی سواحل سے بحر روم کے کناروں تک وسیع کر لیا۔ الجزائر اور شام کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں توڑ کر ایک نظام سلطنت میں شامل کر لیا ـــــ حجاز، شام اور دمشق کو فاطمی اقتدار سے نکال لیا۔ روم اور گرجستان کی مغرور طاقتوں کو نیچا دکھا کر تمام

دنیا پر اپنی دھاک بٹھا دی ـــــ اس وقت سلطنت سلجوقیہ کی ٹکر کی کوئی دوسری اسلامی ریاست نہیں تھی ـــــ سلطان العالم کو اسی وجہ سے دربار خلافت سے الولد المؤید ضیاء الدین عضد الدولہ کے خطاب ملے ـــــ اب میری تمنا یہی ہے کہ سلطنت سلجوقی کا اقتدار کم نہ ہو ـــــ سلطان عالم کے لگائے ہوئے پودوں پر خزاں نہ آجائے ـــــ ملک شاہ نوجوان ضرور ہیں لیکن مجھے امید ہے کہ وہ بھی ایک پر ہیبت حکمران ثابت ہوں گے اور مخالفین کی آرزوئیں پوری نہ ہونے دیں گے ـــــ انشاء اللہ"

عمر کو معلوم تھا کہ نظام الملک کی کوششوں سے اب سلجوقی سلطنت سمرقند سے قسطنطنیہ تک تھی ـــــ اس کی کوششوں سے بغداد کے خلیفہ مقتدی نے ملک شاہ کی لڑکی کیلئے پیام دیا تھا اور پھر اتنی دھوم دھام سے شادی ہوئی کہ جہیز کا سامان ۱۲۰ اونٹوں ـــــ ۴۷ خچروں اور ۳۰ گھوڑوں پر بار تھا۔ ان جانوروں پر دیبائے رومی کی جھولیں پڑی ہوئی تھیں ـــــ چاندی کے سینکڑوں صندوق زیورات اور جواہرات سے بھرے ہوئے تھے ـــــ دوسری طرف اس نوجوان سلطان نے قسطنطنیہ کے بازنطینی شہنشاہ کی لڑکی سے خود شادی کر کے قیصر روم سے بھی یہ رشتہ قائم کر لیا تھا۔

"ان جہازوں میں سلطان اپنی فوج کے ساتھ بیت المقدس کی طرف کوچ کریں گے" نظام الملک نے کہا "در انشاء اللہ یہ مقدس شہر بھی فاطمیوں کے قبضہ سے نکال لیا جائیگا۔"

عمر کو نظام الملک کے اس یقین پر حیرت تھی کہ اسے بیت المقدس کی

فتح کا اس طرح یقین تھا جیسے یہ معمولی بات ہو۔

"اور یہ بھی ہمیشہ یاد رکھنا کہ اگر دشمنوں پر حملہ کرتے وقت سلطان ایک منجم پر بھروسہ کرتے ہیں تو اس حملہ کی تمام تر ذمہ داری اس منجم پر ہوگی" نظام الملک نے دوبارہ کہا "یہ بہت ذمہ داری کا کام ہے"

عمر نے سر کو جنبش دی اس کو اچھی طرح معلوم تھا کہ غلط پیشگوئیوں کے نتائج کیا ہو سکتے ہیں۔

"حکومتیں ہمیشہ دو ہاتھوں میں رہتی ہیں" نظام الملک نے سلسلہ کلام جاری رکھا "پہلے ہاتھ سلطان کا جس کے سر پر تاج ہوتا ہے اور دوسرا ہاتھ وزیر کا جو عمامہ باندھتا ہے ـــ پہلے ہاتھ سے جنگیں۔ اور فتوحات ہوتی ہیں۔ سزائیں اور معافیاں دی جاتی ہیں ـــ انعامات تقسیم ہوتے ہیں ـــ جبکہ دوسرے ہاتھ سے قانون بنتے ہیں جن پر عوام کو عمل کرنا ہوتا ہے ـــ احکامات کا اجراء ہوتا ہے۔ محاصل لگائے جاتے ہیں ـــ میں اپنے سلطان کی دل و جان سے خدمت کرنا چاہتا ہوں ـــ میرا یہی کام ہے کہ ان کی حکومت کی بنیادوں کو مستحکم بناؤں ـــ ممکن ہے کہ سلطان کبھی تم سے ملکی معاملات پر بھی رائے طلب کریں اس لیے انکے جوابات دینے سے پہلے تم کو مجھ سے مشورہ لینا ہوگا ـــ سمجھ گئے؟"

"خوب ـــ اچھی طرح" عمر نے جواب دیا۔ اس نے محسوس کر لیا تھا کہ اس کے بچپن کا ساتھی اس پر بہت زیادہ بھروسہ کرنے لگا تھا ـــ عمر کو یہ بھی یقین تھا کہ نظام الملک کی دیانت اور راستبازی اسکی ستون ہے

بھی زیادہ سخت محنت جو درسگاہ کیلئے بنایا گیا تھا۔

"میں نے وعدہ کیا ہے کہ میں ہر وقت تمہاری مدد کرونگا۔" نظام الملک بولا "ممکن ہے کہ سلطان اپنے ساتھ تم کو بھی جنگ پر لیجائیں۔"

عمر نے نظام الملک کو یہ نہ بتایا کہ اس سفر سے اسکا مقصد بھی حل ہو رہا تھا۔ اب وہ مغربی سڑکوں پر یاسمین کی تلاش کریگا۔ اسکے پاس اب دولت کی کمی نہ تھی۔ صاحب اختیار تھا ــــ غلام تھے گھوڑے تھے اور سب سے بڑی بات یہ تھی کہ سلطان کا منظور نظر تھا ــــ اب یاسمین کی تلاش میں کیا چیز مانع ہو سکتی تھی۔

چودھواں باب

زبردست سازش

عمر نے سب سے پہلی بار خطرہ اسوقت محسوس کیا جبکہ سلطان کی فوج دریائے فرات کو عبور کرنے کی انتظار میں تھی۔ دریا کا پل ایک جگہ سے تڑک گیا تھا اسلئے اس کی مرمت ہو رہی تھی لشکر فرات کے کنارے نہایت قرینے سے خیمہ زن تھا۔ قطار در قطار خیمے نصب تھے اور ان خیموں کے سامنے گھوڑے بندھے ہوئے تھے۔ اس پڑاؤ کے پیچھے قدیم شہر بابل کے کھنڈرات کا سلسلہ دور تک چلا گیا تھا۔ ابھی پل کی مرمت میں ہفتہ بھر کی دیر تھی۔ سلطان کی عادت تھی کہ اگر شکار میں نہ ہو تو فرصت کے اوقات میں مشاعروں اور اسی قسم کے دوسرے پروگراموں میں دلچسپی لیتا تھا۔ ہر سفر میں اسکے ساتھ ارباب نشاط کا ایک قافلہ ضرور چلتا تھا۔

آج بھی ان کھنڈروں کے ایک وسیع ہال میں چاروں طرف پردے لگا کر بیش قیمت ایرانی قالینوں کا فرش کیا گیا تھا۔ سلطان اور سرداروں کیلئے علحدہ علحدہ اسٹیج بنائے گئے تھے۔ ملک شاہ کے تخت کے قریب ہی عمر کیلئے جگہ مخصوص تھی۔

سلطان کے آتے ہی رقص و سرود کی محفل اپنی تمام تر رنگینیوں کے ساتھ

شروع ہو گئی۔ ایک مسخرہ ناچ رہا تھا اور ساتھ ہی ساتھ نقلیں بھی کرتا جا رہا تھا۔ اس کے دونوں کندھوں پر چھوٹی چھوٹی چاندی کی گھنٹیاں بندھی ہوئی تھیں اور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ ان سے عجیب قسم کی آوازیں نکل رہی تھیں۔ اس کے گلے میں ایک لمبا سا ڈھول پڑا ہوا تھا ـــــ اس مسخرہ کے بال کافی بڑے بڑے تھے اور ناچتے وقت کبھی چہرہ پر آجاتے اور کبھی پیچھے چلے جاتے۔

ناچنے والا عمر کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا اور اس نے جھک کر عمر کے سامنے ہاتھ پھیلا دیا ـــــ عمر نے اپنی جیب سے ایک چاندی کا سکہ نکال کر اس کی طرف اچھال دیا۔ اس نے کمال ہوشیاری کے ساتھ اس کو اپنی ہتھیلی پر لیا اور لہرا کر دوبارہ اچھلنے کودنے لگا۔

"ہا ہا ـــــ او جادوگر ـــــ ہو ہو ـــــ ہو ہو ـــــ جادوگر ناچنے والا بے تکے جملے گا رہا تھا اور ناچ رہا تھا" ہو ہو ـــــ ہا ہا ـــــ میں جادوگر ـــــ میرا باپ جادوگر ـــــ ہے ہے ہے ـــــ میں اولے برسا سکتا ہوں ـــــ ہا ہا ـــــ ہا ہا ـــــ میں آندھیاں ـــــ میں طوفان ـــــ میں بارش ـــــ ہو ہو ـــــ میں ہوں عمر قندی جادوگر ـــــ میں بتاؤں کہ تم کیا سوچ رہے ہو؟" مسخرہ نے عمر کو مخاطب کر کے کہا اس پر پورا دربار قہقہے لگانے لگا۔

"تب تو تم سچ مچ کے جادوگر ہو" عمر نے مسکرا کر کہا۔

"ہاں ـــــ میں ایرانی جادوگر ـــــ میں تورانی جادوگر ـــــ میرا باپ تھا بریانی جادوگر ـــــ لیکن تم یہ سوچ رہے ہو کہ یہ بیہودہ مسخرہ ہے

اسکا باپ بھی جادوگر نہیں ہو سکتا"

عمر خاموش ہو گیا یہ واقعہ ہے کہ وہ اس وقت یہی سوچ رہا تھا۔

ملک شاہ عمر کو دیکھنے لگا

"میں نے تمہارے دل کی بات بتا دی" مسخرہ نے کہا" اب میرے خیالات پڑھنے کیلئے تیار ہو جاؤ اور شاہی منجم ـــ صرف ایک باب پوچھنا ہے۔"

اس کے بڑے بڑے بالوں والا سر زور زور سے ہل رہا تھا اور وہ عمر کی طرف سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا" مجھے صرف اتنا بتا دو اور منجموں کے بادشاہ" اس نے جلدی سے کہا" صرف اتنا بتا دو کہ میں باہر کس راستہ سے جاؤنگا ـــ اس کھنڈر کے چار دروازے ہیں ـــ مشرقی ـــ مغربی ـ شمالی اور جنوبی کیا تم بتا سکتے ہو کہ میں کس راستے سے باہر جاؤنگا"

سارا دربار ہنسی کی وجہ سے لوٹ پوٹ ہو رہا تھا لیکن سلطان کی نظروں کو دیکھ کر عمر چونک پڑا ـــ ملک شاہ کہنیوں کے بل جھکا ہوا عمر کو اشتیاق بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا اسکی نظروں سے معلوم ہو رہا تھا جیسے یہ لوطی اور شاہی منجم کے ایک ہی اکھاڑے کے دو پہلوان ہوں۔

"لیکن یہ تو معمولی بات ہے" عمر نے آہستہ سے کہا" اور ـــ

"تم تو اس فن کے بادشاہ ہو" مسخرہ نے کہا" اگر یہ معمولی بات ہے تو بتا دو۔"

اس مسخرہ کے پیچھے اس کے دوسرے ساتھی بھی آکر کھڑے ہو گئے تھے

اور عمر کی خاموشی پر بے ہنگم طور پر تالیاں بجا بجا کر ہنس رہے تھے۔ دربار کی نگاہیں اس وقت عمر پر لگی ہوئی تھیں اور ملک شاہ عمر کے جواب کا بے چینی کے ساتھ انتظار کر رہا تھا۔

عمر یہ کہنے ہی والا تھا کہ ستارہ شناسی کا فن ایسے شعبدوں میں استعمال نہیں ہوتا لیکن یہ الفاظ اس کے ہونٹوں پر آکر رک گئے۔ اس نے محسوس کیا کہ سلطان کو یہ یقین ہو چکا تھا کہ اس مسخرہ نے عمر کے دل کی بات پڑھ لی تھی اس لئے اسکا جواب بھی دینا ضروری تھا وہ ملک شاہ کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانا نہیں چاہتا تھا۔

عمر سمجھ گیا تھا اس مسخرہ نے جان بوجھ کر یہ پھندہ اس کے لئے تیار کیا تھا یہ بھی ممکن تھا کہ اس کے پیچھے کوئی گہری سازش کام کر رہی ہو اسوقت کی ذرا سی لغزش بھی عمر کو سلطان کی نگاہوں سے اتار سکتی تھی۔

"ایک کاغذ اور قلم دوات لاؤ" عمر نے مطمئن لہجہ میں کہا۔

دونوں چیزیں فوراً ہی آگئیں قلم ہاتھ میں لے کر عمر سوچنے لگا — مگر کا جواب مگر سے ہی ہو سکتا تھا۔ اس مسخرہ نے چار دروازے بتائے تھے جن میں سے وہ جا سکتا تھا یہ چاروں دروازے نظر کے سامنے تھے — مسخرہ نے یہ نہیں پوچھا تھا کہ وہ کس دروازہ سے جائیگا بلکہ یہ کہا تھا کہ کس راستے سے جائیگا — اتنا اشارہ ہوشیار سمجھ کیلئے کافی تھا۔

اس نے کاغذ پر کچھ لکھ کر اسے تہہ کیا اور کھڑا ہو گیا — مسخرہ کی مہمل باتوں کا جواب دینے سے پہلے سلطان کی اجازت لینی ضرور تھی —

اجازت، حاصل کرنے کے بعد اس نے وہ پرچہ عمر دوان کے نیچے رکھ دیا جو ملک شاہ کے اس نے رکھا ہوا تھا اور پھر اپنی جگہ پر آ گیا۔

"اب جاؤ" اس نے مسخرہ سے کہا۔

مسخرہ کی آنکھیں چمکنے لگیں۔ اسے اپنی پوری کامیابی کا پورا یقین تھا۔

کئی بار ناچنے اور قلابازیاں کھانے کے بعد وہ تیزی کے ساتھ مشرقی دروازہ کی طرف جانے لگا اس کے شانوں پر لگی ہوئی گھنٹیاں [illegible] مشرقی دروازہ کے قریب پہنچ کر اس نے اپنی کامیابی کا نعرہ لگایا اور ایکدم مڑ کر اب وہ کمنڈر کی دیوار کی طرف بڑھ رہا تھا جس کی شکستگی چھپانے کیلئے پردے ڈال دیے گئے تھے۔ کارچوبی پردہ اس نے ایک طرف ہٹا دیا دیوار میں ایک چھوٹی سی کھڑکی موجود تھی پانچواں راستہ!

"وہ یہ دروازہ ہے" مسخرہ نے ہنستے ہوئے کہا "میں اس میں سے باہر جاؤں گا۔"

مسخرہ کے باہر نکلتے ہی وہ پردہ پھر اپنی جگہ پر آ گیا۔ سارے دربار کی زبان سے کلمہ تعجب نکلا اور پھر مکمل سناٹا چھا گیا۔ ملک شاہ نے چوبدار کو وہ پرچہ لانے کا حکم دیا جو عمر نے عمر دوان کے نیچے دبایا تھا

جب تک ملک شاہ نے وہ پرچہ کھولا، ہر شخص کی نگاہیں اس پر جمی ہوئی تھیں سلطان نے پرچہ کھول کر پڑھا اس کی آنکھیں خوشی سے چمکنے لگیں۔

"پانچویں دروازہ سے" سلطان نے بلند آواز سے پڑھا "واللہ۔۔۔ تم تو اپنے فن کے بادشاہ ہو" فرط مسرت سے سلطان کھڑا ہو گیا اس نے عمر کو

اپنے پاس بلا کر اس کے کندھوں کو تھپکا اور اپنے گلے سے فیروزے کی مالا اتار کر اس کے گلے میں ڈال دی۔ "تم ابو علی سینا ثانی ہو ـــــ خدا تمہاری عمر میں برکت کرے۔" پھر وہ ایک چوبدار کی طرف مخاطب ہوا "ہمارے منجم کو موتیوں میں تول کر ان موتیوں کو فوراً خیرات کر دو۔"

فوراً اس حکم کی تعمیل کی گئی کئی غلام موتیوں سے بھرے ہوئے خوان اور ایک طلائی ترازو لے آیا اور عمر کو تولا جانے لگا۔

"اور اس مردود کے منہ میں ـــــ سلطان نے غضب آلود لہجہ میں حکم دیا "اور اس مسخرہ مردود کے منہ میں دریائی ریت جبتک کہ اسکا پیٹ نہ بھر جائے ـــــ اس گستاخ کی یہی سزا ہے جس نے ہمارے منجم کا امتحان لینے کی جرأت کی۔"

جب دربار برخاست ہو گیا تو عمر بھی اپنے خیمہ کی طرف چل دیا اسکے پیچھے پیچھے کئی غلاموں کے سروں پر سلطان کے بخشے ہوئے خوان تھے جن میں موتی اور جواہرات تھے۔ عمر نے دیکھا کہ فراش کے میدان میں کئی حبشی غلام اس مسخرہ کو پکڑے ہوئے تھے ایک سپاہی چاقو سے اس کا منہ کھول رہا تھا اور دوسرا ترک سپاہی ایک خوان میں سے اٹھا اٹھا کر اس کے منہ میں ریت بھر رہا تھا۔ اس مسخرہ کا چہرہ بالکل سیاہ ہو گیا تھا اور ہیبتناک آواز سے ڈکرا رہا تھا۔ عمر تیزی کے ساتھ اس خیمہ میں آ گیا ـــــ

اس رات کو کافی دیر تک عمر ایک کتاب لکھتا رہا۔ اس کے خیمہ میں کوئی بھاگتا ہوا اندر آیا عمر نے اسکی طرف نظر اٹھا کر دیکھا وہ اس کا ہی غلام تھا اور اس وقت بہت حواس باختہ معلوم ہو رہا تھا۔ عمر نے آسمان کی طرف

نظر اٹھا کر دیکھا اسوقت ایک چوتھائی رات جا چکی تھی۔

"کیا ہوا زید؟" عمر نے پوچھا۔ "اس وقت کہاں سے آ رہے ہو؟"

"سرکار ـــــ میں عشاء کی نماز کے بعد سامنے والے کھنڈروں کی طرف ٹہلتا ہوا چلا گیا تھا۔" زید نے پھٹی پھٹی آواز میں کہا۔ "اس ٹیلے پر روشنی ہو رہی تھی ـــــ وہی ٹیلہ جو بڑے والے کھنڈر کے سامنے ہے"

"پھر ـــــ تو کیا ہوا؟"

"مجھے وہ روشنی عجیب معلوم ہوئی کیونکہ آج چاند بھی آسمان پر نہیں ہے ـــــ میں اور آگے بڑھا تو میں نے چند سائے متحرک دیکھے ـــــ میرا اشتیاق بڑھا اور میں کھنڈر کی آڑ لیتا ہوا ٹیلے کے بالکل قریب پہونچ گیا ـــــ وہاں ایک لاش پڑی ہوئی تھی اور ایک بڑا گدھ نما جانور اس کے قریب پھر رہا تھا ـــــ

"وہ سب سے اونچا ٹیلہ تو مشہور ہے" عمر کے دوسرے غلام نے کہا جو خاموشی کے ساتھ اس کہانی کو سن رہا تھا۔ "یہ بات ہر شخص کو معلوم ہے کہ وہاں بھوت رہتے ہیں ـــــ تم نے بھی آج بھوت دیکھ لئے"

"وہ لاش اسی مسخرہ کے تھی جس کے پیٹ میں ریت بھری گئی تھی" زید نے کہا۔ "میں نے اچھی طرح سے اس کو پہچان لیا ہے۔"

"لاؤ ـــــ ایک مشعل لاؤ" عمر نے کہا۔ "اور میرے ساتھ چلکر راستہ بتاؤ"

عمر چاہتا تھا کہ ان دونوں کو لیجا کر انکا ڈر نکال دیا جائے ورنہ یہ رات بھر پریشان کریں گے۔ دونوں غلاموں نے بادل ناخواستہ حکم کی تعمیل کی اور عمر کے پیچھے پیچھے روانہ ہو گئے لیکن وہ دونوں اس سے اتنے مل کر چل رہے تھے

جیسے اسی کے جوتے میں پاؤں رکھے رہے ہوں دونوں کا ڈیل ڈول بہت ملتا تھا اور دونوں کانپ رہے تھے۔ کیمپ سے نکلنے کے بعد وہ ایسے راستہ میں سے گذرے جو ایک ٹوٹی ہوئی دیوار کے شگاف سے بنا گیا تھا اب وہ ٹیلہ بالکل سامنے تھا۔

"وہاں پہنچنے کیلئے" دفعتاً ایک بڑا سا سر سے کا شدید نے بتایا "آپ کا غلام یہیں آپکا انتظار کریگا" وہ سوئے غلام کے بھی قدم رک گئے ان دونوں کی جست نے آگے بڑھنے سے جواب دیدیا تھا۔

عمر نے زید سے مشعل لی اور آگے بڑھنے لگا ابھی وہ دس قدم بھی آگے گیا ہوگا اس نے اپنے پیچھے کسی کے قدموں کی آواز سنی ۔۔۔ پیچھے مڑ کر دیکھنے پر معلوم ہوا کہ وہ دونوں غلام اپنی پوری قوت کے ساتھ سر پر پاؤں رکھے ہوئے کیمپ کی طرف بھاگے جا رہے تھے۔ وہ کیمپ بڑھتے ہوئے ہر کھٹکے پر وہ چونک کر ادھر ادھر دیکھ لیتا پھر آگے بڑھ جاتا ۔۔۔ اب وہ ٹیلہ کے اوپر کھڑا ہوا تھا۔ اس کے سامنے ایک قدیم مندر کے کھنڈر تھے۔ اور آگے بڑھنے پر اسے ایک تیز روشنی بھی نظر آنے لگی تھی جو ایک شکستہ دیوار کے شگاف سے باہر آ رہی تھی۔ یہ معمولی شمع یا لیمپ سے غیر معمولی تیز روشنی تھی۔ اس کے شگاف میں بیٹھا ہوا ایک آدمی نظر آیا جو اس طرح بیٹھا تھا جیسے اس کے پیر اٹھا رہے ہو وہ ٹھگنے قد کا اونچا تھا گھنی پلکیں۔ چوڑی پیشانی اور گھونگھریالے بالوں کی سیاہ داڑھی ۔۔۔ اس کے چوڑے چکلے کندھوں پر عربی رومال پڑا ہوا تھا لیکن صورت شکل سے وہ عربی النسل معلوم نہیں ہو رہا تھا۔ اس کے قریب ہی

ایک راستہ پڑی ہوئی تھی جس کی پسلیوں میں ایک تیر آ دھے سے زیادہ اتر چکا تھا۔ عمر کی نگاہیں ایک قوی ہیکل پرندے پر پڑیں جو اس اجنبی کے قریب ہی ایک چٹان پر بیٹھا ہوا پروں کو پھڑپھڑا رہا تھا ـــــ عمر کو یہ پتا تھا کہ وہ گدھ یا باز ہوگا لیکن غور سے دیکھنے پر معلوم ہوا کہ وہ عقاب تھا۔ ایک بہت بڑا اور شاہی قسم کا عقاب۔ عمر کو دیکھ کر وہ عظیم الجثہ پرندہ ساکن ہو گیا اس کی پھنکار اور گول گول آنکھیں عمر پر لگی ہوئی تھیں۔

"یہ میرا ساتھی ہے۔" اجنبی نے انتہائی میٹھے لہجہ میں عقاب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "میں اس کے ذریعہ ہفتوں کا سفر گھنٹوں میں کر لیتا ہوں! ـــــ یہ مجھے اونچے اونچے مقامات پر لیجاتا ہے ـــــ اس کے ذریعہ میں دریاؤں اور پہاڑوں کو آسانی سے عبور کرتا ہوا ایک ملک سے دوسرے ملک کی سیر کرتا ہوں۔"

"لیکن آپ کی تعریف؟" عمر نے پوچھا۔

"تم مجھے بھول گئے تھے دوست کے لڑکے۔" اجنبی نے تلخی لہجہ میں کہا۔ "میں نے تم کو دیکھتے ہی پہچان لیا تھا۔"

"تو تم اصباح کے لڑکے!" عمر نے حیرت زدہ کہا۔ اس کی آنکھیں حیرت سے پھیلی ہوئی تھیں۔ "میں تم کو کس طرح پہچان سکتا تھا ـــــ تم کتنے بدل گئے ہو حسن!"

"ہاں۔ ہم لڑکوں کو مرتے ہوئے بھی تو بیس سال سے زائد ہو چکے ہیں لیکن مجھے آج بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ کل کی بات ہے اور تم۔ تم اور نظام ساتھ بیٹھے پڑھتے رہتے ہیں ـــــ نظام تو اب بہت بڑا آدمی ہو گیا ہے شاید ہی اپنے مکتب کے پرانے ساتھی کو پہچان سکے۔"

"کیا اس غلام کا کام تم نے ہی تمام کیا ہے؟" عمر نے پوچھا

"وہ تو خود ہی مر رہا تھا میں نے اس کی مشکل آسان کر دی ـــــ"

عمر سوچنے لگا ـــ اب اسے یقین ہو گیا تھا کہ مسخرہ بن صباح کا ہی آدمی تھا اور آج کے سارے واقعات حسن کے اشارے سے ہوئے تھے ـــ لیکن وہ حسن کے گٹھے ہوئے بازوؤں کی دیکھ کر خاموش ہو گیا جو کسی ارنے بھینسے کے مانند سخت اور موٹے تھے۔

"میں نے اس لئے اس مسخرہ کو یہاں اٹھوا لیا کہ وہاں زندہ ہوتے ہوئے اس کو کتے نجھوڑتے" حسن نے دوبارہ کہا "اب اس اونچی جگہ عرف گدھ اور دوسرے پرند اطمینان کے ساتھ اسکی ہڈیوں کو صاف کریں گے ـــ اسکی موت یقینی تھی چاہے اب ہو یا ایک گھنٹے کے بعد کیونکہ اس کے پیٹ میں گلے تک ریت بھری ہوئی ہے"

"کیا تم آج کے تماشے کا نتیجہ سننے کے لئے آئے تھے" عمر نے طنز بھرے لہجہ میں کہا۔

"نہیں مجھے دوستوں کی تلاش ہے ـــ سچے دوستوں کی تلاش" حسن نے کہا "اگر مجھے عمر خیمہ دوز جیسے چند دوست مل جائیں تو خدا کی قسم دنیا میں تہلکہ ڈال دوں ـــ حکومتیں بدل دوں"

"لیکن میں ملک شاہ کا نوکر خوار ہوں۔ انکا ملازم ہوں" عمر نے کہا "تم ان کے مخالف ہو ـــ میری اور تمہاری دوستی کس طرح نبھ سکتی ہے"

"کوئی ہرج نہیں ہے ـــ خوب اچھی طرح غور کر لو ـــ سوچ لو ـــ سمجھ لو"

حسن نے کہا "مجھے معلوم ہے ایک روز ضرور ایسا آئیگا جب تم کو میری دوستی کی ضرورت ہوگی ـــــ اس کے علاوہ مجھے مکتب کے اس وعدہ کا ایفا بھی کرنا تھا کہ ہم تینوں میں سے جو شخص بھی بڑا آدمی ہوگا وہ ایک دوسرے کی مدد کریگا ـــــ نظام الملک کی دوستی تو لڑکپن کا سا ابال ہے اس کے بھروسہ پر نہ رہنا ـــــ"

عمر نے کوئی جواب نہ دیا

"اچھا اب میں جاتا ہوں" حسن نے کہا اور آہستہ سے تالی بجائی۔ ٹیلے کی وہ پراسرار روشنی فوراً ہی بجھ گئی۔ حسن نے عمر کا ہاتھ پکڑا اور ٹیلہ سے نیچے اترنے لگا۔ گہری تاریکی ہونے کی وجہ سے عمر کو کچھ نظر نہیں آرہا تھا لیکن حسن ان راستوں سے واقف معلوم ہوتا تھا وہ بہت آسانی کے ساتھ نیچے اتر رہا تھا اپنے پیچھے عمر نے پروں کی پھڑپھڑاہٹ اور بھد بھد کی آواز سنی جیسے کوئی جانور انکا پیچھا کر رہا ہو ـــــ پھر ایک لفظ کہے بغیر حسن نے عمر کا ہاتھ چھوڑ دیا اور تاریکی میں غائب ہوگیا۔

کسی پرند کے بازوؤں کی پھڑپھڑاہٹ اور اڑنے کی آواز آئی پھر غائب ہوگئی

اپنے خیمہ میں پہونچکر عمر نے دیکھا کہ وہ دونوں غلام لیمپ جلائے ہوئے بیچینی کے ساتھ اسکا انتظار کر رہے ان کے زرد چہروں سے معلوم ہو رہا تھا کہ انکو عمر کی واپسی میں بھی شک تھا۔

پندرھواں باب

بیت المقدس

ملکشاہ (الپ ارسلان کی زندگی ہی میں) شام اور فلسطین کا بڑا حصہ مصری فاطمیوں سے لیا جا چکا تھا۔ حجاز اقدس پر بھی سلجوقیوں کا قبضہ تھا۔ صرف اب بیت المقدس کو بھی مجوزی سلطنت میں داخل کرنا بہت ضروری تھا جس پر مصر کے فاطمی خلیفہ کا اب بھی قبضہ تھا۔

بیت المقدس پر سلطان نے خود چڑھائی نہ کی بلکہ اپنی فوج کے بڑے حصہ کو امیر عزیز کی سرکردگی میں روانہ کر دیا اور خود حلب میں مقیم رہا کیونکہ دوسری طرف شمال میں بازنطینی مہم بھی جاری تھی اور رومی قلعداروں پر چڑھائی ہو رہی تھی ترکی سرداروں کے گروہ کے گروہ ملک شاہ کی فوج میں شامل ہو رہے تھے۔

عمر کو یہاں پڑے پڑے جی اوب گیا تھا اور جس کام کیلئے وہ آیا تھا وہ بھی نہ ہو سکا اس نے طے کر لیا تھا کہ وہ امیر عزیز کے پاس ضرور جائیگا جس نے بیت المقدس پر قبضہ کر لیا تھا اس بہانے سے وہ سفر میں یاسمین کی تلاش بھی کرتا رہیگا اور مسجد اقصیٰ کی زیارت بھی ہو جائیگی اسنے ابھی تک حلب کا کونا کونا یاسمین کی تلاش میں چھان ڈالا تھا لیکن اس شہری سوداگر کا پتہ نہ چل سکا جس کے ساتھ یاسمین سفر کر رہی تھی اسنے سوچا تھا کہ مغربی سڑکوں پر قافلے بہت آتے جاتے رہتے ہیں اسلئے ممکن ہے کہ ابوالقاسم کا پتہ

چل جائے ایک روز تنہائی پاکر اسنے سلطان سے عرض کیا اور بیت المقدس کے سفر کی اجازت مانگی "مسجد اقصیٰ میری طرف سے بھی شکرانہ کے نفل پڑھ دینا" سلطان نے کہا۔ "میری تمنا تھی وہاں پہونچکر خود یہ نفل پڑھتا لیکن خدا کو ابھی منظور نہیں ہے"

ملک شاہ کو اس آدمی پر بھروسا تھا کہ عمر اسکے پاس سے اسوقت نہ جائے کیونکہ اس وقت تین ستارے مریخ، زحل اور مشتری ایک ہی برج میں تھے — اور ملک شاہ کی پیدائش کے وقت بھی یہی ستارے اسی برج میں تھے سلطان کیلئے یہ نہایت اہم وقت تھا اور اسے قدم قدم پر عمر کے مشوروں کی ضرورت تھی لیکن مسجد اقصیٰ کی زیارت کو وہ رد نہ کر سکا اور اپنے باڈی گارڈ کے خاص رسالے میں سے دس چنے ہوئے سپاہی اس کے ساتھ کر دیئے تاکہ پورے سفر میں وہ اس کے محافظ رہیں۔ اس نے حکم دیدیا تھا کہ بیت المقدس پہونچنے کے بعد دو سپاہی ہر وقت اسکے ساتھ رہیں اور ایک لمحہ بھی اس کو نظروں سے اوجھل نہ ہونے دیں۔

گمنام اور پرپیچ صحرائی راستوں سے عمر کا سفر جاری رہا۔ اس نے دمشق کے بازاروں اور سرایوں میں یاسمین کو تلاش کیا — پھر وہاں سے کوہ لبنان کی دشوار گزار گھاٹیوں سے گذرنے لگا جن کی چوٹیاں برف سے ڈھکی ہوئی تھیں۔ ایک طرف پہاڑی سلسلہ تھا دوسری طرف سمندر لہریں مار رہا تھا — پہاڑی دروں میں سے کبھی کبھی آبادیاں اور سبزہ زار بھی نظر آجاتے تھے۔

اب وہ بحر روم کے کنارے کنارے سفر کر رہا تھا یہاں یونانیوں اور رومیوں کا بنایا ہوا پتھر کا بندرگاہ تھا جو اب تقریباً اجڑ چکا تھا۔ اس کے بعد

کوہ کارمل کی چڑھائی شروع ہوگئی۔ میلوں تک سمندر کا خوشنما منظر نظر کے سامنے رہا۔ اس پہاڑ پر گھاس وغیرہ کچھ نہ تھی بلکہ بہت سے حصے بالکل منڈے تھے اسی پہاڑ پر عمر کو بہت سے عیسائی راہب ملے۔

پہاڑ سے اترتے وقت گلیلی کی خوشنما جھیل نظر آنے لگی ـــ اس کی وادی میں گندھک کے چشمے بھی بہتے تھے اور کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ یہ پوری وادی شیاطین کی آبادی سے پر تھی ـــ ان شیاطین کے لمبی لمبی داڑھیاں بھی تھیں اور لوگ ان کو یہودیوں کے نام سے پکارتے تھے۔

اب بیت المقدس قریب آتا جارہا تھا کہ سلطانی فوج کے قیام اور خیموں کے نشانات ملنا شروع ہوگئے تھے اب وہ سانپ کی طرح بل کھاتی ہوئی پہاڑیوں گھاٹی میں سفر کر رہے تھے جن کے دونوں طرف پہاڑی سلسلہ عجیب معلوم ہو رہا تھا۔

عمر جب ملک شاہی کیمپ میں پہنچا تو رات کا وقت تھا اس نے امیر جنیہ کے خیمہ میں ہی قیام کیا۔ دن نکلتے ہی وہ شہر دیکھنے کے لئے روانہ ہوگیا ـــ وہ شہر جو مسلمانوں۔ عیسائیوں اور یہودیوں کے لئے ہر ایک کے لئے مقدس تھا۔

مسجد اقصیٰ پہنچکر اس نے ان مولویوں سے ملاقات کی جو سلطانی فوج کے ساتھ آئے تھے اور اب نماز پڑھاتے تھے ـــ فاطمی خلیفہ کا خطبہ منسوخ ہوکر اب خطبہ میں عباسی خلیفہ اور سلجوقی سلطان کا نام لیا جاتا تھا ـــ فاطمی وفاداروں نے اب شہر خالی کر دیا تھا۔

سب سے پہلے وہ صخرہ شریف پر پہونچا یہاں ہاتھ اٹھا کر اس نے دعا کی اور سلام پڑھا۔ یہ ایک بڑی عالیشان پتھر کی چٹان تھی جو پہلے ہوا میں بالکل معلق تھی لیکن اب اس کے نیچے دیواریں بھی بنا دی گئی تھیں اور ایک عالیشان قبہ سلطان عبدالملک ابن مروان نے ۷۲ھ میں بنوایا تھا۔

جب عمر نے فاتحہ ختم کی تو اسی وقت کسی نے اس کے شانے پر پیچھے سے ہاتھ رکھدیا "السلام علیکم" وعلیکم السلام اس نے جواب دیا اور مڑ کر دیکھا اس کا پرانا دوست حسن بن صباح ایک اجنبی کے ساتھ کھڑا ہوا مسکراتے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا اسوقت وہ عربی لباس میں تھا اور اس روانی سے عربی بول رہا تھا جیسے یہ اسکی مادری زبان ہو۔

"خدا کا شکر ہے اپنے دوست سے دوبارہ ملاقات ہوگئی" اسنے کہا "تم کو یہ بھی معلوم ہے کہ یہ معلق چٹان کیا چیز ہے؟"

عمر کے جواب دینے سے پہلے حسن نے کہنا شروع کیا "اس کو تخت رب العالمین کہا جاتا ہے اور اسی پر پائے مبارک صلعم کا نشان ہے جب آپ معراج کو تشریف لے گئے تھے تو ایک قدم اس پر رکھا تھا ــــ قیامت کے دن خدائے تعالیٰ کی عدالت یہیں ہوگی ــــ یہیں میزان ہوگی اور یہیں سے اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے ــــ آؤ میرے ساتھ انکے نیچے چلو" اس نے کہا اور ایک مشعل جلانے لگا وہ اس مقام سے کافی واقف معلوم ہوتا تھا۔ اس کے بعد وہ تینوں صخرہ کے نیچے گئے۔ ہر شخص پر اسوقت ہیبت طاری تھا اور حسن جیسا لحیم شحیم آدمی بھی کانپ رہا تھا ان لوگوں نے

سر مبارک کے نشان کی زیارت کی اور باہر نکل آئے۔

اس کے بعد مصلّٰے امیر حمزہؓ۔ حضرت داؤدؑ۔ حضرت سلیمانؑ حضرت ابراہیمؑ حضرت یحییٰؑ اور حضرت زکریاؑ پر حاضری دی۔ جائے عدالت حضرت داؤد دیکھی۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے مکان کی زیارت کی جو چار ہزار برس کا تھا اس کے ایک حصہ کو باب توبہ اور دوسرے حصہ کو باب رحمت کہتے ہیں

اب یہ خستہ پارٹی جامع عمر سے گزرتی ہوئی مسجد اقصیٰ کے اندر پہنچ گئی اس مسجد کے متعلق کہا جاتا ہے کہ حضرت سلیمان نے اجنّہ سے بنوائی تھی۔ کیونکہ اس میں پتھر کے عالیشان ستون اور پتھر کی بڑی بڑی چٹانیں لگی ہوئی ہیں۔ یہی حضرت سلیمان علیہ السلام کا خلوت خانہ بھی تھا۔

"اس مقدس مقام پر ترکوں نے خون بہا کر اچھا نہ کیا" حسن نے کہا "عنقریب ان سے یہ شہر لے لیا جائیگا"

"کون لے گا" حسن کے ساتھی نے پوچھا۔

"یہ خدا کو خبر ہے" حسن نے کہتے ہوئے لہجہ میں جواب دیا لیکن مجھے یقین ہے کہ بیت المقدس ترکوں کے پاس نہیں رہ سکتا"

اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ ترکوں کے دشمنوں سے تمہارا میل ہے" اس اجنبی نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا" یا سلطانی فوج تمہارے اختیار میں ہے"

حسن نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس کا ساتھی بہت موٹا تازہ ادھیڑ عمر کا تھا اس کی آنکھیں سرخ اور چمکدار تھیں۔ وہ بہت کم بولتا تھا

لیکن جب بھی کچھ کہنا سوچ سمجھ کر اور جچے تلے الفاظ میں۔ حسن نے بتایا کہ اسکا دوست حشام بہت بڑا سوداگر تھا

"توریت المقدس مسلمانوں کے علاوہ دوسری قوموں کیلئے بھی کافی اہم ہے" عمر نے کہا اب یہ لوگ مسجد سے باہر نکل آئے تھے۔

"بیشک" حسن نے کہا "تم نے مسجد عمر کے پاس عیسائیوں کا گرجا بھی دیکھا ہوگا ـــ عیسائیوں کا خیال ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس گرجا میں پیدا ہوئے تھے۔ وہیں حضرت عیسیٰ کو غسل دینے کی جگہ ہے اور ہنوز وہ جگہ رکھا ہوا ہے ـــ عیسائی اس کا طواف کرتے ہیں اور شوال کے مہینہ میں انکا ہجوم ہوتا ہے ـــ یہی وہ مقام ہے جہاں یوحنا حواری کی قبر ہے ـــ وہ غار بھی یہیں ہے جہاں صلیب پھینکی گئی تھی اور پھر دوبارہ برآمد ہوئی تھی۔

اس کے علاوہ یہودیوں کا بھی یہ متبرک مقام ہے ـــ مسجد اقصیٰ کی غربی دیوار تو یہودیوں کے رونے کے لئے مخصوص ہے۔ یہ ہیکل سلیمانی کا حصہ ہے اور ہر جمعہ کی دوپہر سے سنیچر کی شام تک یہودی وہاں جمع ہوکر کچھ پڑھتے ہیں اور روتے ہیں۔ جب انکا کوئی عالم آتا ہے تو رلائی اور بھی شدید ہو جاتی ہے"۔

بہت دیر تک ادھر ادھر گھومنے کے بعد اب یہ لوگ ایسے پہاڑ پر چڑھ رہے تھے جس پر زیتون کے درختوں کی کثرت تھی ان درختوں کے نیچے بہت سے فقیر اپنے گلوں میں صلیبیں ڈالے ہوئے لیٹے تھے ان کے

منڈلے ہوئے سرسیاہ پتھروں پہ خوب چمک رہے تھے۔

"یہ جبل زیتون ہے اور عیسائیوں کا مقدس مقام ہے" حسن نے کہا "اسی پہاڑ پر وہ گرجا بھی ہے جس میں حضرت عیسیٰ کو مصلوب کیا گیا تھا۔ یہ زیتون کا جنگل حضرت موسیٰ کے زمانہ کا ہے اور یہاں دو ہزار برس پرانے درخت تک ہیں۔"

"واقعی ہو گا" حشام نے کہا "یہ دیکھئے بعض درختوں کی جڑیں ایسی معلوم ہو رہی ہیں جیسے پتھر کی ہوں۔"

"اور یہ پہاڑی سلسلہ کہاں تک چلا گیا ہے" عمر نے پوچھا۔

"پچاس میل سے زیادہ ـــــ اس کے نیچے نیچے بحر لوط[1] لہریں مارتا ہوا چلا گیا ہے۔ اس سمندر کا پانی بالکل کڑوا ہے اسی لئے کوئی سمندری جانور اس میں نہیں ہے۔ اس کا پانی بھی اس قدر بھاری ہے کہ کوئی چیز اس میں ڈوب نہیں سکتی۔ اگر کوئی آدمی اس پر چت ہو کر لیٹ جائے تو میلوں اسی طرح بہتا ہوا چلا جائیگا۔"

اب سورج نے آگ کے گولے کی سی شکل اختیار کر لی تھی اور برابر سرخ ہوتا جا رہا تھا۔ گرمی اور تپش سے ہر شخص کا برا حال تھا۔ اسی پہاڑ سے بوڑھے آدمیوں کی ایک طویل قطار نیچے وادی میں اترتی ہوئی نظر آئی ان میں سے ہر آدمی ایک دوسرے کا کندھا پکڑے ہوئے تھا۔

---

[1] DEAD SEA

کچھ لوگ سر اوپر اٹھائے ہوئے تھے اور کچھ لٹکائے ہوئے تھے ـــ یہ سب اندھے تھے۔

"دیکھو" حسن نے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا "ہماری حالت بھی بالکل ان لوگوں کی سی ہے جو منہ اٹھا کر زمین پر چلتے ہیں ـــ دراصل ہم سب اندھے ہیں ـــ ہم جن چیزوں کو متبرک سمجھتے ہیں وہ سوائے پتھروں اور گلی سڑی ہڈیوں کے اور کچھ نہیں ہے ـــ دنیا میں زندہ انسان کو جو قدرت حاصل ہے وہ کسی کو نہیں ہے۔"

"لیکن سب سے بڑی قدرت تو خدا کو حاصل ہے" عمر نے فوراً اعتراض کیا "اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"

"قطعی نہیں[1] ـــ اس کی کوئی صفت ہی نہیں[2] ـــ اگر اس میں صفات ہوں تو وہ مخلوق جیسا ہو جائے اور فوراً تشبیہ لازم آ جائے ـــ"

"اور جو صفات اس کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں؟"

"وہ اس لئے نہیں کہ اس میں موجود ہیں بلکہ اس لئے کہ اس نے وہ صفات دوسروں کو عطا کی ہیں وہ قادر صرف اتنا ہی ہے کہ اس نے

---

[1] اسمٰعیلی عقائد ـــ حسن نے مسلمانوں کے خدا کو یونانی فلسفیوں کے خدا کی طرح مجرد عن المادہ کے درجے تک بڑھا کر معرّی و معطل سا بنا دیا تھا۔ (مشرق۔ حسن ابن صباح صفحہ ۳۵)

[2] نعوذ باللہ۔

دوسروں کو قدرت عطا کی ہے ۔۔۔ خدا کے ساتھ ہم لفظ وجود تک بھی منسوب نہیں کر سکتے ۔ نہ ہم اسے موجود کہہ سکتے ہیں اور نہ غیر موجود "

" نعوذ باللہ " عمر نے کہا اس کے سارے جسم میں اس وقت جھرجھری سی آگئی تھی اس بحث کو ختم کرنے کے لئے وہ آفتاب کی طرف دیکھنے لگا حشام اپنی داڑھی پر انگلیاں پھیر رہا تھا لیکن وہ بھی خاموش تھا زمین اس وقت آگ اگل رہی تھی لیکن حسن پر مسلسل بکواس کا عالم طاری تھا۔

" میرا خدا انسانی سمجھ سے بالاتر ہے " گذشتہ مذہبوں میں جو کچھ بھی رہا ہو لیکن میں کافی مطالعہ اور چھان بین کر کے اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ ابتدائے عالم سے اب تک سات[1] ناموس الٰہی یعنی پیغمبر ظاہر ہوئے ہیں ہر پیغمبر نے گذشتہ پیغمبر کے مذہب میں ترمیم و تنسیخ کی ۔۔۔ ان ساتوں پیغمبروں کے ساتھ ایک خاموش پیغمبر بھی ہمیشہ رہا ہے جس کا فرض یہ تھا کہ بغیر کسی ترمیم و تنسیخ اور تغیر و تبدیلی کے اپنے ساتھ والے پیغمبر کے دین کو مضبوط کرے۔ وہ سات ناموس الٰہی یہ تھے آدمؑ ۔ نوحؑ ۔ ابراہیمؑ ۔ موسیٰؑ ۔ مسیحؑ ۔ محمدؐ (صلعم) اور اسمٰعیل بن جعفر صادق اور ان کے ساتھ والے خاموش پیغمبر تھے شیثؑ سامؑ ۔ اسماعیلؑ ۔ ہارونؑ ۔ سمعونؑ ۔ علیؑ ابن ابی طالب (کرم اللہ وجہہ) اور محمد بن اسماعیل ابن جعفر صادق ۔۔۔ ہر خاموش پیغمبر نے ترویج دین کیلئے

---

[1] یہ باطنی عقائد تھے ان کا مذہب شیعان علی یا شافعیوں اور مالکیوں سے کوئی تعلق نہیں رکھتا تھا۔

بارہ داعی ہمیشہ مقرر کئے

"کیا یہی داعی بارہ امام تھے" عمر سے نہ رہا گیا تو اس نے پوچھا۔

"نہیں ـــ یہ تو اماموں کے نقیب ہوتے ہیں ـــ اماموں کے لئے بارہ کی قید نہیں ہے۔ اماموں کا سلسلہ بھی سات سات کا ہی ہمیشہ رہا ہے سات امام ختم ہونے کے بعد دوسرے سات ہوئے پھر تیسرے سات۔ پہلے سات اماموں کا تکملہ اسمٰعیل نے کیا ہے یہ سب امام ظاہر تھے پھر مخفی امام شروع ہوئے جن میں محمد مکتوم۔ جعفر صادق اور حبیب شامل ہیں اس کے بعد پھر امامین ظاہر کا سلسلہ شروع ہوا جن میں سب سے پہلے امام خاندان فاطمی کے بانی عبیداللہ مہدی تھے۔ دوسرے ابوالقاسم محمد القائم باللہ تھے۔ تیسرے اسمٰعیل منصور تھے۔ پانچویں نزار عزیز اسی طرح یہ سلسلہ المستنصر باللہ تک رہا ـــ اور الحمدللہ المستنصر سے یہ سلسلہ مجھ تک قائم ہے اور اسی طرح قیامت تک قائم رہے گا"

عمر خاموش کھڑا ہوا اس لایعنی بکواس کو سنتا رہا

"میں نے یہ ساری تفصیلات اس لئے بتائی ہیں کہ مجھے تم سے انسیت ہے" حسن نے سلسلہ کلام جاری رکھا" میں چاہتا ہوں کہ تم دین کے صحیح راستہ پر چلو ـــ اس کے علاوہ اگر تم مجھ سے مل جاؤ تو میں دنیا کو تہہ و بالا کر سکتا ہوں"

"میں تمہاری باتوں پر غور کروں گا" عمر نے کہا" اس قسم کے معاملات کو اچھی طرح سوچنے سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔"

اب آفتاب بھی غروب ہوگیا تھا حسن کو خاموش دیکھ کر حشام نے اطمینان کی سانس لی۔ اسی وقت ان لوگوں نے اپنے پیچھے قدموں کی آواز سنی۔ شاہی پاڈی گارڈ کے سپاہی جو عمر کے ساتھ آئے تھے تقاضہ کیلئے آرہے تھے کہ اب شام ہوگئی تھی اور کیمپ میں واپس ہونے کا وقت ہوگیا تھا۔

عمر نے کیمپ میں پہونچکر غسل کے بعد کھانا کھایا۔ وہ آج تھک بہت گیا تھا اسلئے بجائے کتاب لکھنے کے سونے کا ارادہ کر رہا تھا کہ اسکے خیمہ میں حشام داخل ہوا اس کے پیچھے پیچھے ایک غلام تھا جس کے سر پر ایک گٹھڑی تھی۔

"یہ حقیر سا تحفہ ہماری ملاقات کی یادگار کا ہے" حشام نے کہا۔

"ایک کپڑے کا سوداگر کپڑے کے علاوہ کیا تحفہ دے سکتا ہے"

"حسن کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے" عمر نے پوچھا۔

حشام اپنی داڑھی پر ہاتھ پھیرنے لگا "مجھے تو وہ پاگل معلوم ہوتا ہے" اس نے جواب دیا "حالانکہ اس سے ملنے والا ہر شخص اس کی عقل کی تعریف کرتا ہے ـــ خدا ان لوگوں پر رحم فرمائے اور حسن کو راہ راست پر لادے ـــ میں نے کاروان سرائے میں کچھ سنا تھا اسی سلسلہ میں اس وقت میں حاضر ہوا ہوں"

"کیا سنا تھا؟"

"یہ معلوم ہوا ہے کئی مہینے ہوئے یہاں سے شہر کا سوداگر ابوالقاسم

مع اپنی نئی بیوی کے گذرا تھا جس کو وہ نیشاپور سے لایا تھا ــــ" وہ عمر کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا۔

"پھر وہ کس طرف گیا ہے؟"

"وہ تھوڑے دن حلب میں رہا پھر شمال کی طرف چلا گیا ــــ یہ کئی مہینہ کی بات ہے"

"آپ نے مجھے بڑی خوشخبری سنائی ہے" عمر نے ممنون نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا "میرے لائق کوئی خدمت؟"

"میرا تو کوئی کام نہیں ہے" حسّام نے ہچکچاتے ہوئے کہا "لیکن حسن کا خیال رکھئے گا ــــ وہ آپ کے مکتب کا ساتھی اور دوست ہے ــــ ممکن ہے کہ کسی وقت اس کو آپ کی مہربانیوں کی ضرورت ہو"

جب حسّام چلا گیا تو عمر نے اٹھ کر صندوق سے وہ خط نکالا جو آج دوپہر کو نیشاپور سے آیا تھا اور امیر عزیز نے بتایا تھا کہ اس نے وہ خط عمر کے صندوق میں ڈال دیا تھا۔ اس نے خط کھول کر دیکھا وہ نظام الملک کا تھا۔ وزیر اعظم نے لکھا تھا:۔

ــــ تم اپنے سفر میں باطنی لوگوں سے ہوشیار رہنا۔ یہ ایک نیا فرقہ ہے جس کے مبلغ واعظوں۔ درویشوں اور تاجروں کے بھیس میں تمام اسلامی ممالک میں پھیل رہے ہیں ــــ ان کے کافرانہ عقائد بہت ہی خطرناک ہیں۔ یہ لوگ قرآن مذہب میں مختلف قسم کے شبہات و شکوک پیدا کر کے، قرآن کو ناقابل عمل سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ اسمٰعیل بن جعفر صادق کو

بخا مانتے ہیں اور محمد مکتوم بن اسمٰعیل کو بھی اور ان دونوں کو آنحضرت صلعم کا ہم رتبہ خیال کرتے ہیں ـــ ان کے نزدیک اماموں کی تعداد سات سات کے حساب سے چلتی ہے اور بانی دولت عبیدیہ کو ساتواں امام سمجھتے ہیں۔ ان لوگوں کے اس عقیدہ سے اسمٰعیلی شیعوں کی سلطنت عبیدیہ کو بھی بہت تقویت حاصل ہو رہی ہے ـــ ان کا عقیدہ ہے کہ احکام شرعی فلسفہ اور عقل کے تابع ہیں یعنی فلسفہ ہی شرع پر حاکم ہے ـــ یہ لوگ علم جفر پر بہت زور دیتے ہیں اور اس فن کو رمز ربانی تصور کرتے ہیں ـــ حرکات و افعال انسان کے باہمی اتحاد کا سبق اپنے پیروؤں کو دیتے ہیں ان کے نزدیک جرأت ہر امر میں اور ہر کام میں ضروری ہے۔ یہ لوگ اپنے حصول مقصد کیلئے ہمیشہ پوشیدہ کارروائیوں اور نہاں در نہاں سازشوں سے کام لیتے ہیں ـــ آجکل ان سازشوں کا خراسان اور خاص طور پر نیشاپور میں بہت زور ہو رہا ہے ـــ خدا کرے جلد سے جلد اپنے کیفر کردار کو پہونچیں ـــ میں نے تم کو صرف اس لئے لکھا تھا کہ ہوشیار کر دوں کہ ان کی چکنی چپڑی باتوں میں ہرگز نہ آنا اور نہ ہمدردی یا پرانے ساتھی ہونے کے خیالوں پر غور کرنا ـــ فقط نظام الملک۔

عمر نے اس خط کو دوبارہ غور سے پڑھا اور پھر تہہ کر کے لفافہ میں رکھ دیا۔ اس میں شبہ نہیں کہ نظام کی خفیہ بہت زبردست تھی اس نے وہ باتیں لکھ دی تھیں جو انہا ذات پوشیدہ تھیں لیکن وہ حفظ ما تقدم کے طور پر انکا توڑ ابھی سے کرنا چاہتا تھا۔

سولھواں باب

حلب میں

اپنی گدڑیوں میں لپٹے ہوئے وہ جامع مسجد کے حوض کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے ـــ یہ چھ فقیر تھے جو ہر آنے اور جانے والے کے سامنے ہاتھ پھیلا کر بھیک مانگ رہے تھے ان فقیروں میں ایک کوزہ پشت بھی تھا جو ایک بوسیدہ کمبل اوڑھے ہوئے تھا۔ برقع پوش عورتیں آپس میں باتیں کرتی ہوئی وہاں سے گذر رہی تھیں۔ لڑکیوں کے ساتھ ان کے بھائی یا کنیزیں ہوتیں ـــ کئی عرب دوسری طرف سے آ رہے تھے۔

"بابا غریب پر رحم کرو ـــ" کوزہ پشت نے سوال کیا "اللہ کے نام پر ایک درم ـــ بابا اللہ کے نام پر" ان میں سے عرب نے ایک درم اپنی جیب سے نکال کر اس کے ہاتھ پر رکھا اور آگے بڑھ گیا۔

"یا ہو ـــ یا حق ـــ اللہ کے نام پر غریبوں کو ـــ کھانا کھلا دو۔" کئی فقیروں کے ملی جلی آوازیں آ رہی تھیں۔ ایک راستہ چلتے ہوئے عرب نے کچھ دینے کا ارادہ کیا تو ایک ملا نے منع کیا "ان ہٹے کٹے نکموں کو دینے سے کیا فائدہ" اس نے کہا "اس سے تو بہتر یہی ہے کہ کسی مدرسہ یا مسجد میں دیدو ـــ" دونوں آگے بڑھ گئے ایک عورت ان فقیروں کے پاس

اگر رک گئے اور اس نے اپنی گود سے کچھ روٹیاں اور کباب نکالکر سب فقیروں کو تقسیم کیے۔

اسی وقت عمر بھی وہاں سے گذرا وہ ایک عربی النسل مشکی گھوڑے پر سوار تھا۔ اسوقت سلطان کے پاس سے آرہا تھا۔

"اوہ ــــ خواجہ ــــ خواجہ" کوزہ پشت اسکو دیکھتے ہی اسکی طرف چیخا۔ "خدا۔ جس وقت اس نے عمر کے رکاب کو پکڑا تو اسکی انگلیاں کانپ رہی تھیں "خدا کے لیے ایک منٹ کیلئے رک جائیے ــــ تین برس پہلے میں نے آپ کو دیکھا تھا سرکار ــــ اب یاد آیا آپ کو؟ سلطان العام کی شہادت کے موقع پر نیشاپور کے چشمہ پر"

عمر کو فوراً یاد آگیا کہ وہ بختیار تھا شاہی مسخرہ ــــ سلطان الپ ارسلان کا منہ چڑھا خادم "اوہ بختیار ــــ یہ تم ہو!" عمر نے آنکھیں حیرت سے پھیلا کر کہا "یہ کیا حالت بنا رکھی ہے تم نے؟ وہ تمہارا سعید خچر کیا ہوا؟"

"تقدیر پر کس کا زور ہے آقا" بختیار نے کہا "اب میں ان فقیروں کے ساتھ رہ کر اپنی زندگی کے دن گذار رہا ہوں ہر حالت میں شکر ہے خدا کا" میں آپ کے پاس پہلے بھی حاضر ہوا تھا" بختیار نے دوبارہ کہا۔ لیکن آپ نہ مل سکے ــــ وہ پیغام اور نشانی میں نے دوسرے آدمی کو سپرد کردی تھی اور اس کو تاکید کردی تھی کہ آپ کو دے دی جائے اسکو کئی سال ہو گئے۔

"کیسی خبر ــــ اور کیسی نشانی؟"

"ایک جوشن تھا چاندی کا جس میں فیروزے جڑے ہوئے تھے! اسکے ساتھ ہی یہ پیغام تھا کہ ابوالقاسم سوداگر اپنی بیوی کو حلب کی طرف لئے جا رہا ہے۔"

"مجھے کچھ نہیں معلوم ـــ" عمر نے بےچین ہو کر تعجب سے پوچھا "وہ جوشن اور پیغام تم نے کس کو دیا تھا؟ خواجہ میمون کو یا ملازموں کو؟"

بختیار نے سر کو جنبش دی "وہ ایک موٹا تازہ آدمی تھا ـــ میرے زمانہ میں تو وہ تھا نہیں بعد کو شاید کسی سرکاری عہدہ پر ہو گیا تھا ـــ میں نے اکثر آپ کے ساتھ ہی اس کو دیکھا تھا ـــ وہ اکثر گہرے نیلے رنگ کا عمامہ باندھتا تھا۔"

"اوہ ـــ اب سمجھ گیا میں ـــ وہ مردود تکش تھا ـــ اور مجھ سے اس نے جھوٹ بولا تھا ـــ جھوٹا کمبخت"

"اب میں مہینوں سے آپ کا انتظار کر رہا تھا۔ بختیار نے کہا "کئی برس کے بعد اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آئی تھی ـــ میں اسکو آپکے یہاں لیجاتا لیکن مصیبت یہ تھی کہ نوجوان اور خوبصورت لڑکی کو میں نیشاپور تک کیسے لیجاتا ـــ اس کے علاوہ ہمارے پاس ایک کوڑی بھی نہیں ہے ـــ اسے یقین تھا کہ آپ ضرور آئیں گے ـــ کیا آپ اپنی یاسمین کو بھول گئے؟"

عمر نے بختیار کا دبلا پتلا بازو مضبوطی سے پکڑ لیا "کیا وہ یہاں ہے، ـــ اب بھی ـــ جلدی بتاؤ" اس کے لہجہ میں بےیقینی تھی۔ اور شدت

جذبات سے اسکا چہرہ سرخ ہو گیا تھا۔

"میں اس کے لئے بھیک مانگتا ہوں" بختیار نے روٹی کا ٹکڑہ عمر کو دکھایا "ہر شام وہ مجھ سے پوچھتی ہے کہ آپ آئے یا نہیں"

"مجھے اس کے پاس لے چلو"

عمر کے گھوڑے کی لگام پکڑے ہوئے بختیار اس کو ایک گلی میں لے گیا وہ روٹی کے ٹکڑے کو اب بھی مضبوطی سے تھامے ہوئے تھا۔ اسکے بیماریوں نے بالکل گھلا دیا ہے" بختیار نے ایک دروازہ پر رکتے ہوئے کہا "آپ ایک منٹ یہاں ٹھہریں۔ میں اس کو اطلاع کر دوں"

عمر گھوڑے سے اتر کر اس کی پشت سے سر ٹکا کر نامعلوم کیا سوچنے لگا اس کی یاسمین ـــــ جان و دل سے پیاری یاسمین یہیں اور اس کمرہ میں موجود تھی۔ یہ سوچ کر اس کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا ـــــ جب بختیار واپس آیا تو وہ اپنی آنکھیں پونچھ رہا تھا۔

"عجیب تماشہ ہے" بختیار بڑبڑانے لگا "آپ کے لئے وہ برسوں سے بھیک مانگ رہی تھی لیکن اب آپ کے آنے کی خبر سن کر رونے لگی ـــــ اس کے پاس پہننے کے لئے کوئی ثابت لباس تک نہیں ہے"

تاریک سیڑھیوں پر چڑھتا ہوا عمر اوپر پہنچ گیا۔ دو تین گز کی چھت تھی جس پر چھپر پڑا ہوا تھا اس چھپر پر دو تین گیلے کپڑے سوکھنے کے لئے پڑے ہوئے تھے اور اس کے نیچے یاسمین لیٹی ہوئی تھی ـــــ عمر صرف اسکی آنکھوں کو ہی دیکھ سکا کیونکہ پورے جسم پر اس نے ایک بوسیدہ ٹاٹ

اوڑھ رکھا تھا۔ ایک ہی جوڑا تھا جو چھپر پر سوکھ رہا تھا۔

"افسوس کہ میرے پاس کوئی کمبل تک نہیں ہے جو میں تمہارے نیچے بچھا دوں ـــ" شدت جذبات سے یاسمین کے حلق سے پورے الفاظ نہیں نکل رہے تھے۔ کئی سکنڈ تک ساکت رہنے کے بعد وہ رونے لگی۔

جب ذرا ہوش و حواس درست ہوئے تو عمر نے اسکی طرف دیکھا ـــ اب وہ پہلی والی یاسمین نہیں تھی اسکا چہرہ بالکل زرد ہو گیا تھا رخساروں میں گڈھے پڑ گئے تھے ـــ اس کے بالوں کی خوشبو اور آنکھوں کی سیاہی صرف یہی دو چیزیں ایسی تھیں جن سے پرانی یادیں وابستہ ہو سکتی تھیں۔ عمر سکتہ کے عالم میں بیٹھا ہوا اس کا چہرہ تک رہا تھا

"میں نے تمہاری یاد میں نامعلوم کتنی راتیں تارے گن گن کر گذاری ہیں" وہ بولی "کیونکہ یہ وہی تارے تھے جو تمہاری رصدگاہ سے نظر آتے تھے لیکن میں مجبور تھی یہ ستارے بھی میرا پیغام تم تک نہیں پہونچا سکتے تھے اب تو میں بہت سے ستاروں کے نام تک بھول گئی ہوں" یاسمین سانس لینے کے لئے ایک لمحے کے واسطے رکی۔ بختیار سے یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ تم نے سلطانی دربار میں بڑا مرتبہ حاصل کر لیا ہے ـــ اللہ ـــ تمہاری عبا کا کام کتنا عمدہ ہے!"

"میں آج ہی تمہارے لئے ریشمی کپڑے کے تھان لاؤں گا اور کارچوبی سلیپر بھی۔"

"اور اخروٹ بھی ـــ" یاسمین نے مسکراتے ہوئے کہا اور

عمر کی سواری کے خوبصورت جوڑ کو پر اشتیاق نظروں سے دیکھنے لگی یا عمر کیا پہلے کی طرح تندرست ہوتی ـــــ میری خوبصورتی نہ گئی ہوتی۔

"میرے لئے تو تم پہلے سے بھی زیادہ حسین ہو گئی ہو ـــــ میرے دل و جان کی ملکہ ـــــ کاش کہ بجائے تمہارے پر بیماری آ گئی ـــــ"

یاسمین نے اپنی پتلی انگلیاں عمر کے ہونٹوں پر رکھ دیں اور اسوقت تک رکھے رہی جبتک عمر نے انکو چوم نہ لیا

"میری طرف دیکھو ـــــ سچ بتانا تمہاری شادی ہو گئی یا نہیں" یاسمین نے سنجیدگی سے پوچھا۔

عمر نے سر کو جنبش دی "نہ ہوئی ہے ـــــ اور نہ آئندہ کبھی ہوگی"

یاسمین کے مکمل چہرہ پر رونق آ گئی "میری شادی زبردستی کر دی گئی تھی" اس نے کہنا شروع کیا "مجھے فرار ہونے کا کبھی موقعہ نہ مل سکا ـــــ جب بھی ابوالقاسم مجھے آغوش میں لیتا میں بیہوش ہو جاتی ـــــ کئی بار میں نے بھاگنے کی کوشش کی لیکن ہر بار پکڑی گئی ـــــ اس کمبخت نے مجھے مارا ـــــ پھر تو ہر وقت مارتا رہتا تھا ـــــ مجھے بخار آ گیا اسی حالت میں سفر جاری رہا ـــــ بعض وقت تو مجھے یہ بھی معلوم نہ ہوتا تھا کہ میں کہاں تھی اور اب کہاں ہوں ـــــ ایک کوہستانی سرائے میں مجھے بختیار نظر آ گیا اس غریب نے میرے اوپر ترس کھایا اور یہ وعدہ کر لیا کہ وہ میرا پیغام اور جو حال تم تک پہونچا دیگا ـــــ اس کے کئی مہینے کے بعد میرا خاوند مجھ سے خفا ہو گیا اسکو خیال تھا کہ میں کسی اور سے محبت کرتی ہوں

— اس نے گواہوں کے سامنے مجھے طلاق دی اور چلا گیا — اسوقت میں شدید بیمار تھی وہ بے ایمان مجھ سے جان چھڑا کر بھاگ گیا پھر تین مہینہ تک ادھر ادھر سڑکوں پر پھرتی رہی آخرکار یہ بختیار دوبارہ مل گیا اب تین مہینہ سے یہ میرے لئے بھیک مانگ کر کھانے کا بندوبست کرتا ہے اور میں چوبیس گھنٹے تمہاری یاد میں اس چھت پر پڑی رہتی ہوں" کمزوری کی وجہ سے یاسمین کی سانس پھول گئی تھی۔

"اب فکر نہ کرو — میں تو آ ہی گیا ہوں"

"لیکن اب تو میں ایک ایسی عورت ہوں کہ جسکا نہ کوئی والی ہے نہ وارث — برادری والے بھی اب مجھے اپنے گھر میں گھسنے نہ دیں گے"

"اوہ!" عمر ہنسنے لگا "اب پھر تم کسی کی بیوی بننے والی ہو — صرف ایک گھنٹہ بعد"

"مجھ سے شادی کرنے پر کون تیار ہوگا جس کے پاس نہ تندرستی ہے اور نہ مال و زر"

"کوئی تو اللہ کا بندہ ہوگا" عمر نے کہا اور نیچے اتر کر سڑک پر آگیا جہاں بختیار اس کے گھوڑے کے پاس کھڑا ہوا تھا۔

"آج شام کو میں یاسمین سے نکاح کر رہا ہوں" اس نے بختیار سے کہا "تم حلوائی اور نانبائی کے یہاں چلے جاؤ اور وہاں سے کچھ مٹھائیوں اور کھانے کے خوان لے آؤ — لو یہ پچاس دینار ہیں — اسکے علاوہ شربت کا سامان برتن۔ دریاں۔ قالین اور دوسری چیزیں بھی لے لینا

اپنے ملنے جلنے والوں کو کھانے پر مدعو کر دینا ـــــ چند ناچنے اور گانے والوں کی بھی خبر کر دینا ـــــ روشنی کا انتظام بھی تم کو ہی کرنا ہے ـــــ تم اپنے لئے کپڑے اور جوتا بھی خرید لینا یاسمین کے لئے زیورات اور کپڑے میں خود لیتا آؤں گا ـــــ"

بوڑھے مسخرہ نے سارا کام نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ سارے مہمانوں کو عزت کے ساتھ بٹھایا گیا اس مکان کے سامنے والے میدان میں شامیانے لگا دیئے گئے تھے اور سینکڑوں قندیلوں سے وہ جگہ بقعۂ نور بنی ہوئی تھی۔

عمر یاسمین کے تصور میں محو بیٹھا تھا اس کے برابر ہی میں وہ بھی دلہن بنی ہوئی برقع اوڑھے بیٹھی تھی جب قاضی نے خطبہ پڑھا اسوقت عمر چونکا اس نے دیکھا کہ قاضی کے سامنے کھجوریں سینی میں رکھی ہوئی تھیں اور وہ عمر کی طرف مخاطب تھا۔

ـــــ علقمہ ابن سلیمان کی لڑکی یاسمین کو بالعوض سو دینار سرخ مہر معجل تم قبول کرتے ہو؟"

"جی ہاں ـــــ میں نے قبول کیا۔

"اور مہر ـــــ میرا مطلب ہے کوئی رقم یا جائداد؟"

قاضی کے پیچھے بیٹھا ہوا منشی ایک رجسٹر میں اندراج کر رہا تھا۔

"رقم ـــــ جائداد!" وہ مسکرانے لگا "رات کے مانند سیاہ بال۔ چیتے کی سی کمر ـــــ محبت کرنے والا دل اس کے علاوہ کیا چاہئے ـــــ

جلدی کیجئے۔"

"اوہ ـــ لکھ لو کوئی چیز محسوس بالمس سے نہیں ہے" قاضی نے منشی کو تذبذب میں دیکھ کر کہا "اور آپ محترمہ کو کیا دے رہے ہیں؟"

"ہر چیز ـــ جو کچھ بھی میرے پاس ہے"۔

"معاف کیجئے جناب ـــ شادی کی شرائط میں معین چیزیں لکھی جاتی ہیں ـــ قانون کی نظر میں "ہر چیز" کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ ہمیں ہر شے کی فہرست علیحدہ علیحدہ اور واضح طور پر بنانا ہوگی ـــ کتنی زمین ہے کہاں کہاں واقع ہے ـــ اس پر کون کون سی عمارتیں بنی ہوئی ہیں۔ انکی اندازاً آمدنی اور قیمت کتنی ہے ـــ پھر منقولہ چیزوں کی فہرست تیار کی جائیگی ـــ کپڑوں کے تھان ـــ مشک کے نافے ـــ اونٹوں کی تعداد ـــ کتنے غلام اور کنیزیں ان سب کی قیمت کا اندازہ اور ـــ"

"خدا کے لئے آج تو ان باتوں کو رہنے دیجئے" اس نے اشرفیوں کی ایک تھیلی قاضی صاحب کو نذر کرتے ہوئے کہا "کل آپ منشی جی کو بھیج دیجئے گا میں ساری تفصیلات لکھا دوں گا۔"

اسی وقت بختیار کھانے کے خوان اٹھالایا اور سارے مہمان کھانے میں مشغول ہوگئے۔ کھانے کے بعد شربت سے سب کی تواضع کی گئی۔

"اچھا قاضی صاحب اب نکاح تو ہو چکا ـــ اب یہاں ناچ رنگ ہوگا ـــ بہت سے آدمی تماشہ دیکھنے کے لئے بیٹھے ہیں کہ آج خیمہ دوز کے لڑکے نے دلہن پائی ہے" فرط مسرت سے عمر پر اس وقت

ہذیانی کیفیت سی طاری تھی

آدھی رات کے وقت اس نے یاسمین کو گود میں اٹھا کر پالکی میں سوار کیا یہ پالکی اس نے عمر عزیز سے مانگ لی تھی اور خود گھوڑے پر سوار ہو کر کیمپ میں آ گیا۔

وہ رات، پلک جھپکاتے گذر گئی وہ یاسمین کے برابر لیٹا ہوا اسکے ریشمی بالوں میں انگلیاں ڈال کر کھیلتا رہا۔۔۔ آفتاب کی کرنیں اس خیمہ میں آتے ہوئے شرما رہی تھیں۔۔۔ یاسمین کا سفید و نازک ہاتھ اس کے سر کے نیچے تھا اور ریگستانی پھولوں کی بھینی بھینی مہک باہر سے آ رہی تھی۔

"مجھے ڈر لگ رہا ہے کہ کوئی مجھے تم سے چھین نہ لے" یاسمین نے اپنا چہرہ عمر کی طرف کرتے ہوئے کہا اس کی آنکھوں میں اس وقت سرخ ڈورے پڑے ہوئے تھے۔

"نہیں۔۔۔ ہم دونوں نیشاپور چلیں گے۔۔۔ اپنی رصدگاہ میں۔ میں آج ہی سلطان سے جانے کی اجازت لے لونگا"

"کیا تم واقعی ایسا کر سکو گے!" یاسمین کی نگاہوں سے کوئی انجانا خوف ظاہر ہو رہا تھا۔۔۔ "اوہ یہ تو میں بھول ہی گئی تھی کہ تم مستقبل کا حال جان لیتے ہو۔۔۔ افسوس۔ تم نے کتنے زیورات اور بیش قیمت کپڑے خرید لئے۔۔۔ شاید برسوں تک مجھے کوئی چیز خریدنے کی ضرورت نہ ہوگی"

"تم تو میری زندگی ہو" عمر نے اسے آغوش میں لیتے ہوئے کہا "تین سال سے میری روح تمہارے لئے بیقرار تھی"

اب کافی دن نکل آیا تھا اور آنے والے دن کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا میں کچھ گرمی آچلی تھی۔

"خدا کا شکر ہے مصیبت کے دن ختم ہو گئے اور اب ——" عمر نے کہا لیکن یاسمین کی آنکھوں میں آنسو دیکھکر فوراً ہی رک گیا

"جو کچھ بھی ہوا بہت دیر میں ہوا" یاسمین نے ٹھنڈی سانس لیکر کہا "اب مجھ میں کیا باقی رہ گیا ہے" اس کے لہجہ سے انتہائی مایوسی کا اظہار ہو رہا تھا۔

"کیا؟" عمر نے سر اٹھا کر کہا "میری روح ایسی باتیں نہ کرو —— آج سے ہماری نئی زندگی شروع ہو رہی ہے —— یہ صبح اپنی ہے اسکے بعد شاید ایسی صبح کبھی نہ آئے —— ہنسو اور خوب قہقہے لگاؤ آج ایسی باتیں کرنا اور رونا بدشگونی ہے"

"میں ہنس تو رہی ہوں" یاسمین نے اپنی سسکی کو ضبط کر کے مصنوعی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

"وہ دیکھو —— سلطانی خیمہ کے محافظوں کا دستہ بھی بدل رہا ہے اب ہمیں فوراً تیاری کرنا چاہیئے تاکہ سلطان سے اجازت ملتے ہی یہاں سے روانہ ہو جائیں"

ستر ہواں باب ۱۷

سفر در سفر

سلطان سے اجازت ملتے ہی عمر نے نیشاپور جانے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ اس نے یاسمین کے لئے ایک میانہ بھی حاصل کر لیا تھا جو دو گھوڑوں پر کسا جا سکتا تھا اس کے غلام خرجیوں میں سامان بار کرنے لگے اس نے بختیار کے لئے ایک سفید خچر بھی خرید لیا تھا۔

"اب تم کو دوبارہ بھیک مانگنے کی ضرورت نہ پڑے گی بختیار" عمر نے کہا "تم اپنی ساری زندگی اطمینان کے ساتھ میرے یہاں گذار سکتے ہو"

بختیار اسکی طرف سنجیدگی سے دیکھنے لگا "لیکن میں آپ سے ایک بھیک اب بھی مانگتا ہوں" اس نے کہا "اس سفر کو فی الحال ملتوی کر دیجئے — یاسمین ابھی تندرست نہیں ہوئی ہے — وہ ابھی تک انتہائی کمزور ہے اسے مکمل آرام کی ضرورت ہے"

"تم تو بیوقوف ہو" عمر نے ہنستے ہوئے کہا "جو سکون اور آرام اسکو اپنے گھر میں مل سکتا ہے یہاں نہیں مل سکتا"

"ہاں میں بیوقوف ہوں — لیکن جو آدمی مصائب اور تکالیف سے گزر چکا ہو وہی دوسروں کی تکلیف کا اندازہ کر سکتا ہے — اب

جو آپ چاہیں کریں میں نے اپنا فرض ادا کر دیا"

دوسرے دن راستہ میں ٹھنڈ بڑھ گئی تو بختیار اور زیادہ جھنجلایا "آپکی باتوں میں جو آجائے وہ سب سے بڑا بیوقوف ہے" اس نے عمر سے کہا "اب آپ نے اپنی ضد کا نتیجہ دیکھ لیا ـــــ کیا ایک بیمار اتنی ٹھنڈ کو برداشت کر سکتا ہے"

اسی رات یاسمین کو شدید جاڑے کے ساتھ بخار آگیا۔ جب بھی غفلت سے وہ ہوشیار ہوتی عمر کے اضطراب اور بے چینی کو دیکھ کر مسکرانے لگتی۔

دوسری رات انکا قیام فرات کے کنارہ پر ہوا۔ آج کوئی ناؤ نہ مل سکی جس سے دریا کو عبور کیا جاتا۔ ناؤ والوں نے صبح کا وعدہ کیا تھا۔ یاسمین کئی کمبلوں میں دبی لیٹی تھی اس کے رخسار انار کی مانند سرخ ہو رہے تھے اور بھاڑ کے چنوں کی طرح تپ رہے تھے۔ جب عمر خیمہ کے اندر آتا تو اس کی نگاہیں برابر اسکا تعاقب کرتی رہتیں۔

"میں بھی کتنی بدنصیب ہوں" وہ زیر لب بڑبڑا رہی تھی "میں تو آرام سے بستر پر لیٹی ہوں اور وہ میری خدمت کر رہے ہیں ـــــ میری شادی کی چیزیں تو مجھے ایک بار پھر دکھا دو"

اسکا دل بہلانے کیلئے عمر نے کارچوبی شال ـــــ قیمتی کپڑے اور زیورات نکالکر اس کے سرہانے رکھ دیئے ـــــ نیم مدہوشی کے عالم میں وہ ان پر ہاتھ پھیرنے لگی ـــــ عمر نے ایک جڑاؤ ٹیکا اسکو دکھایا جس کے

درمیان میں ایک پیسے کے برابر بڑے داغ اور شوخ رنگ کا نیلم لگا ہوا تھا

"بہت خوبصورت ہے" اس نے ٹیکے کو ماتھے پر لگاتے ہوئے کہا "کل میں اپنے بال سنوار کر اس کو لگاؤں گی اور ــــ" اسی وقت وہ بیہوش ہو گئی یہ دورہ اتنا شدید تھا کہ اسکا چہرہ ہلدی کی طرح زرد پڑ گیا تھا عمر نے گھبرا کر بختیار کو آواز دی جس نے آتے ہی یاسمین کی نبض کو دیکھا اور دیر تک اس کے چہرہ کو غور سے دیکھتا رہا۔

"طاعون" وہ بڑبڑایا۔

"نہیں ــــ طاعون نہیں ہو سکتا" عمر نے ہذیانی لہجہ میں کہا "بس حبس تیز بخار ہے ــــ انشاء اللہ صبح تک اتر جائیگا"

"خدا کرے ایسا ہی ہو ــــ اب دعا کیجئے اس جنگل میں اس کے علاوہ اور کیا بھی کیا جا سکتا ہے"

سب سے پہلے تو خیمہ میں آگ جلا دی گئی تاکہ ٹھنڈ کچھ تو کم ہو گرمی پا کر اب یاسمین نے بھی کروٹ لے لی تھی ماحول سے بے خبر عمر اس پر جھکا ہوا تھا اور ایک کونے میں بیٹھا ہوا بختیار یٰسین شریف کی تلاوت کر رہا تھا۔ آدھی رات کے بعد خیمہ کی آگ بھی مدھم ہونے لگی اور خیمہ کی دیواروں پر اس کا عکس بھی ہلکا ہو گیا۔

بختیار نے عمر کی آواز سنی "بختیار ذرا لیمپ تو روشن کرو ــــ یہ کچھ کہہ رہی ہے اور مجھے پکڑنے کی کوشش کر رہی ہے ــــ خدا کا شکر ہے کہ بخار یعنی بالکل اتر گیا ہے ــــ"

بختیار نے جلدی سے لیمپ روشن کیا ـــــ یاسمین ابھی تک بیہوش پڑی ہوئی تھی اس کی آنکھیں بالکل بند تھیں اسکے ہونٹ ہل رہے تھے اور ایک ہاتھ عمر کی طرف بڑھا ہوا تھا ـــــ بختیار نے کان لگا کر سنا۔ یاسمین کی سانس بندھی اور ہونٹ ہلنے کا شبہ بھی اب دور ہو گیا تھا ـــــ اس نے لیمپ کو تو زمین پر رکھ دیا اور عمر کے کندھے پر دونوں ہاتھ رکھ دیئے ـــــ لیمپ بھڑک کر خاموش ہو چکا تھا۔

قافلہ کے سارے آدمی عمر کے خیمہ کے باہر جمع ہو گئے اسی وقت ریگستان سے ایک شدید آندھی اٹھی جس نے سارے ماحول کو گرد و غبار میں ڈھانپ لیا۔ تیز جھکڑ چلتے رہے اور ہر شخص اپنا چہرہ ہاتھوں سے چھپائے بیٹھا رہا جب آندھی کا زور کم ہوا تو افق مشرق سے سورج کا سرخ گولا چمک رہا تھا۔ بختیار بھی خیمہ سے باہر آکر قافلے والوں کے پاس بیٹھ گیا۔

"وہ ابھی تک خاموش ہیں" اس نے کہا "لیکن وہ ابھی تک اسکی آنکھوں کو گلاب سے دھو رہے ہیں"

"کیا انہیں خبر نہیں ہے کہ وہ طاعون سے مر چکی ہے"

"ہے اس کے عروسی کپڑے اور زیورات پہنا کر انہوں نے خود سفید چادر اس پر ڈالی ہے"

"بہتر تو یہی تھا ان کے دل کی بھڑاس نکل جاتی وہ دل بھر کر رو لیتے"

"وہ ہرگز ایسا نہ کریں گے ـــــ وہ ابھی تک زمین پر پڑی ہوئی ہے

— بالکل ریگستانی پھول کی مانند جو بارش کے بعد کھلتا ہے — افرہ۔

اس کے بعد وہ لوگ قبر کھودنے کیلئے چلے گئے صرف دو چار آدمی بختیار کے پاس رہ گئے۔

"خدا رحم کرے" ایک غلام بولا "کہیں خواجہ کے دماغ پر اثر نہ ہو جائے"

"جاؤ بھی یار — دنیا میں ایک سے ایک حسین لڑکی موجود ہے" دوسرے غلام نے کہا "بغداد میں تو خود دینار میں تو ایسی لونڈی مل جائیگی کہ —"

"ملعون — خبیث —" بختیار نے گرج کر کہا "تو سمجھتا کیا ہے۔ تو محبت کو کیا سمجھ سکتا ہے تیرے دماغ کی نالی میں تو بدکاری کے کیڑے رینگ رہے ہیں" وہ فوراً ہی خیمہ میں چلا گیا تھوڑی دیر کے اس نے کئی غلاموں سے سامان منگالیا جس کو پہاڑ تک لیجانا تھا جہاں قبر تیار ہوئی تھی۔

"آقا — اب روانگی کا وقت ہے" بختیار نے کہا "اب اجازت دیجئے"

دو گھنٹے کے بعد جب محمد خیمہ سے باہر نکلا تو اس کے عمامے کا ایک سرا منہ سے لپٹا ہوا تھا — ایک لمحہ تک وہ صحرائی بگولوں اور دریا کے بھورے پانی کو دیکھتا رہا اور پھر ان آدمیوں کو دیکھنے لگا جو یاسمین کو دفن کر کے واپس آ رہے تھے۔

"اس خیمہ میں آگ لگا دو" اس نے چیخ کر کہا "اور تم سب لوگ

چلے جاؤ ـــــ یہ سارا سامان بھی اپنے ساتھ لیتے جاؤ ـــــ خدا کیلئے اپنی منحوس صورتوں کو جلد دفعان کرو۔"

"آقا ـــــ" بختیار نے احتجاج کرنا چاہا

"تم بھی اپنا منہ کالا کرو ـــــ دیکھ نہیں رہے ہو کہ یہاں طاعون پھیلا ہوا ہے"

ناؤ کنارے پر آ لگی اور پورا قافلہ اس میں سوار ہو کر دیکھتے ہی دیکھتے نظروں سے اوجھل ہو گیا عمر جلتے ہوئے خیمے کے دھویں کو دیکھنے لگا ـــــ ابھی جہاں پر پچاسوں آدمی موجود تھے اب وہاں کسی ایک شخص کا بھی پتہ نہ تھا جہاں تک نظر جاتی تھی چٹیل میدان ہی نظر آ رہا تھا ـــــ قافلہ والوں نے کوئی چیز بھی وہاں باقی نہ چھوڑی تھی ـــــ خیمہ کی آگ اب اسکے دل کو جلا رہی تھی ـــــ وہ اسی کھوئے ہوئے عالم میں دریا کی طرف بڑھنے لگا

"آقا ـــــ آقا" بختیار نے ایک جھاڑی کے اندر سے سر نکال کر کہا "وہ دریا ہے آقا ـــــ اور طغیانی کی وجہ سے اسوقت بہت خطرناک ہو رہا ہے۔"

فرات کے پانی کی تیز و تند موجیں اسوقت عمر کے قدموں سے آ کر ٹکرا رہی تھیں۔ تیزی کے ساتھ بختیار اپنی کمین گاہ سے نکلا اور عمر کا بازو پکڑ کر کھینچتا ہوا دریا سے دور لے گیا۔ وہ دونوں ایک جگہ بیٹھ کر پانی کے اتار چڑھاؤ اور تیزی کو دیکھنے لگے۔

اٹھارھواں باب

المجسطی کا راز

خواجہ میمون اور مظفر اسفزاری اپنے چھ ماتحتوں کے ساتھ عمر کے سامنے مؤدب بیٹھے ہوئے تھے۔ یہ لوگ تین سال سے رصد گاہ میں کام کر رہے تھے۔ ان دونوں ہیئت دانوں کے سامنے کچھ کاغذات پھیلے ہوئے تھے جن پر مختلف اشکال اور فہرستیں بنی ہوئی تھیں یہ انکی تحقیقات اور مشاہدات کے نتائج تھے ـــــ میمون اپنی خشک آواز میں ان نتائج کی وضاحت کرتا جا رہا تھا عمر ایک گاؤ تکیہ سے پشت لگائے بیٹھا تھا وہ آج ہی طویل سفر کے بعد واپس آیا تھا عمر کے پیچھے خستہ حال مسخرہ بختیار بیٹھا ہوا اونگھ رہا تھا ـــــ بختیار کو دیکھ دیکھ کر میمون کو غصہ آ رہا تھا کیونکہ علماء ہیئت کے درمیان ایک مسخرہ کی موجودگی تعجب خیز تھی۔

ساری روئداد سننے کے بعد میمون خاموش ہو کر عمر کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا۔

"طلوع آفتاب اور ہمارے قائم کئے ہوئے وقت میں ایک سال کے اندر تین گھنٹہ نو منٹ کا فرق ہو جاتا ہے" آخر کار میمون نے کہا۔

"تین گھنٹہ اور نو منٹ!" عمر نے متعجب ہو کر دہرایا۔

میمون نے نظریں جھکالیں۔ اس ایک سال میں خواجہ میمون نے جان توڑ کر کوشش کی تھی کہ طلوع آفتاب کا صحیح وقت معلوم کرلیا جائے تاکہ کامیابی کا سہرا اسی کے سر رہے۔

"ایک ہتھوڑا لاکر اس گھڑی کو چکنا چور کردو" عمر نے کہا۔ "ایسی گھڑی بیکار ہے جس میں اتنا فرق ہو"

"عالی جاہ ــــ گھڑی بالکل صحیح ہے" مظفر نے کہا "میں نے خود اسکا مشاہدہ کیا تھا ــــ آفتاب سے زیادہ سے زیادہ یہ سترہ منٹ کا فرق دیتی ہے ــــ ممکن ہے کہ اس سے بھی کم ــــ"

"اوہ ــــ تو گھڑی تو ویسی ہی ہے جیسا میں نے اسکو چھوڑا تھا" عمر نے کہا "پھر کیا بات ہے؟"

"جی ہاں ــــ گھڑی تو صحیح ہے" میمون نے تسلیم کیا۔

"اس کے باوجود بھی تم تین سال میں معلوم نہ کرسکے کہ تین گھنٹہ نو منٹ کا فرق کیوں آرہا ہے؟"

"ہمارا مقدر ــــ"

"بس تم تو بچوں کو پڑھانے کے لائق ہو ــــ تم تو مدرسہ جاکر اپنا کام کرو" عمر کو غصہ آگیا۔

اس پھٹکار کو سنتے ہی سارے آدمی انفرادی طور پر وہاں سے کھسک گئے صرف میمون وہاں رہ گیا۔

"آقا ــــ تین گھنٹہ نو منٹ تو معمولی بات ہے" بختیار بولا۔

"اتنا وقت تو ہم تربوز کھانے میں صرف کر دیتے ہیں"

"تب تو تمہارا درجہ بھی ہیئت میں سیمون سے بڑھ گیا ہے" عمر نے مسکراتے ہوئے کہا اب اس کا موڈ بدل گیا تھا اس نے ایک گہری سانس لیکر ان کاغذوں میں سے ایک کو اٹھالیا۔

عمر نے وہ کاغذ رکھ کر دوسرا اٹھالیا اور غور سے اسے پڑھنے لگا "کیا آپ قسم کھا سکتے ہیں کہ یہ مشاہدات صحیح ہیں جبکہ مظفر کا بیان ہے کہ گھڑی بالکل صحیح ہے ـــــ یا تو گھڑی غلط ہے یا تمہاری یہ فہرست"

"گھڑی تو صحیح ہے" سیمون نے آہستہ سے کہا "ممکن ہے کہ مشاہدہ کرتے میں مجھ سے ہی کوئی غلطی ہو گئی ہو"

مشاہدہ کیا ہے یا المجسطی کی نقل کی ہے؟ عمر نے تیکھی نظروں سے سیمون کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔

سیمون نے کوئی جواب نہ دیا عمر سمجھ گیا کہ یہ صرف نقل ہی تھی

"نقل کیلئے بھی عقل کی ضرورت ہوتی" عمر نے کہا "آپ نے نیشاپور کے عرض البلد کا خیال نہ رکھا حالانکہ یہ مشاہدات تو بطلیموس نے اسکندریہ میں کئے تھے"

"اس پر میں نے غور نہیں کیا تھا ـــ آپ خود ہی ملاحظہ فرمالیں۔ گذشتہ ماہ کے مشاہدات کی فہرست بھی موجود ہے"

ایک کاغذ اٹھا کر عمر نے کچھ حساب لگایا اور پھر اسکو سیمون کی فہرست سے ملانے لگا "سیاروں میں کوئی فرق نہیں ہے" اس نے سر کو جنبش دی

"گھڑی پر اعتماد ہے ـــــ اس کے باوجود تین گھنٹہ کا فرق ـــــ اچھا المجسطی تو لائے"

جب المجسطی کے اوراق اس کے سامنے پھیلا دیئے گئے تو اس نے میمون کے مشاہدات کا پہلا ورق اٹھالیا اور سر جھکا کر اس پر مشغول ہو گیا ـــ بختیار نے خود کو کمبلوں میں چھپالیا اور خراٹے لینے لگا لیکن میمون خاموشی سے بیٹھا ہوا انتظار کرتا رہا جب لیمپ بھڑکنے لگا تو اس نے اٹھ کر تیل ڈالدیا ـــ اب دو تہائی رات گذر چکی تھی۔

"تعجب ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے" عمر بڑبڑایا اور پھر دوسرا کاغذ اٹھالیا۔ جب صبح کی روشنی روشندان سے اندر آنے لگی اور لیمپ کی روشنی مدھم پڑگئی تو عمر نے سر اٹھایا شاید وہ کسی نتیجہ پر پہونچ چکا تھا ـــ

"آپ کے حساب میں کوئی غلطی نہیں ہے لیکن پھر بھی فرق آرہا تھا"

میمون نے سر کو جنبش دی "پھر فرق کیوں آرہا ہے"

"غلطی اس میں ہے ـــ المجسطی میں"

میمون کا منھ حیرت کی وجہ سے کھل گیا ـــ "اوہ ـــ یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ المجسطی میں غلطی! اتنا زمانہ گذر گیا لیکن آجتک تو ـــ"

"جی ہاں ـــ سینکڑوں برس سے مستقل غلطی چلی آرہی ہے"

"لیکن کس طرح ـــ اور آجتک کسی کو پتہ نہ چلا!"

"اگر ہمیں غلطی کی وجہ معلوم ہو جائے تو اس کی تصحیح آسانی کے ساتھ ہو سکتی ہے" عمر نے مسکراتے ہوئے کہا اس کی تھکی ہوئی آنکھوں میں

سوچ بچار رہا" لیکن معلوم کیسے ہو اسکندریہ تو سینکڑوں سال ویران رہ چکی ہے۔"

بوڑھے میمون کے چہرہ پر اسوقت گہری مسرت کے آثار تھے ـــــ اگر بطلیموس کی المجسطی میں کوئی غلطی ثابت ہو جائے تو وہ اس زمانہ کی سب سے بڑی کامیابی ہوگی۔

"اسکا تو مطلب یہ ہوا کہ ابتک ہمارے سامنے مشاہدات بیکار ہوئے" میمون بولا "ہماری تمام تحقیقات کا دارومدار ہی المجسطی پر تھا" اگر کمرہ کا سارا سامان ناچنے لگتا جب بھی شاید اس کو اتنا تعجب نہوتا جتنا اسوقت تھا۔

"وہ غلطی معمولی ضرور ہے لیکن مستقل قسم کی ہے" عمر نے کہا "یہ بھی ہوسکتا ہے کہ غلطی نہ ہو لیکن یہ بات صرف اسی صورت میں معلوم ہوسکتی ہے اگر ہم ایک راز معلوم کرسکیں"

میمون نے سر کو جنبش دی "خدا میں بڑی طاقت ہے ـــــ اگر وہ چاہے تو ـــــ"

"کاش کہ ہم وہ راز معلوم کر پاتے" عمر نے کہا پھر یکایک چونک پڑا "اچھا یہ تو بتائیے کہ المجسطی کا عرض اور طول البلد صحیح ہے؟"

"قطعی ـــــ ورنہ ہم تیس نسلوں سے اسے استعمال نہ کرتے"

"لیکن بطلیموس کو اپنے ہمسایوں کا علم تو ہوگا وہ انکو اپنی جدولوں میں استعمال کرسکتا تھا لیکن جدول میں انکا ذکر نہیں ہے ـــــ

اور یہی وجہ ہماری ناکامی کی ہے" اس نے المجسطی کو دوبارہ دیکھنا شروع کیا "ہم اس کنجی سے اس راز کو حل کر سکتے ہیں"

"انشاء اللہ"

"کیا آپ نے یہ جدولیں نیشاپور کے رصد البلد سے ملائی تھیں" عمر نے پوچھا۔

"نہیں ـــــ کیونکہ جامد سیارے جس طرح نیشاپور سے نظر آتے ہیں اسی طرح دوسری جگہ سے بھی نظر آ سکتے حالانکہ انکا زاویہ بدل سکتا ہے"

"ممکن ہے کہ اس مقام سے نظر نہ آتے ہوں جہاں المجسطی تیار کی گئی"

"کیا بطلیموس کی رصدگاہ اسکندریہ میں نہیں تھی؟"

"ہاں تھی ـــــ اور یہی ہماری غلطی ہے ـــــ"

"وہ کیا؟" میمون نے بے چینی سے پوچھا۔

"یہ جدولیں اسکندریہ میں ہرگز تیار نہیں ہوئی ہیں ـــــ اب مجھے یقین ہو گیا ہے کہ یہ دوسرے مقام پر تیار کی گئی ہیں اور بطلیموس نے صرف انکا استعمال کیا جیسے ہم کرتے ہیں ـــــ بطلیموس کو علم نہ ہوگا کہ یہ جدولیں کس ہیئت داں نے بنائی تھیں اور اسی وجہ سے اس کے مشاہدات صحیح ہوتے تھے ـــــ اور کوساری جدولیں بطلیموس کے نام سے ہی منسوب کر دی گئیں"

خواجہ بزرگ کی آنکھیں فرط مسرت سے چمکنے لگیں ـــ انکو یہ معلوم

ہو رہا تھا کہ عمر اپنی پراسرار قوت سے نوح ہی کے پرانے رازوں کو کھول رہا تھا۔ نظام الملک نے اس سے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ عمر ایک عجیب و غریب پراسرار قوت کا مالک تھا۔

"لیکن یہ ہم کسی طرح معلوم کر سکتے ہیں کہ ان جدولوں کو کس نے اور کہاں بنایا تھا؟" بزرگوں نے بڑی سرافس لیکر کہا "ہمارے پاس یہ معلوم کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ وہ بابل یا ہندوستان کا کوئی ہیئت دان ہو ــــ یا کوئی یونانی ہو ــــ کون جان سکتا ہے؟"

"چند روز میں انگریزی تیار مشاہدات کی جگہ آپ کو بتا دونگا" عمر نے جھکے ہوئے لہجہ میں کہا "لیکن اسوقت تو مجھے شدید نیند آ رہی ہے" رصدگاہ کے بازار سے گزرتے اپنے مکان میں پہنچ گیا۔

اس ایک ہفتہ میں ارتفاع شمسی کے معتبر کے سامنے اور آبی گھڑی سے آفتاب کے طلوع اور غروب کے اوقات کے علاوہ رصدگاہ میں کوئی اندراج نہ ہوا لیکن عمر کا انہماک کام جاری رہا۔ کام کی زیادتی سے اس کے ہاتھ بھی تھک کر چور ہو گئے۔ اس عرصہ میں عمر نے یونانی ہیئت دانوں کی طول خدمت تیار کر لی تھی۔ مختلف اشکال اور جدولوں سے اوراق سیاہ ہو گئے عمر نے زیادہ تر کام خفیہ طور سے خاموشی کے ساتھ کیا۔ صرف یحییٰ نے اس کے ساتھ کام کیا۔ تیار جو کوئی جدول تیار یا اخذ کرتا یحییٰ کو جانچنے کے لئے دیدیتا۔ یحییٰ کے خیال سے وہ بالکل اجنبی یہ کیلئے کام کر رہا تھا۔ اسے عمر کی کامیابی کی امید بالکل بھی رہی

عمر اسوقت اس غلطی کا تناسب معلوم کر رہا تھا اور اگر تناسب معلوم ہوتا تو اس نامعلوم رصدگاہ سے اسکندریہ کا فاصلہ بھی معلوم ہو سکتا تھا رصدگاہ نامعلوم اسکندریہ کے شمال میں تھی یا جنوب ـــــ سارا کام اندازہ پر ہو رہا تھا آخر کار یہ معلوم ہوا کہ عرض البلد میں پانچ درجہ کا تفاوت تھا

"اب مجھے یقین ہو گیا ہے کہ یہ رصدگاہ اسکندریہ سے پانچ درجہ شمال کی طرف تھی" عمر نے کاغذات کو سنبھالتے ہوئے کہا۔

"لیکن جنوب کی طرف بھی تو ہو سکتی ہے؟"

"آپ کا اعتراض صحیح ہے ـــــ لیکن نقشہ پر نظر ڈالئے ـــــ جنوب کی طرف صرف ریگستان اور پہاڑی تھے"

"نیشاپور بھی تو اسی سمت میں آتا ہے شمال کی طرف ـــــ" میمون نے کہا "اس کے علاوہ حلب۔ بلخ اور دوسرے بہت سے شہر"

یہ تو طے شدہ بات تھی کہ وہ مقام ہندوستان میں نہیں تھا کیوں کہ ہندوستان نیشاپور کے مشرق میں تھا لیکن سب سے بڑی دشواری یہ تھی کہ وہ لوگ مشرق بعید کے بہت سے قدیم شہروں کے نام بھی نہیں جانتے تھے۔ عمر کو یقین تھا کہ یہ جگہ حلب کے مشرق میں کہیں ہوگی۔

ایک شام جب یہ دونوں اپنے کام میں منہمک تھے تو دروازہ پر کسی شخص کے سلام کرنے کی آواز سنائی دی "السلام علیکم ـــــ کہیئے آپ صاحبان کی محنت کا نتیجہ کیا رہا؟"

عمر نے سر اٹھا کر دیکھا اس کے سامنے تکش کھڑا ہوا مسکرا رہا تھا۔

اس کے سر پر نیلے رنگ کا مخصوص عمامہ تھا۔

"لوگ آپ کی تحقیقات سے بہت دلچسپی لے رہے ہیں" تکش نے کہا "بازاروں۔ کارواں سراؤں اور سڑکوں پر آپ کی رصدگاہ کے متعلق ہر وقت ذکر ہوتا رہتا ہے"

عمر نے قلم میز پر رکھا اور کھڑا ہو گیا "سڑکوں کا نام لیکر تم نے حلب کی سڑک کی یاد دلا دی"

"میں تو آپکا خادم ہوں" تکش نے کہا "آپ کا دوست ـــــ میرے لائق کوئی خدمت ہے؟"

"میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ تم نے وہ جوشن کا کیا کیا جس پر فیروزے جڑے ہوئے تھے؟"

کوتوال بہت ہوشیار آدمی تھا اسکو فوراً ہی وہ جوشن یاد آگیا جو اس نے چشمہ میں پھینکا تھا۔ ایک لمحہ تک اس کی عقل چکرا گئی کہ کیا جواب دے لیکن جلد ہی اس نے اپنی حالت پر قابو پا لیا

"کیا خواجہ مجھ سے مذاق کر رہے ہیں؟" اس نے مسکراتے ہوئے کہا "فیروزے جڑے ہوئے تو بازاروں جوشن بازاروں میں ہونگے"

"جس شخص نے تم کو وہ جوشن لا کر دیا تھا وہ اسوقت اسی کمرہ میں موجود ہے ـــــ اور وہ پیغام بھی تم نے مجھ سے چھپایا جو اس جوشن کے ساتھ تم کو ملا تھا ـــــ اف ـــــ اسکی موت سے میری روح بوجھل ہے اس سے کبھی چھٹکارہ نہیں ہو سکتا" [illegible] سے عمر کا چہرہ سرخ ہو گیا تھا

گردن کی رگیں ابھر آئی تھیں اور سارا جسم تھر تھر کانپ رہا تھا۔
وہ تکش کی طرف آہستہ آہستہ بڑھ رہا تھا۔ اس کی نظروں کو دیکھکر
کوتوال کانپ گیا۔

"اب تم مجھ سے کہو گے کہ نیشاپور میں ہزاروں لڑکیاں ہیں ——
لیکن تم کو معلوم ہے کہ میں نے صرف ایک بار محبت کی تھی —— یہ
جانتے ہوئے بھی تم نے مجھے دھوکہ دیا"

"نانوے ناموں کی قسم مجھ کو کچھ نہیں معلوم" تکش نے آہستہ سے
کہا "میں نے تمہاری محبوبہ کے ساتھ کبھی کوئی برائی نہیں کی —— اوہ
—— خواجہ سیمون —— سیمون —— مدد" اس کے منہ سے گھگھیائی آواز نکلی
عمر نے اسکا گلا پکڑ لیا تھا اور بُری طرح اسے جھنجھوڑ رہا تھا۔ تکش
ایسے جانور کی طرح پھڑک رہا تھا جو قصائی کی چھری کے نیچے ہو ——
عمر کی انگلیاں فولاد کی مانند اسکی جلد میں گڑی ہوئی تھیں اور اسکا دم گھٹا
جا رہا تھا —— تکش نے اپنی کمر سے پیش قبض نکال لیا۔ سیمون تیزی سے
آگے بڑھا لیکن وہ پیش قبض عمر کے لباس کو پھاڑتا ہوا ہڈی تک پہنچ
گیا تھا۔ وہ فوراً ہی ڈھیر ہو گیا

تمام ملازمین فوراً دوڑ پڑے اور عمر کو اٹھا کر ایک کوچ پر لٹا دیا گیا۔
اسکا زخم تو گہرا تھا لیکن کوئی خطرہ نہیں تھا کیونکہ شانے پر لگا تھا شاہی طبیب کو
بلانے کیلئے ایک آدمی بھیج دیا گیا کئی غلام خواجہ سیمون کو پنکھا جھل رہے تھے
کیونکہ وہ بھی بیہوش ہو گیا تھا —— ایک کونے میں تکش کھڑا ہوا کانپ رہا تھا۔

۱۹

اُنیسواں باب

ملک شاہی تاریخ

خواجہ میمون نے کئی روز تک محنت کی۔ جدولیں تیار کیں نقشے بنائے لیکن بغیر عمر کی شرکت کے وہ سب بیکار ثابت ہوئے۔ اسی لیے اس نے رصد گاہ جانا بھی ترک کر دیا تھا طبیب نے سخت ممانعت کر دی تھی کہ عمر حرکت نہ کرے بلکہ مکمل آرام کیلئے ہر وقت لیٹا رہے۔ اسے اسفزاری سے معلوم ہوا کہ کئی راتوں سے اس نے رصد گاہ کی بالائی منزل پر روشنی دیکھی تھی۔ میمون کو تعجب ہوا کیونکہ دوسرے ماتحتوں کو وہاں جانے کی ممانعت تھی پھر کون ہو سکتا تھا آخر ایک رات کو میمون وہاں پہونچ گیا عمر ایک میز پر جھکا ہوا المجسطی کو پڑھ رہا تھا اس کے شانے پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور کمزوری کی وجہ سے چہرہ زرد پڑ گیا تھا

"آخر وہ مقام مل ہی گیا" عمر نے میمون کو دیکھتے ہی کہا "وہ ایشیائے کوچک میں مغرب کی طرف ہے"

میمون کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا "لیکن مغرب میں تو سمندر ہے؟"

"ہاں" عمر نے سر کو جنبش دی "وہ سمندر کے کنارہ پر تھا یا ممکن ہے کہ سمندر میں ہو" عمر اس وقت بہت سے مقامات کی فہرست کا مطالعہ کر رہا تھا اس کے ہاتھ میں قلم تھا اور ہر شہر پر غور کرنے کے بعد اسے

کارنامے دیتا تھا آخر ایک جگہ پہونچکر اس کا قلم رک گیا۔

"جزیرہ رہاد!" وہ بڑبڑایا "اوہ — تو یہاں وہ جگہ تھی، جہاں سے ہزاروں جہازوں سے نظر آسکتی تھی۔

جو رہنے والوں کو جو شے بغیر آزار رہنے والے پتھر کر دیتی تھی

نو سو سال پہلے رہاد پر سے پہرہ اٹھ رہا تھا۔

"اب ہمیں ان جدولوں سے شہر رہاد کے عرض البلد کو معلوم کرنا ہے"

... عمر نے کہا "عیسیٰ علیہ السلام سے ۱۲۰ سال پہلے"

پھر تین روز تک اس نے لیموں کے ساتھ تجربے کئے — کہ موسمی

— کم کھایا اور زیادہ وقت رصدگاہ میں ہی گذرا۔ "خدا کا شکر ہے کہ

اب ہمارے پاس صحیح جدولیں ہیں" عمر نے کہا "جس طرح جزیرہ رہاد

کی جدولوں کو بطلیموس نے استعمال کیا تھا اسی طرح ہم بھی ان کو کام میں

لا سکتے ہیں"

"لیکن ہم کو انتہائی رازداری سے کام لینا ہوگا" عمر نے دوبارہ کہا

"اگر علماء صاحبان کو معلوم ہوگیا کہ ہم نے یونانیوں کی جدولوں کو استعمال

کیا ہے تو وقت سے پہلے طوفان آجائیگا — جبتک ہمارا کام ختم نہ ہوجائے

اور ہم اس کو سلطان کے سامنے پیش نہ کر دیں ان واقعات کی نظم رصدگاہ

کے باہر لوگوں کو نہ پہنچنا چاہئے"

---

۱۵ Hipparchus of Rhodes

"بالکل آپ نے صحیح فرمایا خواجہ" ہیمون نے کہا "کئی بار ایسا ہو چکا ہے کہ رصدگاہ کے نیچے کھڑے ہو کر اگر میں نے ہم کو گالیاں دیں بلکہ ایک بار تو ایک گروہ نے کر [illegible] ہر [illegible] اس وقت کہ آپ مطلب میں تھے۔ ابھی ہم کو ان باتوں کو [illegible] رکھنا ہی مناسب ہوگا"

اس طرح ان لوگوں کو رام کرتے ہوئے پورا ایک سال گذر گیا۔ جب رصدگاہ کے ہیئت دانوں نے ان کی جدولوں کا مقابلہ کیا تو سیمون اور اسفزاری بہت خوش ہوئے۔ اب انکی کابی گھڑی اور طلوع آفتاب کے وقت میں صرف ایک گھنٹہ کا فرق رہ گیا ہے"

عمر نے اب نوروز کا صحیح وقت بھی معلوم کر لیا تھا۔ اس نئی تحقیقات کے نتیجہ میں نوروز وہ تھا جب آفتاب برج حمل میں داخل ہوا اس سے پہلے نوروز اس وقت ہوتا تھا جب آفتاب نصف برج حوت میں پہنچتا تھا اس طرح آفتاب اپنا سالانہ دور ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ اور ۴۹ دقیقہ میں طے کرتا ہے۔ ان کو معلوم تھا قدیم مصر کے ہیئت دانوں نے بارہ مہینہ کی جنتری بنائی تھی جسکا ہر مہینہ ۳۰ دن کا ہوتا تھا۔ باقی پانچ دن وہ سال کے آخر میں ملا کر ۳۶۵ دن پورے کر لیتے تھے۔

"اگر ہم ۴۹ دقیقہ کو بھی ان دنوں میں شامل کر دیں تو کیسا رہیگا" اسفزاری نے کہا "اس طرح ہر چوتھے سال ہم کو روسیوں کی طرح ہم کو ایک دن کا اضافہ کرنا ہوگا"

"اگر ہمیں ایسا کرنا ہوتا تو روسیوں کے سال کو ہی کیوں نہ اختیار کر لیتے"

عمر نے کہا "اس کے علاوہ ہمیں ایک ایسی جنتری بنانا ہے جو سینکڑوں سال تک رہے اس لئے ہم کو ابھی اور چھان بین کرنا ہوگی۔"

دوسرے سال انھوں نے پھر مشاہدات کئے اور پہلے سال کے نتائج سے انکو ملایا۔ اب یہ خبریں نیشاپور بھی پہنچ رہی تھیں اور لوگ عمر کے خلاف پروپیگنڈا کر رہے تھے ان کے نزدیک ان آلات اور رصدگاہ کا استعمال قطعی ملحدانہ تھا۔ لیکن ان باتوں کا عمر پر کوئی اثر نہ ہوا اور وہ اپنے کام میں مصروف رہا

خواجہ میمون کو معلوم تھا کہ آجکل عمر ایک نئے حساب میں منہمک رہتا تھا جسکا اندازہ ابھی تک بوڑھا ہیئت داں خود بھی نہ کر سکا تھا اسے یہ تو پتہ چل گیا تھا کہ عمر جزیرہ رآد کے علماء کی تصانیف کا مطالعہ آجکل کر رہا تھا

"میرا تو دماغ کام نہیں کرتا" اسفزاری نے میمون سے کہا "نامعلوم خواجہ عمر آجکل کس چکر میں ہیں۔"

"وہ دائرہ صفر[1] کے استعمال پر غور کر رہے ہیں"

"صفر!"

"ہاں — یونانی زیرو — انکا خیال ہے کہ صفر کے بعد بھی لاتعداد اعداد ہو سکتے ہیں"

"بالکل بیکار بات ہے — ایسی لایعنی باتوں پر اپنا وقت خراب

---

[1] صفر کا استعمال اور اسکی اہمیت سب سے پہلے عمر نے ہی معلوم کی تھی۔ اس سے پہلے یورپ والے صفر کو نہیں جانتے تھے صرف یونانی حکماء نے اس پر کچھ روشنی ڈالی تھی۔

کرنے سے کیا فائدہ" اسفزاری بولا۔

"لیکن خواجہ عمر کا دعویٰ ہے کہ وہ اعداد ان کو معلوم ہو چکے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ جس طرح کوئی عدد چھوٹے یا بڑے اعداد سے گھٹایا جا سکتا ہے بالکل اسی طرح چھوٹے اعداد بڑے اعداد سے گھٹائے جا سکتے ہیں۔ ایسے اعداد کو اعداد منفی کہتے ہیں اور جو بڑے عدد ہوتے ہیں انکو اعداد مثبت کہتے ہیں مثال کے طور پر اگر ہم ۳ میں سے ۲ کو گھٹایا جائے تو جواب ۲ ہوگا لیکن ان کے نزدیک ۳ میں سے ۳ کو بھی گھٹایا جا سکتا ہے اور اسکا جواب نفی ۲ ہوگا"

اب وہ سال بھی ختم ہونے پر آگیا تھا اور آخری اندراجات کر لیے گئے۔ عمر اور میمون نے مل کر اپنے مشاہدات کا آخری نتیجہ بھی نکال لیا ۔۔۔ ان لوگوں نے آفتاب کے دائرہ عظمیٰ کی اتنی صحیح پیمائش کی تھی کہ ان سے پہلے یونان اور مصر تک میں نہ ہوئی تھی۔ گھنٹوں کا صحیح تعین تو سب سے پہلے بطلیموس نے کیا تھا لیکن عمر خیام کی تحقیق[1] سے منٹوں کا صحیح تعین ہوا اور نتیجہ میں پورے ایک سال کے وقت کا تعین ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ اور ۴۹ منٹ ہوا۔

"اب ہم مہینوں کی تقسیم کس طرح کریں گے؟" میمون نے پوچھا۔

---

[1] موجودہ تحقیقات اور ملک شاہی رصدگاہ کی تحقیقات میں چند سکنڈوں کا فرق ہے آجکل جو وقت مانا گیا ہے وہ ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ اور ۴۸ منٹ اور ۴۹ سکنڈ ہے

"ہمارا ہر مہینہ تیس تیس دن کا ہوگا کل ۳۶۰ دن ہوئے"

"اور باقی ۵ دن؟" میں نے پوچھا۔

"وہ ہر سال کے آخر میں بڑھتے جائیں گے۔ اب ان کو شمار کرو۔ جب ان کی تعداد چار ہو جائے تو چار سال میں ایک دن اضافہ ہو جائے گا اور یہ کبیسہ کا دن ہوگا۔"

"ٹھیک ہے۔ اس حساب سے تو تمہارے اور ہمارے سال کا فرق پورے ۳۳ سال میں نکل جائے گا۔"

"بیشک۔" عمر نے کہا۔ "اس مدت سال کے آغاز کا دن بھی ہمارے یہاں اٹل ہو جائیگا جس وقت بھی آفتاب دوپہر سے پہلے برج حمل میں آئے گا وہی ہمارے سال کا آغاز ہوگا اور ہمارے پہلے مہینہ فروردین کی پہلی تاریخ

---

[1] خیام کے مہینے اس طرح تھے:۔

فروردین ۳۰ اردی بہشت ۳۰ خورداد ۳۰ تیر ۳۰ امرداد ۳۰ شہریور ۳۰ مہر ۳۰ آبان ۳۰ آذر ۳۰ دی ۳۰ بہمن ۳۰ اسفندیار ۳۰

اکبر کے زمانہ میں حکیم فتح اللہ شیرازی نے یہ صورت کی کہ آخر میں ۵ دن بڑھانے کے بجائے ان دنوں کو بھی مہینوں پر تقسیم کر دیا۔ صرف ایک دن کا فرق ہر چار سال کے بعد رہ گیا۔ اس تاریخ کا نام تاریخ الٰہی قرار پایا:۔

فروردین ۳۱ اردی بہشت ۳۱ خورداد ۳۱ تیر ۳۱ امرداد ۳۱ شہریور ۳۱ مہر ۳۰ آبان ۳۰ آذر ۳۰ دی ۳۰ بہمن ۳۰ اسفندیار ۲۹ (باقی صفحہ ۱۸۸ پر)

ہوگی ـــ اس حساب سے سال کی طرح مہینہ بھی حقیقی ہو جائیں گے اور شمسی سال کا ہر نقص بھی پورا ہو جائیگا ـــ

خیام اور میمون نے ایک جنتری نظام الملک کے سامنے پیش کرنے کیلئے تیار کی کیونکہ وزیر اعظم کو انکی تحقیقات کے نتائج معلوم کرنے کا بیحد شوق تھا۔ عمر میمون اور اصفہاری نے درباری لباس پہنے اور اسکو لے کر نظام الملک کی خدمت میں پہونچ گئے۔

نظام الملک بہت خوش ہوا اس نے جنتری پر شگوف۔ لاجورد اور

(بقیہ صفحہ ۱۸۷) یہی تاریخ حیدرآباد میں اس فرق کے ساتھ جاری رہی کہ آذر میں ایکدن اور بڑھا کر ۳۰ کر دیا گیا لیکن تیس گھنٹے کے اضافہ کی کوئی شکل اسمیں بھی نہ کی گئی اور اس طرح ۱۲۰ برس میں ایک مہینہ کا تغیر لازمی تھا اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ حیدرآبادی دفاتر میں ہر ۱۲۰ برس کے بعد گریگورین سال ایک مہینہ کا فرق ہو جاتا تھا دوسرا فرق یہ تھا حیدرآباد میں سال بجائے فروردین کے آبان سے شروع ہوتا تھا اور ۱۸۸۵ء سے آذر سے شروع ہونے لگا۔ مہینوں کے دنوں میں بھی ترمیم کر دی گئی اور خرداد کے ۳۲ دنوں میں سے ایک دن نکال کر آذر میں بڑھا دیا گیا جو پہلے ۲۹ دن کا تھا۔ موجودہ صورت یہ ہے :-

آذر ۳۰ ۔ دی ۲۹ ۔ بہمن ۳۰ ۔ اسفندیار ۳۰ ۔ فروردین ۳۱ ۔ اردی بہشت ۳۱ ۔ خرداد ۳۱ ۔ تیر ۳۱

امرداد ۳۱ ۔ شہریور ۳۱ ۔ مہر ۳۰ ۔ آبان ۳۰

یہ سنہ خیامی حقیقی ہے لیکن اتنی تبدیلیاں ہوگئی ہیں کہ اب اسکی وہ صورت نہیں رہی ہے۔

سونے کے ورقوں سے نقاشی کرائی اس کی جلد پر بیش بہا جواہرات جڑوائے اور انہیں جواہرات سے سیاروں کی اشکال بنوا کر ملک شاہ کے حضور میں خود لیجا کر پیش کی۔

"سلطان العالم کے حضور میں یہ خادم ایک تحفہ لایا ہے" اس نے آداب بجالا کر کہا "خدا کا شکر ہے کہ آپ کے خادموں نے ایک نئی جنتری تیار کرلی ہے ـــ اور ایک نیا سنہ جاری کرنے کیلئے ایک نئی تقویم مرتب کی ہے ـــ اس نئے سنہ نے موجودہ اور رائج سنوں کے سارے نقائص دور کردیئے ہیں ـــ عالی جاہ یہ ایک نایاب تحفہ ہے جس کی وجہ سے آپ کا عہد قیامت تک لوگوں کے دلوں پر نقش ہوجائیگا اور آپ کا نام ہزاروں سال تک باقی رہے گا"

ملک شاہ نے نظام الملک سے جنتری لی اور اس کو دلچسپی کے ساتھ دیکھنے لگا۔

"ہم تمہاری کارکردگی سے بہت خوش ہوئے" سلطان نے کہا "رصدگاہ میں جن لوگوں نے کام کیا ہے ان کو خلعت کے علاوہ پچاس پچاس توڑے اشرفیوں کے دیدیے جائیں اور ہمارے منجم کو دس توڑے اور پہاڑی والا قصر کوچک مع ان آرائشوں کے جو اسمیں موجود ہیں"

نظام الملک نے سینہ پر ہاتھ رکھ کر سر کو خم کیا "اگر عالی جاہ کا حکم ہو تو آج ہی سارے قلمرو میں اس نئی تقویم کو جاری کرنے کے احکامات جاری کردیئے جائیں ـــ کیونکہ آج ہی نوروز کا دن ہے اور آفتاب برج حمل میں

آنے والا ہے"

"بالکل ـــــ اور ہمارے قصر کے سامنے ہی جشن کا انتظام بھی کیا جائیگا"

ملک شاہ مع اراکین سلطنت کے اپنے قصر کے برج میں بیٹھا ہوا آفتاب کے سرخ گولے کو دیکھ رہا تھا جو اب غروب ہونے والا تھا۔ نیشاپور کی سڑکیں اسوقت بھری ہوئی چل رہی تھیں کھوے سے کھوا چھل رہا تھا۔ بازار سجے ہوئے تھے اور عورتیں اپنے بچوں کو لئے دوکانوں پر ٹوٹی پڑ رہی تھیں مکانوں کی چھتوں پر لوگوں نے قالینوں کا فرش کر رکھا تھا۔ روشنی کا کافی انتظام تھا کیونکہ آج تہوار کی رات تھی ـــــ نوروز کا دن اور نوروز دین کی پہلی تاریخ ـــــ

خلعت میں بیش قیمت عبا کو پہنے ہوئے عمر بھی سلطان کے برابر کھڑا تھا یہ سب لوگ اسوقت سورج کے غروب ہونے کا نظارہ دیکھ رہے تھے۔

سطح بالکل صاف تھا سوائے ان چند بادلوں کے جو سورج کے اوپر تھے اور شفق کی روشنی سے بالکل سرخ ہو گئے تھے۔

نئے سال کے آغاز میں اب چند منٹ کی دیر تھی۔ ہر شخص دم بخود اور ساکت تھا سوائے چند نفوس کے جو زیر لب بڑبڑا رہے تھے۔

آفتاب کا آخری کنارہ بھی نظروں سے پوشیدہ ہو گیا اور اب آسمان بالکل خالی تھا زمین پر تاریکی نے قبضہ جمانا شروع کر دیا تھا۔ سڑکوں پر لوگ دف بجا بجا کر گا رہے تھے اور بچوں کے شور و غل سے کان پڑی آواز سنائی نہیں دے رہی تھی ـــــ عمر قصر کے دمدمہ پر آکر نیچے دیکھنے لگا ـــــ آبی گھڑی سے بوندیں گر کر اب ایک نئے وقت کو ظاہر کر رہی تھیں!

"آج بارش ہونے کا تو امکان نہیں ہے؟" سلطان نے عمر سے پوچھا

"میں ستاروں کا مطالعہ کر کے جواب دے سکتا ہوں" عمر نے جواب دیا

"اگر عالی جاہ رخصت کی اجازت مرحمت فرمائیں"

اجازت ملتے ہی وہ رصد گاہ کو روانہ ہو گیا اور اپنے کمرہ میں پہنچ کر مطالعہ میں مصروف ہو گیا۔ قصر سے چھٹکارہ پا کر وہ اس وقت بہت خوش معلوم ہو رہا تھا۔ بختیار بھی اسے تلاش کرتا ہوا وہاں پہنچ گیا ـــــ اسے تعجب تھا کہ جب پورا نیشاپور اس وقت جشن میں منہمک تھا تو یہ الگ تھلگ کیوں بیٹھا تھا ـــــ شاہی خلعت اب بھی اس کے جسم پر تھی اور ایک لیمپ روشن تھا

"سلطان العالم نے بارش کے متعلق ریاضت فرمایا ہے؟" بختیار نے کہا۔

"ہوا کس سمت کی ہے؟"

"پُروائی ہے" بختیار نے جواب دیا۔

"تو سلطان سے کہہ دینا کہ ایک گھنٹہ کے بعد ہی زبردست بارش آنے کا امکان ہے"

"لیکن ـــــ" بختیار کی آنکھیں حیرت سے پھٹی کی پھٹی رہ گئیں "لیکن آقا ـــــ آسمان تو بالکل صاف ہے"

"ہاں ـــــ لیکن تم یہی جا کر کہہ دو جو میں نے بتایا ہے ـــــ" اس کے لہجہ میں یقین تھا "رعد و برق کے ساتھ زبردست طوفان آئے گا اور ممکن ہے کہ ژالہ باری بھی ہو"

"میں جا رہا ہوں ـــــ" بختیار نے آہستہ سے کہا وہ ابھی تک ہچکچا رہا تھا۔ "کیا آپ اس وقت وہاں تشریف نہ لے جائیں گے؟ محفل جمی ہوئی ہے اور رقص ہو رہا ہے"

"نہیں ـــــ" عمر نے افسردگی کے ساتھ کہا "میرے نصیب میں خوشی نہیں ہے ـــــ تم تو مجھے جانتے ہو ـــــ"

بختیار کو معلوم تھا کہ تنہائی اور سکون میں عمر ہمیشہ غمگین اور اداس ہو جاتا تھا ـــــ اسے یاسمین کا غم گھن کی طرح لگا ہوا تھا اس بوڑھے مسخرہ کو کیا خبر تھی کہ آجکل عمر پر دوسری ہی دھن سوار تھی۔

"آؤ بختیار میں تمہیں ایک تماشہ دکھاؤں" عمر نے کہا اور اسکا ہاتھ پکڑ رصدگاہ کی چھت پر پہونچ گیا۔

"تمہیں کیا نظر آ رہا ہے بختیار؟" عمر نے آسمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔

"ستارے ـــ صاف آسمان پر روشن ستارے"

"کیا یہ گردش کر رہے ہیں؟"

بختیار غور سے ستاروں کو دیکھنے لگا۔ سچی بات تو یہ ہے کہ وہ بینائی کمزور ہونے کی وجہ سے اچھی طرح سے ستاروں کو دیکھ نہیں سکتا تھا پھر بھی عمر کے کہنے پر اوپر دیکھنے لگا۔

"جی ہاں ـــ یہ گردش کر رہے ہیں ـــ میں نے سینکڑوں بار پہلے بھی انکو دیکھا ہے"

"اور ہماری زمین؟"

"یہ گیند کی مانند گول ہے ـــ لیکن اپنی جگہ پر قائم ہے ـــ خواجہ بیرن نے مجھے یہی بتایا تھا"

ایک لمحہ تک عمر نا معلوم کس خیال میں کھویا رہا۔ نیچے دریا پر رات کے پرندے اڑ رہے تھے ایک الو چیختا ہوا اس کے سر پر سے گذر رہا تھا اور برفیلی ہوا اس کے چہرہ پر لگ رہی تھی۔

"ایک سال متواتر میں نے تحقیق کی ہے" عمر نے آخر کار کہا "اور اب مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ ـــ دیکھو ـــ بختیار۔ غور سے دیکھو ـــ یہ روشنی کے بے شمار نقطے ـــ ہمیشہ چمکنے والے ننھے ننھے ستارے اپنی جگہ پر قائم ہیں ـــ لاکھوں برس سے اسی جگہ پر ہیں جہاں تھے ـــ دیکھا تم نے ـــ ہماری زمین ـــ جس پر ہم کھڑے ہیں ـــ یہ گول گیند گردش کرتی ہے۔ دن و رات میں ایک چکر پورا کر لیتی ہے"

یکایک بختیار نے اپنا سر اوپر اٹھایا اور خوف سے کانپنے لگا "آقا ـــ مجھے ڈر لگ رہا ہے ـــ"

"ڈرنے کی کیا بات ہے؟"

"آپ کی بات پتھر کی لکیر ہوتی ہے آقا" اس نے کھوکھلی آواز میں جواب دیا "مجھے تو اب یہ مینار بھی گھومتا ہوا معلوم ہو رہا ہے" اس کا سارا جسم تھر تھر کانپ رہا تھا اور اس نے چھجے کی منڈیر کو اس طرح پکڑ رکھا تھا جیسے سچ مچ گرنے والا ہو "اگر زمین گھومتی ہے تو ہم لوگ بھی اوندھے ہو جائیں گے ـــ

یہ دیکھئے یہ مینار اب گرنے ہی والا ہے اب گرا ــــ بچاؤ ــــ بچاؤ ــــ گرا ــــ مرا ــــ بچاؤ" اس کی گھگھی بندھ گئی تھی۔

"او بیوقوف کی اولاد" عمر جھنجھلا کر چیخ پڑا۔ کیا پاگل ہو گئے ہو ــــ ہم گر نہیں سکتے ــــ زمین ہزاروں سال سے گردش کر رہی ہے اور ہم محفوظ ہیں ــــ تم نے چاند سورج کو گردش کرتے ہوئے دیکھا ہے؟ ــــ بالکل اسی طرح ہماری زمین بھی دوسرے سیاروں کے ساتھ گردش کرتی ہے۔"

بختیار نے دونوں ہاتھوں سے سر کو پکڑ لیا اور وہیں اکڑوں بیٹھ گیا اسے یقین ہو گیا تھا اسکا آقا پاگل ہو گیا تھا ــــ وہ آقا جس سے وہ انتہائی محبت کرتا تھا۔

"اچھا اب میں جاؤں؟" اس نے عمر کی طرف خوفزدہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا اور بغیر جواب کا انتظار کئے ہوئے سیڑھیاں پھلانگتا ہوا تاریکی میں غائب ہو گیا۔

ایک گھنٹہ بعد تیز موسلا دھار بارش شروع ہو گئی آندھی کے جھکڑوں کے ساتھ بڑے بڑے اولے بھی تھے ذرا سی دیر میں جل تھل ہو گیا۔

بیسواں باب

قصرِ کوچک کے مہمان

لیلیٰ کو تعجب تھا کہ عمر ابھی تک اس سے متاثر نہیں ہوا تھا۔ یہ ایک عرب لونڈی تھی اور نظام الملک نے نئی جبری کے انعام میں عمر کو دی تھی۔ اسکا رنگ ایرانیوں کی مانند صاف نہیں تھا لیکن حبشیوں کی طرح بالکل سیاہ بھی نہ تھا۔ اسکی صورت بھی کافی دلکش تھی موتی کی مانند صاف شفاف دانت۔ چھوٹا دہانہ۔ پتلے پتلے گلابی ہونٹ۔ بڑی بڑی سرمگیں آنکھیں۔ وہ اسوقت زرد ریشمی پاجامہ پہنے ہوئے تھی جو اوپر سے نیچے تک ڈھیلا اور پاؤں کے گٹوں پر خوشنما چنٹ کے ساتھ بندھا ہوا تھا۔ اس کے گلے میں دیبا کا سرخ کرتا اور سر پر نیلی اطلس کا خمار تھا چھوٹی چھوٹی پچاسوں چوٹیاں خمار کے نیچے سے نکل کر ایک شانے سے دوسرے شانے تک ساری پشت پر بکھری چلی گئی تھیں۔

نیشاپور سے دو منزل پر یہ قصرِ کوچک جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے چھوٹا سا قصر تھا اور بہت پرفضا مقام پر واقع تھا۔ قصر کی چھت پر کھڑے ہو کر دور دور کے مناظر نظر آتے تھے۔ قصر کے گرداگرد ایک خوبصورت باغ اور پھولوں کا چمن بھی لگا ہوا تھا جس میں زیتون۔ کھجور اور انجیر کے درخت تھے

لیلیٰ کو اس قصر میں آئے ہوئے ابھی دو ہفتے ہی ہوئے تھے لیکن اس نے اس مختصر سے عرصہ میں ہی قصر کی کافی سیر کر لی تھی۔ اس میں صرف ایک بوڑھی ملازمہ زلیخا رہتی تھی جو عمر کے باورچی خانہ کی مہتمم تھی۔

"کیا خواجہ کے حرم میں عورتیں نہیں ہیں؟" ایک دن اس نے زلیخا سے پوچھا۔

"نہیں — خواجہ کے نہ تو بیوی ہے اور نہ ان کے پاس کنیزیں ہیں" بوڑھی زلیخا نے کہا "میں نے سنا ہے کہ انکی شادی ہوئی تھی لیکن بیگم راستہ میں ہی طاعون سے مر گئیں"

لیلیٰ کو قصر کوچک بہت پسند آیا تھا اور وہ چاہتی تھی کہ اپنی ساری زندگی اسی میں رہ کر عمر کی خدمت کرتے ہوئے گذار دے۔ زلیخا نے اسے بتایا تھا کہ خواجہ کو عورتوں سے بیزاری تھی لیکن اس کے باوجود وہ اپنے مستقبل سے مایوس نہ تھی۔

قصر کوچک کے پائیں باغ میں ایک چشمہ بھی تھا جو برابر والی پہاڑی سے نکلا تھا اور صنوبر کے درختوں کے نیچے سے ہوتا ہوا باغ سے نکل گیا تھا باغ کے ایک کونے میں سنگ سرخ کی ایک دو منزلہ سہ دری بھی بنی ہوئی تھی جو برسات کے موسم کیلئے تعمیر کی گئی تھی لیلیٰ کو اجازت تھی کہ وہ سہ دری پر جا کر باغ کی سیر کرے وہ اس سہ دری پر بیٹھ کر بہتے ہوئے چشمہ کی اٹکھیلیاں دیکھتی اپنے ہاتھوں میں مہندی لگاتی اور جب دل چاہتا بربط بجا کر گانے لگتی۔ اس کے نزدیک قصر کوچک کی زندگی انتہائی دل آویز تھی۔

"سارے محلوں میں سے یہ سب سے چھوٹا محل ہے" زلیخا نے فخریہ لہجہ میں کہا" میرے آقا کا ایک محل مرو میں ہے۔ دوسرا حلب میں ہے ـــــ اس کے علاوہ ان کے پاس ایک عالیشان عمارت رصدگاہ کی بھی ہے اس رصدگاہ میں لمبی لمبی داڑھیوں والے عالم لوگ خواجہ کی ماتحتی میں کتابیں لکھتے ہیں۔"

"کتابیں لکھتے ہیں!"

"ہاں ـــــ ہمارے آقا کیلئے کتابیں لکھنا اتنا ہی معمولی کام ہے جیسے ہمارے لئے روٹی پکانا۔ ایک بار انھوں نے سلطان کیلئے جبر و مقابلہ کی بھی ایک کتاب لکھی تھی۔"

"کیا! یہ جبر و مقابلہ کیا چیز ہوتا ہے؟"

"اس میں جادو کے ہندسوں کے ساتھ کام کیا جاتا ہے ـــــ" زلیخا نے جواب دیا" ہمارے آقا اتنے عقلمند ہیں کہ انکی مرضی کے بغیر سلطان کوئی کام نہیں کرتے ـــــ انکا دربار میں اتنا ہی اختیار ہے جتنا تمہارے گذشتہ آقا خواجہ نظام الملک کا ـــــ شاہی دربار میں انکی کرسی شہزادوں اور وزیراعظم کے بعد ہوتی ہے اور ـــــ" بوڑھی زلیخا بہت زیادہ باتونی تھی

اسی طرح دن گذرتے رہے۔ کھانے کے بعد یہ دونوں بیٹھ جاتیں اور گھنٹوں باتیں کرتیں ـــــ یہ حقیقت ہے کہ لیلیٰ آج تک زلیخا کی طبیعت کو سمجھ نہ سکی تھی گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ اسی طرح دوسرے ایرانی ملازمین بھی تھے جو اس قصر میں کام کرتے تھے یہ لوگ بہت زیادہ سست اور کاہل تھے

کام سے زیادہ سوتے تھے اور سوتے سے زیادہ باتیں کرتے تھے۔ ایک کودن پخت بھی اپنے سفید خچر پر روزانہ نیشاپور سے آتا تھا اور دربان سے گھل مل کر باتیں کرتا تھا ــــ اس باغ میں دس بارہ مالی تھے لیکن ان پر نگرانی کرنے والا کوئی نہیں تھا یہ لوگ بجائے کام کے دن بھر باتیں کرتے رہتے تھے انکی باتوں کا موضوع زیادہ تر گھریلو جھگڑے ہوتے تھے باغ کے معاملات ــــ لیلیٰ ان لوگوں کی باتیں سنتی رہتی اور لطف لیتی رہتی۔

"او حارث ــــ پچھلی بارش سے سوسن کی کیاریاں کنکریوں سے بھری ہوئی ہیں ــــ اب اس کی صفائی کب ہوگی" مالی سعید نے دوسرے مالی سے پوچھا۔

"تم بھی بچوں کی سی باتیں کرتے ہو سعید" حارث نے جواب دیا "کیاری کھودنے کا صحیح وقت وہ ہوتا ہے جبکہ چاند منزل زبانا میں داخل ہوتا ہے درخت لگانے۔ زمین کھودنے۔ کنویں میں اترنے اور زمین کے نیچے کام کرنے کا یہی سب سے بہتر وقت ہوتا ہے اس کے علاوہ سوسن کی کیاری کھودنے کا میرا کام نہیں بلکہ مروان کا ہے اور وہ آج بیمار ہے۔

"اگر کیاری نہ کھدی تو خواجہ خفا ہوں گے ــــ اس وقت تم کیا جواب دو گے؟"

"خیر ــــ جلدی کیا ہے دو چار روز میں کیاریاں صاف کر دوں گا"

ان لوگوں کی باتیں سن کر لیلیٰ کو تعجب ہوتا ہر شخص اپنا کام دوسروں پر ٹالتا تھا اور مجموعی طور سے سب کے سب لاپرواہ اور کام چور تھے ــــ

ایک بات اس نے ضرور محسوس کی کہ خواجہ عمر کا ادنیٰ نوکر تک اپنا کام سارا دل کی چال کے ساتھ شگون لے کر کرتا تھا۔

تیسرے روز جب راوشت کیاری صاف کرنے بیٹھا تو گھنٹوں تک مردان کے لڑکے کا انتظار کرتا رہا کہ وہ آکر کھرپی درست کر دے تو کام شروع ہو پچھلے جاڑوں میں اس کھرپی کا دستہ نکل گیا۔

دیکھو محسن — سڑک کے راستے میں جگہ جگہ گڈھے پڑ گئے ہیں ان کو بھرنا ضروری ہے" ایک دوسرے مالی نے کہا "ممکن ہے کہ خواجہ کا پاؤں کسی گڈھے میں پڑ جائے اور پھر سب کی شامت آجائے"

"لیکن میں ان گڈھوں کو کس طرح بھر سکتا ہوں" محسن نے جواب دیا "میں گلاب کے پھول توڑ کر سکھانے کے لئے ڈال رہا ہوں" حالانکہ وہ پھول بالکل بھی نہیں توڑ رہا تھا۔ صرف چند پھول اس نے دودھ والے کی لڑکی کو دینے کے لئے توڑے تھے جسے وہ دل و جان سے چاہتا تھا اور روزانہ اسکو پھول لیجا کر دیتا تھا۔

اگر یہ لوگ صبح کے وقت تھوڑا بہت کام کر لیتے تو تمشاد کے سائے میں اسوقت تک سوتے رہتے جبتک سورج کی روشنی اس درخت کی پھنگیوں سے بھی رخصت نہ ہو جاتی — اور جب سو کر اٹھتے تو کاہلی اور سستی سوار ہوتی اس لئے کام کو کل پر ٹال کر اپنے اپنے کوارٹروں کی طرف چلے جاتے یہی انکا روز کا معمول تھا۔

آج بہت دنوں کے بعد انکا نیا آقا خواجہ عمر خیام آیا تھا اسکو دیکھتے ہی

دربان نے پھاٹک کھولدیا اور سارے مالی تھے کہ مروان جو بیماری کا بہانہ کئے ہوئے تھا اپنی اپنی کھرپیاں لیکر کام میں مصروف ہو گئے جیسے وہ روزانہ ہی اسی طرح محنت سے کام کرتے ہوں۔ زلیخا بھی سیدھی اٹھکر باورچی خانہ میں چلی گئی اور کام کرنے لگی لیکن لیلیٰ وہیں بیٹھی رہی۔

خواجہ کے ساتھ اس کے کئی دوست تھے جو یہاں سیر و تفریح کیلئے آئے تھے اس سے پہلے بھی کئی بار یہ لوگ آ چکے تھے اور ہفتوں یہاں رہے تھے اب بھی عمر انکی خاطر مدارات میں لگ گیا۔

جب تک یہ مہمان رہے لیلیٰ باہر نہ نکلی زیادہ تر اپنے کمرہ میں رہی۔ اسی طرح دن گذرتے رہے۔ اگر اسے باہر نکلنے کی کبھی ضرورت ہوتی تو برقع اوڑھ کر نکلتی۔ اسے تعجب تھا کہ عمر نے اسے بالکل فراموش کر رکھا تھا اسکی اتنی ہمت نہ تھی کہ وہ عمر سے خود بات کرتی وہ سوچتی کہ آخر اس قصر میں اسکی حیثیت ہی کیا تھی ایک معمولی لونڈی ـــ کئی بار عمر نے اسکو دیکھا بھی لیکن بات چیت نہ کی ـــ وہ روزانہ صبح کو نئے نئے لباس تبدیل کرتی۔ ابٹن ملتی ہاتھوں میں مہندی لگاتی۔ بالوں میں گلاب کے پھول لگاتی اور عمر کے انتظار میں شام ہو جاتی اور پھر شام سے صبح۔ اسے یقین تھا کہ اگر ایکبار بھی عمر کے سامنے وہ نقاب الٹ کر آ جائے تو پھر یہ تغافل باقی نہیں رہ سکتا۔

عورتوں کی مخصوص عادت دوسروں کی باتیں سننے کی ہوتی ہے وہ بھی یہی کرتی نیچے باغ میں ہونے والی باتوں کو غور سے سنتی لیکن ان باتوں میں اسکا ذکر کبھی نہ ہوتا ـــ جب سارے لوگ مغرب کی نماز کے بعد کھانے کی

نیز پیدا بیٹھتے تو وہ جھروکہ میں آکر بیٹھ جاتی اور ان لوگوں کی گفتگو سے لطف اندوز ہوتی ـــ اس کے کان بہت تیز تھے اسکو بہت سے مہمانوں کے نام بھی معلوم ہو گئے اور انکی مخصوص عادتیں بھی۔

ان مہمانوں میں بغداد کا سوداگر حشام بھی تھا اسکی زیادہ تر باتیں تجارتی ہوتی تھیں کانوں سے فیروزے نکالنا۔ ہاتھی دانت۔ ریشمی کپڑا۔ زیتون کا تیل ـــ ہزاروں لاکھوں دینار کی لوٹ پلیٹ۔ لیلیٰ کو معلوم ہو گیا تھا وہ عمر کا شریک تھا اور عمر کے روپیہ سے تجارت کرتا تھا اور کافی منافع ہوتا تھا۔

ان لوگوں میں ایک شاعر بھی تھا اسکا نام مہزی تھا وہ عمر کی تعریف میں قصیدے لکھ لکھ کر سناتا تھا ـــ ان مہمانوں میں ایک شخص سب سے زیادہ سنجیدہ اور خاموش طبیعت کا تھا لوگ اسکو امام غزالی[1] کے نام سے پکارتے تھے اور

---

[1] حجۃ الاسلام ابو حامد محمد غزالی عمر کے ہمعصر لیکن ان سے عمر میں چھوٹے تھے ملک شاہ کے دربار سے دونوں کا واسطہ تھا۔ دونوں کے مسلک علیحدہ علیحدہ ہونے کے باوجود آپس میں گہرے مراسم تھے اور چوٹیں بھی چلتی رہتی تھیں کیونکہ عمر تو یونانی فلسفہ کا طرفدار ابو علی سینا کا معتقد تھا اور امام غزالی یونانی فلسفہ کے انتہائی مخالف تھے انھوں نے تہافت الفلاسفہ لکھکر ابو علی سینا کی صریحاً تکفیر کی ہے ـــ ربیع الرسوم میں عالی رومی نے کسی کتاب کے حوالہ سے لکھا ہے کہ "امام غزالی باصرار عمر خیام کے شاگرد ہوئے اور بارہ برس اس کی خدمت میں حاضر رہے" لیکن امام نے اپنے احوال میں نہ تو خود اس واقعہ کو لکھا ہے اور نہ دوسرے تذکرہ نگاروں نے اسلئے یہ بیان مشکوک ہو سکتا ہے۔

ہر شخص انکا احترام کرتا تھا اکثر خواجہ عمر اور امام غزالی تنہائی کے مقام پر باغ میں آکر بیٹھ جاتے اور گھنٹوں باتیں کرتے رہتے ـــــ لیکن یہ گفتگو لیلیٰ کی سمجھ سے بالاتر ہوتی تھی۔ آج بھی وہ سہ دری کے جھروکہ میں بیٹھی ہوئی ان دونوں کی گفتگو سن رہی تھی۔

"آپ تو یونانی فلسفہ کے بہت طرفدار ہیں" امام غزالی نے کہا یہ بتلیئے کہ جب فلک کے تمام اجزاء مساوی ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ فلک کے دو جزء (جنوبی و شمالی) قطبیت کے لئے متعین ہوئے ہیں ـــــ دوسرے اجزاء متعین کیوں نہ ہوئے حالانکہ آپ کے فلسفہ کے مطابق معلول بلا علت ہونا محال ہے ـــــ تمام اجزائے فلک اجزاء ہونے کی حیثیت سے برابر ہیں انمیں ترجیح کی کیا وجہ ہے؟"

عمر خیام نے حرکت کی حقیقت اور اسکی اقسام پر اتنی طویل تقریر کی کہ ظہر کا وقت ہوگیا لیکن امام غزالی مطمئن نہ ہو سکے۔

"اِذا جَاءَ الحَقّ وَزَهَقَ البَاطِلُ" امام نے ظہر کی اذان سنتے ہی کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔ لیکن اتنا ضرور کہونگا کہ تم نے میرے سوال کا جواب ابھی تک نہیں دیا ـــــ اس میں تمھارے علم کا قصور نہیں ہے بلکہ تمہارا بخل ہے

ظہر کی نماز کے بعد یہ دونوں پھر اپنی جگہ پر آکر بیٹھ گئے اور اب دوسرے مہمان بھی انکی گفتگو میں شریک ہو گئے تھے۔

"میں بہت دنوں سے اس پر غور کر رہا ہوں کہ خدا نے یہ دنیا اور خصوصاً انسان کو کیوں بنایا اگر نہ بناتا تو کیا ہوتا۔" سوداگر حشام نے امام غزالی کی طرف

دیکھتے ہوئے کہا، لیکن آج تک یہ راز میری سمجھ میں نہ آسکا ــــ کیا آپ اس پر کچھ روشنی ڈال سکتے ہیں؟"

"اسکا جواب ہمارے دوست خواجہ عمر دیں گے" امام نے مسکراتے ہوئے کہا، "مجھے دیکھنا ہے کہ انکا یونانی فلسفہ اسکا کیا جواب دیتا ہے"

"تمام فلسفہ کا نچوڑ ہی یہ تین سوال[1] ہیں۔ کیا[2] یہ ہے؟ اگر ہے تو کیا ہے؟ اور کیوں ہے؟" عمر نے کہنا شروع کیا، "ہر شے جو دنیا میں موجود ہے وہ موجودیت[3] اور ماہیت[4] سے کبھی خارج نہیں ہو سکتی البتہ ملیت سے بعض وجود بے نیاز ہو سکتے ہیں اسکی صورت یہ ہے کہ موجود کی دو قسمیں ہیں ــــ واجب الوجود اور ممکن الوجود ــــ علت اور سبب کا سوال ضرور ہے کہ کہیں جا کر رکے اور ایک ایسی علت پر جا کر انتہا ہو جس کی پھر کوئی علت نہ ہو ــــ یہ شان واجب الوجود کی ہے اور ممکن الوجود کے تمام اسباب وعلل بالآخر علۃ العلل یعنی اسی واجب الوجود پر جا کر ختم ہو جاتے ہیں۔ واجب الوجود جس طرح اپنے وجود کی علت سے بے نیاز ہے اسی طرح

---

[1] رسالہ کون و تکلیف، مصنفہ خواجہ عمر خیام (بحوالہ "خیام" مرتبہ سید سلیمان ندوی صفحہ ۱۸۴ ــــ تا ۱۸۹)

[2] انّیۃ۔ ماھو۔ لم ھو

[3] اِنّیت۔

[4] ماھیت

اس کے اوصاف وصفات اور افعال بھی علل واسباب سے مستغنی ہیں۔ اس لئے یہ سوال ہی بے معنی ہے کہ اس نے کیوں بنایا اور ہست کیا ہے۔ یہ واجب الوجود کے جود وکرم کی صفت کا نتیجہ ہے کہ یہ دنیا ہست ہے اور ہم موجود ہیں اس کے علاوہ ہم کچھ نہیں جان سکتے۔ ع

عجز ادراکست عاجز ماندن از ادراک او

"اگر اس کے جود وکرم کے نتیجہ میں یہ دنیا ہست ہے تو انسانوں کو عبادت بجالانے سے کیا فائدہ؟" حشام نے دوسرا سوال کیا "آخر ان اوامر کو بجالانے اور ان نواہی سے بچنے میں کیا فائدہ ہے؟"

"سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہے کہ نفس انسانی کا شہوات نفسانی سے احتراز کرکے قوت عقلیہ کو پرورش پانے کا موقع ملتا ہے" عمر نے جواب دیا "دوسرا فائدہ یہ ہے کہ نفس کو امور الٰہیہ اور امور معاد وآخرت میں غور ونظر کا عادی بنایا جاتا ہے کہ اس دار ناپائدار کے طلسمات سے نکل کر جناب حق اور ملکوت ربانی کی طرف توجہ اور التفات پیدا ہو تیسرا فائدہ یہ ہے کہ اس عالم میں امن وامان۔ نظم واطمینان اور عدل وانصاف اور باہمی اجتماعی تعاون ومشارکت پیدا ہوتی ہے اور نظام عالم حکمت ربانی کے مطابق قائم رہتا ہے۔"

"بالکل صحیح ہے" امام غزالی نے کہا "ہمارے لئے بہتر یہی ہے کہ

سلہ "رسالہ کون وتکلیف" (بحوالہ خیام مرتبہ سید سلیمان ندوی صفحہ ۱۹۰-۱۹۱)

ہم اپنے خالق کے ذکر و فکر سے ایک لمحہ کیلئے بھی غافل نہ ہوں ـــ کیوں اور کیا کی گنجائش یہاں نہیں ہے۔"

"بیشک ـــ اور یہی ہمارا ایمان[1] ہے" عمر نے جواب دیا۔

---

[1] یورپ والوں نے حکیم خیام کو فلسفی خیام بنانے کی کافی کوشش کی ہے۔ کسی نے اسے رند سیخوار سمجھا اور اسکی شراب معرفت کو بھی بھٹی والی شراب خیال کیا۔ کسی نے کہا کہ وہ خدا کا منکر تھا اور تناسخ کا قائل تھا لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ رند لاابالی نہ تھا شراب پیتا نہ تھا بلکہ شراب بولتا تھا ـــ اب یہ اسکی بدقسمتی تھی کہ لوگوں نے اسے بادہ پرست سمجھا اور شراب معرفت ـ مئے محبت اور بادہ وطن نہ سمجھا حالانکہ حافظ شیرازی سے لیکر جامی تک سارا کلام اسی شراب معرفت سے بھرا ہوا ہے۔ اسلامی شاعری میں شراب کی آمیزش بنی امیہ کے دربار سے ہو چکی تھی بادان رشید کے دور میں یہ رنگ اور تیز ہو گیا بقول غالب ؎

ہر چند ہو مشاہدہ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

حقیقت یہ ہے کہ عمر خیام مسلمان تھا خدا اور رسول کا قائل تھا وہ نماز پابندی سے پڑھتا تھا اور حج بھی کر چکا تھا۔ اپنے رسالہ کون میں اس نے بعثت رسول کی ضرورت پر دلیل پیش کی ہے معرفت الٰہی کی دعا بھی اسنے بار بار مانگی ہے جزا و سزا بہشت اور دوزخ کے متعلق اسکے وہی خیالات تھے جو اس زمانہ کے دوسرے حکمائے اسلام کے تھے ـــ یہ ضرور ہے کہ خیام کا تصوف مذہبی نہیں بلکہ حکیمانہ تھا اس میں انبیاء کے حالات نہیں بلکہ حکماء کا تذکرہ تھا اور یونانی فلسفہ سے زیادہ متاثر تھا لیکن مذہبی عقائد کے علاوہ (خیام مصنفہ سبحان ندوی)

اکیسواں باب

لیلیٰ

عمر اپنے قصر کے پائیں باغ میں ٹہل رہا تھا سارے مہمانوں کے جانے کے بعد یہ جگہ اب ویران سی ہو گئی تھی اس کا ارادہ تھا کہ کل ہی اپنی رصدگاہ کو چلا جائے کیونکہ خالی پڑے پڑے اس کی طبیعت اکتا گئی تھی۔ ابھی تک لیلیٰ سے اسکی بات چیت نہیں ہوئی تھی اس وقت ہمت کر کے وہ اسکے سامنے جا کھڑی ہوئی کیونکہ اسے شبہ تھا کہ باغ میں چھپا ہوا کوئی شخص عمر کی جاسوسی کر رہا تھا اور یہ بات عمر کو بتانا ضروری تھا۔ لیلیٰ ایسی لڑکی تھی جس کی ساری عمر ریگستانی قبائل میں گذری تھی اس کے نزدیک جاسوس کا سر اسی طرح کچلنے کا لائق تھا جس طرح سانپ کو مارا جاتا ہے۔

"یا سیدی میں نے ایک شخص کو دبے پاؤں آپ کی طرف آتے ہوئے دیکھا تھا پھر وہ گلاب کے تختہ میں خود کو چھپانے کی کوشش کرنے لگا۔ شاید وہ آپ کی جاسوسی کر رہا تھا"

"کیا وہ مردان مالی تھا؟"

"شاید وہی ہو"

عمر کو بہت دنوں سے مردان پر شبہ تھا کہ وہ کسی کی طرف سے مقرر کیا ہوا

جاسوس تھا لیکن وہ اسواسطے خاموش تھا کہ اگر وہ مردان کو نکال دیتا ہے تو ممکن ہے کہ کوئی دوسرا شخص مقرر کر دیا جائے جو مردان سے بھی زیادہ خطرناک ہو۔

عمر خاموش ہو کر سوچنے لگا۔ لیلیٰ کو تعجب تھا کہ خواجہ کو معلوم ہوتے ہوئے بھی کہ جاسوس کون ہے اور اس نے ابھی تک اس کا کوئی تدارک نہیں کیا ہے ـــــ وہ یہاں اس وقت آکر خود ہی شرما گئی تھی۔

"کیا آپ اس وقت بربط سنیں گے سیدی" لیلیٰ نے عمر کو متفکر دیکھ کر پوچھا۔

"نہیں ـــــ اب بہت دیر ہو گئی ہے تم جا کر آرام کرو لیلیٰ"

لیلیٰ اپنی کوٹھری میں آ گئی لیکن آزردہ اور کشیدہ خاطر ـــــ اس کی سمجھ میں ابھی تک یہ نہ آسکا تھا کہ اسکا آقا کس خمیر کا ہے ـــــ شاید اس کے پاس دل ہی نہیں ہے اور اگر ہے تو پتھر کی مانند سخت ـــــ عمر نے اس کو آرام کرنے کے لئے کہا تھا جیسے وہ کوئی ننھی سی لڑکی ہو ـــــ یا کوئی ایسا گھوڑا ہو جسے اصطبل میں باندھ دیا گیا ہو اور بغیر کسی کام کے روزانہ دانہ گھاس مل جاتا ہو۔

عمر بہت دیر تک چشمہ کے کنارے بیٹھا ہوا اپنے خیالوں میں کھویا رہا ـــــ یاسمین نے گلاب کا پھول توڑ کر اسے دیا تھا جس پر اس نے وعدہ کیا تھا کہ وہ بہت سے گلاب کے پھول اسے بھیجے گا لیکن وہ وعدہ آج تک پورا نہ ہوا اس کے تصور کی کتاب کا دوسرا ورق الٹا ـــــ

یاسمین ابوالقاسم کے پاس دلہن بنی بیٹھی تھی۔ وہ رو رہی تھی، چیخ رہی تھی۔ چلا رہی تھی اور پھر حلب کی سڑکوں پر گھسیٹتی ہوئی لیجا رہی تھی ابوالقاسم اسے گھونسوں سے مار رہا تھا ـــ پھر اسے یاسمین کے ساتھ گذری ہوئی رات یاد آگئی ـــ صرف ایک رات ـــ اور پھر دوسری اور پھر تیسری راتیں جس میں وہ بخار میں جل رہی تھی ـــ اب اس کے سامنے یاسمین کا جنازہ رکھا ہوا تھا ـــ برف کے مانند ٹھنڈا جسم اور برف کی طرح سفید کفن ـــ کافور اور گلاب کی ملی جلی خوشبوئیں ـــ گلاب کے تختے سے خوشبو کا ایک جھونکا آیا اور اس طرح چونک کر ہوشیار ہوگیا جیسے یاسمین وہیں موجود ہو لیکن وہ تو اس وقت قصر کوچک میں بیٹھا تھا یاسمین کہاں ؟ اس وقت دوپہر ڈھل چکی تھی۔

بے خیالی میں اس نے ہاتھ سے اشارہ کیا جیسے دیکھتے ہی ایک ملازم دوڑتا ہوا آگیا اور اس کے قریب آکر مؤدب ہو کر کھڑا ہوگیا عمر نے اسے بلایا نہیں تھا لیکن عمر کے ہاتھ ہلنے سے وہ سمجھا کہ عمر نے اسی کو بلایا تھا۔ ممکن ہے کہ کہیں دور کھڑا ہوا عمر کی حرکات و سکنات کا مطالعہ کر رہا ہو۔

مروان کو دیکھ کر عمر کا موڈ پھر خراب ہوگیا اسے یاد آگیا کہ یہی وہ شخص ہے جس کی نگرانی کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔

"تم سے تو میں نے کب بلایا تھا مروان" عمر نے اپنے لہجہ میں مصنوعی تلخی پیدا کرتے ہوئے پوچھا۔

مروان کے پاس اس کا کیا جواب تھا وہ اپنی غلطی محسوس کر کے خود ہی

کھسک گیا اسی وقت اسحاق دربان وہاں آ گیا۔

"حضور ایک خط ہے جو بہت ضروری ہے اور رے سے ــــ"

"نہیں میں اس وقت کوئی خطوط نہیں دیکھوں گا" عمر نے جھنجھلا کر کہا "مجھے آج مکمل سکون کی ضرورت ہے ــــ آج رات کا کھانا بھی میں نہیں کھاؤں گا ــــ بس اب تم جاؤ اسحاق ــــ ہاں اور دیکھتے رہنا کہ کوئی یہاں نہ آنے پائے۔"

"لیکن سرکار یہ خط تو بہت ــــ"

"بکو مت ــــ اگر باغ میں کوئی گھیڑ تک آ گیا تو تمہاری خیر نہیں ہے"

"سرکار یہ خط ــــ"

"او خدا!" عمر چیخ پڑا "کن جاہلوں سے پالا پڑا ہے۔" لیکن یہ بات سننے سے پہلے ہی اسحاق تو دوڑ گیا رہ ہو چکا تھا۔

عمر کو اس وقت امام غزالی پر رشک آ رہا تھا جن کو ماننے والے سینکڑوں شاگرد تھے لیکن اس کا کوئی شاگرد تھا ایسا نہیں تھا جو اس کے خیالات سے متفق ہوتا "غزالی اپنے وقت کا بہت بڑا مجدد ہوگا" عمر سوچنے لگا "لیکن میں کچھ بھی نہ بن سکا"

عمر چونک پڑا ــ جھٹ پٹے کے سائے دھندلکے میں بربط کے ہلکے ہلکے نغمے پھوٹ رہے تھے اور اس کے ساتھ ہی گانے کی سریلی آواز آ رہی تھی ــــ یہ ایک عربی گیت تھا اور ایسے لوگوں سے متعلق تھا جو جنگ سے واپس آتے ہوئے رنگیلا تیہ سنا رہے ہوں ــــ انکے

اونٹ مالِ غنیمت سے پُر ہوں اور بے شمار حسین لونڈیاں ان کے ساتھ ہوں عمر نے فوراً ہی محسوس کر لیا کہ یہ آواز کہیں قریب سے آ رہی تھی۔ وہ اٹھ کر اس کنج کی طرف بڑھنے لگا جہاں سے آواز آ رہی تھی۔

"یہ کیا ہے" اس نے تیزی سے پوچھا

اس کے سامنے لیلیٰ کھڑی ہوئی تھی اس کے چہرہ پر بہت ہی باریک نقاب پڑا ہوا تھا جس کے پیچھے سے اسکا چہرہ مسکراتا ہوا اچھی طرح سے نظر آ رہا تھا۔

"یہ نوحہ فنا کا ایک گیت ہے" اس نے دلکش لہجہ میں جواب دیا "اگر آپ سننا چاہیں تو اور بھی ہے"

"یہ مطلب یہ تھا کہ تم یہاں کیوں ہو لیلیٰ؟" — میں نے اسحاق کو حکم دیا تھا کہ باغ میں کوئی شخص آنے نہ پائے۔"

"لیکن میں اس حکم سے پہلے ہی یہاں موجود تھی"

"خیر — اب نہ گانا"

لیلیٰ نے بربط زمین پر رکھ دیا اور خود دو زانو ہو کر بیٹھ گئی وہ اس وقت خاموش تھی لیکن صرف زبان سے۔ اس کا ہر ہر عضو چلا رہا تھا۔ سب سے پہلے تو اس نے اپنے بالوں کو سنوار کر جوڑا باندھا۔ اور پھر نقاب لوٹ کر اس طرح آسمان کی طرف دیکھنے لگی جیسے ستاروں کے متعلق کسی گہرے خیال میں غرق ہو۔ اس کے جسم سے گلاب کی بھینی بھینی خوشبو آ رہی تھی پھر وہ اپنے ہر رد بند کو کھولنے لگی جسکی وجہ سے

اسکا بازو شانے تک برہنہ ہوگیا ـــــ اسکا رخ عمر کی طرف ہی تھا۔

عمر اپنے خیالات کو دیر تک قائم نہ رکھ سکا اب اسکی نگاہیں لیلیٰ کے بازو پر لگی ہوئی تھیں ـــ بھرا بھرا بازو ـــ جیسے صندل کی شاخ ـــ وہ اس وقت بازو بند کھولنے میں مصروف تھی جو بہت زیادہ کسا ہوا اور تکلیف دہ معلوم ہو رہا تھا ـــ بازو بند اتنا اوپر بندھا ہوا تھا کہ اس سے گرہ نہیں کھل رہی تھی۔ کئی بار اس نے اپنے دانتوں سے بھی کھولنے کی کوشش کی لیکن کامیابی نہ ہوئی ـــ آخر وہ تھک کر گہری گہری سانسیں لینے لگی۔ وہ اسوقت ایسے بچہ کی طرح معلوم ہو رہی تھی جو مصیبت کے وقت روہانسہ ہو جاتا ہے ـــ عمر نے آگے بڑھکر گرہ کھولنے کی کوشش کی لیکن اس سے بھی نہ کھلی بازو کو مضبوطی سے پکڑ کر اس نے اپنے دانت گرہ سے لگا دیئے ـــ اس کے برہنہ شانے کی نمکین جلد اسکے ہونٹوں سے مس ہوئی ـــ یہ معلوم ہو رہا تھا کہ ریشمی ڈوری کے نیچے کوئی بھٹی دہک رہی ہو ـــ اب کافی اندھیرا ہوگیا تھا اس لئے وہ گرہ اچھی طرح سے نظر نہیں آ رہی تھی بہت دیر تک کوشش کرنے کے بعد عمر نے اس گرہ کو دانت سے کتر کر کاٹ دیا۔

لیلیٰ نے اطمینان کی سانس لی اور اپنے بالوں کو دوبارہ ٹھیک کیا جو اس کے ماتھے پر آگئے تھے لیلیٰ کے جسم کی خوشبو سے عمر کا دماغ مہک گیا حالانکہ ابھی تک اپنی زبان سے لیلیٰ نے ایک لفظ بھی ادا نہیں کیا تھا لیکن عمر کے دل و دماغ پر وہ بری طرح چھائی جا رہی تھی اور وہ اسوقت

ہر چیز فراموش کر چکا تھا ــــ

لیلیٰ اسوقت اکڑوں بیٹھی ہوئی تھی عمر کا ہاتھ گھٹنے سے مس ہوتے ہی اس کے سارے جسم میں بجلی سی کوند گئی اور عمر کی طرف خمار آگیں نظروں سے دیکھنے لگی عمر نے اسکو آغوش میں لینے کے لئے بازو اسکی طرف بڑھائے لیکن وہ مچھلی کی طرح تڑپ کر پھسلتی ہوئی دور جا کھڑی ہوئی۔

"لیلیٰ ــــ لیلیٰ"

لیکن لیلیٰ اب وہ بے زبان لیلیٰ نہیں تھی اب وہ اس کو عمر سے بالکل بھی خوف نہ رہا تھا ــ جب عمر اس کے پیچھے دوڑا تو وہ ہرنی کی طرح اچھلتی کودتی ہوئی زیتون کی چھاؤں میں چھپ گئی جہاں اتنا اندھیرا تھا کہ آسمان تک نظر نہیں آرہا تھا۔

عمر تاریکی میں ادھر ادھر ہاتھ چلانے لگا ایک بار اس کا ہاتھ لیلیٰ کے شانے پر پڑا لیکن وہ پھر تڑپ کر نکل گئی وہ ننگے پاؤں تھی اس لئے یہ بھی نہیں معلوم ہو رہا تھا کہ کدھر آئی اور کدھر گئی ــــ دوڑتے دوڑتے عمر کا سانس پھولنے لگا اور وہ تھک کر ایک جگہ بیٹھ گیا۔ اپنے پیچھے قہقہہ کی آواز سن کر وہ اچھل کر پھر اس کی طرف دوڑا لیکن وہ پھر درخت کے تنے کی آڑ میں چھپ گئی جب بار اس نے لیلیٰ کو چھپتے ہوئے دیکھ لیا تھا وہ آہستہ آہستہ اس طرف بڑھنے لگا وہ بھاگنے ہی والی تھی کہ عمر کے آغوش میں چھپ گئی ایک لمحہ تک وہ نکلنے کے لئے مچلتی رہی لیکن بازو مضبوط تھے اسکے لمبے لمبے ریشمی بھیگے بال اس کے پورے چہرے پر آگئے تھے اور خمار آلود

گلے میں آگیا تھا ـــ اب اس کے بازو عمر کے گلے میں حمائل تھے اور آنکھیں بند تھیں ـــ آدھے گھنٹہ تک وہ اسی طرح نیم مدہوش لڑکی کو لئے ہوئے کھڑا رہا ـــ اسکو یہ اندازہ ہوگیا تھا کہ یہ عرب لونڈی تھی اس سے بے انتہا محبت کرتی تھی۔

یکایک لیلیٰ اس کے آغوش سے نکلکر اس کے سامنے زمین پر بیٹھ گئی اور آہستہ آہستہ سروں میں ایک گیت گانا شروع کر دیا ـــ وہ اپنے بکھرے ہوئے بالوں اور سکے ہوئے لباس کو دیکھ دیکھ کر مسکرائی جا رہی تھی۔ عمر نے اسکا ہاتھ پکڑا اور چشمہ پر لے آیا۔

تاروں کی روشنی میں جب اس نے لمبے لمبے بالوں کو سنوار کر جوڑا بنایا تو عمر کو اس لونڈی کے دبلے پتلے نازک جسم کا عکس محسوس ہوا ـــ اہرام مصر کی مانند اور ببول کی طرح گٹھا ہوا ـــ

وہ رات ـــ چشمہ کا پرسکون پانی ـــ اور گلاب کے پھولوں کی مہک ـــ آج سب کچھ اسی کا تھا وہ سوچنے لگی ـــ شاید وہ عمر سے اچھی طرح واقف نہ تھی۔

"اپنے آقا کے ساتھ مجھے دنیا کی تمام نعمتیں حاصل ہیں" لیلیٰ نے کہا اور چشمے میں دور تک اترتی چلی گئی اب اسکی کمر تک پانی تھا اس کا سارا لباس تر بتر ہو رہا تھا اس کے ساتھ ہی عمر بھی پانی میں اتر گیا۔

جب وہ دونوں چشمے سے نکل کر اپنا لباس نچوڑنے لگے تو لیلیٰ محبت کی نظر سے دیکھ رہی تھی ـــ اس کا بھیگا ہوا جسم لباس سے اس طرح چپک گیا تھا

کہ وہ ایلورا کے غار کی کوئی تصویر معلوم ہو رہی تھی ـــــ اسی وقت وہ چونک کر سن گن لینے لگی۔ بہت آہستہ آہستہ کسی کے قدموں کی آواز آ رہی تھی۔

"کوئی آ رہا ہے" اس نے آہستہ سے کہا اور آواز کی طرف دیکھنے لگی "ان کے ہاتھوں میں ننگی تلواریں بھی ہیں"

عمر نے اس طرف دیکھا جدھر لیلیٰ نے اشارہ کیا تھا۔ درختوں کے پیچھے سے اب بہت سی مشعلوں کی روشنیاں بھی نظر آنے لگیں تھیں اور اسکے ساتھ ہی تیز اور شفاف لوہے کی چمک ـــــ ان مشعلوں کا رخ اسی طرف تھا۔

"آپ کی تلوار کہاں ہے؟" لیلیٰ نے پوچھا۔

"وہ تو قصر میں ہے"

"تو جلدی کیجئے ـــــ وہ لوگ مسلح ہیں ـــــ خدا کے لئے جلدی چلئے ـــــ"

عمر کو کسی باہری حملہ کا تو اندیشہ نہ تھا وہ اطمینان کے ساتھ کھڑا ہوا آنے والوں کا انتظار کرنے لگا اب درختوں کی آڑ سے نکل کر وہ لوگ سامنے آ گئے تھے۔ چار پانچ مسلح سپاہی اور اسحاق دربان تھا۔ لیلیٰ نے جلدی سے اپنے چہرہ پر نقاب ڈال لیا اور گلاب کی جھاڑی کے پیچھے چھپ گئی۔

اسحاق اسی طرف آ رہا تھا عمر کو دیکھتے ہی اس کے منہ سے اطمینان کی چیخ نکل گئی۔

"یا سیدی ہم نے باغ میں کسی کے دوڑنے کی آوازیں سنی تھیں" اسحاق نے کہا "ہم نے خیال کیا کہ شاید چور گھس آئے ہیں ـــــ کیونکہ کسی کے پانی میں گرنے کی آواز بھی آئی تھی ـــــ خدا کا شکر ہے آپ محفوظ ہیں"

عمر کو غصہ آگیا "کیا تم ایک منٹ کیلئے بھی مجھے تنہا نہیں چھوڑ سکتے ـــــ جاؤ دفان ہو جاؤ بے ایمانو ـــــ میں خود ہی باغ میں دوڑ رہا تھا اور میں نے ہی چشمہ میں پتھر پھینکا تھا ـــــ"

ایک لمحہ تک وہ خاموش کھڑا ہوا سوچتا رہا پھر بولا "اب جاؤ ـــــ اور ہمیشہ یہ یاد رکھنا کہ باغ کا یہ حصہ حرم میں شامل ہے ـــــ یہاں مردوں کے آنے کی سخت ممانعت ہے"

"اور سرکار مالی؟" اسحاق کے لہجہ میں تعجب تھا "حارث سعید مروان اور دوسرے مالی؟"

"انکو اصطبل میں مکھیاں مارنے دو ـــــ یہ باغ بغیر ان کے ہی ٹھیک ہے"

جب وہ پانچوں چلے گئے تو لیلیٰ بھی گلاب کی جھاڑی سے نکل آئی وہ اسوقت ہنس رہی تھی۔

"آپ کے سب نوکر کام چور اور کاہل ہیں اس نے کہا "آپ کے پیچھے ہمیشہ کیں لڑاتے رہتے ہیں اور آپ کے سامنے اتنے مستعد ہو جاتے ہیں جیسے بڑے ہی کام کرنے والے ہوں

پانچواں باب

ناصر کبوتر

عمر نے کئی ہفتے سے ڈاک نہیں دیکھی تھی اور حقیقت یہ ہے کہ وہ ان دنوں لیلیٰ کے علاوہ ا کچھ سوچ ہی نہ سکا تھا۔ اب لیلیٰ بغیر نقاب کے بھی باغ میں جا سکتی تھی کیونکہ کوئی مالی اس طرف نہیں آ سکتا تھا۔ وہ عمر کے معاملات میں کبھی دخل نہیں دیتی تھی اور نہ اس کے خیالات میں کبھی دخل اندازی کرتی۔ اب قصر کا سارا انتظام اسی کے ہاتھوں میں تھا اور عمر اس پر اعتبار کرتا تھا۔

وہ باورچی خانے میں جا کر صرف عمر کیلئے اپنے ہاتھ سے کھانا تیار کرتی اور چھ سے خوان میں سجا کر اسے سامنے لاتی۔ ایک بار لیلیٰ نے ناک بھوں بھی سکیڑی تھی اور اعتراض کیا تھا کہ یہ کام اس کا نہیں لیلیٰ کر رہی تھی۔

"تمہارے لئے انسان آدمی بہت ہیں جن کو تم کھانا پکا کر کھلا سکتی ہو" لیلیٰ نے تنک کر جواب دیا "تمہارے بے شمار بچے ـــــ لاتعداد رشتہ دار اور ان کے بچے ـــــ جو کبھی یہاں سے باہر جاتے ہیں ان کی تیمارداری کے لئے ـــــ بچے اور کوستے کے پاس سے جوئی ہوتی ہیں ـــــ

کیا اتنے لوگ تمہارے لئے کافی نہیں ہیں ـــــ میں تو صرف اپنے آقا کیلئے کھانا پکاتی ہوں اس میں تمہارا کیا اجارہ ہے ـــــ تمہاری ہزاروں چوریوں کو میں نے ابتک نظر انداز کیا ہے ـــــ اب تم خود ہی سوچ لو کہ ان دونوں کاموں میں سے کس کو پسند کرتی ہو؟"

اس کے بعد زلیخا نے کبھی کوئی اعتراض نہیں کیا یہ معلوم ہوتا تھا جیسے اسے سانپ سونگھ گیا ہو۔

عمر اس سے بہت خوش تھا کیونکہ وہ اسکا انتہائی خیال رکھتی تھی اسکے کھانے ـــ پینے ـ کپڑے اور آرام کا دھیان رکھتی۔ کسی خادم کی مجال نہیں تھی جو عمر کو بے وقت پریشان کرتا یا اس کے معمول میں کوئی فرق آتا۔

لیلیٰ کی خواہش تھی کہ ایک خواجہ سرا بھی کام کاج کے لئے رکھ لیا جائے اس زمانہ میں بڑے آدمی کے یہاں خواجہ سرا ہونا ضروری تھا اس نے اسحاق سے کہہ رکھا تھا کہ اگر کوئی ڈھنگ کا خواجہ سرا مل جائے تو وہ رکھ لی جائے عمر نے خواجہ سرا کے معاملہ کو ہمیشہ ٹالا کیونکہ وہ یہ نہیں چاہتا تھا کہ ایک عورت نامرد اس کے سر پر ہمیشہ سوار رہے اور اسکی خلوتوں میں مخل ہو۔

آج جب عمر حرم سے باہر نکلا تو اس نے دیکھا کہ برآمدہ میں کوئی اجنبی بیٹھا ہوا تھا ـــــ یہ ایک دبلا پتلا مخنی سا آدمی تھا جو سرخ اطلس کی ٹوپی اوڑھے ہوئے تھا اور اسی رنگ کی اطلس کی صدری پہنے ہوئے تھا جس پر کامدانی کا کام کیا ہوا تھا۔ عمر کو دیکھتے ہی وہ ٹھٹک کر کھڑا ہو گیا اور جھک کر سلام کیا۔

"کون ہو تم؟" عمر نے متعجب ہو کر پوچھا۔

"اللہ جان کی سلامتی رکھے ـــــ حضور کے قربان جاؤں میرا نام زنبل آغا ہے۔ میں حضور کی خدمت کیلئے حاضر ہوئی ہوں ـــــ مجھے میاں اسحاق نے یہاں بھیجا ہے"

عمر نے آگے بڑھ کر اسحاق کو آواز دی جو پھاٹک پر کھڑا ہوا تھا۔

"میں نے تم سے کب کہا تھا کہ تم حرم کیلئے خواجہ سرا کو رکھ لو؟" عمر نے پوچھا۔

"سرکار ـــــ ہم لوگوں کو تو حرم میں جانے کی ممانعت ہے ـــــ زلیخا بیچاری بوڑھی ہے! اسے آنکھوں سے بھی کم دکھتا ہے میں نے سوچا تھا کہ اوپر کی دوڑ بھاگ کیلئے کوئی آدمی ہونا ضروری ہے"

"اچھا اب اسے واپس کر دو"

"بہت اچھا سرکار ـــــ باغ بہت بڑا ہے سرکار اور اسکی نگرانی کیلئے بھی تو کسی آدمی کی ضرورت ہے"

"لیکن یہ زنبل آغا یہاں نہیں رہ سکتا"

اسحاق کچھ جز بز سا ہو کر رہ گیا کہ ایک معمولی خواجہ سرا کے سامنے اس پر ڈانٹ پڑ گئی تھی اس نے فوراً ہی بات کا موضوع بدل دیا "بیس روز سے اعلیٰ حضرت نظام الملک کا خط آیا ہوا رکھا ہے لیکن اس کا جواب ابھی تک نہیں گیا" اسحاق نے کہا "حالانکہ میں نے عرض کیا تھا کہ وہ کوئی اہم خط ہے کیونکہ ایک مخصوص قاصد اسکو لایا تھا اور اس کا اصرار تھا

کہ جواب فوراً ملنا چاہیئے ـــــ کیا وہ خط لے آؤں سرکار؟"

عمر اس خط کو بالکل ہی بھول گیا تھا۔ جب اس نے لفافہ چاک کر کے خط پڑھا تو سناٹے میں آگیا خط میں لکھا تھا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ـــــ خواجہ نظام الملک طوسی وزیر اعظم دولت سلجوقیہ کی طرف سے خواجہ عمر بن ابراہیم خیمہ دوز شاہی منجم کو بعد سلام مسنون کے معلوم ہو کہ آپ بلا ایک گھنٹہ کی تاخیر کے سلطان العالم کو یہ یقین دلاتے ہوئے خط لکھئے کہ ابھی نیشا پور سے واپس آنے کیلئے ستارے موافق نہیں ہیں ـــــ میں چاہتا ہوں کہ وہ سمرقند کے محاذ پر مصروف رہیں ورنہ ملک کو نقصان پہونچنے کا احتمال ہے ـــــ انکا ارادہ واپسی کا ہو رہا ہے اور وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ فوج کے بیشتر حصہ کو برطرف کر دیا جائے ـــــ

فقط والسلام نظام الملک

عمر نے خط کو دوبارہ غور سے پڑھا اور پھر اسکو پھاڑ پھاڑ کر دھجی دھجی کر دیا۔ اس قسم کے پیغامات کو احاطہ تحریر میں لانا اور باقی رکھنا انتہائی خطرناک تھا "خیر نظام اپنے معاملات کو خود ہی بہتر سمجھتا ہے ـــــ" عمر سوچنے لگا "وہ چاہتا ہے کہ میں جھوٹی پیشنگوئیاں کروں ـــــ یہ ضرور ہے کہ یہ کام سلطنت کی بھلائی کے لئے ہو رہا ہے اور نظام کی نیت پر شبہ نہیں ہو سکتا لیکن ملک شاہ بھی تو خود مختار بادشاہ ہے جب سے وہ غریب بادشاہ بنا ہے اسکو ایک دن بھی اپنے محل میں سکون نہ ملا اور برابر لڑائیوں میں مصروف رہا ـــــ اب اگر وہ امن سے بیٹھنا چاہتا ہے تو میں کیوں

مخالفت کروں"

عمر اگر نیشا پور میں ہوتا تو ممکن ہے کہ اسے اپنی مرضی کے خلاف کام کرنے پر مجبور ہونا پڑتا لیکن اسوقت وہ نظام الملک سے کافی دور تھا۔ اسکے علاوہ وہ امام غزالی سے بھی مل چکا تھا اور انکی صحبت کا اثر اس پر اتنا پڑا تھا کہ وہ اب سیاسی معاملات میں ٹانگ اڑانا نہیں چاہتا تھا امام غزالی کا وہ جملہ ابھی تک اس کے کانوں میں گونج رہا تھا کہ "خدا کے ذکر و فکر میں ہر وقت رہنا ہی دنیا کا سب سے بڑا کام ہے"۔ اس نے ایک کاغذ اٹھا کر جواب لکھ دیا۔ صرف ایک لفظ "نہیں"۔ اس کے نیچے اپنے دستخط کر کے لفافہ کو بند کر دیا "لو اسحاق۔۔۔ یہ لفافہ ابھی نیشا پور روانہ کر دو یہ خط نظام الملک کے ہاتھ میں دیا جائے گا۔۔۔ کوئی تیز رفتار سوار بھیجنا۔"

"لیکن سرکار" زنبل آغا سچ میں بول پڑا "وزیر اعظم تو آجکل رے میں ہیں۔۔۔ کسی اجتماع میں شرکت کیلئے گئے ہوئے ہیں"

رے نیشا پور کے مغرب میں کافی فاصلہ پر تھا۔ اگر تیز رفتاری سے سفر کیا جائے تو بھی ایک ہفتہ کا راستہ تھا۔ "جہاں بھی ہوں فوراً یہ خط روانہ کر دو" عمر نے کہا "لیکن مروان کو نہ بھیجنا"

جب وہ سردی کی طرف مڑا دروازہ کے قریب ہی ایک چھوٹی سی انگیٹھی میں آگ روشن تھی اور اس کے تین لال مروان، سعید اور حارث بیٹھے ہوئے اپنے ہاتھ تاپ رہے تھے یہ تینوں اس وقت باتوں میں

مصروف تھے عمر کو دیکھتے ہی کھڑے ہو گئے اور سلام کرنے لگے۔

عمر نے اس انگیٹھی پر نظام کے خط کے پرزے ڈال دئے اور اسوقت تک کھڑا رہا جبتک وہ بالکل جل کر راکھ نہ ہو گئے اس کے بعد وہ اندر چلا گیا تینوں مالی اس چیز کو بہت دلچسپی سے دیکھ رہے تھے اور جب وہ دوبارہ بیٹھے تو بات چیت کے لئے انہیں نیا موضوع مل چکا تھا۔

یہ خط کوئی خاص اہمیت رکھتا ہوگا" سعید نے کہا " اس پر بہت سی مہریں بھی لگی ہوئی تھیں "

" اور مہریں بھی سرخ لاکھ کی تھیں حارث نے کہا" ایسی مہریں تو وزیر اعظم کے خطوں پر لگی ہوتی ہیں "

وہ تینوں پگھلی ہوئی لاکھ کی طرف دیکھنے لگے جو اب خاکستر ہو چکی تھی۔ اسی وقت مردان اٹھ کر برآمدہ میں آگیا جہاں زنبل آغا اپنا بستر باندھ رہا تھا۔

" مجھے کچھ سامان کی ضرورت ہے " لیلیٰ نے عمر کو دیکھتے ہی کہا " اگر کوئی شخص نیشاپور جا رہا ہو تو منگا دیجئے۔

" تمہارے لئے کس چیز کی کمی ہے ـــــ کیا کیا سامان چاہئے؟"

" ایک تھان دیبا کا ـــــ ایک چھٹانک مشک۔ آدھ پاؤ عنبر۔ کرنار کے پھولوں کا تیل ـــــ بس "

" ابھی لکھ دو" عمر نے کہا اور اپنی جیب سے ایک رومال نکالکر اسکو دکھایا جس پر سونے کے تاروں کا کام کیا ہوا تھا اور موتیوں کی قطار

کناروں پر لگی ہوئی تھی لیلیٰ اسے دیکھتے ہی فرطِ مسرت سے چیخ پڑی اور پھر بہت دیر تک نئے موباف کو لگانے کے لئے اپنے بالوں کو سنوارتی رہی۔ بار بار اپنے چہرہ کو چاندی کے آئینہ میں دیکھتی جاتی تھی ـــــ آخر کار وہ اسی قالین پر آگئی جس پر عمر بیٹھا تھا وہ اسوقت گہری گہری سانسیں لے رہی تھی اور آنکھیں اتنی خمار آلود تھیں جیسے ابھی نیند سے اٹھی ہو۔

"تم نے وعدہ کیا تھا کہ عنقریب قاضی کو بلا کر تم ـــــ آخر وہ عنقریب" کب آئیگا؟" اس نے شرماتے ہوئے کہا

عمر ہمیشہ اس بات کو ٹال جاتا تھا ـــــ یہ واقعہ ہے کہ یاسمین کے بعد اس کا دل مردہ ہو چکا تھا اور اس نے شادی نہ کرنے کا عہد کر لیا تھا وہ اپنے اتقا اور پرہیزگاری میں پورے خراسان بلکہ مملکت اسلامیہ میں مشہور تھا ـــــ لیلیٰ نے آکر اسکی افسردگی بڑی حد تک دور کر دی تھی بلکہ کبھی ایسا بھی ہوا کہ اس کے قدم ڈگمگائے لیکن فوراً ہی سنبھل گیا۔ غریب لیلیٰ اسکے التفات چھیڑ اور محبت سے دوسرا مطلب نکالتی تھی حالانکہ اسکی نظر میں ہمیشہ لیلیٰ کی حیثیت یہ رہی کہ وقتی طور پر افسردگی دور ہو جائے ـــــ اس کا ارادہ تھا کہ اگر کوئی اچھا سا نوجوان مل جائے تو وہ لیلیٰ کی شادی بڑی دھوم سے کریگا

دو ہفتہ کے بعد ایک قاصد نے قصر کوچک کے سامنے آکر گھوڑا روکا یہ قاصد عمر کی طلبی کا پروانہ نظام الملک کی طرف سے لایا تھا۔ وزیر اعظم نے اسے رے میں فوراً طلب کیا تھا اور تاکید کر دی تھی کہ روانگی میں ایک منٹ کی تاخیر بھی نہ ہو۔

جب دوسری شام عمر نے لیلیٰ کو خدا حافظ کہا تو عرب لڑکی کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ لیلیٰ نے عمر کے ساتھ چلنے کیلئے بہت اصرار کیا لیکن وہ نہ مانا

"اچھا تو خدا حافظ" وہ بڑبڑائی۔ "لیکن بغیر کسی ہتھیار کے اجنبی لوگوں کے ساتھ ادھر اُدھر نہ گھومنا"

پھاٹک پر اسحاق نے سلام کیا عمر نے دیکھا کہ اس کے آتے ہی ایک شخص رنگین لباس پہنے ہوئے ایک کونے میں چھپ گیا تھا ـــ اس نے فوراً ہی پہچان لیا کہ وہ زنبل آغا تھا۔

"یہ مردود خواجہ سرا پھر یہاں آگیا؟" عمر نے کڑک کر پوچھا۔

اسحاق نے مودب ہو کر اپنے ہاتھ باندھ لیے "کل عشاء کی نماز کے بعد مجھے معلوم ہوا تھا کہ سرکار رے کے سفر پر تشریف لے جانے والے ہیں ـــ خدا معلوم واپسی کب ہو ـــ آخر اس گھر کی حفاظت کی ذمہ داری بھی تو مجھ پر ہوگی ـــ میں نے اسکو بلا لیا ـــ وہ حرم کے اندر نگرانی کرے گا اور ـــ"

"اوہ! تو تم نے ہی اسے بلایا ہے" عمر کو غصہ آگیا "اصطبل سے ایک گھوڑا لے کر اسے فوراً نیشاپور روانہ کردو اور آئندہ خیال رکھنا کہ میرے دروازہ پر یہ دوبارہ قدم نہ رکھنے پائے۔

اس کے بعد وہ دو غلاموں کو ساتھ لیکر رے کی طرف روانہ ہو گیا جب شام ہوتی تو کسی کارواں سرائے میں ٹھہر جاتا اور صبح ہوتے ہی پھر روانہ ہو جاتا ـــ تیسرے روز وہ نیشاپور کے قریب پہنچ گیا لیکن وہ

شہر میں داخل نہ ہوا کیونکہ سینکڑوں آدمی اس کو گھیر لیتے اور اسے پنڈ چھڑانا دوبھر ہو جاتا ــــ

اسی طرح سفر جاری رہا اور دن گذرتے گئے ــــ جب چھٹے دن تین آدمیوں کا یہ مختصر قافلہ ایک سرائے میں رکا تو عمر نے ایک سوار کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا اس کے ہاتھ پر پالتو باز[1] بیٹھا ہوا تھا۔

"یا سیدی میں نے آپ کو سرائے کے دروازہ سے ہی پہچان لیا تھا" اس اجنبی نے کہا "مجھے ایک روز پہلے ہی معلوم ہو گیا تھا کہ آپ اس طرف سے گذرنے والے ہیں" اس نے اپنی جیب سے کچھ نکال کر عمر کو دکھایا یہ ایک بہت چھوٹی سی چاندی کی نلکی تھی۔

"کل شام کو میرے باز نے ایک کبوتر شکار کیا تھا" اس اجنبی نے سلسلہ کلام جاری رکھا "میں نے اسے ایک مرغابی پر چھوڑا تھا جو دریا کی طرف اڑتا ہوا جا رہا تھا لیکن اس نے کبوتر کو دبوچ لیا۔ یہ کبوتر مغرب کی طرف جا رہا تھا۔ اس کے پاؤں میں بندھی ہوئی نلکی دیکھ کر میں سمجھ گیا کہ وہ ایک پیغام رساں کبوتر تھا اس پیغام کو دیکھ کر ہی مجھے معلوم ہو گیا تھا کہ آپ اس جگہ تشریف لانے والے ہیں۔

عمر نے نلکی کے اندر سے وہ کاغذ نکال لیا جو دو انچ سے زیادہ

---

[1] یہ شکرے کی نسل کا لیکن اس سے بہت زیادہ طاقتور پرندہ ہوتا ہے اور اڑتے ہی چڑیوں کو شکار کرتا ہے۔

بڑا نہیں تھا اس پر صرف ایک سطر لکھی ہوئی تھی "عمر خیام اس وقت رے کی طرف سفر کر رہا ہے" نہ تو پانے والے کا نام تھا نہ بھیجنے والے کا نام اس طرح کے نیچے ایک نمبر لگا ہوا تھا ۷۹۳۔

"کیا یہ کبوتر مغرب کی طرف جا رہا تھا" عمر نے پوچھا۔

"جی ہاں — بالکل تیر کی طرح ڈوبتے ہوئے سورج کی طرف جا رہا تھا — میں یہ پرچہ اس لئے لے آیا کہ شاید آپ کے کام کا ہو"

اس پرچہ کو دوبارہ غور سے دیکھ کر عمر سوچنے لگا اس روانگی کا علم صرف قصر کریک میں رہنے والوں کو ہی تھا اور یقیناً ان لوگوں میں سے کسی نے یہ بھیجا تھا لیکن کس نے؟ کس کو؟ اور کہاں؟ یہ وہ سوالات تھے جن کے جواب ملنے کی عمر کو بالکل امید نہ تھی یہ تو خوشی کی بات تھی کہ اس پرچہ سے نظام کو کوئی تعلق نہ تھا۔

نامعلوم کیا سوچ کر اس نے وہ کاغذ مل میں رکھ کر جیب میں رکھ لیا اور باز والے شکاری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دو دینار دیکر رخصت کر دیا۔

یہ اتفاق تھا کہ اس نے اس کبوتر کے بازو پر پرچہ حاصل کر لیا تھا جو اسے کبھی نہیں مل سکتا تھا۔

---

۲۳ — تیسرا باب

عتاب

نظام الملک اور عمر خیام ایک قالین پر آمنے سامنے بیٹھے ہوئے تھے۔ نظام الملک کا تعجب ابھی تک کم نہیں ہوا تھا کیونکہ یہ پہلا موقعہ تھا جو خیمہ دوز کے لڑکے نے اس کے حکم کی تعمیل سے انکار کیا تھا۔

"لیکن کیوں؟" نظام الملک نے یہ جملہ دوبارہ دہرایا "آخر ایسا کیوں ہوا جو تم نے ہماری ترقی میں حارج ہونے کی کوشش کی ـــ ہمارے حکم کی تعمیل سے انکار کرنے کی جرأت کی۔"

دولت سلجوقیہ کے انتظامی معاملات کو انجام دیتے ہوئے نظام الملک کو عمر گزر گئی تھی۔ اپنی صلاحیتوں اور کوششوں سے سلطنت کا رقبہ اتنا وسیع ہو چکا تھا کہ اس نے متقدمین کے علاوہ بغداد کے کسی دور میں اس کی مثال نہیں ملتی اور اب سلطنت سلجوقیہ کا رقبہ چین سے بیت المقدس تک طول میں اور قسطنطنیہ سے بلاد مغرب تک عرض میں پھیل چکا تھا۔

باوجود اس حیثیت کے جو عظیم الشان خاندان کے سربراہ کی سی ہوتی ہے نظام الملک اپنی انگلی میں جہر شاہی کی انگوٹھی کھوتے ہوئے کہا اس کو اپنے خاندان کے ہر فرد کا برابر سے خیال رکھنا پڑتا ہے۔ کیا اس موقعہ پر فوج کی

برطرفی مناسب ہے؟ تم کو معلوم ہے کہ ہماری فوج میں کون کون لوگ ہیں؟ شمالی ترک ـــ غلام۔ ترکمان۔ چار جیا کے لوگ عرب خانہ بدوش خراسانی ـــ ایک طرف تو بلادِ مشرق کی مہم جاری ہے اس سے فارغ ہو کر ہمیں مصر حاصل کرنا ہے دوسری طرف جنگ ملتوی ہو رہی ہے فوج برطرف ہو رہی ہے کیا تمہارے نزدیک یہ ٹھیک ہے؟ یہ سات لاکھ فوج ہے جو برطرف ہو رہی ہے یہ لوگ آخر کیا کریں گے ـــ ہزاروں جنگجو ہاتھی جو ہندوستان سے لائے گئے ہیں انکا کیا ہوگا ـــ تم کو معلوم ہے کہ میں نے شروع ہی میں اتنی بڑی فوج کی مخالفت کی تھی لیکن اسوقت سلطان زمانے اور میرے مخالفین کے بہکانے میں آ گئے۔ جب میں نے بغداد میں نظامیہ یونیورسٹی قائم کی اور تین کروڑ روپیہ سالانہ کی جاگیر اس کے نام وقف کر دی تو اسوقت مجھ سے سلطان نے کہا "اشاعت تعلیم بیشک ضروری ہے لیکن فوجی ضرورت بھی تو کچھ کم نہیں ہے" میں نے جواب دیا تھا کہ "آپ کی فوج باغیوں کو بغاوت کے بعد زیر کرے گی لیکن میں جو فوج تیار کر رہا ہوں وہ بغاوت سے پہلے ہی بغاوت کے مادہ کو کچل دے گی۔ آپ کی فوج تو فقط دشمنانِ ارضی کے حملہ کو روک سکتی ہے لیکن میری فوج کے دماغ تیر قضائے آسمانی کو بدل سکتے ہیں" اور اب وہی سلطان ہیں جو لاکھوں سپاہیوں کو برطرف کر رہے ہیں ـــ تم کو معلوم ہے کہ میں تو چراغِ سحری ہوں تمہاری عمر بھی چالیس سے گذر چکی ہے اور میں تو تم سے بھی دس بارہ سال بڑا ہوں ـــ لیکن مجھے اس عظیم الشان سلطنت کی فکر ہے کہیں

اسکا زوال شروع نہ ہو جائے اگر ایسا ہوا تو میں سلطان العالم خلد آشیاں کو کیا منہ دکھاؤنگا۔"

"لیکن فوج کشی کا سلسلہ تو قیامت تک بھی بند نہیں ہو سکتا ہے"۔ عمر نے کہا۔ "اتنی بڑی فوج کو تنخواہیں دینے کیلئے ہمیشہ دوسری فتوحات کی ضرورت ہوگی اور فتوحات کے بڑھنے سے سلطنت کا رقبہ بڑھے اور اس بڑی سلطنت کو قائم رکھنے کے لئے اب سے بھی زیادہ بڑی فوج کی ضرورت ہوگی ـــــ پھر اسکی تنخواہیں ـــــ فتوحات سلطنت ـــــ فوج ـــــ ان چار الفاظ کا دائرہ ایسا ہے جسکا کوئی اختتام ہی نہیں ہے"۔

نظام الملک نے عمر کو تیکھی نظروں سے دیکھا ابتک وہ یہی سمجھا تھا کہ عمر صرف فلسفی اور منجم ہی تھا اسے یہ توقع نہ تھی کہ عمر کو ملکی معاملات میں بھی اتنی سوجھ بوجھ ہوگی ـــــ عمر کے انکار اور ملک شاہ کی واپسی کے ارادے نے نظام الملک کے سارے منصوبوں پر پانی پھیر دیا تھا۔

"یہ خدا کا حکم تھا کہ سلطان کی سلطنت اتنی بڑی ہو اور مفتوحہ ممالک پر ہماری حکومت ہو" نظام نے کہا۔

"لیکن یہ تو خدا کا حکم نہیں ہے کہ میں غلط پیشگوئی کر کے گناہ کا مرتکب ہوں" عمر نے قالین کے نقش و نگار پر نظر رکھتے ہوئے کہا "اور اگر سلطان کو علم ہو جائے تو انکی نظر میں ذلیل ہو جاؤں"۔

نظام سمرقند نے لگانا معلوم اسے کیا یاد آگیا تھا۔

"ہمارے مکتب کا پرانا ساتھی حسن بن صباح میرے پاس آیا تھا

تمہارا جواب آنے سے پہلے اسی کمرہ میں بیٹھا تھا" نظام نے کہا "اس کا دعویٰ ہے کہ وہ آنے والے لمحات کے متعلق وقت سے پہلے ہی بتا سکتا ہے — اس کے ثبوت میں اس نے بتایا تھا کہ چار روز کے بعد خیام کا جواب آنے والا ہے جس میں صرف ایک لفظ "نہیں" لکھا ہوگا — اس نے یہ خفیہ بات کس طرح بتا دی؟ — کیا تم نے اس سے ذکر کیا تھا؟"

"نہیں — کئی سال ہوئے وہ مجھے بیت المقدس میں ملا تھا اس کے بعد تو میں نے اسکی صورت بھی نہیں دیکھی ہے خط کا ذکر کرنے کا تو سوال ہی نہیں ہے — اب وہ ایک نئے مذہب کا پیرو ہو گیا ہے — وہی مذہب جس کے متعلق آپ نے مجھے بیت المقدس میں خط بھیج کر متنبہ کیا تھا"

"مجھے معلوم ہے اور میں نے انکی گوشمالی کرنے کا کافی بندوبست بھی کر لیا ہے" نظام بولا "لیکن تعجب تو یہ ہے کہ چار روز کے بعد تمہارا وہی جواب آیا جو اس نے بتایا تھا۔ قصر کوچک کا راستہ یہاں سے آٹھ روز سے کم کا نہیں ہے پھر اسے چار روز کے اندر اس جگہ کیسے پتہ چل گیا —

شاہی ہرکارہ جو منزل پر سواری بدلتا ہے وہ بھی چھٹے روز سے پہلے یہاں نہیں پہونچ سکتا ہے — یہ تو جب ہی ممکن ہے کہ کوئی شخص یہاں اڑ کر آیا ہو"

اڑنے کا لفظ سنتے ہی عمر کو وہ نلکی یاد آ گئی جو اب بھی اسکی جیب میں موجود تھی "کوئی بھی نامہ بر کیوں نہ قصر کوچک سے یہاں تین روز سے بھی پہلے پہنچ سکتا ہے" عمر سوچنے لگا "لیکن اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ قصر کوچک میں کوئی جاسوس موجود ہے — عمر کو مردان پر پہلے ہی شبہ تھا کہ وہ کسی کا

جاسوس تھا۔

"ایک نامہ بر کبوتر یہ فاصلہ تین دن میں آسانی کے ساتھ طے کر سکتا ہے" عمر نے کہا۔

"اوہ ـــ بالکل صحیح کہا تم نے" نظام نے خوش ہو کر کہا "حالانکہ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی تھی ـــ اچھا تو خدا کا نام لیکر فوراً سلطان کو لکھ دو ـــ ہم ابھی نامہ بر کبوتر کے ذریعہ وہ خط سمرقند بھیج دیں گے ـــ تم کو صرف اتنا لکھنا ہے کہ جنگ ملتوی کرنا اسوقت مناسب نہیں ہے"

"بہتر ہے لیکن ایک شرط کے ساتھ" عمر مسکرا کر بولا۔ "آپ کو یہ بھی اجازت دینا ہوگی کہ میں اس جملہ کا اضافہ کر دوں کہ "وزیر اعظم کی خواہش ہے کہ ابھی جنگ جاری رکھی جائے"؟

"کیا بچوں کی سی باتیں کرتے ہو" نظام نے جھنجھلا کر کہا۔

"تب تو میں نہ یہ لکھونگا اور نہ وہ ـــ میں کچھ نہ لکھونگا"

نظام اس طرح چونک پڑا جیسے اس کے کانوں میں کسی نے سیسہ پگھلا کر ڈال دیا ہو اس کی آنکھیں سرخ ہو گئیں اور سارا جسم غصہ کی وجہ سے کانپنے لگا "میرے سامنے یہ کہنے کی تمہیں جرأت کیسے ہوئی؟" اسنے گرج کر پوچھا۔

"کیا اس بات کے مفہوم سمجھنے میں آپ کو کوئی شبہ ہے"

ایک لمحہ تک نظام خاموش رہا اور عمر کو گھورتا رہا "میں نے تمہیں ـــ خیمہ دوز کے لڑکے کو شاہی منجم بنا دیا ایک شکستہ حال اور فاقہ مست

طالب علم کو سلطنت کا بڑا آدمی بنا دیا ۔۔۔ جبکہ ہمارے وقت اور سات سال کے آغاز کے موقعہ پر تمہارے خلاف نفرت کا ایک طوفان اٹھا تھا! لیکن میں نے اسے دبا دیا ۔۔۔ تمہاری جان کی حفاظت کی ۔۔۔ تمہاری خدمت کیلئے لونڈیاں اور غلام دیئے ۔۔۔ اسوقت تمہارے پاس کتنی جائداد ۔۔۔ کے محل ہیں۔ یہ سب کس نے دیئے ۔۔۔ اب دولت کی تمہارے پاس کمی نہیں ہے یہ سب کس کی کوششوں کا نتیجہ ہے؟ لوگ کہتے ہیں کہ تم سچ بولتے ہو لیکن میں نے تمہیں ایک بار جھوٹ بولتے ہوئے بھی سنا ہے ۔۔۔ اب میں تمہیں ایک سچی بات کہنے کیلئے کہہ رہا ہوں تو تمہیں اعتراض کیوں ہے؟ کیا تم میرے منصوبوں پر پانی پھیرنا چاہتے ہو؟"

"سچی بات! ۔۔۔ یہ سچی بات ہے! میں سمجھتا ہوں کہ سلطان کو جنگ جاری رکھنے پر مجبور کر کے آپ غلطی کر رہے ہیں" عمر نے جرأت کے ساتھ کہا۔ "آپ یہ چاہتے ہیں کہ سلطان تو دور دراز مقامات پر جنگوں میں الجھے رہیں اور آپ وزارت کے پردے میں حکومت کرتے رہیں۔

نظام نے رومال نکال کر اپنے ہونٹوں کو صاف کیا اسکی انگلیاں اس وقت کانپ رہی تھیں۔ "خدا گواہ ہے کہ میرا مقصد یہ کبھی نہیں رہا ہے ۔۔۔ اس سے تو شاید تم بھی انکار نہ کر سکو کہ اپنی زندگی میں میں نے کبھی کوئی کام نہیں کیا جسکی نظر کے سامنے ہمیشہ اسلام اور اسلامی حکومت کی ترقی کے منصوبے رہے ہیں!"

"یہ میں جانتا ہوں" عمر نے سنجیدگی کے ساتھ اپنی غلطی محسوس

کرتے ہوئے کہا "لیکن میرے خیال سے اب سلطان کی واپسی ضروری ہے"

"تو یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے؟"

"بالکل ـــــ اٹل فیصلہ"

"تو یہ یاد رکھو ملعون حشام کے پاس جو تمہارا دوست اور حصہ دار ہے اور تمہارا بانی ہے ـــ مجھے ان لوگوں سے کوئی واسطہ نہیں رکھنا ہے جو نمک کھا کے بعد بھی سلطنت سے غداری کریں" نظام نے دروازہ کی طرف ہاتھ اٹھاتے ہوئے درشت لہجہ میں کہا اور پھر بہت دیر تک زیر لب بڑبڑاتا رہا۔ عمر کو خیال تھا کہ جب وہ دروازہ پر پہنچ جائے گا تو شاید نظام الملک اسے دوبارہ بلائے لیکن اس نے ایسا نہ کیا۔ عمر نے دیکھا کہ وہ اسوقت جانماز بچھا کر مکہ معظمہ کی طرف ہاتھ اٹھائے ہوئے سلطنت کی ترقی کیلئے دعا مانگ رہا تھا۔

"آج آخری دروازہ بھی بند ہو گیا جس کے کھلنے کی اب دوبارہ امید نہیں ہے" عمر نے دل میں سوچا اور تیز قدم اٹھاتا ہوا قصر وزارت سے باہر آ گیا وہ بلبلے بلبلے بال بھرتا ہوا مایوسی کے عالم میں سڑک پر چلا جا رہا تھا کہ اپنے شانے پر کسی کے ہاتھ کا بوجھ محسوس کر کے چونک پڑا اور پیچھے مڑ کر دیکھنے لگا۔

"آخر وہ ساعت سعید آ ہی گئی جسکا مدت سے انتظار تھا" سوداگر حشام نے مسکرا کر کہا "آیئے میرے ساتھ آیئے ورنہ میری زندگی بھی خطرہ میں پڑ جائے گی ـــ ابھی تھوڑی دیر ہے کہ میری گرفتاری کا وارنٹ

جاری ہو چکا ہو گا۔"

عمر نے دیکھا کہ کافی دور پر بہت سے آدمی اسی طرف چلے آ رہے تھے ان کے آگے نیشاپور کے کوتوال تکش کا مخصوص نیلے رنگ کا عمامہ تھا۔ دو تین منٹ کے اندر ہی یہ دونوں ایک تاریک گلی میں کھڑے ہوئے تھے۔

"ہمارا تعاقب شروع ہو چکا ہے" حشام نے کہا "آپ خاموشی کے ساتھ میرے ساتھ چلے آئیے۔"

"لیکن وہ تو تکش ہے میرا دوست" عمر نے کہا۔

"ہاں — اور نظام الملک کا خاص آدمی ہے — کیا آپ نظام کو اب بھی پسند کرتے ہیں؟"

"کیوں؟ ہمارا ایسی جھگڑا ضرور ہوا ہے لیکن میں انکا دشمن نہیں ہوں اور نہ مجھے اس سے ڈرنے کی ضرورت ہے۔"

"ابھی آپ نے ان جھگڑوں کے نتائج نہیں دیکھے ہیں" حشام نے کہا "یہ تو آپ مجھ سے پوچھئے آج ہی میرا کافی سامان لٹ چکا ہے شہر سے باہر گودام پر مشتعل ہجوم نے حملہ کر دیا تھا جتنی کپڑے کی گانٹھیں تھیں لوٹ کر لے گئے اور گودام میں آگ لگا دی۔

اب وہ دونوں ایک ویران کوچے سے گذرتے ہوئے ایک گودام کے سامنے کھڑے ہوئے تھے "یہ دوسرا گودام ہے جس کا بظاہر مالک رے کی ایک باشندہ ہے لیکن اصل مالک بہت بڑا آدمی ہے جس کا نام آپ کو کبھی معلوم ہو ہی جائیگا۔

عمر نے دیکھا کہ اس گودام میں ہیبت ناک کالے حبشی اور اندر کسی بوئی
بھٹی نے ایک خوفناک صورت والا حبشی اسکی نگرانی کر رہا تھا۔
"جنت" حشام نے پہریدار سے کہا "ہمیں سات کا نمبر چاہئیں"
بغیر ایک لفظ کہے ہوئے وہ حبشی ان کو گودام کے اندر لے گئے اور
پھر وہاں سے یہ لوگ ایسے کمرہ میں پہنچے جو کالے نمبروں سے بھرا ہوا تھا۔
اس لئے جلدی جلدی دو تین کالے نمبروں کو ایک طرف لڑھکا کر اس جگہ کی دری
ہٹا دی فرش پر ایک جگہ لکڑی کے دو تین تختے رکھے ہوئے تھے جب ان
تختوں کو بھی ہٹا دیا گیا تو نیچے اترتا ہوا ایک زینہ نمودار ہو گیا یہ زینہ کسی تہہ خانہ
کا راستہ معلوم ہوتا تھا "آپ میرا ہاتھ پکڑ لیجئے کیونکہ کافی سیڑھیاں نیچے
اترنا ہوں گی" حشام نے کہا اور یہ دونوں اس زمین دوز راستہ میں اتر گئے
اب یہ ایک پتلے سے تاریک زینہ سے اترتے ہوئے کسی نامعلوم مقام کی
طرف بڑھ رہے تھے۔ چند منٹ تک نیچے اترنے کے بعد یہ ایک چھوٹے
سے دروازہ کے پاس پہنچ گئے جس کے کواڑ بند تھے اس کے قریب ہی
ایک طاق پر رکھا ہوا لیمپ رکھا ہوا جل رہا تھا۔ حشام نے بغیر کسی جھجک
کے وہ دروازہ کھول لیا۔

عمر نے اب ایک ایسے ٹھنڈے کمرہ میں قدم رکھا جو شراب کی خوشبو
سے مہک رہا تھا۔ کمرہ میں کئی لیمپ روشن تھے اور قالین کے فرش پر
کئی عورتوں کے لوگ بیٹھے ہوئے بات چیت کر رہے تھے انکے سامنے
شراب کی صراحیاں اور جام رکھے ہوئے تھے ان لوگوں نے پہلے تو

حسّام کو سرسری نظر سے دیکھا پھر عمر کی طرف دلچسپی کے ساتھ دیکھنے لگے۔
حسّام نے انتہائی جھک کر سلام کیا اور ادب ہو کر ایک طرف کو کھڑا ہو گیا
ایک شخص جو کسی درسگاہ کا شیخ معلوم ہو رہا تھا عمر کی پیشوائی کیلئے آگے بڑھا
"ہم بدقسمت لوگوں میں آپ کا آنا مبارک ہو خواجہ" شیخ نے کہا
"ہم میں سے ہر شخص کے سر کیلئے بڑے بڑے انعامات کے اعلان
ہو چکے ہیں" دوسرے شخص نے وضاحت کی "ہم لوگ باہر کی دنیا میں ایک
گھنٹے سے زیادہ سانس نہیں لے سکتے کیونکہ حکومت کے مجرم ہیں"

عمر نے ان لوگوں کو حیرت سے دیکھا ان لوگوں میں مختلف شہروں
اور مختلف طبقوں کے لوگ شامل تھے ابھی جو شخص بول رہا تھا وہ اپنے لب و لہجہ
کی وجہ سے مصری معلوم ہو رہا تھا — ایک شخص انتہائی بوسیدہ کفنی پہنے
ہوئے بیٹھا تھا اور اس کے قریب ہی ایک کشکول رکھا ہوا تھا دوسرے
لوگ سوداگر معلوم ہو رہے تھے ایک بات میں یہ سب ملتے جلتے معلوم
ہو رہے تھے اور وہ تھی ان لوگوں کی غیر معمولی ذہانت اور ذکاوت جو ان کے
چہروں سے آشکارا تھی۔

"یا سیدی۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں اپنے ساتھیوں کا تعارف
کروں" شیخ نما شخص نے کہا "میں تو نیشاپور کے ایک مدرسہ کا معلم ہوں
— یہ دوسرے صاحب جو آپ سے گفتگو کر چکے ہیں قاہرہ کے رہنے والے
ہیں — اور اس درویش کو تو آپ نے پہچان لیا ہوگا یہ غریب زادہ ہے
جو سات مہینے سے آپ کے قصر میں مروان کے نام سے خدمت کر رہا تھا۔

اور یہ بھاری جسم والے صاحب سمرقند کے سوداگر ہیں اور سمرقندی بخاروں کے سربراہ ہیں ان کے قریب جو دو شخص بیٹھے ہیں یہ اصفہان کے رہنے والے ہیں اور شاہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں ـــــ مختصر یہ ہے کہ ہم سب سات ہیں اور آپ ہی کے انتظار میں یہاں مقیم تھے اگر آپ ہمارے مہمان بننا منظور کر لیں اور ہمارے ساتھ چلنے کی تکلیف گوارہ کریں۔

میں آپ کے ساتھ چلوں! عمر نے کہا "کہاں؟"

"جہاں آپ محفوظ رہ سکتے ہیں ـــــ انسانیت کی خدمت کر سکتے ہیں"

عمر نے سبعیوں[1] کے متعلق پہلے سے ہی کافی سن رکھا تھا کہ یہ لوگ خراسان میں ایک نئے مذہب کو فروغ دے رہے ہیں لیکن حسن کے علاوہ کسی کو دیکھا نہیں تھا۔ عمر کو تعجب ہوا کہ ان لوگوں میں کافی بڑے بڑے لوگ بھی شامل ہو چکے تھے۔

"کیا حسن بن صباح کے پاس چلو گے" عمر نے پوچھا "مجھے اس سے تو ملاقات کرنا ہے"

حسن کا نام سنتے ہی ہر شخص نے سر جھکا کر تعظیم دی اور وہ سب کے سب چونک کر عمر کو دیکھنے لگے۔ عمر کا اس طرح نام لینا ان لوگوں کو ناگوار ہوا تھا۔

سب سے پہلے حسام نے عمر کی طرف سے صفائی پیش کی "شیخ اجل

---

[1] باطنیوں یا ملاحدہ کو سبعی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ سات تعبیروں کو مانتے تھے۔

ہمارے دوست عمر خیام کے گہرے اور بے تکلف دوست ہیں اور ایک ہی مدرسہ میں پڑھا ہے۔ اب ان لوگوں کا اضمحلال دور ہو گیا اور وہ عمر کی طرف مرعوب نظروں سے دیکھنے لگے۔

"شیخ الجبل آپ کے منتظر ہیں یا سیدی" حشام نے عمر سے کہا "وہ اسوقت قلعہ الموت میں تشریف فرما ہیں ـــــ ابھی کچھ روز پہلے سیدنا نے نظام الملک سے بھی ملاقات کی تھی۔"

عمر اب رے میں رہنا نہیں چاہتا تھا اور نہ وہ اب نظام الملک کے سامنے دوبارہ جانا چاہتا تھا۔

"کیا آپ لوگ مجھے شیخ الجبل کے پاس لے چلیں گے؟" اس نے پوچھا

حشام نے شیخ کی طرف دیکھا جو خاموشی کے ساتھ یہ گفتگو سن رہا تھا۔

"ہم لوگ بھی وہیں جا رہے ہیں آپ بھی ہمارے ساتھ ہی چلیں" شیخ نے کہا

"ٹھیک ہے" عمر نے مطمئن لہجہ میں کہا "آپ لوگوں کا شکریہ"

"مجھے معلوم ہے کہ آپ قابل اعتماد اور بات کے دھنی ہیں" شیخ نے دوبارہ کہا "ہم لوگ آپ سے ایک وعدہ لیں گے اور وہ یہ کہ آپ کسی دوسرے شخص سے ہمارے متعلق ایک لفظ بھی نہ کہیں گے اور نہ وہ واقعات جو آپ شیخ الجبل تک پہونچنے میں راستہ میں دیکھیں گے۔"

عمر نے سر کو جنبش دی "میں وعدہ کرتا ہوں"

"بہتر ہے" بوڑھے پروفیسر نے کہا "اور یہ بات بھی یاد رکھئے گا کہ ہم لوگ آپ کی حفاظت کی ذمہ داری نہیں لے سکتے۔ آپ کو خود اپنی

حفاظت کرنا ہوگی ـــ اس کے علاوہ آپ کو بھیس بدل کر سفر کرنا پڑیگا کیونکہ یہ تو ناممکن ہے کہ شاہی منجم بغیر پہچانے ہوئے رے سے باہر نکل جائے ـــ آپ کے ساتھ ہم بھی پھنس جائیں گے ـــ حشام تم جاکر سلمہ کو بلا لاؤ۔"

جب حشام چلا گیا تو شیخ نے ایک الماری کھول کر ایک بڑی سی صراحی نکال لی جس میں سرخ رنگ کی شیرازی شراب تھی۔ ایک بلوریں جام بھر کر سب سے پہلے عمر کے سامنے پیش کیا گیا۔

"میں تو اس نعمت سے محروم ہوں" عمر نے شکریہ ادا کرنے کے بعد کہا اور دوسرے لوگ اس شغل میں مصروف ہو گئے۔

ایک گھنٹہ منوار عمر کو اٹھارہ انیس کی پری جمال سلمہ کے احکامات کی تعمیل کرنا پڑی جس نے عمر کی داڑھی کو کتر بیونت کر کے سرخ رنگ سے آراستہ کر دیا پھر اسکی گردن۔ چہرہ اور ہاتھوں پر اخروٹ کے عرق کا پانی پھیر دیا جسکی وجہ سے اسکا رنگ بالکل سیاہ ہو گیا۔

"میری بیوی ان تمام چہروں سے واقف ہے جو سڑک سے گذرتے ہیں" حشام نے کہا "یہ اپنے کام میں اتنی مشاق ہے کہ ایک افریقی سردار کو ہندو فقیر آسانی سے بنا سکتی ہے"

پھر عمر نے سلمہ کی عبا پہن کر چمڑے کے موزے پہن لئے اسکا عمامہ بہت زیادہ وزنی تھا۔

"اب آپ بالکل ترکی سپاہی معلوم ہو رہے ہیں" سلمہ نے کہا "لیکن یہ یاد رکھئے گا کہ آپ کو ترکوں کی طرح دونوں ہاتھوں سے کھانا پڑیگا۔

چوبیسواں باب

قلعہ الموت

عمر کو سب سے زیادہ حیرت ان الفاظ پر ہوئی جو پانچویں روز پو پھٹتے وقت حسّام نے اس سے کہا۔ "معاف کیجئے گا کسی اجنبی کے لئے سخت ممانعت ہے کہ وہ آگے جانے والی شاہراہ کے متعلق کچھ معلوم کرے۔ بہتر یہ ہے کہ آپ اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ دیں۔"

یہ لوگ اس وقت کوہسار طالقان کی طرف جانے والی سڑک پر تھے اب علاقہ رود بار کے میدان ختم ہو گئے تھے اور کوہستان کی سخت اور پیچیدہ نشیب و فراز کی ابتدا ہو چکی تھی ان کے سامنے نہر دیر نجان موجود تھی جو کوہ البرز کے دامنوں میں چکر کھا کر دشوار گذار گھاٹیوں میں غائب ہو گئی تھی۔ اب انہیں کوہستان کی برف آلود چوٹیاں بھی افق کے اس پار نظر آنے لگی تھیں۔ عمر کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی گئی۔

"کیا تم بھی ہو" عمر نے حسّام سے پوچھا "میں نے سب سے پہلے تو تمہیں حسن کے ساتھ ہی دیکھا تھا۔"

"میں تو شیخ الجبل کا ایک ادنیٰ خادم ہوں" حسّام نے عمر کے قریب آکر بہت آہستہ سے کہا حالانکہ دوسرے لوگ ان سے کافی فاصلہ پر

چل رہے تھے۔ ان پہاڑیوں پر شیخ الجبل کا نام نہیں لیا جاتا ہے ـــــ بابل، قاہرہ اور فلسطین والا حسن اب یہاں پر سیدنا۔ شیخ الجبل اور داعی الداعات کے ناموں سے پکارا جاتا ہے ـــــ آئندہ آپ اس کا خیال رکھیں ـــــ ان کے پاس تیس ہزار فدائی ہیں جو ان کے احکامات کی تعمیل خراساں میں کرتے ہیں ـــــ انکی قوت دنیاوی بادشاہوں سے برتر اور فائق ہے۔"

"پچھلے ہفتہ رے میں تکش نے بہت سر مارا۔ حشاشین نے سلسلہ کلام جاری رکھا۔" اور جب نظام الملک سے ملنے کے بعد شیخ الجبل اس تہہ خانہ میں آ گئے تو اس نے پوری عمارت کا محاصرہ کر لیا ـــــ سارا گودام چھان ڈالا کہ کوئی گانٹھ کوئی پلیہ ایسا نہ ہوگا جسے کھول کر نہ دیکھا ہو لیکن وہ جو چاہتا تھا وہ نہ ہوا۔ شہر کے تمام ناکوں پر سختی کے ساتھ پہرہ لگا دیا گیا لیکن کوئی شخص بھی شیخ الجبل کو باہر جاتے ہوئے نہ دیکھ سکا ـــــ اور اب وہ ہمارے انتظار میں الموت میں موجود ہیں۔"

"تم تو الموت میں کئی بار گئے ہو گے۔" عمر نے پوچھا۔

"نہیں ـــــ صرف ایک بار اسکا پھاٹک دیکھا تھا"

"کیا گذشتہ ہفتہ شیخ الجبل نے مجھے بلانے کا حکم دیا تھا؟"

"نہیں ـــــ ایک سال ـــــ بلکہ دو سال ہوئے انھوں نے فرمایا تھا کہ وہ وقت عنقریب آنے والا ہے جب عمر خیام اور نظام الملک میں نزاع ہوگا اور جب یہ واقعہ ہو تو عمر خیام کو میرے پاس لے آنا ـــــ

ان کو میرے یہاں ہی پناہ مل سکتی ہے۔"

"اوہ! تو تمہارے شیخ الجبل تو اچھے خاصے جادوگر ہیں!

"نہیں ـــ وہ امام قایم قیامت ہیں ـــ آج تک میں نے جن لوگوں کو دیکھا ہے ان سب میں وہ عقلمند ہیں وہ ایک ایسی پُراسرار باطنی قوت کے مالک ہیں کہ ہر شخص ان کے حکم کی تعمیل بے چون وچرا کرتا ہے ـــ ان کے احکامات کی تعمیل میں ایک لمحہ کی بھی تاخیر نہیں ہوتی ـــ نظام الملک تک ان سے ڈرتا ہے اور انکی باطنی قوتوں سے مرعوب ہے اس نے کچھ وصیتیں ایک کتاب میں لکھی ہیں اور اس کتاب کو سربمہر کر دیا ہے جو نظام الملک کی وفات کے بعد ہی دیکھی جائیں گی ـــ کون جانتا ہے کہ اس کتاب میں کیا لکھا ہے لیکن یہ مجھے یقین ہے کہ ہم لوگوں کے متعلق بھی اس میں بہت کچھ ہوگا

اب عمر کے کان میں لوگوں کے چلنے پھرنے اور باتیں کرنے کی مدھم آوازیں بھی آنے لگی تھیں۔

"رک جاؤ" ایک کڑک دار آواز سنائی دی "کون ہو تم لوگ جو راتوں کو آوارہ گردی کرتے پھر رہے ہو؟" عمر نے قریب ہی کسی دریا کے بہنے کی آواز سنی اور اُناس کی میٹھی میٹھی خوشبو۔

"ہم سات مسافر ہیں" عمر کے ایک ساتھی نے جواب دیا۔

"کیا چاہتے ہو" آواز آئی جو غالباً پاسبان کی تھی۔

"آفتاب طلوع ہو چکا ہے اس کی روشنی سے سارا عالم جگمگانے والا ہے" جواب دیا گیا۔

"ٹھیک ہے جاؤ" پاسبان نے خفیہ پاس ورڈ سے مطمئن ہو کر کہا۔

اب پھر چڑھائی چڑھنی ہوگی یہ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں تھیں جن کی چوٹیاں سخت اور چکنے پتھر کی تھیں ان کے نیچے اب دریا کے زور و شور سے بہنے کی آواز کافی ڈرا رہی تھی برفیلی ہوا کے تیز جھونکوں سے عمر کا سارا جسم یخ بستہ ہو گیا۔ آدھے گھنٹہ تک چلنے کے بعد یہ لوگ رک گئے۔ عمر نے کسی بڑے پھاٹک کے کھلنے کی کھڑکھڑاہٹ کی آواز سنی اور کسی نامعلوم شخص نے عمر کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی کھول دی۔ تیز روشنی سے اس کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ اس نے دیکھا کہ آسمان پر اسوقت ستارے جھلملا رہے تھے اور وہ قلعہ الموت کے اندر کھڑا ہوا تھا۔ حسام اور اسکے دوسرے ساتھی غائب ہو چکے تھے اور اس کے سامنے ایک پستہ قد بوڑھا آدمی کھڑا ہوا تھا یہ سرخ عبا پہنے ہوئے تھا اور سر پر سفید عمامہ تھا۔

"آپ کی تشریف آوری پر ہم لوگوں کو بڑی مسرت ہوئی" بوڑھے نے کہا "میں قاہرہ کی رصد گاہ کا مہتمم ہوں اور رکن الدین میرا نام ہے ـــــ اب آپ اپنی آرام گاہ میں تشریف لے چلئے۔"

عمر اس وقت بہت زیادہ تکان محسوس کر رہا تھا اس لئے بغیر کچھ کہے ہوئے اپنے میزبان کے پیچھے پیچھے روانہ ہو گیا کئی پر پیچ راستوں سے گذرتے ہوئے اب یہ لوگ ایک ایسے کمرہ میں پہونچ گئے جو تمام ضروریات کی چیزوں سے آراستہ پیراستہ تھا۔ کمرہ میں ایک طرف ایک سنہری بچھی ہوئی تھی جس کے نرم بستر پر دو کمبل بھی رکھے ہوئے تھے۔

مسہری کے سرہانے میز پر ایک خوان میں خشک میوے اور پھل رکھے ہوئے تھے ۔۔۔ ایک صراحی میں صاف و شفاف پانی اور ایک نقرئی گلاس بھی میز پر موجود تھا ۔

" یہ لڑکا آپ کی خدمت میں ہر وقت موجود رہے گا " رکن الدین نے ایک سیاہ فام لڑکے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا اور شب بخیر کہکر کمرے سے باہر چلا گیا ۔ عمر نے تھوڑا بہت کھانے کے بعد پانی پیا اور آتشدان میں لکڑیاں ڈالی کر اپنے بستر پر دراز ہو گیا ۔ اس نے خود کو اچھی طرح کمبل سے لپیٹ لیا کیونکہ پہاڑی ہوا بہت زیادہ یخ بستہ تھی ۔ جب اسکی دوبارہ آنکھ کھلی تو آتشدان کی آگ کی سرخی اب نیلاہٹ میں تبدیل ہو چکی تھی اس نے سیاہ فام لڑکے پر نظر ڈالی جو دروازہ سے پیٹھ لگائے ہوئے فرش پر سو رہا تھا ۔۔۔ اور اسکی سیاہ رنگت کچھ سفیدی میں بدل گئی تھی شاید اب دن نکل آیا تھا ۔

دوسرے روز عمر نے الموت کے قلعہ کو بھی دیکھ لیا اس کی دیواریں پہاڑوں کی قدرتی چٹانوں کو تراش کر بنائی گئی تھیں اور دور سے دیکھنے والے شخص کو یہ گمان بھی نہیں ہو سکتا تھا کہ ان پہاڑوں کے درمیان کوئی قلعہ بھی ہے ۔ صرف وہ عقاب قلعہ کا اندر کا حال دیکھ سکتے تھے جو اس پر منڈلاتے رہتے تھے قلعہ کے پھاٹک کے سامنے ایک گھنے جنگل کا سلسلہ دور تک چلا گیا تھا جس کی وجہ سے وہ پھاٹک بھی پوشیدہ ہو گیا تھا ۔ کافی دیر تک ادھر گھومنے کے بعد عمر پھر اپنے کمرہ میں آ گیا ۔

تھوڑی دیر کے بعد رکن الدین بھی کمرہ میں آگیا وہ اسوقت باطنیوں کا مخصوص لباس پہنے ہوئے تھا۔ عمر نے قلعہ میں اور بھی بہت سے آدمی دیکھے تھے لیکن انھوں نے عمر کی طرف کوئی توجہ نہیں کی۔

"قلعہ کے اندر کوئی دارالمطالعہ بھی ہے؟" عمر نے پوچھا۔

"جی ہاں ـــــ بہت بڑا ذخیرہ کتابوں کا موجود ہے" رکن الدین نے کہا "ہم لوگ داعی ہیں ہم کو ہر وقت سفر میں رہنا پڑتا ہے اس لئے ہمارے لئے کئی کئی زبانوں کا جاننا ضروری ہے ہم لوگ اسی کتب خانہ میں استفادہ حاصل کرتے ہیں ـــــ آپ میرے ساتھ تشریف لائیے میں کتب خانہ دکھا دوں"

کئی پیچدار راستوں اور راہداریوں سے گذرتے ہوئے یہ لوگ ایسے کمرہ میں پہونچ گئے جس میں بے شمار طاق بنے ہوئے تھے ہر طاق میں ایک روغنی لیمپ رکھا ہوا روشن تھا۔ سارا کمرہ بقعہ نور بنا ہوا تھا بہت سے لوگ اونچی اونچی میزوں کے سامنے کھڑے ہوئے مطالعہ میں مصروف تھے عمر کو ان الماریوں کو دیکھ کر حیرت ہوئی جن میں قدیم یونان کی بیش بہا اور نایاب کتابیں چنی ہوئی تھیں۔

"بہت نایاب ذخیرہ آپ نے اکٹھا کر رکھا ہے!" عمر نے کہا

"جی ہاں ـــــ یہ ساری کتابیں مصر کی شاہی لائبریری سے لائی گئی ہیں ـــــ سکندر اعظم کی جو کتابیں ضائع ہونے سے بچ گئی تھیں ان کو امام قایم قیامت نے بہت کوشش کے ساتھ حاصل کیا ہے ـــــ ہمارے پاس

دوبارہ نطینی داعی ہیں جو ان کتابوں کا ترجمہ کرتے ہیں۔"

"آپ نے تو ان میں سے بیشتر کتابوں کا مطالعہ کیا ہوگا؟" عمر نے پر اشتیاق لہجہ میں پوچھا

"جی ہاں تقریباً چوتھائی کتب کا مطالعہ تو کر چکا ہوں ـــــ میں نے آپ کی ساری تصانیف بھی پڑھی ہیں بہت سی کتابیں میری سمجھ سے بالاتر بھی ہیں لیکن سیدنا نے ان سب کا مطالعہ کیا ہے"

"اچھا! سیدنا کا دائرہ علم بہت وسیع معلوم ہوتا ہے!"

"بیشک ـــــ مجھے علم طبعیات کے ساتوں اصولوں منطق۔ ریاضی موسیقی ـــ اقلیدس ـــ ہیئت طب اور روحانیت سے تھوڑی بہت واقفیت حاصل ہے لیکن سیدنا ان علوم کے زبردست عالم ہیں ان کے علاوہ ہر مذہب کے متعلق انکو کافی معلومات حاصل ہیں ـــــ انکی روحانی قوت ذاتی زبردست ہے کہ نا سمجھ لوگ اس کو جادو اور سحر اور معجزہ خیال کرتے ہیں ـــــ اگر ان کی یہ استعداد غیبی نہ ہوتی تو ہم لوگ ان کے ہر حکم کی تعمیل آنکھ بند کر کے کیوں کرتے"

اسی طرح عمر نے الموت میں بیٹھے گذار دیئے اپنا زیادہ تر وقت وہ سکندریہ کے کتب خانہ میں صرف کرتا اس کے بعد جو وقت ملتا تو باطنیوں کے پاس بیٹھ کر ان سے باتیں کرتا ان کی معلومات سے استفادہ حاصل کرتا ـــ کبھی چین کے علم طبعیات پر گفتگو ہوتی کبھی باطنی موسیقی پر ـــ جراحی اور حکمت میں یہ لوگ ید طولیٰ رکھتے تھے اس کے علاوہ بنیا کے

کونے کونے میں جانے کی وجہ سے ان کی معلومات عامہ بھی بہت وسیع تھی
عمر کو پوتھا رکن الدین بہت پسند آیا تھا اول تو وہ اسکا ہم مذاق تھا
اس کے علاوہ وہ علم ریاضی سے خاص شغف رکھتا تھا۔ اس پستہ قد ہندی
نے علم ریاضی میں خود اپنے چند اصولوں کا بھی اضافہ کیا تھا۔

ایک روز شام کو رکن الدین اس کے پاس آیا "سیدنا آپ سے
ملاقات کرنا چاہتے ہیں" اس نے کہا۔

"میں تیار ہوں" عمر نے اس کتاب کو رکھتے ہوئے کہا جس کا وہ
مطالعہ کر رہا تھا دس منٹ کے اندر جانے کے لئے تیار ہو گیا۔

"اب آپ خاموشی سے میرے ساتھ چلے آئیں" رکن الدین نے کہا
"اور راستہ میں بھی کسی سے بات کرنے کی کوشش نہ کریں۔ کتب خانہ
کے برابر سے نکلتے ہوئے یہ لوگ قلعہ کے غربی برج پر پہونچ گئے۔ سینکڑوں
سیڑھیاں چڑھنے کے بعد یہ لوگ برج کے اوپر پہونچ گئے اس کے اوپر
وہی بارہ گز چوڑی فصیل تھی اس کے اندر ہی اندر بڑھتے ہوئے اب
وہ ایک آہنی دروازہ پر پہنچ گئے تھے رکن الدین نے دروازہ کھول دیا
یہ ایک زینہ تھا جو نیچے اترتا ہوا چلا گیا تھا یہاں پر انتہائی تاریکی تھی۔
رکن الدین کا ہاتھ پکڑے ہوئے عمر نے زینہ کی تمام سیڑھیاں طے کر لیں
ان کے سامنے ایک آدمی چٹان نے سامنے آکر راستہ بند کر دیا تھا اس میں
ایک سوراخ نظر آیا جس میں سے بیک وقت ایک آدمی جھک کر تمام عمر لڑھکا کر
نکل سکتا تھا۔ یہ دونوں اس سوراخ میں داخل ہو گئے کئی قدم چلنے کے بعد

وہ سوراخ کشادہ ہوتا چلا گیا تھا۔ عمر نے محسوس کر لیا کہ وہ کوئی قدیم سرنگ تھی جس میں ہوا کی آمد و رفت کا بخوبی انتظام تھا اور جگہ جگہ مشعلیں بھی روشن تھیں

"مجھے تو یہ کوئی قدیم سرنگ معلوم ہوتی ہے" عمر نے پوچھا۔

"آپ وہ پہلے شخص ہیں جس نے یہاں اس قسم کا سوال کیا ہے" رکن الدین بولا "جی ہاں ـــ یہ سرنگ اس زمانہ کی ہے جب یہاں آتش پرستی کرتے تھے ـــ اب براہ کرم کوئی مزید سوال نہ کیجئے گا۔"

سرنگ کے اختتام پر پہونچکر عمر نے اطمینان کی سانس لی۔ انکے سامنے ہی ایک سیاہ فام حبشی تاریکی میں کھڑا ہوا تھا اس کے برابر ایک چھوٹا سا چوبی دروازہ تھا رکن الدین نے آگے بڑھ کر دروازہ کھول دیا جس کے اندر جانے کے لئے عمر کو کافی جھکنا پڑا جب اس نے دوبارہ سر اٹھایا تو خود کو ایک کافی بڑے ہال میں کھڑے ہوئے پایا جس میں کافی لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ رکن الدین نے عمر کا ہاتھ پکڑا اور ایک خالی جگہ پر لیجا کر بٹھایا۔

عمر نے سب سے پہلے جو چیز محسوس کی تھی وہ آگ کے شعلے تھے جو اس ہال کے مغربی کونے سے اٹھ رہے تھے لیکن یہ آگ بھی عجیب و غریب تھی تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد فرش کی درزوں سے شعلے نکل کر بلند ہوتے اور پھر گر جاتے شعلوں کے بلند ہوتے وقت ایک دھیمی دھیمی سنسناہٹ کی آواز بھی سنائی دیتی۔ اس کمرہ میں صرف ان شعلوں کی ہی روشنی تھی جب یہ گر جاتے تو ایک لمحہ کیلئے اندھیرا ہو جاتا ـــ اسی طرح کبھی اندھیرا ہوتا کبھی اجالا ـــ

ہال کی چھت پر لگی ہوئی چھوٹی چھوٹی نقرئی گھنٹیاں ہزاروں کی تعداد میں خود بخود سریلی آواز میں بج رہی تھیں ان کو بجانے والا بظاہر کوئی بھی نظر نہیں آرہا تھا۔ ایک عجیب قسم کی خوشبو تمام کمرہ میں پھیلی ہوئی تھی۔

"یہ سب فدائی ہیں" رکن الدین نے عمر کے کان میں کہا "آج دیدار کی رات ہے۔ ان لوگوں کے سامنے سیدنا اپنا ظہور فرما کر ان لوگوں کے ایمان کو تازہ فرمائیں گے ـــــ اس مجلس میں ہم لوگ یعنی داعی یا رفیق لوگوں کی شرکت ضروری نہیں ہے دل چاہے تو آؤ ورنہ نہیں لیکن ہر فدائی کی شرکت لازمی ہے اگر وہ اس قلعہ میں موجود ہے۔"

یہ سارے فدائی کم عمر اور نوجوان تھے اس وقت وہ الموت کا مخصوص لباس پہنے ہوئے تھے۔ ہر شخص کی نگاہیں خمار آلود تھیں اور یہ لوگ آتش کے شعلوں کو اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے کوئی واقعہ پیش ہونے والا ہو ـــــ کمرہ میں پھیلی ہوئی خوشبو کے اثر سے عمر کا دماغ بھی چکرانے لگا اور وہ ایک عجیب قسم کی مدہوشی سی محسوس کرنے لگا۔

اب ایک حیرت انگیز رقص شروع ہوگیا۔ برہنہ تلواروں کا رقص ـــــ ایک سیاہ فام نیم برہنہ نوجوان جھوم جھوم کر گا رہا تھا اور رقص کر رہا تھا "امامی ـــــ امامی ـــــ یا امامی ـــــ یا امامی ـــــ امامی ـــــ ا ـــ ما ـــ می" کمرہ کے سارے حاضرین اس نغمہ کے ساتھ جھوم رہے تھے اور چھت پر لگی ہوئی گھنٹیوں کی آواز بھی تیز ہوگئی تھی اس عجیب و غریب موسیقی کی ہر شخص پر مدہوشی کی سی کیفیت طاری تھی۔ لڑکے کے چاروں طرف

کئی فدائی اپنے ہاتھوں میں برہنہ تلواریں لئے ہوئے گردش کر رہے تھے۔ کبھی کبھی تلواروں کی چمک سے یہ معلوم ہونے لگتا جیسے زور شور کے ساتھ جنگ ہو رہی ہو یا ایک فدائی دوسرے فدائی کو قتل کرنے والا ہو۔

"امامی ـــــ امامی ـــــ" سارا مجمع یک زبان ہو کر گنگنا رہا تھا۔

وہ نوجوان اب بھی تلواروں کے سائے میں ناچ رہا تھا اسی وقت بھڑکتے ہوئے شعلوں کے درمیان زمین پھٹ کر ایک شکل اوپر آگئی ـــــ ایک عجیب و غریب جانور کا مجسمہ ـــ اس کے پاؤں شیر کی طرح تھے اور چار! جسم بیل کا سا تھا اس پر ایک بڑا سا خوفناک صورت والا انسانی چہرہ لگا ہوا تھا جس پر گھومی ہوئی اور انتہائی گھنی داڑھی تھی ـــــ یہ جانور سنگ مرمر کا تھا لیکن بھڑکتے ہوئے شعلوں کے اتار چڑھاؤ سے اس میں زندگی کے آثار نظر آرہے تھے۔

"اب یہ جنت کو جانے والا ہے" رکن الدین نے رقاص لڑکے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے آہستہ سے کہا "خوش قسمت"۔

اب وہ سیاہ فام لڑکا خاموش کھڑا ہوا تھا اور بہت سی تلواریں اسکے جسم کو گود رہی تھیں اسکا سفید لباس خون کی وجہ سے تر بتر ہو گیا تھا ـــــ پھر یکایک اس نے اپنے بازو اوپر اٹھا کر فرش پر بیٹھ گیا اسکی گردن جھکی ہوئی تھی۔ ایک تیز اور دھار دار تلوار اس کے سر کو جسم سے علیحدہ کرتی ہوئی زمین سے جا لگی۔ ایک لمحہ تک جسم میں حرکت رہی۔ بازوؤں نے جنبش کی اور پھر ایک جھٹکے کے ساتھ وہ فرش پر لڑھک کر پھڑکنے لگا۔

اسکا سر دو تین فٹ آگے پڑا ہوا تھا۔ گھنٹیوں کی آواز فوراً بند ہو گئی لیکن وہ پراسرار گیت دھیمے سروں میں اب بھی جاری تھا۔ ایک کھٹکے کی آواز آئی اور سارے فدائی سوائے عمر اور رکن الدین کے سربسجود ہو گئے اسی حالت میں دو لاش معہ سر کے زمین میں دھنس کر غائب ہو گئی۔

"ہذا امامی ــــ ہذا امامی" تمام فدائی اوندھے پڑے ہوئے چیخ رہے تھے "مرکز النور[1] اغرقنی فی البحار انوارک ــــ ہذا امامی ــــ ہذا امامی ــــ"

"انا خالق الارواح[2] ــــ انا خالق الاصباح" ایک پُرہیبت آواز سنائی دی" اور آگ کے شعلوں کے پیچھے ــــ اس سنگی مجسمے کی آڑ میں ایک لانبے قد کی سر سے پاؤں تک سفید انسانی شکل نمودار ہو گئی۔ سر سے پاؤں تک وہ سفید کپڑے میں اس طرح لپٹی ہوئی تھی جیسے مصر کی ممیاں ہوتی ہیں ــــ صرف اسکا چہرہ کھلا ہوا تھا اسے دیکھتے ہی عمر نے پہچان لیا وہ حسن بن صباح تھا!

"اٹھو میرے فدائیوں ــــ شمع حقیقت کے پروانوں اٹھو اور اپنے دین کی حقیقت کا بچشم خود اپنی آنکھوں سے دیکھو" حسن کہہ رہا تھا۔ "ارے یہ خوش نصیب نوجوان جنت کو جانے والا ہے"

---

[1] اے مرکز نور مجھے اپنے نوروں کے سمندر میں غرق کر۔

[2] میں ہی پیدا کرنے والا روحوں کا میں ہی چاک کرنے والا دامان صبح کا۔

حسن کے قدموں میں وہ مقتول نوجوان پڑا ہوا تھا لوگ مودب ہو کر کھڑے ہو گئے۔ حسن نے اس مردہ جسم کو ٹھوکر ماری "انا خالق الارواح ـــ اٹھ اے نوجوان اٹھ" حسن نے کہا اور فوراً ہی وہ لڑکا کھڑا ہو گیا جس کا جسم پارہ پارہ ہو چکا تھا ـــ اسکا لباس بالکل سفید تھا اور اس پر خون کا ایک دھبہ تک نہ تھا۔ اس کے دیکھتے ہی سارے مجمع میں ہلچل مچ گئی اور سارے لوگ "ہذا امامی ـــ ہذا امامی" کہتے ہوئے دوبارہ اوندھے ہو گئے ـــ اس لڑکے کو ساتھ لیکر حسن آگے قدموں واپس چلا گیا اور اسی وقت وہ سنگی مجسمہ بھی زمین میں دھنس گیا۔ اب چھوٹے چھوٹے لڑکے اپنے کندھوں پر شراب کی صراحیاں رکھے ہوئے وہاں آ گئے اور سارے مجمع کو جام تقسیم کرنے لگے۔ ہر شخص اسکا متمنی تھا کہ جام پہلے اسکو ملے ـــ لیکن عمر کسی اور خیال میں ہی کھویا ہوا تھا ـــ وہ آتش اور آگ کے شعلوں ـــ مجسمہ کی آزادی اور دوبارہ مقتول کے زندہ ہونے کے متعلق بہت کچھ جان چکا تھا یہ سارا کام اسوقت ہوتا تھا جب سامعین اوندھے پڑے ہوتے تھے لیکن عمر کھڑا ہوا باریک بین نظروں سے اس شعبدہ بازی کو دیکھتا رہا ممکن ہے کہ حسن نے اس سے پردہ رکھنا مناسب نہ سمجھا ہو۔ رکن الدین نے جب اسکی ران میں چٹکی لی تو وہ چونک پڑا "خواجہ عمر ـــ آپ کیا غلطی کر رہے ہیں جو اس مقدس شراب کو نہیں پی رہے ہیں اگر کسی قدرانی نے دیکھ لیا تو غضب ہی ہو جائیگا"

"نہیں ـــ میں نہیں پی سکتا ـــ چاہے اسکا انجام کچھ بھی ہو۔

عمر نے جواب دیا۔

"اوہ ــــ یہ ہم لوگوں میں کیسے آگیا ــــ اسکو یہاں کون لایا ہے؟" کئی شخصوں نے عمر کو دیکھ کر زور سے کہا۔

رکن الدین نے ایک لڑکے سے شراب کا پیالہ لیکر جلدی سے عمر کے ہاتھ میں دیدیا۔ "جلدی پی جاؤ" اس نے آہستہ سے کہا "اور ایک لفظ بھی منہ سے نہ نکالنا ــــ یہ کالے ناگوں سے بھی زیادہ خطرناک لوگ ہیں" پھر اس نے مجمع کی طرف مخاطب ہو کر کہا "یہ داعیوں کا مہمان ہے ــــ اور مجھ کو حکم ملا تھا کہ اسکو داعی الداعات کی زیارات کرائی جائے"

"اس کا ثبوت؟" ایک نوجوان فدائی نے رکن الدین کو ایک طرف ڈھکیلتے ہوئے کہا اس کے ہاتھ میں کھلا ہوا خنجر تھا۔

"اس کا ذمہ دار میں ہوں" رکن الدین نے عمر اور فدائی کے درمیان آتے ہوئے کہا "یہ امام قائم قیامت کا خصوصی مہمان ہے اور اگر اسکو کوئی نقصان پہنچا تو اس کی ساری ذمہ داری تم لوگوں پر ہوگی"

امام کا نام سنتے ہی سب کو سانپ سونگھ گیا اور وہ سب خاموش ہو کر شراب پینے میں مشغول ہو گئے اس جام کو پینے سے عمر کو چکر آنے لگے تھے اور وہ کئی منٹ تک لڑکھڑانے کے بعد بیہوش ہو کر فرش پر گر گیا ــــ کئی غلام ایک کونے میں سے نکل کر عمر کی طرف بڑھے اور اسکو اپنے ہاتھوں پر لئے ہوئے اسی طرف چلے گئے جدھر سے آئے تھے عمر بالکل بیہوش ہو چکا تھا لیکن اس کے تحت الشعور کا احساس

اتنا باقی تھا کہ اس نے محسوس کیا کہ وہ سیانے یا ڈولی میں ڈال کر لے جایا جا رہا تھا۔ جب بھی وہ سواری ہلتی تو اس کی ناک میں ایک عجیب و غریب خوشبو آنے لگی۔ اس نے اپنی آنکھیں کھولنے کی کئی بار کوشش کی۔ لیکن کامیابی نہ ہو سکی ـــ اس کے لاشعور میں بار بار وقفہ کے ساتھ دو لفظ گونج جاتے تھے" جنت کو ـــ جنت کو ـــ جنت کو ـــ

---

۲۵ پچیسواں باب

باطنی وحدت

نامعلوم کتنی دیر تک غافل رہنے کے بعد عمر نے آنکھ کھولی اور سر اٹھا کر ادھر ادھر دیکھنے لگا۔ اب وہ اپنے جسم کو ہلکا پھلکا محسوس کر رہا تھا وہ فوراً ہی اٹھ کھڑا ہوا ایک ایسی وادی میں کھڑا تھا جہاں تا حد نگاہ تک چمن ہی چمن نظر آ رہا تھا۔ مختلف رنگوں کے پھولوں کی کیاریاں سبزہ کا ایک پتلا حاشیہ چھوڑ کر بنائی گئی تھیں۔ ان چمنوں اور کیاریوں کے درمیان جابجا نہریں بہہ رہی تھیں اور ان کے پانی میں بیشمار گلاب کی پتیاں گھل رہی تھیں۔ ہر چمن کے برابر سے پکی پتلی نازک سڑکیں نکالی گئی تھیں اور ان پر مختلف رنگ کے سنگریزے بچھا دئے گئے تھے کوئی سڑک فیروزے کی معلوم ہو رہی تھی کوئی یاقوت کی اور اطمینان یہ تھا کہ ان سڑکوں کے رنگوں کی مناسبت سے ہی چمن بندی کی گئی تھی۔ یاقوتی سڑک جس چمن سے نکلی تھی اس میں گل عباس، گلاب اور جھنگ کے پھول ہی تھے اسی طرح نیلم کی سڑک کے دونوں طرف گل داؤدی کھل رہا تھا۔ اس مرغزار میں طائر بھی جنت میں آنے والوں کا خیر مقدم سلام علیکم طبتم فادخلوھا خالدین کے نغمے گا رہے تھے۔ ان چمنوں میں جابجا موتیے اور

چاندی کے تخت بچھے ہوئے تھے ان پر بہشتی لوگ پری جمال حوروں کو اپنے پہلو میں لئے بیٹھے تھے اور جنت کی نعمتوں کا لطف اٹھا رہے تھے۔ غلمان ہاتھ باندھے سامنے کھڑے تھے ــــ کسی جگہ شراب کا دور چل رہا تھا کوئی اپنے معشوقوں کے ساتھ قسم قسم کے پھل اور خشک میوے کھا رہا تھا۔ خوشنما طیور ان پھلوں کو توڑ کر لاتے اور ان کی گودوں میں رکھ دیتے ــــ

عمر نے انتہائی حیرت کے ساتھ ان مناظر کو دیکھا اور آگے بڑھ گیا اب اس کے سامنے مختلف قصر اور عمارتیں تھیں ــــ بلکہ یوں کہئے کہ جگمگاتے ہوئے سیماب کے ڈھیر تھے جن پر نگاہ ٹھہرنا دشوار تھی۔ یہ قصر کوئی یاقوت کا تھا کوئی زمرد کا۔ کوئی موتی کا۔ کوئی ہیرے کا۔ یہ معلوم ہوتا تھا پورے قصر ایک ڈال کو ہی تراش کر بنائے گئے ہیں ــــ انکی چمک دمک سے آنکھیں خیرہ ہوئی جا رہی تھیں۔

اب وہ ایک ایسے مقام پر پہونچ گیا تھا جہاں گنجان اور سایہ دار درخت تھے اور اس کے قریب ہی ایک پتلی سی نہر جاری تھی جس کا صاف شفاف پانی روانی کے ساتھ بہہ رہا تھا اس میں ایک طلا کار اور مرصع کشتی پڑی ہوئی تھی اس کشتی میں سے کسی پری جمال حور کے گانے کی سریلی آواز آ رہی تھی وہ کشتی عمر کی طرف ہی آ رہی تھی۔ عمر اس کی طرف دیکھنے لگا

"اوہ ــــ ابراہیم کا لڑکا!"

اس آواز کو سنتے ہی عمر چونک پڑا اور دوڑتا ہوا اس کشتی کے قریب پہونچ گیا جو اب کنارہ سے لگی ہوئی تھی اور ایک نازک اندام نازنین

اس پر سوار تھی ریشم کے مانند سنہرے بال اس حسینہ کے گھٹنوں تک آ گئے تھے اور وہ مسکراتی ہوئی عمر کو دیکھ رہی تھی۔

"میں حضور کو آداب بجا لاتی ہوں" کشتی میں بیٹھی ہوئی لڑکی نے کہا اور عمر کا ہاتھ پکڑ کر اسے بھی کشتی میں لے لیا۔ عمر نے یہ چہرہ پہلے بھی کبھی دیکھا تھا وہ اپنی یادداشت پر زور دینے لگا۔

"ازابیلا، آخر اسکو یاد ہی آ گیا" بازنطینی لڑکی ازابیلا ـــــ رحیم کی لونڈی ہے۔

"ازابیلا تم یہاں کہاں؟" عمر نے تعجب سے پوچھا

"مرنے کے بعد مجھے یہ مقام ملا ہے" ازابیلا نے کہا، "لیکن تمہارے فراق میں مجھے یہاں بھی چین نہ ملا اور آخر کار خدا نے میری دعا قبول کر لی" ازابیلا نے آگے بڑھ کر اس کے گلے میں باہیں ڈال دیں اور انتہائی گرمجوشی کے ساتھ اس سے لپٹ گئی بہت دیر تک شکوہ شکایت کی باتیں ہوتی رہیں اس کے بعد یہ دونوں کشتی سے اتر کر ایک چمن میں پڑے ہوئے طلائی تختوں پر آ بیٹھے۔ اس تخت کی دونوں جانب دو حوض تھے عمر نے یہ سمجھنے میں دشواری محسوس نہ کی کہ ایک حوض کوثر دوسرا حوض شراب طہور کا تھا ـــــ چند حوروں نے سامنے آ کر وجد آفریں دھن میں نغمہ چھیڑ دیا اور دو چار کمسن لڑکے سونے کے جام اور صراحیاں لیے کھڑے ہو گئے ـــــ عمر پر اس وقت ایک عجیب بیخودی کا عالم طاری تھا ـــــ ازابیلا نے ایک ہاتھ اسکے گلے میں ڈال رکھا تھا اور دوسرے ہاتھ سے شراب طہور کا جام اس کے

منہ سے لگا رہی تھی ـــــ عمر اس جام کو پی گیا ـــــ وہ بے خودی میں اُٹھ کر ازابیلا کی طرف بڑھنے ہی والا تھا کہ بیہوش ہو کر فرش پہ گر گیا ـــــ

دوسرے روز بہت دیر تک عمر سوتا رہا کسی کے جگانے سے اس کی آنکھ کھلی تو اس نے حسن بن صباح کو اپنے سرہانے بیٹھا ہوا دیکھا حسن نے ہی عمر کو ہوشیار کیا تھا ایک لمحہ تک عمر آنکھ ملتے ہوئے چھت کو دیکھتا رہا اس کی آنکھیں نیند سے بوجھل ہو رہی تھیں اور سر میں گرانی تھی عمر نے یہ محسوس کر لیا کہ وہ اپنے کمرہ ہی میں تھا۔

"رات کو تم مجھ سے ملنے نہیں آئے" حسن نے کہا "میں تمہارا انتظار دیکھتا رہا"

"میں ایک خواب دیکھ رہا تھا" عمر نے جواب دیا "انتہائی حسین خواب"

"کیا وہ خواب تھا یا حقیقت؟"

"دونوں ـــــ خواب بھی اور حقیقت بھی"

"تب پھر تم کہاں تھے؟" حسن نے یہ سوال سینکڑوں ان لوگوں سے پوچھا تھا جو اس حسین خواب کے بعد بیدار ہوتے تھے وہ اس جواب کا انتظار کرنے لگا کہ "جنت میں"

عمر سوچنے لگا "اگر کچھ خامیاں نہ ہوتیں تو وہ جنت کی بہترین نقل تھا"

"نقل تھی" حسن نے سنجیدگی سے کہا اس کے لہجہ یا فقروں سے تعجب کا اظہار تک نہ ہوا۔

"اس جنت کی ایک حور کو میں پہلے سے ہی جانتا تھا۔"

"یہ نہیں ہو سکتا ـــــ وہ کون تھی؟"

"یاسر نطینی ازابیلا ـــــ وہ مجھے ایک کشتی پر ملی تھی۔

"اور؟"

"وہاں کے غلمان بھی مادی دنیا کے انسان تھے ان میں سے کئی کی عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے داڑھی نکل آئی تھی جس کو استرے سے مونڈا گیا تھا کیا خدا نے جنت میں داڑھی منڈانے کا سامان دینے کا بھی انتظام کیا ہے ـــــ جنت میں ہمیشہ صبح کا وقت ہوتا ہے لیکن وہاں دنیا کے سے تغیرات موجود تھے آفتاب کے غروب ہونے کا نظارہ بھی دیکھا ستاروں اور چاند کو بھی دیکھا ـــــ آسمان پر چیلوں اور عقابوں کو بھی منڈلاتے دیکھا ـــــ زمردین قصر کا پلاستر ایک جگہ سے اکھڑ گیا تھا اس کے نیچے سرخی اور چونا بھی نظر آیا ـــــ اس کے علاوہ بھی بہت کچھ دیکھا جو آسمانی جنتوں میں نہیں ہوتا ہے۔"

حسن کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ بات کا موضوع بدلنے میں ید طولیٰ رکھتا تھا اس تبدیلی کا اثر مخاطب پر بالکل بھی نہ ہوتا تھا ـــــ حسن اس کی باتیں سن کر مسکرانے لگا تھا اس نے سمجھ لیا تھا کہ عمر پر جنت کا جادو چلنا دشوار تھا۔

"میرے فدائی اس قسم کے سوالات نہیں کرتے" حسن نے کہا: "ایک بار جنت کو دیکھنے کے بعد ان کو دوبارہ خواہش ہوتی ہے ـــــ

سارے فدائی زیادہ تر نوجوان ہیں جنت کی رنگینوں میں کھو کر وہ ان باتوں کا خیال نہیں کرتے ہیں ـــــ داعی اور رفیق جو اس قسم کے اعتراضات کی صلاحیت رکھتے ہیں انکو جنت دکھا کر مرعوب کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہوتی !"

"آج تک میری سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ فدائیوں ۔ داعیوں اور رفیقوں میں فرق کیا ہے ؟" عمر نے پوچھا ۔

"داعی تو وہ لوگ ہیں جو عیسائی مشنریوں کی ممالک دور دراز میں پھیلے ہوئے ہیں" حسن نے جواب دیا "یہ لوگ ہمارے عقائد کی تبلیغ کرتے ہیں ـــ رفیق وہ لوگ ہیں جو مجتہدانہ شان رکھتے ہیں ـــ یہ لوگ دینی مجلس کے ارکان اور میرے مشیر ہیں ـــ ان لوگوں میں درسگاہوں کے معلم ہیئت داں ـــ اور بڑے بڑے مولوی شامل ہیں ـــ فدائی وہ لوگ ہیں جو خود تو کوئی صلاحیت نہیں رکھتے لیکن ان پر خاص مذہبی اثر ڈالکر ان کی ذہنیتوں کو بدل دیا جاتا ہے ـــ میری جنت صرف اسی طبقہ پر اثر ڈالنے کیلئے بنائی گئی ہے ـــ یہی ہماری باضابطہ اور جانباز فوج ہے جو بلا عذر و بلا حجت ہر کام آنکھیں بند کرکے کرتی ہے ـــ"

عمر نے اپنی بیٹی سے وہ نقلی نکال لی جو رے کے راستہ میں اسے شکاری سے ملی تھی "کیا یہ بھی تمہاری ہی شعبدہ بازی ہے ؟" عمر نے پوچھا تاکہ لوگ یہ سمجھیں کہ تمہیں علم غیب ہے "

"یہ شعبدہ بازی کب ہے ؟" حسن نے کہا "کبھی کبھی میں نامہ بر کبوتر بھی استعمال کرتا ہوں اسی ذریعہ سے، الموت میں بیٹھے بیٹھے مجھے دنیا بھر کی

خبریں مل جاتی ہیں ـــــ لیکن یہ راز صرف رفیقوں کو ہی معلوم ہے ورنہ داعی اور فدائی تو سمجھتے ہیں کہ مجھے علم غیب ہے۔ یہ کبوتر الموت کے برابر والے ایک دیہات میں رہتے ہیں اور یہ وہاں سے پیغامات میرے پاس آجاتے ہیں۔" اس نے آگے بڑھ کر عمر کے کندھے پر دونوں ہاتھ رکھ دیئے "تم یہ سمجھتے ہوگے کہ حسن نے اپنے ذاتی مفاد کی وجہ سے یہ گورکھ دھندا پھیلا رکھا ہے ـــــ تو سفر میں دنیا کا بدنصیب ترین انسان ہوں ـــــ قاہرہ کی سڑکوں پر مدتوں میں آوارہ کتے کی مانند گھومتا پھرا ہوں ـــــ میری کمر پر کوڑے برسائے گئے ہیں اور آخرکار اس ظلم و ستم سے تنگ آکر میں نے دوسرا راستہ اختیار کر لیا ـــــ میری خوش قسمتی تھی کہ میری ملاقات داعی عراق شیخ عبدالملک سے سفر کے میں ہوگی ان کی اجازت پاکر میں امام زمانہ خلیفۃ المستنصر باللہ کی زیارت سے شرف یاب ہوا ـــــ آخرکار میں نے اپنی زندگی کی ایک راہ پا لی ـــــ سچائی کا جو سب سے بہتر راستہ تھا اختیار کر لیا ـــــ حقیقت تو یہ ہے کہ اب مذہب ایسی عورت کے مانند ہے جو بوڑھی ہو چکی ہے ـــــ ساری دنیا باطل پرست ہے اور سوکھی ہڈیوں کو نچوڑ رہی ہے عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے جو یہ ہڈیاں بھی نہ رہیں گی ان کی کہانیاں صرف کتابوں کی زینت ہوں گی ـــــ سب سے بہتر یہی راستہ ہے کہ سارے معبدوں کو برباد کر دو ـــــ بادشاہتوں کو ختم کر دو ـــــ یہ بادشاہ تخت پر بیٹھ کر ایسے اصولوں کی حفاظت کرتے ہیں جن کی بنیاد تلبوت پر ہے ـــــ آخر ملک شاہ میں

کون سی خصوصیت ہے۔ عقل و سمجھ میں ہم اس سے دس گنے افضل ہو پھر کیا وجہ ہے کہ ہم عرصہ تک بادشاہت کو برداشت کرتے رہے ـــــ ہمیں سارا نظام بدلنا ہے ـــــ سارے سماج کو درہم برہم کر کے ایک نئے سماج کی داغ بیل ڈالنا ہے ـــــ صرف یہی ہمارا مطمح نظر ہے اور اسی مہم کو سر کرنے کے لئے ہماری تبلیغ ہوتی ہے۔

"ہمیں انسانوں کے دل بدلنا ہیں تاکہ مذہب کے فرسودہ اوہام مٹ جائیں یہ کام دو چار آدمیوں کے کرنے کا نہیں ہے اس کے لئے ہمیں عوام کے ہمدردیاں حاصل کرنا ہیں ـــــ حقیقت میں ہمارا مذہب یہی ہے یہ امامت کا ڈھونگ تو ہم نے ان پڑھ اور مذہبی جنونیوں کے پھسلانے کے لئے بنا رکھا ہے ـــــ حسن نے کندھوں کو جنبش دی "تم لوگوں کی بھی کوئی زندگی ہے غلاموں سے بھی بدتر ـــــ تم اپنا ہی معاملہ لو ایک ذرا سی بات پر نظام نے تم سے آنکھیں پھیر لیں اور تمہاری کتنی توہین کی"

عمر مسکرانے لگا "اس بات سے مذہب کا کیا تعلق؟ یہ میرا انفرادی معاملہ تھا"

"پھر وہی مذہب ـــــ ہر معاملہ میں مذہب کی ٹانگ اڑ جاتی ہے" حسن بولا "ہمیں مذہب کی بالکل ضرورت نہیں ہے ـــــ تم تو سمجھ دار آدمی ہو خود ہی سوچو انسان کے علاوہ دنیا میں دوسرے جاندار بھی تو ہیں انکا کیا مذہب ہے؟ ایک مرد کیلئے ایک عورت اسی طرح ضروری ہے جس طرح ایک بیل کیلئے گائے ـــــ اس کے لئے نکاح اور مذہبی

جھنجھٹوں میں پھنسنے کی کیا ضرورت ہے ـــــ ہمارا مذہب قدرتی ہے ہم فطرت کے اصولوں پر چلتے ہیں باقی سب بکواس ہے"

"کیا آپ لوگ سعبدہ بازی اور جادوگری کا استعمال بھی کرتے ہیں" عمر نے پوچھا۔

"کیوں نہیں ـــــ یہ بھی تو علم ہیا ـــــ اس قسم کا علم میں نے مصر سے حاصل کیا ہے قدیم مصری کتب کا مطالعہ کر کے معلوم کیا ہے ـــــ ہم یہ اس چیز کو اپنا لیتے ہیں جو ہمارے فائدہ کی ہو جائز اور ناجائز کے چکر میں نہیں پھنستے ـــــ خواجہ عمر میں تمہاری صلاحیتوں کا معترف ہوں بابل میں میں نے تمہاری تعریف کی تھی بیت المقدس میں میری خواہش تھی کہ کاش تم میرے رفیقوں میں ہوتے ـــــ جب سے کئی سال گذر چکے ہیں میں نے بہت کچھ حاصل کر لیا ہے لیکن تم وہیں ہو جہاں تھے۔ تمہاری دربار خاپورشن میں کوئی فرق نہیں ہوا اور اب تو تم نے نظام الملک کی سرپرستی بھی کھو دی ہے

وہ ایک لمحہ کیلئے رک کر عمر کو دیکھنے لگا "ہم تمہارے لئے ایک نیا راستہ دکھا رہے ہیں مجھے اسی وقت کا انتظار تھا کہ تم ہماری طرف کب آتے ہو ـــــ یہ مجھے تسلیم ہے کہ اس عرصہ میں تمہاری نگرانی کی گئی لیکن بری نیت سے نہیں صرف تمہاری دوستی حاصل کرنے کے لئے ـــــ میں تمہارا مداح ہوں۔ تمہاری تقویم۔ تمہاری تصنیفات۔ تمہاری رصدگاہ کے کارنامے ہر چیز کو قدر کرتا ہوں کیا ملا لوگ بھی تمہاری اس طرح تعریف کر سکتے ہیں ـــــ یہ یاد رکھو جس وقت بھی ملک شاہ کی نظریں تم سے

پھر گئیں اسی لمحہ تم کو دربار سے نکال دیا جائے گا ـــــ جبکہ میرا دروازہ تمہارے لئے ہر وقت کھلا رہیگا ـــــ ان باتوں کو اچھی طرح سمجھ لو ان پر غور کرو ـــــ اب آؤ میں تم کو اپنی اوانی طاقت کا تماشہ دکھاتا ہوں" حسن اٹھ کھڑا ہوا عمر اس وقت آرام کرنا چاہتا تھا کیونکہ سر کے درد کی وجہ سے اسکا دماغ پھٹا جا رہا تھا لیکن حسن کے تیوروں سے معلوم ہو رہا تھا کہ وہ اسے آسانی سے چھوڑنے والا نہیں تھا آخر کار وہ اس کے پیچھے پیچھے روانہ ہو گیا قلعہ الموت کی کسی پوشیدہ سرنگ سے نکل کر اب یہ دونوں ایک ایسے درہ میں سے گذر رہے تھے جو چونے کے پہاڑ کو تراش کر بنایا گیا تھا اس درہ کے اختتام پر ان کے سامنے کئی غار تھے۔ ان غاروں کے سامنے ہزاروں مزدور بھٹیوں پر کام کر رہے تھے ان بھٹیوں پر بڑے بڑے کڑھاؤ چڑھے تھے اور شیشہ پگھل رہا تھا بہت سے آدمی اس شیشے کو سانچوں میں بھر رہے تھے بظاہر یہ کوئی شیشہ کا کارخانہ معلوم ہو رہا تھا۔

"میں ان کاریگروں کو مصر سے لایا ہوں" حسن نے کہا "شیشہ کے ظروف بنانا وہاں کی خاص اور قدیم صنعت ہے ـــــ یہ شیشہ اتنا کمیاب ہے کہ ابتک صرف سلطان کے محلوں میں ہی استعمال ہوتا تھا لیکن ہمارے نمایندوں نے اب اس کے ظروف بازاروں میں فروخت کرنا شروع کر دیے ہیں۔ مٹی اور مٹی چینی کے برتنوں کے مقابلہ میں ہمارے یہاں کا بنا ہوا شیشہ کا سامان ارزاں اور سبک ہوتا ہے ہمارے ملازمین

تمام خراسان میں پھیلے ہوئے ہیں اور سمرقند سے مختلف سامان لاکر نیشاپور میں فروخت کرتے ہیں اور نیشاپور کی بنی ہوئی اشیاء دوسرے شہروں کو بھیجتے ہیں تم نے سمرقندی تاجروں کے قافلے تو دیکھے ہوں گے وہ سب ہمارے ہی آدمی ہیں۔ ہماری تجارت کا پورا انتظام تمہارے دوست حسّام کے ہاتھوں سے ہوتا ہے۔

اس کے بعد یہ دونوں ایسی عمارتوں کے پاس پہونچے جن پر کانسی کی چادریں پڑی ہوئی تھیں یہ سب بڑے بڑے گودام تھے جن میں باطنیوں کے سامان رسد کا ذخیرہ رہتا تھا کسی گودام میں چاولوں سے بھری ہوئی ہزاروں بوریاں اوپر نیچے چنی ہوئی تھیں کوئی گودام شہد اور شراب کے پیپوں سے بھرا ہوا تھا۔ کپڑا، غلہ۔ روغن زیتون مصالحہ۔ خشک میوہ غرضکہ ہر چیز کے بورے اور پیپے بھرے ہوئے تھے۔

"یہاں اتنا سامان ہر وقت رہتا ہے کہ اگر قلعہ الموت کا کبھی محاصرہ ہو تو پانچ سال تک میرے آدمی اطمینان سے اپنی زندگی گذار سکتے ہیں" حسن نے کہا "اس ذخیرہ میں روزانہ کچھ نہ کچھ اضافہ بھی ہوتا رہتا ہے — فدائی — داعی اور رفیق اپنی آمدنی کا پانچواں حصہ ان چیزوں یا نقد کی صورت میں پہونچاتے رہتے ہیں"

اب یہ دونوں قلعہ الموت کے مشرقی پہلو کے قریب کھڑے تھے ان کے سامنے چھوٹی چھوٹی چٹانوں کا سلسلہ دور تک چلا گیا تھا حسن ان چٹانوں کو عبور کرتا ہوا ایک اونچے سے ٹیلہ پر پہونچ گیا اسیر غروب ہونے والے

سورج کی زرد دھوپ پڑ رہی تھی اور اس کے دونوں ہاتھ اوپر اٹھے ہوئے تھے

"آؤ ــــ میرے وفاداروں ــــ" حسن نے بلند آواز سے کہا "تمہارے لئے جنت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں اور خدا تمہارے اوپر رحمتیں نازل کر رہا ہے" وہ جس ٹیلے پر اس وقت کھڑا تھا وہ ایک ڈائس کی مانند تھا اس کی پشت پر دونوں طرف اس درہ کی دیواریں تھیں جس میں سے نکل کر یہ ابھی یہاں آیا تھا اس کے سامنے ہزاروں کی تعداد میں چھوٹی چھوٹی جھونپڑیاں بنی ہوئی تھیں۔ بے شمار آدمی حسن کی آواز سنتے ہی اس طرف بھاگے چلے آ رہے تھے۔ عمر نے پہچان لیا کہ ان میں وہ فدائی بھی تھے جن کو گذشتہ روز تلوار رقص میں وہ دیکھ چکا تھا ــــ سامنے والی وادی تھوڑی ہی دیر میں فدائیوں سے بھر گئی تو وہ لوگ حسن کو دیکھتے ہی زمین پر اوندھے گر پڑے اور پرجوش نعرے لگانے لگے۔

حسن نے ہاتھ کے اشارے سے سب کو واپس کر دیا۔

حسن نے عمر کا ہاتھ پکڑا اور اس ٹیلے کے نیچے اترنے لگا ــــ راستہ میں تین فدائی سنتری ملے جو اپنے ہتھیاروں کو اتار کر غالباً نماز مغرب کی تیاری کر رہے تھے ان لوگوں کو حسن کے آنے کی مطلق خبر نہ تھی۔ حسن نے آگے بڑھ کر ایک سنتری کے شانے پر ہاتھ رکھ دیا وہ تینوں ایکدم اچھل کر اپنے امام کا چہرہ دیکھنے لگے ان کی آنکھیں حسن پر لگی ہوئی تھیں وہ اس کے حکم کے منتظر تھے۔

"تم تینوں کا جنت میں انتظار ہو رہا ہے" حسن نے نرمی سے کہا

"تم سامنے والی چٹان سے چھلانگ لگا کر وہاں پہونچ سکتے ہو؟"

ان آخری الفاظ کو سنتے ہی تینوں سنتری بجلی کی سی سرعت کے ساتھ اس چٹان کی طرف بھاگنے لگے اور ذرا سی دیر میں اس کی چوٹی پر پہونچ گئے اس چوٹی کے نیچے کئی سو فٹ گہری گھاٹی تھی ـــــ دو سنتری تو فوراً ہی نیچے چھلانگ گئے تیسرا فدائی آنکھیں بند کئے ہوئے پس و پیش میں ڈگمگا رہا تھا "تم بھی کود جاؤ" حسن نے آواز دے کر کہا اور تیسرا سنتری بھی فوراً ہی نظروں سے غائب ہو گیا ـــــ یہ تینوں چٹانوں سے فٹ بال کی طرح اچھلتے ہوئے تیزی کے ساتھ گھاٹی میں جا رہے تھے اور آخر کار گھاٹی میں لگے ہوئے درختوں کے جھنڈ میں جا کر غائب ہو گئے۔

"دیکھا تم نے؟" حسن نے کہا اس کی آنکھیں اسوقت چمک رہی تھیں "جرأت اور حکمرانی مجھے نصیب ہے کیا کسی بادشاہ کو مل سکتی ہے؟ کیا ملک شاہ کی رعایا اس کے احکامات کی تعمیل اس طرح کر سکتی ہے؟"

"جی ہاں خوب اچھی طرح دیکھا" عمر نے طنز کے ساتھ کہا "تین جانیں بے مقصد ضائع ہو گئیں"

"صرف ثبوت کے لئے ـــــ میرے مقاصد کے سامنے تین کیا تین لاکھ جانوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے"

حسن نے ٹھوکر مار کر ان تینوں سنتریوں کے ہتھیار بھی نیچے پھینکدئے "تم نے ابھی دیکھا ہی کیا ہے" اس نے سلسلہ کلام جاری رکھا میری طاقت

تم برابر تماشہ تھا یہ تو ـــــ اب مجھے بتاؤ کہ تم کو میرا ساتھی بننا منظور ہے ؟ تمہارا شمار معزز رفیقوں میں ہوگا اور تمہارا کام ریاضی اور نجوم سے متعلق ہوگا ۔

"کیا مجھے الموت میں رہنا ہوگا ؟" عمر نے پوچھا ۔

"نہیں ـــــ تم دنیا میں ہر جگہ جا سکتے ہو ـــــ تمہیں جس چیز کی خواہش ہو مل سکتی ہے ـــــ بازنطینی لڑکی اذرا بلا ـــــ سکندر کی کتابیں اور جو کچھ تم چاہو ـــــ میں وعدہ کرتا ہوں کہ تمہاری ہر شرط کو پورا کیا جائیگا اور میرا وعدہ کبھی جھوٹا نہیں ہوتا ہے ـــــ اس وقت تم جس دولت اور عزت کے مالک ہو میرے پاس رہ کر اس سے زیادہ کہیں تم حاصل کر سکتے ہو "

عمر تاریک وادی کی طرف دیکھنے لگا " اور اگر میں منظور نہ کروں تب ؟ "

" تو تم دوبارہ نیشاپور نہیں جا سکتے ـــــ کم از کم اس وقت تک جبتک چند مخصوص لمحات نہ گذر جائیں تم اسی طرح یہاں نظر بند رہو گے جس طرح تمہارا علم تمہارے دماغ میں محفوظ ہے ـــــ تھوڑے عرصہ کے بعد تم کو آزاد کر دیا جائیگا "

ایک لمحہ تک عمر سوچتا رہا " مجھے سوچ بچار کیلئے کم از کم ایک ہفتہ کی مہلت ملنا چاہیئے اس کے بعد میں فیصلہ کروں گا کہ مجھے کیا کرنا چاہیئے ۔

" یقیناً " حسن الصوفت مطمئن معلوم ہو رہا تھا " ایک ہفتہ کے بعد

میں تمہارے جواب کا منتظر رہوں گا اس وقت تک الموت کا ہر فرد تمہارے
اس حکم کی تعمیل اسی طرح کرے گا جس طرح میری ہوتی ہے۔
عمر کو اس کے کمرہ تک پہونچا کر حسن چلا گیا۔

۲۶
چھبیسواں باب

فرار

حسن کے جانے کے بعد عمر نے اس طرح گہری سانس لی جیسے کوئی بھاری بوجھ سر سے ہٹ گیا ہو۔ اس میں شبہ نہیں کہ حسن کی تنظیم انتہائی مستحکم تھی۔ اس کے علاوہ ازابیلا جیسے ساتھی کے ساتھ الموت میں رہنا اتنا برا بھی نہ تھا۔ نظام الملک سے اسکا چھٹکارہ ہو ہی چکا تھا اور نیشاپور میں جانا اسکے لئے خطرناک تھا ان تمام باتوں کے باوجود اس کا ضمیر گوارہ نہیں کر رہا تھا کہ وہ ایک ایسے شخص کی ملازمت کرے جس کا نہ کوئی دین تھا نہ مذہب جو اسلام کا بدترین مخالف تھا ــــ امامت میں وہ کردہ اپنے کاموں کی تکمیل بھی نہیں کر سکتا تھا جو اپنی رصدگاہ میں نامکمل چھوڑ آیا تھا سب سے بڑا کام ابھی اس تصویری کا باقی تھا کہ، نباتات کروش کرتی ہے اور ستارے اپنی جگہ پر قائم ہیں

"کسی شرط پر بھی حسن مجھ کو چھوڑ نہیں سکتا" عمر سوچنے لگا "میں اس کے بہت سے رازوں سے واقف ہوں ــــ اگر میں نے اسکا رشتہ جنا منظور نہ کیا تو عمر بھر یہاں قید رکھا جاؤں گا ــــ اس نے یہ ہفتہ ختم ہونے سے پہلے ہی مجھے یہاں سے فرار ہو جانا چاہئے۔

اب عمر اس دوا[1] کے متعلق سوچنے لگا جس سے انسانی ذہن عاجز ہو جاتا تھا۔ رکن الدین نے جو اسے شراب کا جام زبردستی پلایا تھا اسمیں یقیناً کوئی ایسی دوا تھی جس سے بیہوش ہو کر وہ جنت میں پہونچ گیا تھا اور اسی طرح جنت میں بیخودی کے عالم میں ازابیلا نے ایک جام پلایا تھا اور اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ اپنے کمرہ میں پایا گیا ـــــ اس دوا کی خوشبو اس دھویں میں بھی تھی جو تلواروں کے ناچ والے روز آگ میں سے نکل رہا تھا اور اس کی وجہ سے اسکا سر چکرانے لگا تھا اس کے کمرہ میں جو انگیٹھی آتی تھی اس میں سے اسی قسم کی خوشبو نکلا کرتی تھی ـــــ اس کے واسطے روزانہ ایک صراحی بھری ہوئی شراب آتی تھی اور وہ ہمیشہ اسکو غسل کی تالی سے بہا دیا کرتا تھا اس نے باطنیوں پر یہ ظاہر ہونے نہ دیا کہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اسے یقین تھا کہ اس شراب میں بھی دوا کی آمیزش ہوتی تھی اگر وہ شراب سے انکار کر دیتا تو پینے کے پانی اور کھانے میں

---

[1] حسن اپنے فدائیوں پر جو دوا استعمال کرتا تھا وہ حشیش (بھنگ) تھی۔ ایران میں چاہے افیون کا استعمال زیادہ تر ہوتا تھا بھنگ کو کوئی بھی نہیں جانتا تھا حسن نے ہی سب سے پہلے بھنگ کا استعمال معلوم کیا۔ ـــ فدائی اس کے بری طرح عادی ہو گئے تھے کسی دوسرے ذرائع سے اسکا ملنا ناممکن تھا اسلئے یہ لوگ حسن کے ہر حکم کی تعمیل کرتے اور انکو اس کے معاوضہ میں بھنگ ملی ہوئی شراب ملتی ـــ اسی لئے یہ لوگ حشاشین کے نام سے مشہور ہوئے ـــ

اس دوا کی آمیزش ہو سکتی تھی اس لئے سب سے بہتر طریقہ یہ تھا کہ ان لوگوں کو دھوکہ میں رکھا جائے اور وہ یہی سمجھتے رہیں کہ بھنگ کا استعمال ہو رہا ہے اور وہ شراب چھپا کر ضائع کر دیا کرے ـــــ اس نے اپنے دل میں طے کر لیا یہ بھی اسے معلوم تھا کہ ذہن کو مفلوج کرنے والی یہ دوا اس مخصوص ہفتہ میں اسکو زیادہ دی جائے گی تاکہ اس کے نشہ میں وہ صحیح فیصلہ نہ کر سکے ـــــ

رات کے کھانے کے وقت جب شراب کی صراحی آئی تو اس نے لانے والے سے اس کی کمی کی شکایت کی اور کہا کہ کم از کم دو صراحیاں شراب کی اس کے پاس روزانہ آنا چاہئیں ایک صراحی ناکافی ہوتی ہے ـــــ فوراً ہی دوسری صراحی بھی آگئی ـــــ عمر کو معلوم تھا کہ اس کے ایک پیالے کا اثر انسانی دماغ کو گنگ کرنے کے لئے کافی ہوتا ہے اور صرف ایک پیالے کا اثر دو روز تک رہتا ہے۔

جب رات کے وقت اسکا سیاہ فام غلام کمرہ سے باہر چلا گیا تو اس نے ایک تھیلا شراب کی غسل خانہ کی نالی سے بہا دی اور خود مصنوعی بیخودی کے عالم میں پلنگ پر دراز ہو گیا ـــــ اسی طرح دوسری رات بھی گذر گئی اب اسے یقین ہو گیا تھا کہ اس سے پہلے اس کے کھانے میں بھی اس دوا کی آمیزش ہوتی تھی لیکن جب سے اس نے شراب منگانا شروع کر دی یہ آمیزش بند ہو گئی پہلے اس کے دماغ پر ہر وقت جو خمار طاری رہتا تھا۔ اب وہ بات بھی نہ رہی تھی۔

کئی بار اس نے قلعہ کی دیواروں اور فصیل کی اونچائی کا بھی معائنہ کیا

لیکن کوئی نکتہ ایسا نہ تھا جس پر چڑھ کر وہ فرار ہو سکتا تھا ـــــ اس نے کہانیوں میں پڑھا تھا کہ لوگ اپنے لباس کی رسی بنا کر قلعوں میں سے فرار ہوئے تھے لیکن اب اسے معلوم ہوا کہ ایسی کہانیوں کو تصنیف کرنا آسان ہے لیکن ان پر عمل کرنا دشوار ہے۔

وہ زمین دوز راستوں کی طرف بھی کئی بار ہمت کر کے گیا لیکن مسلح ذرائیوں کا پہرہ دیکھ کر واپس آ گیا یہ سنتری انتہائی خطرناک تھے یہ زبان سے کچھ نہیں کہتے تھے کیونکہ سب گونگے کر دیئے گئے تھے لیکن کسی اجنبی یا فرار ہونے والے شخص سے خنجر کی نوک سے بات کرتے تھے ـــــ قلعہ میں کوئی ہتھیار رکھنا بھی دشوار تھا کیونکہ ہتھیار رکھنے کی اجازت صرف سنتریوں کو تھی اور جب انکو ڈیوٹی سے چھٹی ملتی اپنے ہتھیاروں کو مال خانے میں جمع کر دیتے ـــــ اب اسے یقین ہو گیا تھا کہ قلعہ سے باہر جانے کے لئے صرف ایک ہی راستہ تھا اور وہ تھا صدر پھاٹک ـــــ یہ پھاٹک روزانہ رات کو بند کر دیا جاتا تھا اور اس پر ایک بڑی سی لالٹین روشن کر دی جاتی تھی اس پر سات ذرائیوں کا پہرہ ہوتا تھا جو رات بھر جاگتے رہتے تھے کوئی شخص بھی رات کو قلعہ سے باہر نہیں جا سکتا تھا ـــــ صرف ایکبار اس نے ایک لمبے قد کے آدمی کو قلعہ سے باہر جاتے ہوئے دیکھا تھا ـــــ یہ کوئی داعی تھا اس نے چوکیداروں کو کوئی تحریری اجازت نامہ دکھایا تھا جس کو دیکھتے ہی ان لوگوں نے پھاٹک کا تالا کھول دیا تھا ـــــ اس نے طے کر لیا تھا کہ فرار ہونے کا سب سے بہتر وقت دن کی روشنی میں ہی

ہو سکتا تھا ــــ

اب عمر نے دن کو ایسی جگہ سونا شروع کر دیا تھا جہاں سے پھاٹک سامنے نظر آتا تھا وہ ہر آنے اور جانے والے کو غور سے دیکھتا تھا ــــ کسی بھی اجنبی کو قلعہ کے اندر آنے کی اجازت نہیں تھی اور نہ کوئی جا فوراً اندر آ سکتا تھا ــــ پڑوس کے مواضعات کے لوگ جب اناج لیکر آتے تو وہ پھاٹک پر ہی بوروں کو اتار دیتے وہاں سے فدائی اٹھا اٹھا کر ذخیرہ میں پہونچا دیتے ــــ کئی بار ایسا بھی ہوا کہ فدائیوں کے جتھے قلعہ میں آ گئے اور قلعہ سے باہر گئے ــــ اس نے کئی داعیوں کو بھی قلعہ سے باہر جاتے ہوئے دیکھا ــــ یہ لوگ عموماً کسی خاص تبلیغی مہم کیلئے الموت سے باہر بھیجے جاتے تھے اور پھر رپورٹ دینے کیلئے واپس آتے تھے ــــ جس روز سے حسن سے اس نے ملاقات کی تھی اس کے بعد سے وہ نظر نہیں آیا ــــ آج اس ملاقات کو پانچ روز ہو چکے تھے ــــ صرف دو روز باقی تھے ان دو روز کے اندر ہی اس کو کوئی نہ کوئی فیصلہ کر لینا ضروری تھا ــــ

عمر کو معلوم تھا کہ حسن روزانہ ہی اس پھاٹک سے باہر جاتا تھا لیکن اتنی سخت نگرانی کے بعد بھی وہ معلوم نہ کر سکا وہ کس وقت جاتا تھا ــــ تین روز سے وہ یہ دیکھ رہا تھا کہ دوپہر کے وقت ایک ملبے قد کا داعی باہر جاتا تھا اور آدھے گھنٹے کے بعد واپس آ جاتا تھا ــــ اس باقاعدگی نے عمر کو چونکا دیا ــــ آج اس نے اس داعی کو غور سے دیکھا اس کی رفتار بھی جانی پہچانی ہوئی تھی جب دروازہ کھلتے وقت اس نے اپنا ہاتھ

پھاٹک پر رکھا تو عمر نے فوراً ہی پہچان لیا کہ وہ خود حسن ہی تھا ـــــ وہ داعیوں کے بھیس میں تھا۔

عمر کی سمجھ میں نہیں آیا کہ خود اپنے قلعہ سے باہر جانے کے لئے وہ جس کو بدلتا تھا اس کے علاوہ ایک معین وقت پر روزانہ باہر کیوں جاتا تھا ـــــ اب اسے حسن کی بات یاد آگئی کہ پڑوس کے ایک گاؤں میں اس کے نام پر کبوتر رکھے جاتے تھے ـــــ اور وہ یہ بھی نہیں چاہتا تھا کہ الموت والوں کو معلوم ہو کہ باہری دنیا کی خبریں اسے کیسے مل جاتی ہیں ـــــ اب اسے یقین ہو گیا کہ وہ ان کبوتروں کیلئے ہی روزانہ باہر جاتا تھا۔

فدائی کبھی سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ داعی کے بھیس میں حسن ہو سکتا تھا ـــــ عمر اس نتیجہ پر پہنچ گیا کہ فدائی لوگ تمام داعیوں سے ناواقف معلوم ہوتے تھے یا کم از کم ان کی آواز اور چہروں سے ناواقف تھے آخر میں اسنے جو طے کیا وہ فراری کا سب سے بہتر طریقہ یہی تھا کہ داعیوں کے بھیس میں صدر پھاٹک سے نکلا جائے اور وہ بھی حسن کی مانند ـــــ

دوسرے دن صبح سے ہی اس نے داعیوں کا لباس حاصل کرنے کی کوشش شروع کر دی ـــــ عمر کو یاد آگیا کہ تلوار والے رقص کے موقع پر رکن الدین نے کس بے صبری سے شراب کے جام لنڈھائے تھے اور وہ عمر سے کئی بار شراب کی خواہش کر چکا تھا کیونکہ اس شراب سے الموت میں رہنے والے داعی محروم رہتے تھے ـــــ اس نے رکن الدین کو اپنے کمرہ میں آنے کی دعوت دی اور جب وہ آگیا تو احتیاط کے ساتھ کمرہ کا دروازہ

اندر سے بند کر دیا۔

شراب کا جام دیتے وقت کسی مکاری کی ضرورت نہ تھی صرف ایک بار مسکرانا ہی کافی تھا۔ رکن الدین بہت تیزی کے ساتھ شراب کی صراحی کے پاس آگیا "جنت کی شراب!" اس کی آنکھوں سے بے صبری جھلک رہی تھی "کیا یہ وہی ہے؟"

عمر نے صراحی اس کے قریب بڑھا دی اور جب اس نے اس کے ہونٹوں سے لگا دیا "چکھ کر دیکھ لو۔۔۔ وہی ہے یا نہیں۔۔۔"

دروازہ کی طرف خوفزدہ نظروں سے دیکھتے ہوئے اس نے جام خالی کیا۔ ۔۔۔ پھر دوسرا اور تیسرا اسی طرح صراحی کم ہونے لگی اور رکن الدین کے رخساروں کی سرخی بڑھنے لگی۔ اب وہ چھٹا جام پی رہا تھا۔

"اگر آپ کی اجازت ہو تو اور۔۔۔" رکن الدین نے ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے ڈرتے ہوئے پوچھا اس کو خوف تھا کہ عمر منع نہ کر دے۔

"جتنی چاہے پیو۔۔۔ آج تو تمہاری دعوت ہے"

دس بارہ جام پینے کے بعد پستہ قد بوڑھا قالین پر دراز ہو گیا اس کی آنکھیں بند ہوتی جا رہی تھیں اور مسلسل بکواس کا عالم طاری تھا حالانکہ یہ ساری باتیں مہمل اور بے معنی تھیں۔۔۔ عمر اس کے قریب بیٹھا ہوا اس سے باتیں کر رہا تھا۔

"حسن کے پاس اتنا سونا۔۔۔ اتنی زبردست دولت کہاں سے آتی ہے؟" عمر نے پوچھا۔

"ڈراکر — خنجروں سے دھمکا کر — کبھی یہ خنجر لوگوں کی پشتوں میں اتر جاتے ہیں کبھی محض دھمکیوں سے کام چل جاتا ہے — اس کے علاوہ بھی کئی طریقے ہیں — کئی راز ہیں جو میں ابھی ——— رکن الدین لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے اٹھا اور کانپتے ہاتھوں سے صراحی کو اٹھا کر منہ سے لگا لیا ساری صراحی ختم کرنے کے بعد "خدا آپ پر رحمت کرے" کا جملہ کئی بار شکستہ لفظوں میں دہرایا اور ایک سنٹ کے اندر ہی قالین پر لیٹ کر گہری نیند سو گیا اس کے خراٹوں سے کمرہ گونجنے لگا۔

عمر نے جلدی جلدی اس کے کپڑے اتارنا شروع کر دیئے — اسکی سفید عبا پہن کر چوگوشیہ ٹوپی اوڑھ لی اس کے بعد اس کے نمدے کے جوتے اتار کر پہن لئے۔ یہ لباس عمر کے جسم پر کافی اوچھا تھا لیکن اس نے عبا کے بند نہ لگائے اور چوڑی آستینوں کی وجہ سے کام چل گیا۔ اس نے دروازہ کھول کر دیکھا ابھی دیر نہیں ہوئی تھی سہ پہر کا وقت تھا ممکن ہے کہ حسن برادر والے گاؤں سے واپس آگیا ہو۔ رکن الدین کا خنجر نکال کر اس نے اپنی پیٹی میں اڑس لیا اور بوڑھے ہیئت داں پر دونوں کمبل ڈال کر اس کو اچھی طرح ڈھک دیا ——— پھر آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا راہداری میں آگیا راستہ میں اسے کوئی بھی نہ ملا — بہت خاموشی کے ساتھ اسنے صحن کا راستہ بخیریت تمام عبور کر لیا۔ اس کے سر پر اس وقت رکن الدین کا چوڑا چکلا رومال پڑا ہوا تھا جس کی وجہ سے اسکا منہ کافی چھپ گیا تھا — اس کے برابر سے دو غلام نکلتے ہوئے چلے گئے ان کے سر پر

دو گھڑے تھے شاید اسی شراب کے جس میں بھنگ ملی ہوئی ہوتی تھی۔
اب صدر پھاٹک بھی صاف نظر آنے لگا تھا چار پانچ سنتری ایک پیڑ کے
سایہ میں بیٹھے ہوئے باتیں کر رہے تھے۔ پھاٹک جتنا قریب ہوتا
جاتا اس کے دل کی دھڑکن اور نبض کی رفتار بڑھتی جاتی۔

سنتری کے جمعدار نے عمر پر سرسری نظر ڈالی اس کی کمر میں تلوار لگی ہوئی
تھی باقی سنتری خاموش بیٹھے رہے اور نہ ان کو کوئی شبہ ہوا۔ اب
اسے صدر پھاٹک کے برابر پہنچنے کے لئے صرف چار قدم بڑھانا تھے
عمر سوچنے لگا۔ ایک، دو۔ تین۔ اور۔

"آج کا لفنا کون سا ہے یا سیدی" جمعدار نے نرم لہجہ میں پوچھا۔
عمر کی اوپر کی سانس اوپر اور نیچے کی نیچے رہ گئی اس کے متعلق اس نے
سوچا تھا کہ باہر جانے کے لئے کسی پاس ورڈ کی بھی ضرورت ہوگی
لیکن وہ جھجکنا بھی نہیں چاہتا تھا کیونکہ دوسری صورت میں موت اسکے
سامنے کھڑی تھی۔ "میں بالکل بھول گیا۔" وہ بڑبڑانے لگا "مجھے
سیدنا نے ایک خاص کام سے باہر بھیجا ہے" وہ اپنے دماغ میں کوئی
بہانہ تلاش کرنے لگا "برابر والے گاؤں میں بھیجا ہے جہاں سیدنا
کے کبوتر۔"

عمر کو فوراً ہی یاد آگیا کہ عبا کے نیچے اس کی جیب میں وہ نقرئی نلکی
اب بھی موجود تھی جو اس کو رے کے راستہ میں شکاری سے ملی تھی۔ اسنے
فوراً ہی اپنی جیب سے وہ نلکی نکالکر جمعدار کو دکھائی "یہ دیکھو یہ موجود ہے

—— مجھے بہت جلد جانا ہے —— سیدنا کا یہی حکم ہے۔"

سارے سنتری اب اس کے قریب آکر کھڑے ہو گئے تھے اور اسے تیز نظروں سے گھور رہے تھے سنتریوں کا جمعدار الجھن میں پڑا ہوا تھا اور اسکی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کرے عمر نے وہ نلکی اس کے ہاتھ میں جلدی سے ٹھونس دی، "اس کو تم اپنے پاس رکھو —— جبتک میں کبوتروں کے محافظوں میں سے کسی کو بلانے لاتا ہوں وہ خود ہی تم سے یہ لے لیگا لیکن خدا کے لئے اس پیغام کو حفاظت سے رکھنا ورنہ سیدنا کے غصہ سے تو تم واقف ہی ہو —— دین بھی خراب ہو اور دنیا بھی" جمعدار نے اس نلکی کو اس طرح تھام رکھا تھا جیسے وہ کوئی زہریلا بچھو ہو اس نے زبان سے کچھ نہ کہا عمر کے لئے اتنا اشارہ کافی تھا" تم یہیں کھڑے ملنا میں ابھی آتا ہوں" عمر نے کہا اور صدر پھاٹک سے نکل کر تیزی کے ساتھ روانہ ہو گیا اپنی تیز رفتاری کا بھی اسے کوئی خوف نہیں تھا کیونکہ جمعدار سے جلدی واپس آنے کا وعدہ کیا تھا —— سب سے قریبی گاؤں کے پاس پہونچکر اس نے پیچھے مڑکر دیکھا قلعہ کا پھاٹک اب درمیانی جنگل کے درختوں کی وجہ سے نظر نہیں آ رہا تھا۔

عمر کو امید تھی کہ آگے ضرور کوئی نہ کوئی کارواں سرائے ہوگی جہاں سے گھوڑا مل سکے اس راستہ سے اکثر قافلہ آتے جاتے رہتے تھے اسوقت وہ دعا مانگ رہا تھا کہ کہیں حشام یا کسی دوسرے ایسے آدمی سے ملاقات نہ ہو جائے جو اسکو پہچانتا ہو

بھوسے کے انباروں اور کھاد کے ڈھیروں کے پاس سے گزرتا ہوا وہ اس گاؤں کے قریب پہنچ گیا اس کے سامنے ہی ایسا مکان تھا جس کی چھت پر بانس کے اونچے اونچے اڈے لگے ہوئے تھے ایک کبوتر ان اڈوں پر منڈلا رہا تھا۔ چند کسان ایک درخت کی چھاؤں میں بیٹھے ہوئے باتیں کر رہے تھے اس مکان کے دروازہ پر پہنچ کر عمر نے آواز دی "ایک کابک اور دو کبوتر ـــــ جلدی ـــــ بہت جلدی"

ایک شخص فوراً باہر نکل کر اس کی طرف مشتبہ نظروں سے دیکھنے لگا "کس کے حکم سے؟" اس نے پوچھا۔

"سیدنا کا حکم ہے" عمر نے جواب دیا جس کو وہ سنتے ہی وہ شخص ایک کوٹھری کی طرف چل دیا جہاں سے کبوتروں کے غٹرغوں کے آوازیں آ رہی تھیں۔

"اور اصطبل سے زین کسا ہوا ایک تیز رفتار گھوڑا ـــــ" عمر نے کبوتر والے کو بغیر جھجک کے حکم دیا "جلدی کرو ـــــ انتہائی اہم کام ہے"

کبوتروں کے نگہبان نے سڑک کی طرف منہ کر کے آواز دی "سیدنا کا حکم ہے کہ ایک بہترین اور طاقتور گھوڑا خواجہ کو دیدیا جائے فوراً لے آؤ ـــــ دیر نہ ہو" دو منٹ تک اندر ہی کئی اونگھتے ہوئے مجہول قسم کے آدمی صحن کے دروازہ سے نکلتے ہوئے نظر آئے ان کے ساتھ ایک کسا ہوا گھوڑا بھی تھا۔

"سیدنا کے حکم کی تعمیل کر دی گئی" کبوتروں کے نگہبان نے کہا۔

"یہ دیکھیئے ایک کبوتر کی دُم کا ایک پر ٹوٹا ہوا ہے اور دوسرے کبوتر کی دُم سرخ رنگ سے رنگی ہوئی ہے" عمر نے کبوتر کی کابک ایک ہاتھ میں لی اور گھوڑے پر سوار ہو گیا ـــــ یہ حسن کے ملازم تھے اس لیئے شکریہ ادا کرنے کی بھی اس نے ضرورت نہ سمجھی ـــــ لگام کو خفیف جھٹکا دیا اور تیزی کے ساتھ سڑک پر آ گیا۔ گاؤں کی سڑک کو تیزی سے عبور کرتا ہوا اب وہ ایک تنگ وادی میں پہونچ گیا تھا اور اس کے سامنے ایک چھوٹی سی چوکی تھی بہت سے سنتری اس چوکی پر بیٹھے ہوئے تھے ان کے ہاتھوں میں برہنہ تلواریں تھیں گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز سنتے ہی وہ لوگ باہر آ کر کھڑے ہو گئے لیکن عمر کی عبا اور گھوڑے کو دیکھتے ہی خدا حافظ کہتے ہوئے واپس لوٹ گئے۔

جب وہ چوکی نظروں سے اوجھل ہو گئی تو عمر نے اپنی رفتار تیز کر دی اب وہ تیزی کے ساتھ پتھروں کو پھلانگتا ہوا ٹیلوں کو عبور کرتا ہوا چلا جا رہا تھا ـــــ خود بخود وہ ہنسنے لگا جو نکلی وہ الموت کے سنتریوں کے جمعدار کو دے آیا تھا اس کے پیغام میں یہی الفاظ تھے "عمر خیمہ دوز اس وقت رے کی سڑک پر سفر کر رہا ہے"

۲۷

شاہ سلجوق کا سپاہی

نظام الملک کی برطرفی

عمر کو سفر کرتے ہوئے آج دوسری شام تھی اسکا گھوڑا پسینہ پسینہ ہو گیا تھا اور منہ سے جھاگ نکل رہے تھے اگر اس رات کو دو چار گھنٹہ اس سے ایک جنگل میں قیام نہ کر لیا ہوتا تو یہاں تک پہنچنا بھی دشوار تھا۔ اب عمر کے سامنے ایک سپاٹ میدان تھا جس کے دوسری طرف سڑک کی ایک پتلی سی لکیر شام کے دھندلکے میں نظر آ رہی تھی۔ عمر نے جلدی جلدی اس میدان کو بھی عبور کر لیا میدان اور سڑک کے درمیان ایک شکستہ مقبرہ کے کھنڈر تھے اور اس کے قریب ہی چند جھونپڑیاں تھیں جو غالباً مقامی کسانوں کی ہوں گی ان جھونپڑیوں کے سامنے آگ روشن ہو چکی تھی وہاں پہونچ کر عمر اپنے گھوڑے سے اتر پڑا ایک جھونپڑی کے سامنے چند آدمی بیٹھے ہوئے تھے جو اسکو دیکھتے ہی کھڑے ہو گئے۔

"میں شیخ الجبل کے کام سے سفر کر رہا ہوں" عمر نے کسانوں سے کہا اس کو یقین تھا کہ یہ لوگ یقیناً اس نام کو جانتے ہوں گے یہ کوہستانی سلسلہ کا آخری سرا تھا اس لئے یہاں سے اس کو گھوڑا ملنے کی بھی امید تھی۔

"شیخ الجبل کون؟" ایک بوڑھے کسان نے پوچھا۔ "وہی تو نہیں جنکا قلعہ یہاں سے پچاس میل پر پہاڑوں پر ہے؟"

"ہاں ــــ وہی شیخ الجبل ــــ مجھے اپنا گھوڑا تبدیل کرنا ہے جو قیمت آپ لوگ طلب کریں گے وہ دیدی جائے گی" عمر نے کہا۔ خوش قسمتی سے اس کی پیٹی میں کچھ اشرفیاں اب بھی موجود تھیں۔

آپس میں کچھ دیر تک سرگوشی ہوتی رہی اس کے بعد ان لوگوں میں سے ایک آدمی اٹھ کر چلا گیا اسی وقت ایک جھونپڑی میں سے ایک چھوٹی سی بچی نکل آئی اور کبوتروں کی کابک کے پاس آکر بیٹھ گئی وہ ان کبوتروں کو بہت دلچسپی کے ساتھ دیکھ رہی تھی۔

عمر زمین پر بیٹھا ہوا سوچ رہا تھا اب وہ الموت سے تو کافی دور آچکا تھا لیکن ابھی وہ خطرہ سے باہر نہیں آیا تھا ــــ حسن کے آدمیوں کے آنے کا اب بھی خوف باقی تھا۔

"یہ کبوتر تم نے کتنے کے لئے" لڑکی نے تتلا کر پوچھا۔ "کیا یہ اڑ سکتے ہیں؟"

جب عمر نے اس کی طرف دیکھا تو وہ کبوتروں کی کابک میں ہاتھ ڈال کر انکی پشت پر ہاتھ پھیر رہی تھی عمر کے دیکھتے ہی اس نے سہم کر اپنا ہاتھ کابک کے اندر سے نکال لیا لیکن وہ وہاں سے اٹھ کر جانا نہیں چاہتی تھی۔

"مجھے آسمان پر اڑتے ہوئے کبوتر نظر آتے ہیں" لڑکی نے

ہاتھ کا اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "بہت اونچے ـــــ آسمان سے بھی اونچے ـــ روزانہ اوپر سے کبوتر آتے جاتے رہتے ہیں ـــ کبھی کبھی وہ سامنے والے درختوں کے اوپر بھی آکر بیٹھ جاتے ہیں لیکن جب میں وہاں پہونچتی ہوں تو اڑ جاتے ہیں۔" اس کے لہجہ میں مایوسی تھی "یہ میدان میں دانہ چگتے ہیں لیکن میرے ساتھ نہیں کھیلتے۔"

"کیا تمہیں کبوتر اچھے لگتے ہیں؟" عمر نے پوچھا۔

"ہاں۔ بہت"

عمر نے اس کا بک میں سے ایک کبوتر نکالکر اس کے پر باندھے اور پھر اسے لڑکی کو دے دیا ـــــ وہ اس کبوتر کو اپنی گود میں لے کر فرطِ مسرت سے ناچتی کودتی جھونپڑی میں چلی گئی۔

اسی وقت وہ کسان بھی ایک تازہ دم گھوڑا لیکر آگیا عمر نے پہچان لیا وہ کوئی معمولی کاشتکاری گھوڑا نہیں تھا بلکہ اچھی نسل کا عربی گھوڑا تھا۔ اس نے گھوڑا دے کر کسان کو پانچ اشرفیاں اور اپنا گھوڑا دیا اور امیر سردار ہو کر کبوتروں کی کابک بھی اٹھالی۔ اب اس کابک میں صرف ایک کبوتر رہ گیا تھا۔

عمر رات بھر چلتا رہا اور جب تارے جھلملانے لگے اور پو پھٹنے کا وقت ہو گیا تو وہ کسی شہر کی چہار دیواری کے سامنے کھڑا ہوا تھا اسنے شہر میں داخل ہونا مناسب نہیں سمجھا بلکہ اسے برابر سے گذرتا ہوا خراسان کی سڑک پر آگیا۔

اب اتنی روشنی ہو گئی تھی کہ اسکو راستہ صاف نظر آنے لگا لیکن اسکے ساتھ ہی اس پر بری طرح سستی سوار ہونے لگی تھی ہر دو قدم چلنے کے بعد وہ نیند سے جھونکے کھانے لگتا تھا اس نے گھوڑے کی باگ مضبوطی سے پکڑ لی اور خدا کے نام پر اسے چھوڑ دیا نا معلوم کتنی دیر تک اس طرح سفر جاری رہا جب عمر نے ہوشیار ہو کر آنکھ کھولی تو سورج سر پر پہنچ چکا اور جانا پہچانا ہوا خراسان کا راستہ سامنے تھا۔

اسی وقت عمر نے گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز سنی اس کو سنتے ہی وہ ہوشیار ہو گیا اسی وقت کئی لوگوں کی پکارنے کی آواز اس نے سنی۔

سورج کی پوری روشنی میں ریگستانی بگولے چکر کاٹ رہے تھے اور گرد و غبار کے دامن سے نکلتے ہوئے کئی سوار اس کی طرف چلے آ رہے تھے یہ لوگ عمامے باندھے ہوئے تھے اور بظاہر صحرائی بدو معلوم ہو رہے تھے وہ لوگ عمر کے پاس آ کر رک گئے اور اس کی عبا اور عمامے کو حیرت سے دیکھنے لگے۔

"تم کون ہو" ان سواروں میں سے ایک نے پوچھا۔

"ایک مسافر" عمر نے جواب دیا "میں سلطان ملک شاہ کے دربار سے تعلق رکھتا ہوں اور اسوقت اصفہان جا رہا ہوں"

"اوہ — خواجہ عمر!" ایک جانی پہچانی آواز سنائی دی اور ایک کوزہ پشت بوڑھے نے آ کر عمر کی رکاب پکڑ لی "یا سیدی — کیا اپنے بختیار کو آپ بھول گئے؟"

عمر مسکرانے لگا "لیکن بختیار کو تو میں قصر کوچک میں چھوڑ آیا تھا"

"نہیں ـــــ" سخرا نہ ورے ہنسا "سلطان نے آپ کی تلاش کے لئے پورا ایک دستہ مقرر کر رہا تھا میں اس کے ساتھ شریک ہو گیا ـــــ میں نے رے میں آپ کو تلاش کیا ـــــ حلب میں ڈھونڈا۔ مرو۔ ہرات۔ بلخ مرقند غرضکہ کوئی جگہ ایسی نہ چھوڑی جہاں کی خاک نہ چھانی ہو خدا کا شکر ہے کہ آپ مل گئے ـــــ لیلیٰ بھی ہمارے ساتھ ہے اسکا ناقہ پیچھے آ رہا ہے"

عمر نے دیکھا کہ دو اونٹ گرد و غبار سے نکل کر اس کی طرف آ رہے تھے عمر کے قریب آ کر لیلیٰ فوراً ہی محمل سے اتر آئی اور دور سے بھاگتی ہوئی اس کی طرف آ گئی۔

"میرے آقا ـــــ!" یہ لیلیٰ کی آواز تھی "خدا آپ کو ہر آفت سے محفوظ رکھے رے کے بازار میں اس نے کہا تھا ـــــ اس بیوقوف سپاہی نے کہا تھا" شدت جذبات سے اسکا گلا بھر آیا "مجھ سے ایک سپاہی نے کہا تھا کہ آپ کو چند نامعلوم شیطان اٹھا کر لے گئے تھے" اس نے عمر کی رکاب مضبوطی سے پکڑ لی "ان شیطانوں نے تو آپ کی صورت ہی بدل دی ـــــ یہ آپ کی داڑھی کو کیا ہوا؟!"

اب اسحاق بھی آگے بڑھ آیا تھا "یا سیدی میں نے لیلیٰ کو بہت منع کیا لیکن اس کے باوجود یہ قصر میں نہ رہیں" اس نے اپنی صفائی پیش کی ـــــ آپ کے فراق میں یہ بختیار کو لیکر نکل کھڑی ہوئیں۔ مجھے معلوم تھا کہ آپ کو یہ بات ناگوار ہو گی یہ سلطان کے پاس بھی گئیں اور ان سے

آپ کی تلاش کے لئے کہا سلطان نے ارشاد فرمایا کہ آپ کو تلاش کرو چاہے وہ برف کے پہاڑوں میں ہو یا سمندر کی تہہ میں ـــــ سلطان نے ایک پورا رسالہ بھی ان کے ساتھ کر دیا۔

"خدا کے لیے ذرا اپنی زبان کو لگام دو" لیلیٰ نے جھنجلا کر کہا "یہ باتیں کرنے کا یہی وقت رہ گیا ہے ـــــ خدا کا شکر ادا نہیں کرتے کہ اتنے دنوں کے بعد آقا بخیریت تمام مل گئے ـــــ بس تم تو اپنے کام سے کام رکھو ـــــ چپاٹک پر کھڑے ہو کر پہرہ دینا اور خواہ مخواہ سے باتیں کرنا۔"

جب لیلیٰ ایک طرف کو ہٹ گئی تو اس رسالہ کے جمعدار نے آکر عمر کو سلامی دی۔

"پہلے تو آپ یہ بتائیے کہ آپ واقعی شاہی منجم خواجہ عمر ہیں یا کوئی اور ہیں؟" اس نے پوچھا۔

"یہ نام تو میرا ہی ہے" عمر نے کہا اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ اپنے بڑے ہوئے بھیس کی وجہ سے کس طرح اس کا ثبوت دے "مگر جادوگروں کے پنجہ میں پھنس کر میں پہاڑوں پر پھینکا گیا تھا۔ اور موقع ملتے ہی میں نے بھیس بدلا اور وہاں سے فرار ہو کر یہاں پہونچ گیا۔"

"خوب!" عرب جمعدار نے کہا اس کے لہجہ سے اب کافی بدگمانی ہو گئی تھی "اچھا تو آپ سلطان المعظم کا حکم سنئے ـــــ آپ کو سب سے پہلے ان کے حضور میں پیش ہونا پڑیگا میں آپ کے ہمرکاب رہونگا۔"

"سلطان کا حکم سر آنکھوں پہ" عمر نے کہا۔ "آج کل سلطان کا کیمپ کہاں ہے؟"

"آج کل وہ اصفہان کی طرف پیش قدمی کر رہے ہیں ۔۔۔" جمعدار بولا "ہمیں وہیں چلنا ہوگا۔"

عمر نے اپنا گھوڑا دوسرے کے سپرد کیا اور لیلیٰ کے ساتھ اونٹ پر بیٹھ گیا۔ لیلیٰ نے محمل کا پردہ اٹھانے کے بعد اطمینان کا سانس لیا اور اپنی نقاب اتار کر ایک طرف رکھ دی اور آرام سے بیٹھ گئی۔ "آپ نے دیکھا کہ میں نے کس طرح آپ کی مدد کی ۔۔۔ مسلح سواروں کے ساتھ ۔۔۔ اور وہ بھی خراسان کا چپہ چپہ چھان ۔۔۔ کیا جا رہا ہوں میں بھی آپ کو کوئی ایسی عورت ملی؟"

"ہاں ملی تو تھی" عمر نے مسکرا کر کہا "لیکن وہ جنت میں ملی تھی ایک کشتی پر بیٹھی ہوئی جنت کی سیر کر رہی تھی۔"

"اوہ ۔۔۔ کیا آپ جنت میں پہنچ گئے تھے؟ ہاں تو وہ ہوتی ہیں۔"

"وہ تو صرف خواب تھا لیلیٰ ۔۔۔ اور خواب میں اگر آپ کی کیلئے کچھ حاصل ہو جائے تو وہ بھی جنت سے کم نہیں ہے۔"

"نظام الملک کو تو سلطان نے برخاست کر دیا ہے" لیلیٰ نے کہا "اور سلطان نے شاید اسی لئے آپ کو بلایا ہے کہ آپ کے سپرد قلمدان وزارت کر دیا جائے۔"

"کیا؟ نظام الملک کو برخاست کر دیا!" عمر نے حیرت سے اچھلتے ہوئے کہا۔ "یہ کیا کہہ رہی ہو تم" اسکو یقین نہیں آ رہا تھا کہ نظام الملک کو برخاست کر دیا ہو گا وہ نظام الملک جس نے سلجوقی سلطنت کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا ـــــ جسکا دور عہد زریں کہلاتا ہے ـــــ جو سلطنت کے سیاہ و سفید کا دو بادشاہوں کے زمانے میں مالک رہا۔

"یہ سارا عتاب ایک خطائی وجہ سے ہوا" لیلیٰ نے عمر کی بے اعتباری دیکھتے ہوئے کہا۔ "یہ تو آپ کو معلوم ہے کہ وزیر اعظم کا اقتدار کتنا تھا ان کی مرضی کے بغیر سلطان کوئی کام نہیں کرتے تھے کچھ لوگوں نے سلطان کو خط لکھا کہ بادشاہ آپ ہیں یا نظام الملک ـــــ سلطان نے غصہ میں آ کر کہا جو شخص تخت پر بیٹھنے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ بغیر انتظام کے بھی کام کر سکتا ہے ـــــ اب معلوم نہیں کہ برطرفی کی اصل وجہ کیا تھی ـــــ لوگ یہی کہتے ہیں۔"

"وہ خط کس نے بھیجا تھا؟" عمر نے پوچھا۔

"اور پہاڑوں کی طرف سے آیا تھا جن کا سلسلہ پچاس میل تک پھیلا ہوا ہے۔" لیلیٰ نے کہا۔ "وہ خط کوئی بوتر لایا تھا۔"

عمر نے اسی وقت اسحاق کو بلا کر وہ کاغذ، سیاہی اور ایک کبوتر دے دیا تھا۔ پھر اس نے ایک پرچہ پر لکھا:۔

ـــــ "میں نے بہت سوچ بچار کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے کہ آپ کے ساتھ قلعہ الموت میں رہنا میرے لئے مناسب نہیں ہے لیکن جہاں تک ان باتوں کا تعلق ہے جن سے میں واقف

ہو گیا ہوں یا وہ حالات جو میں نے آپ کے یہاں دیکھے ہیں آپ اطمینان رکھیں میری زبان سے کبھی نہ نکلیں گے ـــ مجھے آپ کسی نقصان پہونچنے کا اندیشہ نہ کریں ـــــ

اس خط میں نہ تو مخاطب کا نام تھا اور نہ لکھنے والے کا نام اور دستخط اس پرچہ کو لپیٹ کر اس نلکی میں رکھ دیا جو اس کبوتر کے ساتھ ملی تھی اور پھر اس نلکی کو کبوتر کے پنجے میں باندھ دیا ـــــ جب اس نے کبوتر کو اچھالا تو وہ کئی منٹ تک اوپر چکر کاٹتا رہا پھر شمال کی طرف روانہ ہو گیا ـــــ وہ پہاڑوں کی طرف جہاں سے عمر فرار ہو کر آیا تھا۔

لیلیٰ اور اسحاق حیرت کے ساتھ منہ کھولے ہوئے کبوتر کو اسوقت تک دیکھتے رہے جبتک وہ نظروں سے اوجھل نہ ہو گیا۔

"کیا یہ جادوگروں کے پاس جائیگا؟" لیلیٰ نے پوچھا۔

"کیا بیوقوفی کا سوال کرتی ہو" اسحاق نے ڈانٹ بتائی۔ "یہ کوئی خاص عمل معلوم ہوتا ہے اور اسکا تعلق جنات سے معلوم ہوتا ہے ـــــ ایسی باتوں سے ہمیشہ دور رہنا ہی بہتر ہے نا معلوم کب کون سی آفت آجائے ـــــ وہ اپنے کانوں پر ہاتھ رکھتا ہوا گھوڑے پر دوبارہ سوار ہو گیا۔

۲۸

اٹھائیسواں باب

بختیار اور فقیر

اصفہان میں پہلی بار لیلیٰ آئی تھی اس کی مسرتوں کا کوئی شمار نہیں تھا۔ بڑی بڑی دوکانوں پر دیبا و حریر کے جھمجھاتے ہوئے تھان ۔۔۔ جھلمل کرتے ہوئے جڑاؤ زیورات۔ بیش قیمت شالیں۔ زردوزی کے کام کے جوتے۔ یہ تمام چیزیں ایسی تھیں جو ایک عورت ہونے کے ناطے اس کی دلچسپی کی تھیں اس نے سینکڑوں اشرفی کا سامان خرید ڈالا اسحاق کو یہ تلاش تھی کہ کوئی اچھا سا غلام مل جائے جو اس کی ماتحتی میں کام کر سکے کیونکہ اب وہ اپنی پوزیشن بھی کافی اونچی سمجھنے لگا تھا۔ اعلیٰ حضرت خواجہ عمر خیام کی ڈیوڑھی پر پہرہ دینے کے بعد جو وقت بچتا وہ اپنے ساتھ کئی غلاموں کو لیکر بازاروں میں اس طرح گھومتا جیسے وہ بھی کوئی بڑا سوداگر ہو آج کل اس کے آقا پر سلطان ملک شاہ کی خاص نظر تھی اسی وجہ سے عمر کی ڈیوڑھی پر ہر وقت بڑے بڑے امیروں۔ سرداروں اور سوداگروں کا تانتا بندھا رہتا یہ لوگ عمر کو سلام کرنے حاضر ہوتے۔ ان کے گھوڑے اور غلام صبح کے وقت ڈیوڑھی کے سامنے آکھڑے ہوتے اور یہ سلسلہ متواتر عشاء کی نماز کے وقت تک رہتا اسحاق کی بھی خوب جیب گرم رہتی

جو شخص بھی عمر سے ملنے آتا دربان کو انعام دیکر ضرور جاتا ـــــ بختیار تمام دن بازاروں میں گھومتا پھرتا رہتا کیونکہ ایک جگہ جم کر بیٹھنے سے زیادہ یہ اسکا محبوب مشغلہ تھا۔ آجکل اصفہان میں سازشوں کا بازار گرم تھا سڑکوں اور گلیوں میں لوگ کھسر پھسر کرتے رہتے اور بختیار کے کان ان باتوں پر لگے رہتے۔ بختیار کے نزدیک اسحاق کی آمدنی بالکل ناجائز تھی اور اسحاق کے خیال میں بختیار کا اس طرح گھومتا پھرنا بیوقوفی کا کام تھا۔ ان دونوں میں روزانہ جھڑپیں ہوتی رہتیں۔

عمر اگر چاہتا تو بڑے بڑے سرداروں اور امیروں کی حمایت حاصل کر سکتا تھا سوداگروں سے لاکھوں اشرفی کی رشوت حاصل کر سکتا تھا لیکن وہ ہر امیر و غریب سے بالکل ایک سا ملتا۔ ہر ایک کی بات غور سے سنتا اور جو بھی جواب مناسب ہوتا صاف گوئی سے دیدیتا اس نے صاف طور پر ہر ایک سے کہدیا تھا کہ وہ سلطان کے دربار کا ایک معمولی وزیر تک نہ تھا پھر اس کو لوگ کیوں گھیرے رہتے تھے لیکن ہر ملاقاتی جانتا تھا کہ وہ اس وقت ملک شاہ کی ناک کا بال بنا ہوا تھا بغیر اس کی صلاح اور مشورہ کے ملک شاہ نوالہ تک نہیں توڑتا تھا اور اسکا ثبوت یہ تھا کہ عمر کو ہر بات کا پورا اختیار حاصل تھا وہ ملک شاہ کی فوج کو کسی وقت بھی کوئی حکم دے سکتا تھا اس کے حکم کی تعمیل سے گریز ناممکن تھا

لیلیٰ زیادہ تر اپنے قصر کے بالاخانہ پر بیٹھنا پسند کرتی تھی وہاں بیٹھکر اس کو دور دور کے مناظر نظر آتے تھے۔ دوپہر کے بعد جب ملک شاہ

پولو دیکھنے آتا تو لیلیٰ کو سب نظر آتا ملک شاہ کے ساتھ ہی اسکا آقا بھی بیٹھا ہوتا اگر اس سوقہ پہ کوئی برقع پوش عورت عمر کو دیکھنے لگتی تو لیلیٰ کو بہت غصہ آتا۔

عمر نے کئی بار ملک شاہ سے درخواست کی کہ اسے دربار کی حاضری سے معاف کر دیا جائے کیونکہ وہ اپنی زندگی کے بقیہ لمحات تحقیق و جستجوئے علمی میں گذارنا چاہتا تھا لیکن ملک شاہ ایک منٹ کے لئے بھی اسے اپنے سے علیحدہ کرنا نہیں چاہتا تھا سلطان کو اپنے منجم پر کافی اعتماد تھا اور جب بھی اس نے عمر کے مشورہ پر عمل کیا اسے کامیابی ہوئی۔

"اگر مجھے رصدگاہ جانے کی اجازت مل جائے تو میں عالی جاہ کی خدمت بہتر طور پر انجام دے سکوں گا" عمر نے ایک روز سلطان سے عرض کیا

ملک شاہ اسے تعجب سے دیکھنے لگا "لیکن مجھے تمہاری ضرورت یہاں ہے" اس نے کہا "مجھے ہر وقت تمہارے مشوروں کی ضرورت رہتی ہے

"مجھے کرۂ ارض کے متعلق ایک خاص کام انجام دینا ہے" عمر نے کہا "اگر مجھے تحقیقات میں کامیابی ہو گئی تو وہ بھی قابل یادگار ہوگا۔"

"اوہ! کیا کوئی نیا سیارہ دریافت کیا ہے؟" سلطان نے مسکراتے ہوئے پوچھا اور اپنے سامنے رکھے ہوئے ایک خوان سے انگوروں کا ایک خوشہ عمر کو دیا" میرا عہد حکومت بھی تمہاری صلاحیتوں سے قابل یادگار ہوگا"

"میں نے یہ معلوم کیا ہے کہ زمین گردش کرتی ہے" عمر نے جواب دیا "وہ اپنے محور پر خود بخود گھومتی رہتی ہے اب اسکا ثبوت فراہم کرنا ہے"

ایک لمحہ تک ملک شاہ اسے حیران نظروں سے دیکھتے رہے اور پھر اس نے سر کو جنبش دی "یہ قصہ کہانیوں کے بے بنیاد واقعات ہیں ان پر کون یقین کر سکتا ہے ـــــ میں نے بھی ایک روز خواب میں دیکھا تھا کہ میں زمین سے کسی نامعلوم گہرائی تک گرتا چلا جا رہا تھا ـــــ زمین پھٹ گئی تھی اور میں اس خلاء سے گذر کر نیچے جا رہا تھا ـــــ میرے خیال سے تو یہ کوئی بدشگونی تھی!"

"نہیں" عمر نے جواب دیا "ستارے آپ کے موافق ہیں آپ کو کسی قسم کا کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے"

عمر کا دل چاہا کہ وہ ملک شاہ کو بتا دے کہ کس طرح یہ بہا پرس سے اس نے اپنی تھیوری پر سوچ بچار کیا ہے کہ بجائے قائم رہنے کے زمین بھی دن و رات میں ایک بار پورا چکر لگاتی ہے وہ بھی دوسرے سیاروں کی طرح گردش کرتی ہے ـــــ لیکن اس بات پر ملک شاہ یقین نہیں کر سکتا تھا اسلئے عمر خاموش رہا اور انگور کھانے کے بعد ان کی شیرینی کی تعریف کرنے لگا۔

"کئی روز ہوئے میں نے اپنے شکار کئے ہوئے جانوروں کے شمار کئے تھے" ملک شاہ نے کہا "صرف ایک شکار میں مارے ہوئے جانوروں کی تعداد نو ہزار تھی مجھے بہت دکھ ہوا کہ انسان اپنے شوق کی خاطر خدا کی اتنی مخلوق کو مارے اب میں نے طے کر لیا ہے کہ شکار کو بالکل ترک کر دونگا

اور ان نو ہزار سروں کے بدلے نو ہزار دینار محتاجوں کو دیدونگا"۔

"بسم اللہ کیجئے ——"

سلطان سے رخصت ہو کر عمر قصر شاہی سے باہر آگیا وہ اس وقت بہت اداس نظر آرہا تھا جب وہ بازار میں پہونچا تو اس نے ایک تاریک گلی میں کئی آدمیوں کی کھسر پھسر کی آواز سنی۔

"یہی وہ خیمہ دوز ہے جس نے نئی جنتری بنائی ہے" کسی کی آواز آئی "یہ نجومی بھی ہے —— اور کافروں کا ساتھی ہے —— یہ نظم بھی لکھتا ہے لیکن اس کو ضائع کر دیتا ہے کہ کہیں ——

دوسرے شخص کا جواب سننے سے پہلے وہ آگے بڑھ گیا۔ اس کے دروازہ پر ملاقاتیوں کا ہجوم تھا لیکن وہ ہر شخص کو ٹال کر اپنے حرم میں پہونچ گیا۔ لیلیٰ اس وقت بہت خوش معلوم ہو رہی تھی اس نے ایک رقاصہ کے مانند بل کھا کر اسے سلام کیا —— وہ آج بازار گئی تھی اور بہت سی مٹھائیاں۔ کپڑے اور زیورات خرید کر لائی تھی۔ اس نے انگیٹھی پر عنبر چھڑک دیا تھا جس کی خوشبو سے سارا کمرہ معطر ہو رہا تھا۔ وہ بیچینی کے ساتھ عمر کا انتظار کر رہی تھی اس کو دیکھتے ہی فرط مسرت سے ناچنے لگی۔

عمر نے کاغذ اور قلم دوات اٹھایا اور لکھنے کی چوکی پر آکر بیٹھ گیا وہ اسوقت فضول باتیں کرنے یا لیلیٰ کی ناز برداریاں کرنے کے موڈ میں نہیں تھا جب لیلیٰ نے اس کے ہاتھ میں قلم دیکھا تو وہ منہ بنا کر اسکے سامنے

اکھڑی ہوئی۔

"یہ کیا لکھ رہے ہو؟" اس نے مصنوعی غصہ کے ساتھ پوچھا "بس وہی شاعری ـــــ تمہیں ہر وقت یہی رہتا ہے۔

"کچھ نہیں" عمر نے لکھے ہوئے کاغذ کو موڑتے ہوئے کہا۔

لیلیٰ نے جھپٹ کر وہ پرچہ لے لیا۔ اس میں لکھا تھا:ـــ

احوال جہاں بر دلم آسان می کن ✽ وافعال بدم ز خلق پنہان می کن
امروز خوشم بدار و فردا با من ✽ آنچہ از کرم تو می سزد آں می کن

"یہ کام تو بیکار آدمیوں اور فقیروں کا ہے" لیلیٰ نے طنزیہ لہجہ میں کہا "تم ایک پرند ہو کر بھی غور و فکر کر سکتے تھے لیکن انسان ہو کر پرندوں کی طرح اڑ نہیں سکتے ہو تم سے بہتر تو وہی پرندے ہیں جو دونوں کام کر سکتے ہیں"

عمر نے چاروں طرف دیکھا سارا کمرہ لیلیٰ کے سامان سے بھرا ہوا تھا ایک خوان میں تازہ کھجوریں رکھی ہوئی تھیں جن کو ابھی تک کسی نے ہاتھ تک نہ لگایا تھا ـــــ لیلیٰ عمر کا انتظار کر رہی تھی کہ جب وہ آ جائے گا تو

سلہ: اے خدا میرے دل کے لئے اس دنیا کے حالات کو آسان کر دے اور دنیا کے لوگوں کے سامنے میرے اعمال سیاہ پر پردہ ڈال دے آج دنیا میں مجھے خوش و خرم رکھ ـــــ رہا کل قیامت کے دن کا معاملہ تو وہاں تیری کریمی کے شایاں جو برتاؤ ہو میرے ساتھ کرنا

ساتھ بیٹھ کر کھائیں گے ـــ دونوں کو تازہ کھجوروں کا بہت شوق تھا

"آقا ـــ" بختیار نے دروازہ پر آکر آواز دی عمر نے اسے اندر ہی بلا لیا۔

"کوہستانی جادوگروں نے اصفہان تک ہمارا پیچھا کیا ہے" مسخرہ نے فکرمند لہجہ میں کہا "آجکل سڑکوں پر ہر جگہ یہی چرچا ہوتا رہتا ہے میں نے لوگوں کو کھسر پھسر کرتے ہوئے سنا ہے ـــ شہر میں عجیب عجیب قسم کے واقعات روزانہ ہوتے رہتے ہیں ـــ ایک آدمی جو مر چکا تھا اب زندہ ہو کر بہشت کے واقعات سناتا ہے وہ کہتا ہے کہ خدا نے اسی کام کے لئے اسے دنیا میں واپس بھیجا ہے"

"کیا وہ بہشت میں جا چکا ہے" عمر نے پوچھا۔

بختیار نے سر کو جنبش دی "میں نے کئی لوگوں کی زبان سے یہ واقعہ سنا ہے" اس نے کہا "وہ شخص حوروں اور غلمان کی صورتوں شراب طہور کی نہروں اور بہشت کی دوسری دلچسپیوں کے حالات تفصیل سے بتاتا ہے"

بختیار نے گہری سانس لی اسکا جوڑ جوڑ حیرت کی وجہ سے اکڑا ہوا سا معلوم ہو رہا تھا ایک عجیب تمنا اور خواہش کا جذبہ اس پر طاری تھا ـــ وہ یہ سمجھ رہا تھا جیسے موت کا فرشتہ اس کے سر پر کھڑا ہے اور وہ مرنے کے بعد زریں لباس پہنے ہوئے بہشت میں داخل ہو رہا ہے ـــ

"یہ کون شخص ہے جو وہاں کے حالات سناتا ہے؟" عمر نے پوچھا

"جب میں جامع مسجد کے قریب کھڑا تھا تو ایک درویش نے مجھے

بنایا تھا۔" بختیار نے کہا۔" اس نے کہا تھا کہ وہ اس وقت وہاں موجود تھا جب مرکر واپس آنے والا شخص بہشت کے حالات سنا رہا تھا اس درویش نے یہ بھی بتایا کہ اگلے جمعہ کو نماز کے بعد ابن آتش کے مکان پر وہ شخص پھر بیان کریگا ــــ ابن آتش کا مکان جامع مسجد کے عقب میں ہے ــــ انشاء اللہ میں اس واقعہ کی تصدیق کرونگا۔"

عمر نے ساری بات سن کر زبان سے تو کچھ نہ کہا لیکن بہت دیر تک غور کرتا رہا وہ سمجھ گیا تھا کہ یہ سب ماکھنڈ باطنیوں کا پھیلایا ہوا ہے اور ان لوگوں نے اب اصفہان پر دھاوا بول دیا ہے۔

بختیار کو بس ایک ہی دھن سوار تھی اور وہ یہ کہ کسی اس شخص کو دیکھے جو مرکر دوبارہ زندہ ہوا ہے اور بہشت کے حالات سناتا ہے۔ عصر کی نماز پڑھتے ہی وہ جامع مسجد کے عقب والی گلی کی طرف مڑ گیا راستہ میں اسکو وہ شخص مل گیا جس کو دیکھتے ہی اس کی روح قبض ہو گئی وہ تکش تھا جو گھوڑے پر سوار اس گلی کے نکڑ پر کھڑا تھا۔

بختیار نے بہت چاہا کہ اسکی نظر نہ پڑے لیکن وہ تھی ایک ہی کائیاں تھا اس نے سحرہ کو دیکھتے ہی دور سے آواز دی۔

"کہو بختیار ــــ کہاں گھوم رہے ہو؟" اس نے پوچھا۔

"نماز پڑھنے کے بعد اپنے گھر جا رہا تھا میں نے سوچا کہ اس گلی سے نکل جاؤں" بختیار نے کہا "لیکن آپ یہاں کیسے کھڑے ہیں خیریت تو ہے؟" بختیار نے دیکھا کہ اسوقت تکش بہت پریشان معلوم ہو رہا تھا

اسکو تعجب ہوا کہ نیشاپور کا کوتوال ایک معمولی گلی میں یکہ و تنہا کھڑا تھا۔

"خیریت کہاں ہے" تکش نے جواب دیا" اسی گلی سے پانچ آدمی غائب ہو چکے ہیں ـــــ یہ لوگ معمولی حیثیت کے نہیں تھے بلکہ ان میں مالدار سوداگر اور اصفہان کے بڑے بڑے امراء بھی شامل تھے ـــــ مسجد سے نماز پڑھ کر وہ اسی راستے سے واپس ہو رہے تھے لیکن اپنے گھروں کو واپس نہ پہونچ سکے ـــــ اور سب سے زیادہ حیرت کی بات یہ ہے کہ ان کے ملازمین سے پوچھ تاچھ کرنے پر معلوم ہوا کہ ہر ایک کے سرہانے سے صبح کو تازہ روٹیوں کا ایک ایک بنڈل رکھا ملا اور دوسرے روز وہ غائب ہو گئے۔

"روٹیاں!" بختیار نے حیران ہو کر دہرایا۔

"ہاں ـــــ یہی تو تعجب ہے کہ ان لوگوں کے سرہانے روٹیوں کا کیا کام ـــــ یہ روٹیاں اتنی تازہ اور گرم ہوتی تھیں جیسے اسی وقت تنور سے نکل کر آئی ہوں۔"

بختیار اس وقت بہت خوش تھا کہ کوتوال نے اس سے اتنی دیر تک انتظامی معاملات میں گفتگو کی اس کے نزدیک صرف اتنی بھی بہت عزت افزائی کی بات تھی۔ ممکن ہے کہ ایسے لوگوں نے یہ اغوا کیا ہوا جن کو روپے کی ضرورت ہو ـــــ بختیار نے اپنی رائے ظاہر کی "اور روپیہ لینے کے بعد انکو چھوڑ دیں۔"

تکش نے سر کو جنبش دی "لوگ تم کو بیوقوف سمجھتے ہیں لیکن

میرے نزدیک سب سے بڑا عقلمند وہی ہے جس میں اس شے لطیف کی کمی ہو ـــــ یہ اخوار دیہ کی وجہ سے نہیں ہوا ہے اور نہ اب تک ان پانچوں کے گھر والوں سے کوئی روپیہ طلب کیا گیا ہے ـــــ حالانکہ ان کے کئی رشتہ دار تو لاکھوں دینے کو تیار ہیں ـــــ بہرحال ہر طرح مصیبت میری ہی ہے ـــــ ادھر سلطان کا عتاب اور دوسری طرف غائب ہونے والے کے رشتہ داروں کی آہ وزاری ـــــ اسی فکر میں اس وقت میں یہاں کھڑا تھا آج دو روز ہو گئے ہیں کمر سیدھی کرنے کا موقعہ نہیں ملا ہے "

"خدا کرے آپ کامیاب ہوں" بختیار نے کہا اور تکش کو سلام کر کے وہاں سے روانہ ہو گیا وہ تکش کی موجودگی میں اس گلی میں جانا نہیں چاہتا تھا اور اس درویش سے ملنا بھی ضروری تھا جس نے اس شخص کو دیکھا تھا جو جنت کے حالات بتاتا تھا وہ دوبارہ مسجد میں جا کر بیٹھ گیا تاکہ تکش ادھر آ جائے تو وہ پھر وہاں پہونچ جائے۔

اس کو انتظار میں بیٹھے ہوئے کافی دیر ہو گئی اب عشاء کی نماز بھی ختم ہو چکی تھی اور غازی لوگ مسجد سے نکل کر اپنے گھروں کو جا رہے تھے جب اس نے تکش کو جاتے ہوئے دیکھ کر اطمینان کر لیا تو وہ بھی اپنی جگہ سے اٹھا اس وقت مسجد میں صرف دو آدمی رہ گئے تھے جو صحن مسجد میں بیٹھے ہوئے باتیں کر رہے تھے اور ایک اندھا فقیر اپنی لکڑی کو کھٹ کھٹ کرتا ہوا مسجد کے دروازہ کے قریب سے نکل رہا تھا۔ بختیار کے قدموں کی آواز سن کر وہ فقیر اس کی طرف مڑ گیا۔

"بابا کیا اندھے کی مدد کرو گے ـــــ میرے گھر تک پہونچا دو ثواب ہوگا"

"اچھا بابا ـــــ" بختیار نے کہا "تمہارا مکان کہاں ہے؟"

"اس مسجد کے پیچھے ہے" اندھے نے کوزہ پشت کا بازو پکڑتے ہوئے کہا اور پہلے سے تیز رفتار کے ساتھ روانہ ہوگیا۔

"بائیں طرف کا تیسرا دروازہ ہے ـــــ کنوئیں کے برابر ـــــ ایک اندھے کیلئے تو یہ بھی بہت ہے بابا ورنہ مکان تو اتنا قریب ہے کہ ایک پتھر پھینک دو تو وہاں پہونچ جائیگا۔"

"بائیں طرف کا تیسرا مکان!" بختیار نے دلچسپی کے ساتھ دہرایا "وہ تو شاید ابن آتش کا مکان ہے؟"

اندھا اچھل کر اسکی طرف گھوم گیا اور اس طرح اس کو دیکھنے لگا جیسے وہ بنا ہوا اندھا تھا "تمہیں کیسے معلوم ہوا بابا کہ وہ ابن آتش کا مکان ہے" اس نے پوچھا۔

"میں انکی تلاش میں کئی روز سے ہوں" بختیار نے جواب دیا۔

"اوہ ـــــ کیا کوئی شخص اس کی تلاش میں بھی ہوسکتا ہے؟" اندھے کی لکڑی برابر کھٹ کھٹ کر رہی تھی اب وہ دونوں اس کی گلی میں داخل ہوچکے تھے۔ بختیار نے کنوئیں کے برابر والا تیسرا دروازہ اندھیرے میں تلاش کرلیا اس کو یقین تھا کہ جب اندھا ابن آتش کے مکان کا راز جانتا تھا تو ابن آتش اور اس پراسرار شخص کے بارے میں بھی ضرور کچھ جانتا ہوگا۔

"ٹھیک ہے بابا ـــــ یہی دروازہ ہے" اندھے نے لکڑی سے دروازہ کو کھولتے ہوئے کہا "آجاؤ بابا ـــــ اندر آجاؤ۔ تم کو ابن آتش سے ملاقات کرادوں"

اپنا بوجھ بختیار کے بازوؤں پر ڈال کر وہ دروازہ کے اندر پہنچ گیا اندر پہنچتے ہی بجلی کی طرح اچھلا اور بختیار کو دبوچ لیا ـــــ اس کے دونوں ہاتھوں نے بختیار کا گلا مضبوطی سے پکڑ لیا تھا جانکنی کی تکلیف سے کئی بار بوڑھا پھڑپھڑایا اور منھ سے بغیر کوئی آواز نکالے ہوئے تاریکی میں ڈھیر ہوگیا۔

انتیسواں باب

تنبیہ

لیلیٰ ایک دم چونک کر اٹھ بیٹھی۔ اس کی زبردست قوت احساس نے اسے کسی نامعلوم اور قریبی خطرہ سے ہوشیار کر دیا تھا۔ اس وقت آدھی سے زیادہ رات گذر چکی تھی وہ اس وقت چھت پر سو رہی تھی آہستہ سے اٹھ کر زینہ پر آگئی اور نیچے کی سن گن لینے لگی جہاں عمر سو رہا تھا زینہ کے برابر ہی نچلے حصہ میں عمر کا کمرہ تھا وہ آہستہ آہستہ سیڑھیوں سے اترتی ہوئی آخری سیڑھی پر کھڑی ہو گئی اور سانس روکے ہوئے عمر کے کمرہ میں کسی کے پاؤں کی چاپ محسوس کرنے لگی۔ کمرہ کے اندر سے کاغذات کو الٹ پلٹ کرنے کی آواز آرہی تھی لیلیٰ نے بغیر سوچے سمجھے فوراً چیخ ماری اور زینہ سے تیزی کے ساتھ اترنے لگی اس نے عمر کا کمرہ کھلتے ہوئے دیکھا اس میں سے ایک سیاہ پوش نکل کر تیزی کے ساتھ صحن کی طرف بھاگا۔ فوراً ہی عمر بھی کمرہ سے نکلا اور اسکو پکڑنے کے لئے اس کے پیچھے دوڑنے لگا اسوقت تک وہ شخص صحن کی تاریکی میں غائب ہو چکا تھا۔

نیند سے اونگھتے ہوئے ملازم لاٹھیاں لے لیکر دوڑ پڑے ان کے ہاتھوں میں لالٹینیں تھیں۔ سارا صحن اور تمین کا چپہ چپہ چھان ڈالا لیکن وہ شخص

نہ ملا نا معلوم کس طرف غائب ہو گیا۔

عمر کے پیچھے پیچھے لیلیٰ بھی اس کے کمرہ میں آ گئی جب کمرہ میں روشنی کر دی گئی تو سب سے پہلے لیلیٰ نے ان کو دیکھا ـــــ یہ دو چیزیں تھیں جو عمر کے سرہانے رکھی ہوئی تھیں ـــــ ایک خنجر اور دو بارہ روٹیاں! یہ روٹیاں اتنی گرم تھیں جیسے ابھی تنور سے نکل کر آئی ہوں۔ عمر جب سونے لیٹا تھا تو ان دونوں چیزوں میں سے اس کے سرہانے کوئی چیز بھی نہیں تھی ـــــ یہ اجنبی صرف یہی دو چیزیں رکھنے آیا تھا ـــــ یہ خنجر اس نے احتیاط کے ساتھ عمر کے تکیہ کے نیچے رکھا تھا۔

خنجر کا پھل خمدار اور بہترین فولاد کا تھا عمر اس قسم کے خنجر پہلے بھی الموت میں فدائیوں کے پاس دیکھ چکا تھا اس خنجر کو اس نے ہاتھ میں اٹھا لیا اور سوچنے لگا۔

"لیکن ان چیزوں کا مطلب کیا ہوا" لیلیٰ نے تشویش کن لہجہ میں پوچھا "اور یہ روٹیاں!"

"مارنے والے سے پالنے والا زبردست ہے" اسحاق بولا "بہت زبردست خطرہ تھا جس سے خدا نے بچا لیا"

"بیشک" لیلیٰ نے اسحاق کو خوشگوار نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا "اگر تمہارے پہرہ پر ہی دار و مدار ہوتا تو ابتک ہم لوگ تو قبروں تک پہنچ چکے ہوتے ـــــ جب ملاقات کرنے والے چاندی سونا لے کر آتے ہیں اسوقت تمہیں نیند نہیں آتی لیکن جب رات کی تاریکی میں

چور آتے ہیں ـــــ اسوقت تم سوتے ہو"

"ارے یہ کیا!" اسحاق نے فرش پر ایک کاغذ پڑا ہوا دیکھا "یہ کاغذ کہاں سے آیا اس پر تو کچھ لکھا ہوا بھی ہے" اس نے وہ کاغذ اٹھا کر عمر کے ہاتھ میں دیدیا ـــــ عمر نے لالٹین کی روشنی میں دیکھا اس پر صرف ایک جملہ لکھا تھا ـــــ "اپنے دانتوں کے اندر زبان رکھو ـــــ اسپر نہ تو کسی کا نام لکھا تھا اور نہ دستخط۔

"دانتوں کو زبان میں رکھو" اسحاق نے تھوڑی کھجلاتے ہوئے دہرایا اور پھر اس طرح سر کو جنبش دی وہ اسکا مطلب سمجھ گیا ہو "کتنی صحیح بات لکھی ہے ـــــ اس میں شبہ نہیں کہ یہ جملہ لیلیٰ کیلئے لکھا گیا ہے ـــــ اس کے ساتھ ہی ثبوت بھی موجود ہیں ـــــ لیلیٰ کی زبان بھی اس خنجر کی نوک کی طرح تیز ہے ـــــ اس کے لئے بہتر یہی ہے کہ خاموش رہ کر گھر میں روٹیاں پکایا کرے۔ واہ واہ ـــــ"

لیکن عمر کو معلوم تھا کہ اس جملہ کا مطلب کیا تھا اسے یقین تھا کہ یہ الموت سے آیا تھا یہ کاغذ وہی ہے جو حسن استعمال کرتا تھا اور تا سہ بر کبوتروں کے پاؤں میں باندھا جاتا تھا اسے تعجب تھا کہ آخر حسن نے یہ خنجر اور روٹیاں اس کو کیوں بھیجیں!

تھوڑی ہی دیر کے بعد دن نکل آیا ـــــ عمر کئی گھنٹہ سے اسی پرچہ پر غور کر رہا تھا اور اسی فکر میں آج اسکی فجر کی نماز بھی قضا ہو گئی۔ جب ایک سپاہی نے اسے سلام کیا تو اس کے خیالات کا سلسلہ ٹوٹا ـــــ

یہ گشتی سپاہیوں میں سے ایک تھا۔

"کیوں ۔۔۔ کیا بات ہے؟" عمر نے خشک لہجہ میں پوچھا۔

"اسکی قبر کہاں بنے گی عالی جاہ؟" سپاہی بولا۔

"کس کی؟" عمر نے بیچینی سے کہا۔

"رات بھر کا گشت کرنے کے بعد ہم لوگ اپنے مکان کو جا رہے تھے ہمیں ایک نالی میں آپ کے یہاں کے ایک ملازم کی لاش ملی ۔۔۔ اسکو ہم اپنے ساتھ لے آئے ہیں"

عمر فوراً ہی اپنے کمرہ سے نکل آیا۔ صحن میں ایک ڈولی رکھی تھی جسکے چاروں طرف بہت سے سپاہی اور کہار کھڑے تھے جو اس ڈولی کو اٹھا کر لائے تھے اس ڈولی پر ایک سفید چادر پڑی ہوئی تھی عمر نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے چادر علیحدہ کی۔ لاش پر نظر پڑتے ہی اسکا سر چکرانے لگا۔

یہ بختیار کی لاش تھی اس کا چہرہ بالکل سیاہ پڑ گیا تھا اور داڑھی میں خون جم کر خشک ہو گیا تھا۔ اس کے ترخرے پر ایک بڑا سا سوراخ تھا اور اس سوراخ میں سے بختیار کی زبان کسی نے اس طرح کھینچ لی تھی کہ جڑ سے اکھاڑی ہوئی معلوم ہو رہی تھی

"میں نے اپنی زندگی میں ایسی بھیانک لاش نہیں دیکھی" ایک سپاہی نے کہا "نا معلوم یہ بیچارا بوڑھا کس آفت میں پھنس گیا"

عمر نے چادر کو دوبارہ ڈال کر ٹھنڈی سانس لی "تم کوتوال کو میرے پاس بھیج دینا" اس نے کہا "ابھی جا کر اس سے کہہ دینا مجھے ضروری

کام ہے۔

تکش بھی فوراً آگیا جب سے عمر نے اسرا کی مرمت کر دی تھی وہ اس کے سامنے آتا ہوا تھرتھراتا تھا عمر نے اسکا ہاتھ پکڑا اور ایک کونے میں لے گیا جہاں مکمل تنہائی تھی۔

"یہ کس کا کام ہو سکتا ہے" عمر نے کہا "اس غریب کا تو کوئی دشمن بھی نہیں تھا ـــــ وہ تو ایک معصوم بچہ کی طرح بالکل بے ضرر تھا"

"اگر عالی جاہ کی اجازت ہو تو عرض کروں" تکش نے ہاتھ باندھ کر کہا "شہید کربلا کی قسم میں نے اس بوڑھے سے کل شام ہی جامع مسجد کے پاس بات چیت کی تھی ـــــ میں نے اسے منع بھی کیا تھا کہ اسطرح نہ گھوما پھرا کرے ـــــ بلکہ میں نے ایک محفوظ جگہ تک پہونچا بھی دیا تھا ـــــ اگر میں جھوٹ بولوں تو مجھ پر خدا کی مار ہو ـــــ" تکش اس وقت کانپ رہا تھا کیونکہ وہ عمر کے غصہ سے واقف تھا۔

"اب اسکی لاش تم کو کہاں ملی؟" عمر نے پوچھا

"مسجد سے تھوڑے ہی فاصلہ پر سڑک کے کنارے میرے آدمیوں کو لاش ملی تھی ـــــ قتل اس جگہ نہیں ہوا تھا کیونکہ زمین پر خون کا نشان تک نہ تھا ـــــ"

"آج ہی حسن نے مجھے تنبیہ کی تھی کہ میں اپنی زبان کو دانتوں کے درمیان رکھوں اور اسی رات کو بختیار کی زبان جڑ سے کھینچ لی گئی اسکی وجہ بھی ظاہر ہے" عمر نے سوچا "حسن کے آدمیوں کو شبہ ہو گیا ہو گا کہ

بختیار انکی کھوج میں تھا ـــــ دو تین روز سے وہ غریب اسی چکر میں تھا کہ کسی راہ اس شخص کو دیکھ لے جو مر کر زندہ ہوا تھا ـــــ اور اس نے یہ حالات ابن آتش کے یہاں سنائے تھے اور باقی اگلے جمعہ کو سنانے والا تھا" عمر اپنی یادداشت پر زور دیکر ان باتوں کو یاد کرنے لگا جو اس سے گذشتہ روز بختیار نے کہی تھیں " وہ مکان شاید جامع مسجد کے قریب ہی کہیں تھا ـ مسجد کے عقب والی گلی میں ـــــ اوہ تو یہ بات تھی!"

"کیا تم ابن آتش کو جانتے ہو جو مکان مسجد کے پیچھے گلی میں ہے؟" عمر نے تکش سے پوچھا ـ

"نہیں ـــــ یہ نام تو میں نے آج ہی سنا ہے"

عمر کا ارادہ ہوا کہ وہاں جا کر اس مکان کا معائنہ کرے لیکن پھر فوراً ہی رک گیا اس نے سوچا کہ اگر اس مکان کے لوگوں نے ہی قتل کیا تھا تو اس طرح وہاں جانا تو بیکار ہی تھا کیونکہ قاتل تو اسوقت درویشوں کی صورت بنائے کسی مسجد میں بیٹھے اللہ اللہ کر رہے ہونگے ـ

"ہاں ایک بات اور سن لو" عمر نے کہا "گذشتہ رات میرے یہاں کوئی چور گھس آیا تھا میرے سرہانے وہ ایک پرچہ بھی چھوڑ گیا تھا جسمیں لکھا تھا کہ اپنی زبان دانتوں کے بیچ میں رکھو"

تکش کا منہ حیرت کی وجہ سے کھلا رہ گیا کیونکہ اسی وقت اسکو بختیار کی زبان یاد آگئی تھی ـ

"اسکے علاوہ دس بارہ گرم روٹیاں اور ایک خنجر بھی سرہانے ملا

"روٹیاں!" کوتوال نے حیرت سے دہرایا۔

"ہاں ـــ گرما گرم تنوری روٹیاں"

"میرے خدا! اور خنجر!"

ایک لمحہ تک تکش کسی گہرے خیال میں غرق رہا۔

"کئی روز ہوئے یہاں کے پانچ بڑے بڑے آدمیوں کے سرہانے سے بھی یہی روٹیاں برآمد ہوئی تھیں اور وہ لوگ دوسرے روز ہی غائب کر دیے گئے" تکش نے مردہ لہجہ میں کہا۔

"میرے خیال سے تو بختیار کو مارنے کے بعد میرے سرہانے روٹیاں رکھی گئی تھیں" عمر نے کہا

"تو کیا آپ کے خیال سے یہ ایک ہی شخص یا گروہ کا کام ہے؟"

"بالکل ـــ اور یہ کارنامہ فدائیوں کا ہے"

ان الفاظ نے تکش پر جادو کا سا اثر کیا اسکا منہ کئی بار کھلا بند ہوا وہ اس وقت بہت الجھن میں معلوم ہو رہا تھا۔ کس کا کارنامہ؟ اس نے آنکھیں پھاڑ کر پوچھا "آپ نے کیا فرمایا تھا؟"

"فدائی ـــ بھنگ پینے والے لوگ ـــ الموت کے بادشاہ حسن بن صباح کے خادم ـــ جو سبعیوں کے نام سے پکارے جاتے ہیں"

تکش کی آنکھوں سے اس وقت خوف و ہراس جھلک رہا تھا "انکا نام نہ لیجئے عالی جاہ"

"اسکا تو مطلب یہ ہوا کہ تم ان لوگوں سے واقف ہو" عمر نے کہا

"سو فیصدی یہ انکا ہی کام ہے"

"میں نے تو صرف چند افسانے سنے ہیں" تکش نے کہا "اس کے علاوہ مجھے سبعیوں کے متعلق کچھ نہیں معلوم ـــــ لوگ اس نام سے ڈرتے ہیں جو ابھی عالی جاہ نے فرمایا تھا ـــــ اور میں نے سنا ہے کہ اپنی زبان سے یہ نام نکالنا انتہائی خطرناک ہے کوئی نہ کوئی آفت فوراً ہی آجاتی ہے

"سبعیوں کے متعلق اور کیا جانتے ہو؟

یہ آسان کام نہیں تھا کہ تکش کو جو معلوم تھا وہ اپنی زبان سے ادا کر دیتا اس کے دل پر ان لوگوں کا خوف اس قدر بیٹھا ہوا تھا کہ ان کا نام سنتے ہی کانپنے لگتا تھا۔ اس نے رک رک کر چند الفاظ اپنی زبان سے کہے لیکن چاروں طرف دیواروں کو اس طرح دیکھتا رہا جیسے اس میں سانپ پوشیدہ ہوں۔

"اعلیٰ حضرت نظام الملک نے ان کی تلاش کے احکامات جاری کئے تھے کیونکہ ان کے خیال سے یہ لوگ ملحد ہیں ـــــ میں نے ان کے حکم کی تعمیل کی آخر میں ملازم تھا اور وہ آقا ـــــ" آخری جملہ تکش نے ذرا بلند آواز سے کہا "ہم نے یہ معلوم کر لیا کہ فدائیوں میں وہ لوگ شامل ہو جاتے تھے جو سلطنت کے باغی یا مجرم تھے ـــــ شیخ الجبل نے مختلف طریقوں سے دولت اکٹھی کی۔ بڑے بڑے سوداگروں کو بھی رقمیں دینے پر مجبور کیا ـــــ یہ فدائی لوگ سوتے ہوئے آدمیوں کے سرہانے خنجر رکھ دیتے ہیں اور یہ اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ انکو شیخ الجبل میں ایک بڑی رقم

ادا کرنا چاہیئے ـــــ دوسرے روز ایک فقیر آکر صاحب خانہ کے ہاتھ سے خیرات لینے پر اصرار کرتا ہے بجائے خیرات کے صاحب خانہ کا فرض ہوتا ہے کہ وہ فقیر کو اشرفیوں کے توڑے دیدے ـــــ اگر اس قسم کی فعل ہو جاتی ہے تو گھر کے سارے افراد اپنے کو خطرات سے محفوظ سمجھتے ہیں اور دوسری صورت میں اسی قسم کے خنجر سے ان کو قتل کر دیا جاتا ہے ابھی تک یہ نہیں معلوم ہو سکا ہے کہ یہ شیخ الجبل کا ہی کام ہے یا ان کے نام کی آڑ لیکر دوسرے لوگوں کا ـــــ ہم نے ان فقیروں کا تعاقب کرنے کی بھی کوشش کی لیکن کامیابی نہ ہوئی ـــــ ہم نے کئی بار خود شیخ الجبل کا پیچھا کیا وہ انتہائی نڈر اور بہادر انسان ہیں قصر وزارت میں دراز کھسکر انھوں نے وزیر اعظم سے ملاقات کی ـــــ ہم نے جب بھی انکی قیامگاہ کی تلاشی لی وہ اس طرح غائب ہو جاتے ہیں جیسے ریگستان میں سوئی ـــــ ہم لوگوں نے آج تک انکی صورت تک نہیں دیکھی ہے"

تکش ایک لمحہ کیلئے سانس لینے کے لئے رکا" ابھی حال ہی میں اصفہان کے کچھ امیر اور تاجر غائب ہو چکے ہیں ان کے سرہانے سے اسی قسم کی روٹیاں برآمد ہوئی تھیں ـــــ ہو سکتا ہے کہ بختیار کی طرح ان کی لاشیں بھی کہیں پڑی مل جائیں ـــــ میں ٹھیک طور سے نہیں کہہ سکتا لیکن مجھے شبہ ہے کہ شہر کے اندر فدائیوں کا کوئی اڈا ضرور ہے"

"لیکن میرے سرہانے سے تو روٹیاں اور خنجر دونوں ہی چیزیں برآمد ہوئی تھیں"

"ممکن ہے کہ آج ہی کوئی فقیر آپ کے دروازہ پر آکر سوال کرے" تکش نے کہا "میرے خیال سے بہتر یہی ہے کہ اس کو کچھ دیدیا جائے کیونکہ یہ لوگ انتہائی خونخوار ہوتے ہیں"

"خیر تجھ سے تو یہ رقم کا مطالبہ نہیں کریں گے" عمر نے کہا "بختیار کی موت کا خون بہا خود انکو ہی ادا کرنا پڑیگا۔

تکش نے گہری سانس لی "میرے خیال سے تو ان کے غصہ کی آگ پر پانی ڈالنا ہی مناسب ہے ویسے جو آپ بہتر سمجھیں عالی جاہ ـــــ میں نے تو یہی دیکھا ہے کہ بڑے بڑے مولوی صبعیوں کے خلاف عوام میں تقریریں کرتے ہیں لیکن دوسرے ہی دن وہ خاموش ہوجاتے ہیں اور جو ایسا نہیں کرتے وہ موت کے گھاٹ اتار دیے جاتے ہیں۔ انکا کھوج لگانا بھی تو مشکل ہے یہ بڑے جنگل میں چھپے ہوئے سانپوں کو کون ڈھونڈ سکتا ہے۔

یہ لوگ ساربانوں ـــــ سوداگروں ـــــ درویشوں ـــــ فقیروں اور بنجاروں کے بھیس میں ہوتے ہیں ـــــ عالی جاہ یہ مجھے یقین ہے کہ آپ کے ملازموں میں بھی کم از کم ایک فدائی ضرور ہے ـــــ چاہے وہ کوئی بھی ہو

عمر نے مردان کو تو پہلے ہی نکالدیا تھا اب اس کو وہ خواجہ سرا زنبل آنا بھی یاد آگیا جو اس کے قصر کو چک پر بار بار منڈلاتا تھا اور اس کے ملازموں سے گھل مل کر باتیں کرتا تھا ـــــ عمر کو اب خیال آیا کہ اس کے سرہانے سے جو روٹیاں اور خنجر برآمد ہوا تھا وہ اس کے ملازموں میں سے ہی کسی کی حرکت نہ ہو۔

"ان لوگوں نے رے اور کاتیون کے سارے کوہستانی علاقہ پر قبضہ کر رکھا ہے ـــ ان کے جاسوس دنیا کے تمام ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں"

"اصفہان میں تمہارا شبہ کس مقام پر ہے" عمر نے پوچھا۔

"کوہ دِزان کی چوٹی پر جو قدیم مندر آتش پرستوں کا ہے اسکے اردگرد یہ لوگ دیکھے گئے ہیں اگر اصفہان کے پانچوں آدمیوں کے دخوا کا راز کھلجائے تو بہت سی باتیں معلوم ہو سکتی ہیں ـــ عالی جاہ اب آپ کو بھی ہوشیار ہو جانے کی ضرورت ہے ان کوہستانی لٹیروں کو چھیڑنا سانپ کے منہ میں انگلی ڈالنے کے برابر ہے ضرورت کے وقت یہ لوگ شعبدہ بازی اور جادوگروں سے بھی کام لیتے ہیں"

"کیا تم ان کی تلاش کرو گے؟" عمر نے پوچھا۔

"نہیں ـــ اب خواجہ نظام الملک وزیر اعظم کب ہیں اگر وہ ہوتے تو ابتک انکی سرکوبی ہو چکی ہوتی ـــ اب تو یہ خود ہی کبھی نہ کبھی ظاہر ہو جائیں گے"

"اچھا اب اجازت مرحمت فرمایئے" تکش نے اٹھتے ہوئے کہا "میری زندگی کو خطرہ میں ڈالنے کے لئے صرف اتنے حالات کافی ہیں جو ابھی میں نے آپ سے عرض کئے ہیں۔

تیسواں باب

ابن آتش کا مکان

آج جمعہ کا دن تھا جب آفتاب غروب ہو کر ستاروں میں پوری روشنی ہو گئی تو عمر اپنے مکان سے نکلا وہ اپنے مکان کے پچھلے دروازہ سے نکلا تھا اور اس کے ملازمین میں صرف لیلیٰ کو اس کی خبر تھی اس نے اپنے چہرہ کو اس طرح بدل لیا تھا کہ خود لیلیٰ بھی اس کو پہچان نہ سکی۔ جب جامع مسجد کے سامنے وہ پہنچا تو وہ صحرا میں پیدا ہونے والے بدوؤں کی طرح جھوم جھوم کر چل رہا تھا۔ ایک خراسانی عبا اس کے جسم پر تھی اور ایک اونی شال اس کے کندھے میں پڑا تھا۔ اس کی کمر سے ایک چھوٹی سی تلوار لٹکی ہوئی تھی۔ اس کے سر کے رومال نے اس کا چہرہ بڑی حد تک چھپا لیا تھا۔ وہ اس کا لب و لہجہ قبائلی بدوؤں سے ملتا جلتا تھا۔

عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر وہ نمازیوں کے ساتھ مسجد سے باہر نکل اور مسجد کی پچھلی والی گلی کی طرف مڑ گیا۔ بہت سے لوگ اس سے آگے جا رہے تھے اور آگے بڑھ کر وہ گلی سے ایک مکان میں داخل ہو گئے جو باغیچہ سے گھرا ہوا تھا

ایک شخص مکان کے دروازہ پر بیٹھا ہوا تھا اس نے اپنا منہ اس طرح اوپر اٹھا رکھا تھا جیسے وہ اندھا ہو ـــــ ایک لکڑی اس کے ہاتھ میں تھی ـــــ اس کے قریب پہونچکر عمر رک گیا۔

"مجھے ابن آتش کے یہاں جانا ہے" عمر نے لہجہ بدل کر کہا۔

"اور یگستان کے بادشاہ وہ یہی مکان ہے" اندھے نے کہا

"تم کو ابن آتش سے کیا کام ہے"

"مجھے اس شخص کی گفتگو سننا ہے جو بہشت کا حال سناتا ہے"

اندھے نے اپنے کولھوں کو جنبش دی "اوہ ـــــ بہشت کا حال"

اس نے جب کچھ نہ کہا تو عمر خدا کا نام لیکر اس مکان کے تاریک دروازہ میں داخل ہوگیا مکان کے اندر سے لوگوں کے باتوں کی آوازیں آرہی تھیں لیکن اسے کچھ نہ نظر آیا اس نے ہاتھ پھیلا کر دیکھا ایک بھاری پردہ دروازہ پر پڑا ہوا تھا دفعتہً کسی نے اسکے منہ کے سامنے شمع کردی اور ایک دبلا پتلا درویش اس کے چہرہ کو غور سے دیکھنے لگا بظاہر یہ آزمائش کامیاب رہی کیونکہ اس درویش نے پردہ ہٹا کر عمر کو اندر سے آنے کا اشارہ کیا۔ اب اس نے ایک بڑے سے کمرہ میں قدم رکھا جس میں بہت سے آدمی فرش پر بیٹھے ہوئے تھے ہر آدمی کا منہ اس بھاری کمبل کی طرف تھا جو سامنے والی دیوار پر لٹکا ہوا تھا

اس کمبل کے سامنے ایک مجذوب نما درویش کھڑا ہوا اپنے ہاتھوں کو اس طرح گردش کر رہا تھا جیسے پٹہ بازی کر رہا ہو کبھی کبھی

وہ سینہ کوبی بھی کرنے لگتا ـــــ وہ مجذوب اپنی زبان سے برابر بڑبڑا رہا تھا ـــــ لیکن یہ الفاظ اس قسم کے تھے جو سمجھ میں نہیں آ رہے تھے عمر نے آگے بڑھ کر مجمع پر نظر ڈالی حشاشین کا کہیں نام و نشان تک نہ تھا سب شہر کے لوگ تھے۔ امیر، سوداگر، فوجی افسر اور مولوی ـــــ ہر شخص آنے والے لمحات کی بے چینی کے ساتھ منتظر تھا۔ ایک چھوٹی سی انگیٹھی سے لپٹیں نکل رہی تھیں اور عود و عنبر کی خوشبو سے سارا کمرہ مہک رہا تھا۔ دو بڑی بڑی لالٹینیں کمرہ میں روشن تھیں۔ اسی وقت کمبل کے پیچھے سے ایک ہلکی سی آواز آئی جیسے دور کسی نے تالی بجائی ہو مجذوب کی گردش اور بڑبڑاہٹ فوراً ہی رک گئی "حضرات اب بہشت کے حالات سنئے" اس نے کہا اور آگے بڑھ کر ایک جھٹکے کے ساتھ وہ کمبل ایک طرف کر دیا جو ایک سلاخ پر پھسلتا ہوا ایک طرف غائب ہو گیا کمبل کے پیچھے ایک چھوٹا سا کمرہ تھا وہاں بھی تیز روشنی کے دو لیمپ روشن تھے ـــــ کمرہ کے بیچ میں فرش پر ایک بڑا سا طشت رکھا ہوا تھا جو تازہ تازہ انسانی خون سے نصف سے زیادہ بھرا ہوا تھا۔ اس خون کے درمیان ایک انسانی سر رکھا تھا ـــــ کٹا ہوا سر۔ اس کی آنکھیں بند تھیں اور سر چھلے ہوئے کیسرو کی طرح منڈا ہوا تھا ـــــ یہ کسی دبلے پتلے زرد رو انسان کا سر تھا سارے مجمع پر ایک عجیب قسم کا اضطراب سا طاری ہو گیا اور اس طرح آپس میں باتیں ہونے لگیں جیسے کہ ان جنا ہوں

"خاموش رہو" مجذوب کی آواز سنائی دی اور ہر شخص سہم کر خاموش ہو گیا۔

اس سر کی بند آنکھیں کھل گئیں اور وہ ادھر ادھر گھورنے لگیں اب مجذوب خاموش رکھنے کی ہدایت کی ضرورت بھی نہ تھی ہر آدمی اس طرح مرعوب [illegible]

بیٹھا تھا جیسے سانپ سونگھ گیا ہو۔

طشت میں رکھے ہوئے سر کے ہونٹ ہلے اور وہ بولنے لگا۔ یہ اس جہاں کی کہانی ہے جو دنیا والوں کی نظروں سے نہاں ہے ——

"اوہ میرے اللہ" قریب بیٹھے ہوئے ایک فوجی افسر نے گھگھیا کر عمر کا بازو پکڑ لیا

اس سر سے آہستہ آہستہ آواز نکل رہی تھی وہ اسوقت بہشت کے اسرار بتا رہا تھا —— تمام لوگ انتہائی غور سے سن رہے تھے۔ عمر کو یہ تو یقین ہو گیا تھا کہ یہ آواز اسی سر میں سے نکل رہی تھی جو طشت میں رکھا تھا اور اس میں بھی شبہ نہیں کہ وہ ایک انسانی سر تھا —— اور بغیر جسم کے کٹا ہوا سر!

یکبارگی سر سے آواز آنا بند ہو گئی۔ آنکھیں پھر بند ہو گئیں اور چہرہ پر دوبارہ مردنی چھا گئی —— مجذوب نے جھپٹ کر کمبل کھینچ لیا جسکی وجہ سے وہ کمر و پھر پوشیدہ ہو گیا

"واللہ کرامت ہے" ایک مولوی بولا "معجزہ ہے"

"خدا کی شان کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے" دوسرا بولا۔

اب لوگ اطمینان سے سانسیں لے رہے تھے لیکن کئی آدمی سنجیدگی کے ساتھ غور کر رہے تھے۔ عمر نے سنا کہ آپس میں چہ میگوئیاں شروع ہو گئیں ضعیف الاعتقاد لوگ اسکو معجزہ سمجھ رہے تھے لیکن سمجھدار قسم کے آدمی یہ کہہ رہے تھے یہ سر کسی زندہ انسان کا نہیں بلکہ مصالحہ کا بنا ہوا تھا اور شعبدہ بازی تھی۔

مجذوب نے ان لوگوں پر استہزائی نظریں ڈالیں اور مسکرایا۔

"ثبوت" ایک فوجی افسر چلایا "واللہ اگر یہ کوئی معجزہ ہے تو اسکا ثبوت چاہئے"

"صبر کرو" مجذوب نے کہا "ثبوت تم کو ملے گا"

وہ ایک لمحہ تک انتظار کرتا رہا کہ سب اسکی طرف متوجہ ہیں یا نہیں پھر اس نے کمبل کو دوبارہ ہٹا دیا۔ وہ طشت اب بھی اسی طرح رکھا تھا اس نے سر کے دونوں کان پکڑ کر اوپر اٹھایا تازہ تازہ خون اسکی گردن سے ٹپک رہا تھا اس نے آہستہ آہستہ چاروں طرف اسکو گھمایا تاکہ ہر شخص اسے دیکھ سکے پھر دوبارہ اس طشت میں رکھ دیا جسمیں خون بھرا ہوا تھا۔

سارے مجمع پر سناٹا چھا گیا یہی وہ سر تھا جس نے ایک لمحہ پیشتر بات کی تھی ـــــ اور اسکا کوئی جسم نہیں تھا!

اب ہمیں یقین آگیا" مجمع سے کئی آوازیں آئیں "ہم نے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا ـــــ واللہ معجزہ ہے معجزہ!"

عمر فوراً کھڑا ہو گیا اور جھپٹ کر کمبل کے پاس پہونچا اسکو ہٹا دیا۔

"میرے دوستو" یہ عمر کی آواز تھی" یہ کوئی معجزہ یا کرامت نہیں ہے بلکہ شرک پھیلانے والے بازی گروں کی شعبدہ بازی ہے ـــــ مردہ کبھی بول نہیں سکتا ـــــ تم نے ابھی بولا تھا وہ اسوقت زندہ تھا لیکن اب مردہ ہے! لو دیکھ لو"

وہ فوراً ہی سر کی طرف بڑھ گیا اور اس سر کو اٹھایا۔ طشت کے نیچے میں ایک سوراخ تھا جو پتھر کے فرش کو کاٹتا ہوا نیچے تک چلا گیا تھا ـــــ اتنا بڑا سا سوراخ جسمیں سے ایک انسانی سر بآسانی گذر سکے۔ مجذوب کھڑا ہوا تھا اور لوگوں سے عمر کو گھور رہا تھا اور پورا مجمع اپنی اپنی جگہ سے ایک ایک کر طشت کو دیکھ رہا تھا! عمر نے اس دیوار پر پڑے ہوئے پردہ کو ایک طرف ہٹا دیا دوسری طرف ایک دروازہ موجود تھا ایک لیمپ اٹھا کر وہ تیزی کے ساتھ اس میں داخل ہو گیا ـــــ

اس کے پیچھے پیچھے سارے تماشائی تھے اب وہ لوگ ایک تہ خانے میں کھڑے تھے جس کی چھت پر ایک سوراخ آر پار نظر آ رہا تھا سارا فرش انسانی خون سے لتھڑا ہوا تھا لیکن جسم غائب تھا!

دوسرے لوگ بھی تہ خانہ کی تلاشی لینے لگے ایک دوسرا دروازہ بھی تھا جس میں داخل ہو کر معلوم ہوا کہ یہ ایک راہداری تھی جس میں برابر برابر کوٹھریاں بنی ہوئی تھیں۔ ایک کوٹھری کا دروازہ کھلا ہوا تھا اس میں بغیر سر کی ایک لاش فرش پر پڑی تھی ـــ یہ لاش اب بھی گرم تھی!

"وہ یہ لاش ہے" وہی فوجی افسر چیخا "دیکھو بھائیو اس سر کا یہ جسم ہے!"

دوسری کوٹھری کھولی گئی اس میں سے سر انڈا کا ایک کثیف حصہ نکلا جیسے بزاروں چوہے سڑ گئے ہوں۔ یہ چار لاشیں تھیں جن کے سر بھی قریب ہی پڑے تھے ـــ پانچویں لاش اس وقت کی تازی تھی۔

"اللہ غارت کرے" ایک ملا بڑبڑایا "ارے یہ تو منعم بیگ کی لاش ہے!" اس نے ایک لاش کی طرف اشارہ کیا "اور وہ ـــ وہ شیر محمد سوداگر کی لاش ہے جو مسجد میں برابر آتا تھا۔"

یہ لوگ سب وہی تھے جو اسی حال ہی میں اصفہان سے غائب کئے گئے تھے۔

"مارو ملعونوں کو" مجمع نے پر اشتعال لہجہ میں کہا "مارو ولد الحرامیوں کو ـــ کہاں ہیں وہ لعین جنہوں نے یہ قتل کئے ہیں"

اس افراتفری میں وہ سکا بندوب تو فرار ہو چکا تھا مشتعل ہجوم کو صرف وہی اندھا ملا جو اپنی لکڑی کو کھٹ کھٹ کرتا ہوا اپنے ساتھیوں کو مغلظات سنا رہا تھا

جو اسے دھوکہ دیکر فرار ہو گئے تھے۔

آدھی رات کے بعد ہی عمر کو وہاں سے چھٹی مل سکی لیکن صبح تک اسے نیند نہ آئی بار بار ان لاشوں کا بھیانک منظر اس کے سامنے آجاتا تھا ۔۔ سب سے زیادہ افسوس اس بختیار کا تھا جس نے ہمیشہ وفاداری کی اس نے بختیار کو ہمیشہ کیلئے کھو دیا! لیکن اس بوڑھے نے ہمیشہ ساتھ دیا ۔۔ عمر کو اس غم میں بخار آگیا۔

دوسری صبح شہر والوں نے فدائیوں کے خلاف بہت آہ و زاری کی ۔۔ اصفہان کی سڑکوں پر جلوس نکالے جلسے کئے بہت شور و غل کیا ۔۔ تکش نے بھی کافی دوڑ بھاگ کر کے اپنی مستعدی کا ثبوت دیا ۔۔ اب نظام الملک سے بھی نہ رہا گیا اور برطرفی کے باوجود وہ سلطان کے پاس پہنچ گیا۔

"ان سبعیوں نے ملک میں لوٹ مار کا بازار گرم رکھا ہے اور بد امنی پھیلا رکھی ہے" نظام نے عرض کیا "اگر عالی جناب کا ارشاد ہو تو میں ان کا قلع قمع کر دوں ۔۔ چند دنوں میں انکے وجود سے آپ کی ساری مملکت کو پاک کر دوں"

ملک شاہ کو ابھی تک یہ گمان تھا کہ یہ سبعی بھی نصیریوں یا بابیوں کی مانند کوئی بے ضرر فرقہ تھا ان سے حکومت کو کیا خطرہ ہو سکتا تھا اسی لئے ابھی تک ان کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں کی گئی تھی۔ اب نظام الملک سے اسے معلوم ہوا کہ ان لوگوں کا مقصد سلطنت میں طوائف الملوکی پھیلا کر تخت پر قبضہ کرنا ہے تو آنکھیں کھلیں

"خدا کے فضل سے مجھ میں ابھی اتنی طاقت ہے کہ دوسروں کی مدد کے بغیر بھی اپنے دشمنوں کا مقابلہ کر سکوں" سلطان نے کہا "ان ملحدوں کے پاس نہ تو دولت ہے اور نہ طاقت ۔۔ یہ لوگ میرے ایک ہزاری دستہ کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتے ہیں"

"ان لوگوں نے کوہسار طالقان پر مکمل قبضہ جما رکھا ہے۔ نظام الملک ایک مضبوط قلعہ الموت ان کا مرکز ہے اور اسی مقام پر انکا تمام خزانہ رہتا ہے ـــــ حسن بن صباح کے یہ ارادے ہیں کہ موجودہ سلطنت کا تختہ توڑ کر ایک نئی سلطنت کی بنیاد ڈالی جائے جو براہ راست مہدی فاطمی خلافت سے تعلق رکھتی ہو۔"

"لیکن ہمارے لئے اس طرح قتل عام کرنا بھی تو مناسب نہیں ہے" سلطان نے کہا "میں نے بہت سی جنگوں میں حصہ لیا اب مجھے خدا کو بھی منہ دکھانا ہے ـــــ اب میرے پاس انسانی خون بہانے اور تکرار کیلئے بالکل وقت نہیں ہے ـــــ اس حسن بن صباح کو کھل کر سامنے آنے دو تم دیکھ لینا اپنی تلوار سے میں اسکے پانچ ٹکڑے کر دوں گا۔"

"بہتر ہے عالی جاہ" نظام نے کھڑے ہو کر سلام کرتے ہوئے کہا بوڑھا وزیر سمجھ گیا تھا کہ سلطان کی نظروں سے گرنے کے بعد اسکا اثر بھی ختم ہو چکا تھا "لیکن وہ قلعہ ـــــ الموت ـــــ"

"جاسوسوں کی بات پر میں کس طرح یقین کر سکتا ہوں" ملک شاہ نے کہا "اسکی پیشانی پر بل آ گئے تھے "کسی معتبر ذریعہ سے اس کی تصدیق ابھی تک نہیں ہوئی ہے ـــــ تکش اپنی داڑھی کی قسم کھا کر کہتا ہے کہ سبعیوں کے پاس نہ تو کوئی قلعہ ہے اور نہ طاقت ـــــ اسکے علاوہ اگر حسن بن صباح طاقتور ہو رہا ہے تو میری مملکت میں اور دوسرے بڑے بڑے جاگیردار بھی تو ہیں کیا تم ان پر بھی فوج کشی کا مشورہ دو گے؟"

"بہتر تو یہ ہوگا کہ کوہ دزان کے کھنڈرات کی دیکھ بھال بھی کر لی جائے"

نظام نے کہا "یہ اصفہان کے بالکل اوپر ہیں اور ان سبھوں کا طریقہ یہی ہے کہ وہ ہمیشہ ان مقامات پر اپنا مرکز قائم کرتے ہیں جو بڑے شہروں کے اوپر ہوں یہ لوگ ان کھنڈرات میں دیکھے گئے ہیں"

اپنے شکاروں میں ملک شاہ نے انکو کوہستانی کھنڈرات کو دیکھا تھا۔ یہ ایک قدیم قلعہ کی عمارت کے کھنڈر تھے ۔۔۔ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ یہ آتش پرستوں کا قدیم معبد ہے ۔۔۔

"ہاں ۔۔۔ یہ میں ضرور کرونگا" ملک شاہ نے کہا میرا ارادہ ہے کہ اپنی فوج کے لئے وہاں ایک قلعہ بھی تعمیر کراؤں ۔۔۔ اچھا خدا حافظ ۔۔۔

نظام الملک کے جانے کے بعد سلطان نے عمر کو بلانے کے لئے آدمی بھیجدیا۔ کسی فوجی سردار یا تکش کے بجائے سلطان نے عمر کو حکم دیا کہ وہ ایک دستہ لے کر کوہ دنبہ کے ان کھنڈرات کا معائنہ کرآئے ملک شاہ کو یقین تھا کہ اس کام کیلئے عمر سے بہتر کوئی آدمی نہیں مل سکتا کیونکہ اس نے یہ افواہیں سن رکھی تھیں کہ عمر خود بھی ان سابق ملحدوں کے کھوج میں تھا اور انکا قلع قمع کرنا چاہتا تھا۔

ان کھنڈروں کو دیکھنے سے معلوم ہوا کہ یہ بالکل ویران اور غیر آباد تھا کبھی کبھی خانہ بدوش یا گلہ رے رات کو انمیں پناہ لے لیتے تھے شاہی رستے کے کھنڈروں کا کوئی نشان نہ ملا ۔۔۔ تاریک تہ خانوں کی تلاشی لی مگر جلیوں کا نشان تک نہ ملا ۔۔۔ باقی ماندوں نے قسمیں کھائیں کہ انھوں نے حسن بن صباح کا نام تک نہیں سنا تھا

اسکے باوجود عمر کو ایک مبہم سا شبہ اب بھی تھا ان کھنڈروں میں بالکل ویسی ہی قربان گاہ بنی تھی جیسی کہ الموت میں ہے اسکے علاوہ فدائیوں کا الٰہ ابن آتش کا مکان بھی اس پہاڑی کے بالکل نیچے تھا اوپر سے ایک چشمہ نکل کر اس مکان اور جامع مسجد کے برابر سے نکل گیا تھا اس مقام کو دیکھ کر عمر کے سامنے قلعہ الموت کی تصویر کھنچ گئی ۔۔۔ اسکو

شبہ تھا کہ قریب وجوار کے رہنے والے گنواروں نے ممکن ہے کہ فدائی بھی ہوں۔ اس لئے ہر چہرہ کا مقابلہ اس نے قریب سے کیا لیکن ان میں کوئی بھی جنگ پیشے والا معلوم نہیں ہوتا تھا۔

مگر اس برج میں پہنچ گیا اسی سپاہی نے ان تصویروں کی طرف اشارہ کیا جو برج کے چاروں طرف دیواروں پر بنی ہوئی تھیں ـــــ عمر نے ایک ہی نظر میں انکو پہچان لیا وہ دوازدہ برج کی اشکال تھیں۔

اسی طرح حمل سے حوت تک بارہ اشکال پتھر کی دیوار پر کھدی ہوئی تھیں ہر شکل کے نیچے ایک ہک لگا ہوا تھا شاید ان ہکوں پر کوئی چیز لٹکائی جاتی ہو "آخر ان اشکال کو بنانے کا مقصد کیا تھا" عمر سوچنے لگا "نامعلوم انسے کیا کام لیا جاتا ہوگا ممکن ہے کہ یہ آتش پرستوں نے بنائی ہوں اور ان کی کسی مذہبی رسم میں کام آتی ہوں اور وہ رسم اب ختم ہوگئی ہو"۔

برج کے بیچ میں کھڑا ہو کر عمر ان تصویروں کو دیکھنے لگا اس نے خیال کیا کہ شاید موسم کا اندازہ کرنے کے لئے یہ بنی ہوں اور جب برج کا دروازہ کھلتا ہو تو ان پر سورج کی روشنی بتدریج پڑتی ہو ـــ اسی وقت وہ خود بخود بھننے لگا۔

"کیا واقعہ ہوا خواجہ؟" اسی سپاہی نے پوچھا جس نے یہ اشکال سب سے پہلے دیکھی تھیں "کیا کوئی خاص بات انمیں ہے ـــ یا کوئی پوشیدہ خزانے کے نشان ہیں"

"ہاں ـــ بہت بڑا خزانہ ہے" عمر نے کھوئے ہوئے لہجہ میں کہا "لیکن ابھی اسکا اظہار مناسب نہیں ہے"۔

اسکے بعد وہ دونوں برج سے باہر نکل آئے ـــ عمر اسوقت بہت خوش معلوم ہو رہا تھا کیونکہ منطقۃ البروج کی ان اشکال سے اسکی سمجھ میں وہ ترکیب آگئی تھی جس سے اب وہ بیانگ دہل کہہ سکتا تھا کہ زمین گردش کرتی ہے۔ اسوقت وہ بختیار کی عورت اور بچوں کے ظلم و ستم کو بھول ہوا تھا ـــ اب اسکی محنت کا صلہ ملنے والا تھا ـــ وہ جلد سے جلد ملک شاہ کے پاس پہنچنا چاہتا تھا تاکہ وہ اپنی تصویروں پر تجربات کر سکے۔

اکتیسواں باب

دُم دار ستارہ

آجکل سلطان ملک شاہ نیشاپور کی طرف سفر کر رہا تھا نظام الملک بھی اس کے ساتھ تھا لیکن وہ اپنی کتاب کی تصنیف میں مشغول تھا اور سیاست سے بالکل کنارہ کش ہو چکا تھا۔ ہر شام کو شاہی فراش خیمے نصب کرتے اور صبح کو نقارہ پر چوٹ پڑتی خیمے اور راوٹیاں اکھڑنے لگتیں اسباب گاڑیوں پر بار ہونے لگا۔

سلطان کے کیمپ کے بالکل اوپر ایک دم دار ستارہ نمودار ہوا سارے لشکر میں ہلچل مچ گئی۔ ہر شخص گھبرا گیا ملک شاہ نے فوراً عمر کو طلب کیا تاکہ اسکے اثرات کو معلوم کرے۔

"انتہائی بدبختی اور تباہی کی علامت ہے" عمر نے جواب دیا "جس ملک میں یہ ستارہ نکلتا ہے وہاں انسانی خون کی ندیاں بہتی ہیں۔ ملک کے بڑے بڑے لوگ قتل ہوتے ہیں۔ قحط پڑتے ہیں وبائیں پھوٹتی ہیں۔ یہ ستارہ اژدہے کی مانند اور آگ کی طرح افق مغرب پر نمودار ہوا تھا ملک شاہ نے خیمہ سے باہر آکر اسکا معائنہ خود کیا۔ اور کئی گھنٹہ تک اس کی نحوستوں پر سوچ بچار کیا گیا۔

ملک شاہ کے نزدیک اس کے سب سے بڑے دشمن اسوقت باطنی ہی تھے اور ان سے ہی ملک کو خطرہ تھا آجکل حسن بن صباح بھی مصر میں تھا اور باطنی خلیفہ کے ساتھ سلجوقیوں کے خلاف سازباز کر رہا تھا۔ سلطان نے نیشاپور سے ملتوی کر کے اپنی کیمپ کو اسی جگہ رہنے دیا جہاں آجکل قیام تھا اس قیام کا بہانہ یہ کیا کہ اسکو اصفہانی علاقوں میں شکار کھیلنا تھا اس کے بعد اپنے ایک امیر کو پانچ ہزار سپاہیوں کے ساتھ سبعیوں کی تلاش اور سرکوبی کے لئے روانہ کر دیا اس نے حکم دیدیا تھا کہ الموت کی اینٹ سے اینٹ بجادی جائے اور کوہستان طالقان کا پورا علاقہ ان سے پاک کر دیا جائے عمر کی خوش قسمتی تھی کہ اسے نیشاپور جانے کی اجازت بھی مل گئی ـــــ اور اس نے طے کر لیا تھا کہ دوسرے روز صبح ہی وہ نیشاپور کیلئے روانہ ہو جائیگا۔ یہ رمضان کا مہینہ تھا اور عمر چاہتا تھا کہ اپنے روزے رصدگاہ میں ہی گذارے۔

آج شام کو پورے چاند کی روشنی تھی۔ نیک نفس نظام الملک روزہ افطار کے کافی دیر بعد تک ملک شاہ کے خیمے میں بیٹھا باتیں کرتا رہا عشا کی نماز کے قریب وہ اٹھا اور اپنے خیمہ کی طرف روانہ ہو گیا لبادہ اوڑھے ایک پراسرار نوجوان بہت دیر سے وزیراعظم کے خیمہ کے گرد منڈلا رہا تھا ـــــ آخرکار اس نے فدائیوں کے سب سے بڑے دشمن اور امتحان کے سب سے عقلمند انسان کو تلاش کر ہی لیا۔ قبل اسکے کہ بوڑھا نظام الملک کوئی مزاحمت کرتا اسکی پشت میں خنجر اتر چکا تھا ـــــ سارے خیمہ میں کہرام مچ گیا۔ لوگوں نے

فوراً ہی قاتل کو پکڑ کر اسکا قیمہ قیمہ کر دیا۔ مرتے وقت قاتل کے منہ سے امام قائم قیامت اور اس کی بہشت کے متعلق ہی الفاظ نکل رہے تھے۔

"تم وارستا رہ کا پہلا نتیجہ!" ملک شاہ نے نظام کے قتل کی خبر سنتے ہی کہا "واقعی ہم پر مصیبت آگئی ہے اب نا معلوم ابھی کتنی آفتیں اور باقی ہیں۔ میری پوری مملکت میں ایک ماہ متواتر نظام الملک کا سوگ رہیگا"

یہ واقعہ ہے کہ نظام الملک کیلئے ملک شاہ بہت رویا اور اب معلوم ہوا کہ وہ نظام الملک کا کتنا خیال کرتا تھا ــــ اس نے سب سے پہلے نظام الملک کی کتاب "سنگانی" اور انکی مہروں کو توڑ کر نظام کی وصیتوں کو پڑھا جو اسنے اپنے بیٹے فخر الملک کیلئے کی تھیں۔ اس کتاب میں باطنی مذہب کو سلطنت سلجوقیہ کے لئے اس نے سب سے بڑا فتنہ قرار دیا تھا دو روز کے بعد عم بھی لیلی کے ساتھ نیشاپور روانہ ہو گیا ــــ

ملک شاہ کے پانچ ہزار سپاہیوں نے الموت کا محاصرہ کر لیا اسکے نیچے بڑی بڑی منجنیقیں ایستادہ کر دی گئیں۔ الموت کے محاصرہ کو آج دوسرا دن تھا بڑے بڑے پتھر گاڑیوں میں بھر کر منجنیقوں کے پاس جمع کئے جا رہے تھے باطنیوں کی طرف سے بھی تیر دل۔ برچھیوں کی بوچھار ہو رہی تھی اور اس سے سلطانی سورچوں کو نقصان پہنچ رہا تھا باطنیوں کو اس محاصرہ سے پریشانی ضرور تھی لیکن انکو یقین تھا کہ قلعہ پر قبضہ کرنا آسان نہیں ہے ــــ وہ ایسی جگہ پر بنا ہوا تھا اور اتنا مستحکم تھا کہ محض چند سو سپاہی فصیل پر کھڑے ہو کر بڑی سے بڑی فوج کو پسپا کر سکتے تھے۔

قلعہ کی فصیل پر حسن کو بھی کئی بار دیکھا گیا وہ جب چاہتا کسی خفیہ راستہ سے قلعہ میں پہونچ جاتا تھا اور جب چاہتا باہر نکل جاتا تھا۔ اسکے مبلغ رہے۔ نیشاپور اور بلخ کی طرف روانہ ہو گئے تاکہ وہاں انتشار پھیلائیں اور ملک شاہ تنگ آکر اس محاصرہ کو اٹھا لے۔

نظام الملک کا قتل حسن کی سب سے بڑی کامیابی تھی اور جب نظام کے قتل کی خبر اطراف عالم میں پھیلی تو ساری دنیائے اسلام میں ایک تہلکہ پڑ گیا۔ مسجدوں۔ کاروان سراؤں اور بازاروں میں ہر شخص کی زبان پر یہی چرچا تھا۔ بے اعتباری اور دہشت نے پوری مملکت پر دباؤ حقیقت سے قبضہ کر لیا۔ سلاطین گھبرا گئے اور علمائے فدائیوں اور اسمٰعیلیوں کے خلاف کفر اور بے دینی کے فتوی جاری کئے۔ عام طور پر ہر جگہ یہ حکم دیدیا گیا کہ جو فدائی خود کو کہے یا اس پر فدائی ہونے کا شبہ ہو اسکو قتل کر دیا جائے۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ فدائی اور زیادہ رازداری کو عمل میں لانے لگے اور قتل و خون کا بازار گرم ہو گیا۔ سینکڑوں بڑے بڑے عالم ان فدائیوں کے ہاتھوں قتل ہوئے اور جب سے یہ سلسلہ شروع ہوا تھا یہ لوگ بالکل بنوفی ہو گئے تھے اور ان لوگوں کیلئے سادگی مرت قلعوں کی مضبوط دیواریں اور کھڑکیوں کے مقفل دروازے بیکار ہو گئے۔ لوگ سڑکوں پر راستہ چلتے ہوئے کانپتے تھے۔ جو فدائی اپنی خدمت ادا کرنے میں مارے جاتے شہید خیال کئے جاتے تھے اور ان کے پسماندگان کو ارباب علم کیلئے وظائف دئے جاتے تھے اگر ملک شاہ اس زمانہ میں اصفہان

نیشاپور یا رے میں ہوتا تو شاید کچھ آگ ٹھنڈی ہو جاتی لیکن وہ تو نظام الملک کے غم میں جنگل میں کیمپ ڈالے پڑا تھا۔ اس نے گھوڑے پر سوار ہونے سے بھی انکار کر دیا تھا اور اپنا زیادہ وقت خیمہ میں ہی گذارتا تھا۔

ملک شاہ نے پانچ ہزار کا ایک دوسرا دستہ بھی الموت کی طرف روانہ کر دیا تھا اور محاصرہ کو سخت کرنے کا حکم دیا تھا وہاں سے روزانہ قاصد آتے رہتے تھے اور ابھی تک سلطانی فوج کو کامیابی حاصل نہ ہو سکی تھی لیکن خیال تھا کہ قلعہ والوں کا ذخیرہ ختم ہونے والا ہے اور فتح ہونے کا امکان تھا ملک شاہ کو امیر لشکر نے لکھا تھا کہ اگر تیس روز تک اسی طرح محاصرہ قائم رہا تو اسمٰعیلی ہتھیار ڈال دیں گے۔

حسن کو قلعہ کا استحکام پر پورا بھروسہ تھا اس لئے وہ آجکل مصر میں کا بیٹھا تھا کیونکہ قاہرہ میں اسمٰعیلیوں کا سب سے بڑا لاج تھا اور اس لاج میں ہفتہ میں دو بار مخصوص اسمٰعیلیوں کی صحبت ہوتی تھی ان صحبتوں میں صرف وہی لوگ شامل ہو سکتے تھے جو اپنے درجے کے لحاظ سے مجاز ہوں ایسے جلسوں میں پوری رازداری سے کام لیا جاتا تھا اور داعی الداعات بادشاہ یا خلیفہ سے ملکر اپنے روزے کے متعلق تقریر کرتا مولانا عبدالحلیم شرر مرحوم نے اپنی کتاب حسن بن صباح میں علامہ مقریزی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ اس لاج کی پہلے سات ڈگریاں تھیں جب یہ افریقہ کے شہر قیروان میں تھا لیکن مصر میں آنے کے بعد اسکی نو ڈگریاں ہو گئی تھیں ان ڈگریوں کو حاصل کر کے اسمٰعیلی اپنے مدارج کو حاصل کرتے تھے۔ پہلی ڈگری یہ تھی کہ نئے شریک جلسے کے سامنے

قرآنی مذہب کی دشواریاں اور دین اسلام کے متعلق مختلف قسم کے شبہات اور شکوک پیدا کئے جاتے تھے اور اس وضع سے کہ نئے مرید کے دل میں اصلی رموز کے حل کرنے۔ ان دشواریوں کو مٹانے اور شبہات کو دور کرنے کا بیحد شوق پیدا ہوا اور اسوقت مذہب اسمٰعیلیہ کے چند معمولی اصول اسے سمجھائے جاتے تھے اور اس سے عہد لیا جاتا تھا کہ اپنے معلم یا داعی کی ہر بات بے عذر اور بغیر کسی حجت و تکرار کے تسلیم کریگا۔

دوسری ڈگری میں مسئلہ امامت حل کیا جاتا تھا اور اپنے رموز ربانی بتائے جاتے تھے جو امامت سے وابستہ ہیں۔

تیسری ڈگری میں مذہب اسمٰعیلیہ کے خاص عقائد بتائے جاتے تھے اور اس امر کی تعلیم ہوتی تھی کہ اماموں کا شمار سات ہے اور اسمٰعیل بن جعفر صادق علیہ السلام سب سے بڑے امام تھے۔

چوتھی ڈگری میں تخلیق عالم کے اہم راز اور پیغمبروں سے متعلق تعلیم ہوتی تھی وہ سات ناموس الٰہی (پیغمبر) آدم سے اسمٰعیل بن صادق تھے اور انکے ساتھ سات چار بیش پیغمبر ہوئے تھے

پانچویں ڈگری میں یہ تعلیم تھی کہ ہر پیغمبر نے ترویج دین کیلئے بارہ داعی مقرر کئے تھے

چھٹی ڈگری میں یہ اصول ذہن نشین کرایا جاتا تھا کہ احکام شرعی فلسفہ اور عقل کے تابع ہیں

ساتویں میں اصوات کے رموز اور انکے قائم مقام حروف کی قوت بتائی جاتی تھی

آٹھویں ڈگری میں حرکات و افعال و نسان کا باہمی اتحاد بتایا جاتا تھا اور

نویں ڈگری میں یہ آخری سبق ملتا تھا کہ یقین کسی چیز کا نہ کرنا چاہئے اور جہالت ہر امر میں اور ہر جگہ کیلئے ضروری ہے۔ (حسن بن صباح مصنفہ شہر ص ۷ اور ۸)

بتیسواں باب

زمین کی گردش

رصدگاہ میں پہونچتے ہی عمر نے اپنے نئے منصوبہ پر کام کرنا شروع کردیا۔ اس کے ماتحت بھی اس کی طویل غیر حاضری کے بعد دوبارہ واپسی پر بہت خوش ہوئے لیکن یہ دیکھ کر بہت مایوس ہوئے کہ عمر ایک ایسے کام میں مصروف تھا جو اس کی شایان نہیں تھا اور ان کے نزدیک انتہائی معمولی تھا۔

عمر نے رصدگاہ کے برج کی پہلی منزل سے ہر چیز ہٹا دی اور سات فٹ اونچے تختے چاروں طرف دیوار میں جڑ دیے گئے۔ ان تختوں کے اوپر ایک انچ کے فاصلے سے ہزاروں موم بتیاں جما دی گئیں اور ان پر چھوٹے چھوٹے شیڈ لگا دیے گئے تاکہ جب وہ روشن ہوں تو انکی روشنی ایک دائرہ کی شکل میں ہو ـــــ ان تختوں پر دوازدہ بروج کی اشکال مختلف رنگوں سے بنائی گئیں اور یہ اہتمام رکھا گیا کہ ان موم بتیوں کی روشنیاں صرف ان اشکال پر ہی پڑیں۔

پہلے روز جب یہ موم بتیاں تجربہ کے طور پر روشن کی گئیں تو عمر کے ماتحتوں کی سمجھ میں کچھ نہ آیا ان کے نزدیک یہ ایک معمولی بات تھی جس کو

ہر بچہ تک جانتا تھا ـــ تمام ہیئت داں اور مہندس اس بات پر متفق تھے کہ منطق البروج کی اشکال کو واضح کیا گیا تھا اور اس سے زیادہ کچھ نہ تھا ـــ بہر حال کسی کی سمجھ میں کچھ نہ آیا۔

اس کے بعد دو تین روز تک اس کمرہ میں کام ہوتا رہا ـــ اب اس کمرہ کا نام "حجرہ منطق البروج" رکھا تھا ـــ عمر نے بھی ان کاریگروں کے ساتھ دن رات ایک کر دیا جو یہاں کام کر رہے تھے اس حجرہ کے فرش میں ایک بڑا سا سوراخ کیا گیا ـــ اس کے بعد لکڑی کا ایک گول ستون اس حجرہ میں لایا گیا جس کے نچلے سرے میں ہینڈل لگے ہوئے تھے جیسے پسائی کی چکی کے پتھر کو گھمانے کے لئے ہینڈل ہوتے ہیں اس ستون کو حجرہ میں اس طرح فٹ کیا گیا کہ اسکا نچلا سرا دوسری منزل تک آتا تھا اور اسی میں ہینڈل لگے ہوئے تھے۔

جب سارا انتظام مکمل ہو گیا تو عمر نے نیشاپور کے علماء کو دعوت دی اور خصوصاً حجۃ الاسلام امام غزالی کو جو اسوقت درسگاہ نیشاپور کے صدر المدرسین تھے۔

یہ سارے مہمان بڑی بڑی امیدیں لے کر آئے تھے کہ دیکھیں خواجہ عمر کیا تماشہ دکھانے والے ہیں یہ کسی کو نہیں معلوم تھا کہ عمر نے ان کو کیوں بلایا تھا ـــ عمر نے ہر معزز مہمان کا خیر مقدم اسکے رتبہ کے مطابق کیا اور خاص طور سے امام غزالی کو صدر جگہ پر بٹھایا وہ اسوقت اپنا مخصوص بھورے رنگ کا کمبل اوڑھے ہوئے تھے اور ویسے ہی

کمبل کا ایک کرتہ ان کے جسم پر تھا۔ امام غزالی کو دنیائے اسلام نے حجۃ الاسلام کا خطاب دے رکھا تھا اور مذہبی معاملات میں اتھارٹی سمجھے جاتے تھے ـــــ عمر کے ماتحتوں کو یہ بات بہت ناگوار ہوئی کہ اتنے معمولی تماشے کے لیے حجۃ الاسلام کو تکلیف دی گئی ـــــ لیکن ان کو کیا معلوم تھا کہ عمر اور امام غزالی کے تعلقات کتنے دوستانہ تھے اور عمر میں زیادہ ہونے کی وجہ سے وہ امام غزالی کا کتنا احترام کرتا تھا۔

رصدگاہ کے چمن میں عمر نے تمام مہمانوں کی خاطر تواضع کی اپنے ہاتھوں سے ان کے سامنے شربت اور پھل پیش کئے۔ امام غزالی اس وقت انتہائی سنجیدہ نظر آ رہے تھے۔

"آج میں نے آپ صاحبان کو اس لیے تکلیف دی ہے کہ میں اپنی ایک نئی معلومات کی تصدیق کرانا چاہتا ہوں" عمر نے کہا "اگر آپ میرے ساتھ تشریف لے چلیں تو ـــــ"

"ضرور ضرور ـــــ" امام نے اٹھتے ہوئے کہا "بسم اللہ ـــــ"

جب یہ سارے مہمان برج کی اوپری منزل میں پہنچے تو وہاں چھوٹی چھوٹی سوم بتیوں کی مدھم روشنی کے علاوہ سارے کمرہ میں تاریکی تھی۔ عمر نے دوسرے مہمانوں کو ایک طرف بٹھا دیا صرف امام کو کمرہ کے وسط میں جگہ دی۔

"یہ کیا چیز ہے؟" عمر نے ان اشکال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا "کیا آپ بتانے کی تکلیف گوارہ فرمائیں گے؟"

"مجھے تو منطق البروج کی اشکال معلوم ہو رہی ہیں" امام نے کہا "یہ حمل ہے ـــــ وہ ثور ہے وہ جوزا ـــــ اور آخر میں حوت ـــــ دوازدہ بروج کی اشکال کو ترتیب وار بنایا گیا ہے"

"اب کیا حجۃ الاسلام یہاں کھڑا ہونا پسند کریں گے؟" عمر نے ستون سے لگے ہوئے ایک تختے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا "آپ کا رخ پہلی شکل کی طرف ہونا چاہیئے"

عمر کے سارے ماتحت اور دوسرے مہمان آنے والے لمحات کا بےچینی سے انتظار کر رہے تھے۔ ان لوگوں کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ آخر عمر نے کیا بکھیڑا پھیلایا ہے ـــــ کچھ لوگ کھسر پھسر بھی کرنے لگے تھے صرف امام غزالی خاموش اور سنجیدہ تھے۔ امام جب اس تختہ پر کھڑے ہو گئے تو عمر نے تالی بجائی۔

امام غزالی زیر لب مسکرانے لگے کیوں کہ ان اشکال کا روشن دارہ اب گھومنے لگا تھا۔ ان کے قدموں کے نیچے کوئی چیز گھومتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی ـــــ کہیں دور ہلکی سی گڑگڑاہٹ کی آواز آ رہی تھی اور وہ ستون تیزی کے ساتھ گھوم رہا تھا ـــــ وہ اشکال ان کی نظروں کے سامنے سے سینما کی تصویر کے مانند گزر رہی تھی ـــــ جب آخری برج کی شکل بھی گذر گئی تو وہ ستون تھم گیا اور امام غزالی نیچے اتر آئے

"کیا یہ برج اپنی بنیادوں کے ساتھ گردش کر سکتا ہے!" امام غزالی نے تعجب سے کہا "واللہ خواجہ تم نے کمال کر دیا!"

عمر نے کوئی جواب نہیں دیا اور اسوقت تک خاموش رہا جبتک وہ اپنی جگہ پر جاکر بیٹھ نہ گئے۔

"یاسیدی" امام کے ایک شاگرد نے کہا "اس برج نے گردش نہیں کی ہے ـــــ بلکہ صرف وہ ستون گھوم رہا تھا جس پر آپ کھڑے تھے

"لیکن میں تو اپنی جگہ سے ہلا تک نہیں ہوں"

"لیکن آپ نے اس ستون کے ساتھ اس کمرہ کا پورا چکر لگایا ہے" عمر نے کہا "کوئی عمارت کس طرح گردش کر سکتی ہے"

"لیکن کس طرح ـــــ"

"یہ ستون نیچے کے کمرہ سے گھمایا جارہا تھا جس طرح چکی کا پاٹ گھمایا جاتا ہے" عمر نے وضاحت کی "جب میں نے تالی بجائی تو میرے ملازموں نے ستون کو گھمانا شروع کر دیا تھا ـــــ آپ یقین کیجئے۔ صرف وہی ستون گردش کر رہا تھا جس سے ملحق آپ کھڑے تھے"

"لیکن اس شعبدہ بازی کا مقصد؟" امام نے سخت لہجہ میں کہا

"اس لئے کہ اس زمانہ میں آپ ہم سب سے عقلمند ہیں اور میں چاہتا تھا کہ آپ کی زبان سے وہ سنوں جو آپ نے اپنی آنکھ سے دیکھا ہے ـــــ آپ کی تصدیق ہر شخص معتبر سمجھے گا اور آپ کی گواہی کی کوئی تکذیب نہیں کر سکتا ـــــ آپ کی نظریں روشنی اور منطق البروج کی اشکال پر لگی تھیں اور اس ستون کو گردش میں لایا گیا جس کے برابر آپ کھڑے تھے آپ نے بھی ستون کے ساتھ گردش کی

لیکن آپ کو محسوس یہ ہوا کہ پوری عمارت گردش کر رہی ہے ـــــ یہ کیوں ہوا؟"

"اس لئے کہ میرے پاؤں کے نیچے جو تختہ تھا وہ ستون کے ساتھ گردش کر رہا تھا۔" امام غزالی نے غصہ سے کہا "کیا اٹھیلیوں سے تم نے یہی شعبدہ بازی سیکھی تھی؟"

"میری یہ مجال نہیں ہے کہ میں حجۃ الاسلام کے سامنے شعبدہ بازی کا مظاہرہ کر سکوں۔" عمر نے کہنا شروع کیا "اسکا حقیقی نظارہ تو آپ روزانہ رات کو خود ہی ملاحظہ کرتے ہیں ـــــ منطق البروج ہمارے سروں پر سے روزانہ گذرتا ہے اور اس میں سے سیارے علی ہ گذرتے ہیں ـــــ ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنی جگہ پر قائم ہیں اور یہ ستارے ہمارے چاروں طرف گھومتے ہیں ـــــ ہزارہا برس سے لوگ اسی غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ زمین قائم ہے اور آسمان گردش کرتا ہے ـــــ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس ستون کی مانند دن رات میں ایک بار زمین بھی دوسرے سیاروں کی مانند گردش کرتی ہے ـــــ میں نے آپ کو اور تکلیف دی تھی کہ آپ کی دو واحد ہستی ہے؟ ہمیشہ نہ رہی ہے ـــــ آپ بھی اپنی آنکھ سے دیکھیں گے، ہی زبان سے کہیں گے:

"خدا میں بڑی طاقت ہے۔" امام غزالی نے کہا "اسکی قدرت سے ناممکن کچھ نہیں ہے ـــــ ممکن ہے کہ تمہارا یہ تجربہ صحیح ہو لیکن اس وقت زمین پر رہتا ہو ـــــ اس کے علاوہ ہمارا عقیدہ خود ہی

"کہا ہے کہ دنیا بھی دوسرے سیاروں کی مانند ہے اور ہماری دنیا کی مانند دوسرے سیاروں میں بھی آبادیاں موجود ہیں۔"

"آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ ستارے گردش نہیں کرتے" ایک طالب علم نے ہمت کر کے عمر سے پوچھا۔

"ہاں ـــ اس کا ثبوت دیجئے" کئی آوازیں آئیں۔

"ثبوت واضح ہے" عمر نے کہا۔

"تو بتائیے"

"دوسرے ستاروں کے مقابلہ میں یہ سیارے ہماری دنیا سے زیادہ قریب ہیں ـــ مریخ ـــ زہرہ اور آفتاب ـــ قمر تو بہت ہی قریب ہے ـــ اور یہی وجہ گرہن کی ہوتی ہے جب ہماری زمین اور آفتاب کے درمیان سے چاند گزرتا ہے تو زمین کا عکس اس پر پڑنے لگتا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ گرہن ہوا اس طرح یہ بات تو صاف ہوئی کہ تمام سیارے صرف زمین کے گردش کرتے ہیں لیکن دوسرے ستارے ہماری زمین سے کروڑوں میل کے فاصلہ پر ہیں ان کی گردش ایک دن میں کس طرح پوری ہو سکتی ہے ـــ ایک آدمی نیشاپور میں اور دوسرا قاہرہ میں کھڑا ہو کر تقریباً سب ہی ستاروں کو بیک وقت دیکھ لیتا ہے۔ کرۂ ارض سے زیادہ فاصلہ ہونے کی وجہ سے معمولی فرق بھی نہیں ہوتا ـــ لیکن ہم کرۂ ارض کے دو دور دراز مقامات سے سورج چاند اور دوسرے سیاروں کو بیک وقت نہیں دیکھ سکتے ہیں۔

اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ تمام ستارے جامد ہیں صرف سیارے گردش کرتے ہیں اور انہیں ہماری زمین بھی شامل ہے کہ کائنات کے مقابلہ میں اس کی حیثیت سب سے کم ہے۔"

"لیکن یہ کس طرح آپ کہہ سکتے ہیں کہ دوسرے ستارے گردش نہیں کرتے" ایک دوسرے طالب علم نے اعتراض کیا۔

"یہ بات تو طے شدہ باقی تمام ستارے ہم سے کافی فاصلہ پر ہیں اور اسی لئے وہ ہم کو چھوٹے نظر آتے ہیں" عمر نے کہنا شروع کیا اتنا زیادہ فاصلہ ہونے کی وجہ سے ان کو گردش کرنے کے لئے بہت زیادہ وقت کی ضرورت ہوتی ہے ـــــ اور زمین کا ایک چکر پورا کرنے کے لئے انہیں ایک مدت درکار ہوتی ـــ حالانکہ ہم یہ دیکھتے ہیں ایک ستارہ جو ہماری نظروں سے غائب ہو جاتا ہے دوسرے روز پھر نمودار ہو جاتا ہے۔"

"کیا خدا میں یہ قدرت نہیں ہے کہ وہ اسی ستارے کو روزانہ ہماری دنیا کے چاروں طرف گردش کرا سکے" ایک طالب علم نے کہا۔

"نعوذ باللہ" عمر بولا "خدا کی قدرت اس سے بھی زیادہ ہے۔ ہمارے وہم و خیال سے بھی برتر ہے اور اسی طاقت سے اور اس کے حکم سے ہمارے ننھے منے جسم حرکت کرتے ہیں ـــ خدا کے حکم کے بغیر ایک ذرہ تک حرکت نہیں کر سکتا ہے کائنات کا ذرہ ذرہ اسی کے تابع اور اسی کے قبضہ قدرت میں ہے ہماری طرح اجرام فلکی کیلئے بھی

فنا ہے اور ــــ

اب مغرب کی نماز کا وقت ہو گیا تھا اس لئے امام غزالی کھڑے ہو گئے

"عمر خیام" انھوں نے جاتے ہوئے کہا "جہاں تک ستاروں کا فاصلہ اور انکی گردش کا سوال ہے مجھے ان چیزوں پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن یہ ہم انسانوں کی سوچنے کی باتیں نہیں ہیں یہ اسکے بھید ہیں وہی انکو جانتا ہے ــــ جن کو وہ چاہتا ہے راہ راست پر لاتا ہے اور جو بے حکم ہیں ان کو گمراہ کرتا ہے۔ قرآن شریف میں خدا فرماتا ہے۔ یُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ؕ"

"کل میں درسگاہ جاؤنگا" عمر نے کہا "اور اپنی تمام عمر کی محنت کے نتائج کو عوام کے سامنے رکھونگا نا معلوم پھر کبھی موقعہ مل سکے یا نہ مل سکے ــــ"

امام غزالی اس کو حیرت بھری نظروں سے دیکھنے لگے "کیا تم پاگل ہو گئے ہو عمر خیام؟"

"نہیں ــــ ایک شخص ہمیشہ زندہ نہیں رہ سکتا ہے کیا خبر ہے کہ میری زندگی کا چراغ کس وقت گل ہو جائے اس لئے بہتر یہی ہے کہ میں اپنی زندگی ہی میں لوگوں کو آگاہ کر دوں کہ میں نے اپنی تمام زندگی میں کیا معلومات حاصل کی ہیں۔"

"عمر خیام تم اپنی زبان بند رکھو تو بہتر ہے" امام غزالی نے مشورہ دیا۔ "ممکن ہے کہ اس قسم کی لایعنی اور بے معنی باتوں سے تمہارے خلاف

کوئی طوفان اٹھ کھڑا ہو ـــ اگر تم کو کوئی نقصان پہونچا تو مجھے رنج ہوگا ـــ آخر میں میری خدا سے التجا ہے کہ وہ تمہارے دل و دماغ کو ایمان سے منور فرمائے اور تم کو صحیح راستہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔"

عمر بہت دیر تک اس جوان سال اور کمبل پوش امام کو دیکھتا رہا جو جاتے وقت بھی بجائے غصہ کے عمر کے لئے دعائے خیر مانگ گئے تھے ـــ جب وہ نظروں سے اوجھل ہو گئے تو عمر اپنے کمرہ میں آگیا۔

"یا خواجہ یہ تو بہت برا ہوا" ایک ماتحت نے کہا "اب یہ خبر سارے نیشاپور میں آگ کی طرح پھیل جائے گی کہ آپ نے حجۃ الاسلام کو شعبدہ بازی دکھائی ـــ ہم لوگوں کا باہر نکلنا بیٹھنا بند ہو جائیگا۔"

"اگر آپ کل درسگاہ نہ جائیں تو ممکن ہے کہ بات دب جائے" دوسرے ماتحت نے کہا۔

"میرے مقدر میں جو لکھا ہے وہ میری یا تمہاری کوششوں سے مٹ نہیں سکتا" عمر نے کہا اور تاز پڑھنے کے لئے چلا گیا۔

تینتیسواں باب

طوفان کی شروعات

آج کل پورے نیشاپور میں یہی چرچا تھا کہ عمر خیام نے حجۃ الاسلام کو اپنے یہاں بلا کر ان کے علم و فضل کا امتحان لیا اور انکو قائل کرنے کی کوشش کی۔ بازاروں۔ قہوہ خانوں اور کاروان سراؤں میں ہر شخص اسی موضوع پر گفتگو کرتا تھا۔ کچھ لوگوں کا کہنا تھا کہ عمر نے اپنی شعبدہ بازی سے حجۃ الاسلام کی زبان بند کر دی لیکن جب انھوں نے قرآن کا سہارا دیا تو عمر کا سر شرم سے جھک گیا اور وہ کوئی جواب نہ دے سکا ـــــ کچھ لوگوں کو یقین تھا عمر نے حجۃ الاسلام کو کوئی تماشہ دکھانے کے لئے بلایا تھا اور وہ تماشہ اسی مشین سے دکھایا گیا جو مدتوں سے رصدگاہ میں نصب ہو رہی تھی۔ بہرحال اس قسم کی بے بنیاد افواہیں اڑتی رہیں نہ تو عمر نے اس کی تردید کی اور نہ امام غزالی نے ـــــ اصل واقعہ کا علم صرف ان لوگوں کو ہی تھا جو اس روز رصدگاہ میں موجود تھے۔

اسحاق دربان نے یہ واقعہ سوداگروں کے ایک قافلے سے سنا جو بلخ جا رہا تھا ـــــ ان میں سے ایک ساربان اسحاق کا دوست تھا اور ہمیشہ قصر کو چک کے قریب سے گذرتے ہوئے وہ اسحاق سے بات چیت

کرتا تھا لیکن اس بار اس نے اس دروازہ پر تھوک دیا جس پر اسحاق بیٹھا تھا

"صحرا کے ناپاک کیڑے یہ کیا حرکت" اسحاق نے گرج کر کہا "خدا کرے تیرے باپ کی قبر پر کتے پیشاب کریں"

"اور یہ گھر ان کتوں سے بھرا ہوا ہے ـــ تمہارا آقا بھی ان میں سے ایک ہے" ساربان نے کہا "لعنت ہے اس پر ـــ میں نے اسی لئے تم پر اور تمہارے آقا کے دروازہ پر تھوکا تھا"

"یہ آج تجھے کیا ہو گیا ہے" اسحاق نے پوچھا اس کو ساربان کے ترکی بہ ترکی جواب پر بہت تعجب ہو رہا تھا کیونکہ یہ وہی ساربان تھا جو عمر کی بہت عزت کرتا تھا اور وہی کیا اس طرف سے جو بھی قافلہ گذرتا اس کے ساربان اور سوداگر عمر کے قبر کو احترام کی نظروں سے دیکھتے کبھی کبھی یہ لوگ اسحاق کو تحفے تحائف بھی دیا کرتے تھے۔

"کیا تم نے سنا نہیں" ساربان نے چابک کے پاس آکر کہا "اس طور نے ـــ تمہارے آقا نے اس شیطانی برج میں ایک جال پھیلایا تھا پھر کسی بزرگ کو وہاں بلایا ـــ میں انکا نام تو بھول گیا لیکن بہت بڑے مولوی اور امام ہیں ـــ انھوں نے تمہارے آقا کے جال کو تار تار کر دیا ـــ مرا لے والی کی، یوں سے میں نے سنا ہے کہ تمہارے آقا نے بڑے مدرسہ میں جا کر دن۔ رات۔ آسمان اور زمین کے متعلق ایسی باتیں کہیں جو خدا کے نزدیک بری ہیں اور علی کہتے ہیں۔

ساربان نے اپنی جیب سے انار نکالا اور اسکے چھلکے اتارنے لگا۔

الموت کا محاصرہ بھی اٹھا لیا گیا کیونکہ اس رسالہ کے سردار کو برکیارق کے کیمپ میں شریک ہونے کے لئے طلب کیا گیا تھا برکیارق ملک شاہ کا لڑکا تھا اور نظام الملک کا لڑکا فخر الملک اس کی تاج پوشی کی کوشش کر رہا تھا۔

دوسری طرف ملک شاہ کے دوسرے لڑکے شہزادہ محمد کو بغداد کے خلیفہ نے ملک شاہ کا جانشین تسلیم کر لیا تھا اور احکامات تک صادر ہو چکے تھے۔ سلطنت کے وفادار دو حصوں میں بٹ گئے ایک پارٹی شہزادہ برکیارق کو سلطان بنانا چاہتی تھی دوسری شہزادہ محمد کو۔۔۔ ملک کے اندر طوائف الملوکی اور خانہ جنگی شروع ہو گئی۔

حسن بن صباح تو اس موقعہ کا منتظر ہی تھا اور اب تو اسے محاصرہ سے بھی نجات مل گئی تھی اسمٰعیلیوں کی کانفرنس منعقد کرنے کے لئے وہ شہر پہنچ گیا۔ یہی وقت اس کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کا تھا وہ خدا سے چاہتا تھا کہ ملک میں خانہ جنگی ہو اور ایران کا امن تباہ ہو۔۔۔ اسکے پیروؤں نے اپنے مذہب کا پروپیگنڈا زور و شور کے ساتھ جاری کر دیا شہزادہ برکیارق اور شہزادہ محمد کے باہمی تنازع سے حسن کو براہ راست فائدہ پہنچ رہا تھا۔ شام میں بھی اسمٰعیلیوں کا قلعہ بن گیا۔۔۔ اصفہان میں کوہ دزدان پر انکا قبضہ پہلے سے ہی تھا اب کھلم کھلا وہاں مجلسیں ہونے لگیں۔۔۔

سلطان کے انتقال کی خبر سنتے ہی لیلیٰ نے بھی بہت سے مسلح سپاہی ملازم رکھ لئے ان میں زیادہ تر عرب تھے قابل اعتماد اور بہادر عرب

جنہیں ایرانیوں کی کوئی پرواہ نہیں تھی ـــــ لیلیٰ انکو عمدہ غذائیں کھلاتی اور کافی تنخواہیں دیتی۔ اس نے نیشاپور کے بازار سے کئی تیز رفتار گھوڑے اور لدّو اونٹ بھی خرید لئے تھے اسکو خطرہ تھا کہ نامعلوم کب برا وقت آجائے ـــــ اسی وقت کیلئے اس نے سپاہیوں کو رکھا تھا۔ تیز رفتار گھوڑے اس کو اور عمر کو آن کی آن میں نیشاپور کی سرحدوں سے باہر لیجا سکتے تھے ـــــ اس کو ایرانیوں پر بالکل بھروسہ نہیں تھا وہ جانتی تھی کہ یہ بھیڑ چال ہیں جس طرف سے بھی زور پڑا یہ ادھر ہی چل پڑیں گے۔

اب چونکہ امراء کا طبقہ اندرونی سازشوں میں مصروف تھا اس لئے عمر کا حافظ بھی دب گیا تھا۔ اب وہ جلسے اور جلوس بھی بند ہو گئے جو عمر کے خلاف ہوا کرتے تھے ہر شخص کو اپنی اپنی پڑی ہوئی تھی ـــــ بازاروں۔ قہوہ خانوں اور کاروان سراؤں میں باتیں اب بھی ہوتیں لیکن ان کا موضوع وہ فوجیں ہوتیں جو بغداد یا رے سے آرہی تھیں رات کے وقت شہر پناہ کے پھاٹک بند کر دیے جاتے اور رات بھر مسلح سپاہی سڑکوں پر گشت کرتے رہتے۔

ایک وقت ایسا آیا کہ عمر کی تنخواہ ملنا بھی بند ہو گئی لیکن عمر کو روپیہ کی ضرورت بھی نہیں تھی اس کے پاس بے شمار دولت تھی جو اس کی ساری زندگی گذارنے کے لئے کافی تھی۔

لیلیٰ نے کئی بار عمر سے برکیارق کے پاس جانے کے لئے کہا

برکیارق نے حال ہی میں بغدادی فوج کو پسپا کیا تھا وہ سمجھتی تھی کہ پیشگوئیاں کرنے کا یہ سنہری موقعہ تھا ۔۔۔ اس فتح پر درباری شاعر عزی نے ایک قصیدہ بھی لکھا تھا ۔۔۔ اگر عمر بھی وہاں موجود ہوتا تو اس کی گری ہوئی عزت دوبارہ حاصل ہو سکتی تھی لیکن عمر نے انکار کر دیا ۔۔۔ اس نے ملک شاہ کے سوگ میں سیاہ لباس پہن رکھا تھا۔

"اب تم کو مرے ہوئے لوگوں کو فراموش کر دینا چاہیے" لیلیٰ نے کہا "وہ مٹی میں مل چکے اور اب تمہارے لئے کچھ نہیں کر سکتے ۔۔۔ اب تم زندوں کے پاس جاؤ ۔۔۔ شہزادہ برکیارق کے تعریف میں رباعیاں لکھو ۔۔۔ پیشگوئیاں کرو ۔۔۔ پھر دیکھو کہاں سے کہاں پہنچتے ہو ۔۔۔"

"مجھے اس کی تمنا نہیں ہے" عمر نے کہا "میں اپنی موجودہ حالت پر مطمئن ہوں"

"اب تمہاری عمر چالیس سے زیادہ گذر چکی ہے" لیلیٰ نے جھنجلا کر کہا "لیکن ابھی تک تم کو زندگی میں سکون نصیب نہ ہوا ۔۔۔ تم بھی دوسرے امراء کی طرح کوشش کیوں نہیں کرتے ۔۔۔ خدا کی مار ہو اس رصدگاہ پر جہاں پر بیٹھے ہوئے تم ہر وقت کاغذ پر لکیریں کھینچتے رہتے ہو ۔۔۔ خدا کے لئے اٹھو اور شہزادہ برکیارق کی خدمت میں حاضری دو ۔۔۔ اب اسکے ہی سلطان ہونے کا امکان ہے"

"میں نے دنیا میں صرف ایک بادشاہ کی ملازمت کی ہے

اور وہ ملک شاہ تھا ـــــ اب یہ جسم کسی دوسرے کا غلام نہیں ہو سکتا ـــــ اس کے علاوہ مجھے آج کی رات چاند گرہن کا مشاہدہ بھی کرنا ہے"

عمر قصرِ کوچک کی چھت پر پہنچ گیا اور اس کے دروازہ پر دارالقضاۃ کے سپاہی بلانے کے لئے آ گئے۔ آج عمر کے خلاف لگائے گئے الزامات کے مقدمہ کی سماعت تھی۔ دارالقضاۃ بڑے بڑے مولویوں سے بھرا ہوا تھا اور عمر کا انتظار ہو رہا تھا ـــــ عمر کو ہر حال میں وہاں پہونچنا لازمی تھا۔

باب

چونتیسواں باب

بھیانک طوفان

جب دار القضاۃ میں داخل ہوا تو اس مجلس میں شہر کے تقریباً تمام علما و دانا و فلسفی موجود تھے اس نے ایک ہی نظر میں سب کو دیکھ لیا صرف امام غزالی موجود نہیں تھے صدر مقام پر مفتی اعظم بیٹھے تھے عمر خیام یہ دونوں نہ دیکھ سکا تھا۔

وہ جہاں پر درسگاہ کے اساتذہ کے سامنے تقریر کرنے کیلئے یا مفتی اعظم کو صلاح و مشورہ دینے کے لئے اکثر آچکا تھا اسلئے یہاں بیٹھے ہوئے زیادہ تر لوگ اس کی جان پہچان کے تھے۔ مقلد عمر نے ان لوگوں کی بے رخی کو دیکھ کر اندازہ کر لیا آج خیر نہیں ہے۔۔۔ اگر ملک شاہ زندہ ہوتا تو شاید یہ نوبت ہی نہ آتی لیکن اب معاملہ دوسرا تھا۔ سب سے پہلے اس نے قاضیوں کے سامنے حلف اٹھایا کہ کوئی چیز چھپائی نہیں جائے گی اور اپنے بیانات میں وہ سچائی سے کام لے گا۔

ایک قاضی نے کھڑے ہو کر عمر خیام بن ابراہیم سابق شاہی منجم کے خلاف لگائے گئے الزامات کی فہرست پڑھنا شروع کیا۔

پہلا الزام تو عمر کی تصانیف پر تھا جو ملک شاہ کے حکم سے ملک کی تمام درسگاہوں کے نصاب میں شامل تھیں۔

"ان کتابوں کی تصانیف جو عمر خیام نے یونانیوں سے استفادہ حاصل کیا ہے" قاضی نے پڑھنا شروع کیا "یونانی ـــ اشراقی ـــ اسکندریہ اور افلاطونی اسکول کے فلاسفر اور حکماء کی پیروی کی گئی ہے تصوف اسلام سے ان کا کچھ بھی نہیں ہے جس میں بجائے حکماء کے انبیاء کے احوال کی پیروی ہوتی ہے اور اس کا مرکز خیال ثبوت ہوتا ہے ـــ اس لئے ایسی کتابوں کو نصاب سے خارج کر دینا چاہئے۔"

دوسرا الزام عمر پر کافر ہونے کا تھا۔ اس زمانہ کے مشہور علماء نے اس پر کفر کے فتوے لگائے تھے۔ اور ان فتووں کے بنیاد یہ تھی کہ عمر خیام نے ملک شاہ کو بہکا کر ایک نئی تقویم بنائی اور اس طرح قمری سال کے بجائے ملک شاہی سال جاری ہوا ـــ وقت کو ناپنے کے لئے ملحدوں اور کافروں کے طریقے استعمال کئے ـــ یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ زمین آفتاب کے گرد گردش کرتی ہے اور آسمان اپنی جگہ پر قائم ہے یہ سارے

واقعات عمر کے خلاف ثابت ہو چکے تھے اور ان کے عینی گواہ اس وقت بھی وہاں موجود تھے۔

تیسرا الزام یہ تھا کہ عمر نے وقتاً فوقتاً ایسی رباعیاں لکھیں جن سے عوام میں دہریت اور کفر پھیلا ـــــ یہ ساری رباعیات اسلامی روایات کے خلاف تھیں۔

" حالانکہ یہ رباعیات اسلامی ابھی تک کتاب کی شکل میں جمع نہیں ہو سکی ہیں " اسی قاضی نے کہا " لیکن میں نے کئی ایسی رباعیاں حاصل کر لی ہیں ـــــ اگر مفتی اعظم کی اجازت ہو تو ان رباعیوں کو پڑھ کر سناؤں ؟ ـــــ نقل کفر کفر نہ باشد"

ہر شخص سنبھل کر بیٹھ گیا اور پوری مجلس میں دلچسپی پیدا ہو گئی۔

" پڑھو " مفتی اعظم نے کہا۔

قاضی نے آہستہ آہستہ رباعی پڑھنا شروع کی۔

صانع بجہاں کہنہ، چوں ظرفیست
آئی است معنی و بظاہر برفیست
بازیچہ کفر و دین بطفلان بسپارہ
بگذر ز مقامے کہ خدا ہم حرفیست

عمر نے تعجب کے ساتھ اس رباعی کو سنا " یہ میری رباعی نہیں ہے " اس نے کہا " یہ میرے اوپر سراسر بہتان ہے میں

اس معبودِ حقیقی کی شان میں ایسی گستاخی نہیں کرسکتا ہوں ــــ"

وہ ایک دم کھڑا ہوگیا اس نے سوچا کہ اس کے لئے سب سے بہتر طریقہ یہی ہے کہ خاموش رہے اور عدالت کے فیصلہ کو خدا پر چھوڑ دے۔

"تم کو اپنی صفائی میں کچھ کہنا ہے" مفتی اعظم نے پوچھا۔

"صرف ایک رباعی ــــ اور کچھ نہیں ــــ"

گوید مرا کہ مے پرستم ہستم

گوید مرا فاسق و مستم ہستم

در ظاہر من نگاہ بسیار مکن

کاندر باطن چنانکہ ہستم ہستم

"یہ رباعی یہاں کے ماحول سے متاثر ہوکر میں نے ابھی کہی ہے" عمر نے کہا اور خاموش ہوکر بیٹھ گیا۔

"اچھا اب تم باہر جاکر بیٹھو اور فیصلہ کا انتظار کرو" مفتی اعظم نے کہا۔

جب وہ دروازہ کی طرف بڑھا تو اس مجمع سے ایک چیچک رو درویش نے آگے بڑھ کر بہت آہستہ سے کہا جس کو صرف عمر ہی سن سکا "سب سے بہتر پناہ گاہ الموت ہے" لیکن عمر نے کوئی جواب نہ دیا۔ اور دارالقضاۃ کے باہر آکر بیٹھ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد فیصلہ سنانے کے لئے مفتی اعظم خود اسکے پاس

تشریف لائے۔

"تمہاری ساری کتابوں کو نصاب سے خارج کیا جاتا ہے اور ان کو ضبط کر کے ضائع کر دیا جائے گا رصد گاہ بھی بحق سرکار ضبط کی جاتی ہے اور اب وہ درسگاہ نیشاپور کی ملکیت تصور کی جائے گی ـــــ اس کے دروازہ کے اندر قدم رکھنے کی تم کو اب اجازت نہ ہوگی ـــــ تم آئندہ کسی عوامی جلسہ یا تقریر نہ کر سکو گے۔"

"بہتر ہے" عمر نے کہا "اور میرے متعلق؟"

مفتی اعظم سوچنے لگے "کچھ قاضیوں کا خیال ہے کہ تم پاگل ہو اور خدا کی پھٹکار تمہیں ملتا ہو ـــــ اب میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ واقعہ کہاں تک درست ہے ـــــ بہرحال تم آزاد ہو لیکن چوبیس گھنٹے کے اندر تم کو نیشاپور چھوڑنا پڑے گا۔"

"کب تک کے لیے؟"

"ہمیشہ کے لیے۔"

جب مفتی اعظم چلے گئے تو عمر بھی مسجد سے باہر نکل آیا۔ اب وہ آہستہ آہستہ شارع کتب فروشاں کی طرف جا رہا تھا ـــــ راستہ پر مڑتے ہوئے وہ چشمہ پر جا کر رک گیا ـــــ پانی اسی طرح روانی کے ساتھ بہہ رہا تھا جیسے، سب سے پچیس سال پہلے اور اسی طرح اس کے کنارے عورتیں بیٹھی ہوئی

اپنے گھوڑوں کو پانی سے بھر رہی تھیں لیکن اب نہ یاسین تھی نہ رحیم ـــــ نہ بختیار تھا نہ نظام الملک ـــــ اس کے سارے دوست رخصت ہو چکے تھے صرف وہی تنہا رہ گیا تھا۔

لیلیٰ نے روتے ہوئے سارا حال سنا اب وہ نیشاپور میں ایک منٹ بھی رہنا نہیں چاہتی تھی وہ سمجھ گئی تھی کہ اب یہاں رہنے میں خطرہ تھا فرار ہونے کے لئے ابھی کافی وقت تھا اس کے پاس تیز رفتار گھوڑے اور لدّو اونٹ موجود تھے پھر نا معلوم یہ چیزیں بھی نہ رہیں لیکن عمر نیشاپور چھوڑنے کو تیار نہ ہوا۔

دوسری شام کو اسحاق اس کے پاس دوڑتا ہوا آیا۔

"یا سیدی ـــــ میں نے رصدگاہ کی طرف ایک بڑے مجمع کو جاتے ہوئے دیکھا ہے" اس نے کہا "اس میں شہر شہر کے غنڈے بھی ہیں جو آپ کے خلاف نعرے لگا رہے تھے ـــــ خدا کے لئے جلدی چلئے ہم یہاں پر بھی محفوظ نہیں ہیں کسی وقت بھی وہ لوگ قصر کو حملہ کر سکتے ہیں"

"ایک گھوڑا تیار کرو" عمر نے فوراً اٹھتے ہوئے کہا اور لیلیٰ سے کہتا گیا کہ اس کے جانے کے بعد وہ پھاٹک بند کر کے اندر سے تالا ڈال لے۔ پھر گھوڑے پر سوار ہو کر شہر کی طرف روانہ ہو گیا۔

اس وقت سڑک بالکل ویران پڑی تھی جب وہ قبرستان

کے پاس پہونچا تو اس کے سامنے رصد گاہ کی عمارت تھی ـــــ بجائے رات کی تاریکی کے وہاں روشنی ہو رہی تھی جو لمحہ بہ لمحہ بڑھتی ہی جا رہی تھی جب وہ اور قریب پہونچا تو اس نے آگ کے شعلے دیکھے جو پوری رصد گاہ کو اپنے لپیٹ میں لئے ہوئے تھے۔ باغیچہ کے پھاٹک سے گذر کر وہ تیزی کے ساتھ اندر کی طرف دوڑنے لگا دھوئیں کے بادل اس کی چاروں طرف بھنور کی مانند گھوم رہے تھے وہ زندہ دھند عمارت کی طرف بھاگ رہا تھا کسی شخص نے اسکا بازو پکڑ کر گھسیٹ لیا۔

"او خدا ـــــ کیا تم اندھے ہو ـــــ دیکھ نہیں رہے ہو کہ وہاں آگ لگی ہوئی ہے اور تم وہاں جا رہے ہو؟"

"اب تو آگ بہت بڑھ گئی" عمر نے بے قراری کے ساتھ کہا

"ہاں ـــــ اور عنقریب ساری رصد گاہ جل کر خاک ہو جائیگی" اس اجنبی نے جواب دیا۔

وہ لوگ جنھوں نے اس کو رصد گاہ کے دروازہ سے کھینچ کر علیحدہ کیا تھا آپس میں باتیں چیت کرنے لگے ـــــ انمیں سے کچھ لوگوں کے پاس سامان کے بنڈل بھی تھے ـــــ دو شخص مغلق البروج کی ان اشیاء کی تقسیم میں جھگڑا کر رہے تھے۔ جس کو عمر نے سینکڑوں روپیہ خرچ کر کے بنوایا تھا ـــــ غم و بیخودی کے عالم میں عمر اس مجمع کو دیکھ رہا تھا جو اب رصد گاہ کو لوٹنے کے بعد

چمن میں کھڑا ہوا تھا اور رصدگاہ کے جلنے کا منظر دیکھ رہا تھا رصدگاہ کی اوپری منزل کو آگ نے ختم کر دیا تھا اور وہ گرنے لگی تھی۔

عمر کی ساری کتابیں ـــــ سیاروں کی جدولیں ـــــ زندگی بھر کے مشاہدات کے ریکارڈ ـــــ اقلیدس پر نامکمل تصنیف سب کچھ اسی منزل میں تھا۔

"میری کتابیں ـــــ" وہ یکبارگی چیخ سا پڑا۔ "کتابوں کا کیا ہوا؟" اس نے برابر کھڑے ایک آدمی کو جھنجھوڑ کر پوچھا۔

"وہ تو سب آگ کی نذر کر دی گئیں ـــــ ہم نے صرف کتابیں ہی وہاں چھوڑ دی تھیں۔"

اب آگ بھی ٹھنڈی ہو چلی تھی اور ہوا میں بھی قدرے کمی آگئی تھی لوگوں نے واپس جانا شروع کر دیا کیونکہ انہیں شہر پناہ کا دروازہ بند ہو جانے کا خوف تھا ـــــ جیسے جیسے رات بڑھتی گئی وہاں ویرانی اور تنہائی میں اضافہ ہوتا گیا۔ اب چاند بھی پورا روشن ہو گیا تھا اور تقریباً تمام لوگ جا چکے تھے وہ آہستہ آہستہ اپنے چمن کی طرف بڑھا۔ اس کی لگائی ہوئی ساری کیاریاں روندی پڑی تھیں۔ گلاب کے تختے پاؤں سے کچل کر زمین دوز ہو گئے تھے۔ اس نے سوچا کہ اچھا یہی ہے کہ جلد سے جلد اس اجاڑ جگہ سے روانہ ہو جائے جہاں اس کے ارمانوں کی لاشیں پڑی تھیں جہاں اس کی تمناؤں کی قبریں بنا دی گئی تھیں

باغ سے باہر نکل کر معلوم ہوا کہ اسکا گھوڑا بھی غائب تھا یا تو کسی نے پار کر دیا تھا یا وہ غریب خود ہی اس دوڑ بھاگ سے گھبرا کر رفو چکر ہو گیا تھا۔ وہ پیدل ہی روانہ ہو گیا اسکے سر پہ چاند چمک رہا تھا جس کی روشنی میں اس کا واحد رفیق اس کا سایہ ساتھ دے رہا تھا لمبے لمبے قدم اٹھاتا ہوا وہ شہر پناہ کے پھاٹک پر پہونچ گیا لیکن وہ مدت کا بند ہو چکا تھا۔ اس نے پہریداروں کو کئی آوازیں دیں لیکن کوئی بھی نہ بولا۔

وہاں سے مایوس ہو کر وہ پھر ایک سمت کو روانہ ہو گیا اسکی کوئی منزل نہیں تھی جہاں بھی مقدر لے جائے آخر چلتے چلتے وہ ایک گاؤں میں پہونچ گیا اب کافی رات آ چکی تھی لیکن گاؤں کی ایک دوکان کے دروازہ سے روشنی باہر آ رہی تھی۔ اندر سے آتی ہوئی قہقہوں کی آوازوں اور ستار بجنے کی آواز سن کر اس کے قدم رک گئے۔

اس نے دیکھا کہ ایک دوکان میں کمہار کا چاک گڑا ہوا تھا اور اس کے قریب ہی مٹی کے بہت سے آبخورے اور صراحیاں سوکھنے کے لئے رکھی ہوئی تھیں۔ اس کے برابر والی دکان سے روشنی اور شراب کی بھبک آ رہی تھی۔ خدا کا نام لے کر وہ اس دوکان میں داخل ہو گیا۔

دوکان کے اندر الماریوں میں صراحیاں رکھی ہوئی تھیں کئی

لالٹینیں روشن تھیں دری کے فرش پر ایک دیہاتی لڑکی بیٹھی ہوئی ایک نوجوان سے مسکرا کر باتیں کر رہی تھی یہ نوجوان ستار بجا رہا تھا اور اس کے سامنے ایک صراحی میں شراب اور جام رکھا ہوا تھا ایک بوڑھا آدمی الماری میں سے شراب کی صراحی نکال رہا تھا۔

عمر کو دیکھتے ہی وہ بوڑھا ایک دم اچھل پڑا لیکن پھر اسکے مسکراتے ہوئے چہرہ کو دیکھ کر فوراً مطمئن ہو گیا۔

"تشریف لائیے" بوڑھے نے آگے بڑھ کر عمر کا خیر مقدم کیا "میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں"

"مجھے صرف ایک رات گذارنا ہے" عمر نے کہا اگر آپ کوئی جگہ عنایت کر سکیں تو میں ممنون ہوں گا ـــــ مجھے نیشاپور جانا تھا لیکن وہاں کا پھاٹک بند ہو چکا ہے"

"ضرور ـــــ ضرور ـــــ" بوڑھے نے کہا "میرا غریب خانہ حاضر ہے ـــــ اس کے علاوہ اگر آپ کو کسی دوسری چیز کی رغبت ہو تو وہ بھی حاضر ہے" وہ صراحی کی طرف بڑھنے لگا۔

"شکریہ" عمر نے کہا "میں اس نعمت سے تو محروم ہوں"

"خوب!" بوڑھے نے تعجب سے کہا وہ اپنے دل میں کہہ رہا تھا کہ جب اس نعمت سے محروم تھے تو یہاں کیوں آئے

کہیں اور ٹھکانا کیا ہوتا لیکن وہ اپنی زبان دے چکا تھا اس لئے خاموش رہا۔ "آپ بہت غمگین نظر آ رہے ہیں؟"

"ہاں" عمر نے افسردگی کے ساتھ جواب دیا۔ "دنیا کی اس وسیع آبادی میں ایک بھی اپنا ہمراز و ہمدم نہ پا سکا ـــــ دنیا والوں نے اتنا تنگ کر دیا کہ وہاں سے بھاگ کر یہاں پناہ لینا پڑی۔"

عمر نے اپنے لباس میں نظر ڈالی جو گرد و غبار سے اٹا ہوا تھا اس نے ایک گہری سانس لی اور اس بوڑھے کمہار کو بھی دیکھنے لگا جو اس کو اس وقت فرشتہ معلوم ہو رہا تھا ـــــ

کافی رات گزرنے کے بعد وہ اس دکان کے ایک کونے میں پڑ رہا۔ رات کو جب آنکھ کھلی تو پیاس معلوم ہوئی اس نے اٹھ کر صراحیوں کو دیکھا لیکن وہاں پانی کا کیا کام ہر جگہ شراب ہی شراب تھی پھر دوبارہ سو گیا۔

جب کسی نے اس کا کندھا پکڑ کر ہلایا تو آنکھ کھلی اس نے آنکھیں ملتے ہوئے دیکھا صبح کی مدھم روشنی دکان میں آ رہی تھی اور بوڑھا کمہار اس پر جھکا ہوا تھا۔ "اٹھئے صاحب ـــــ کیا آج آپ نماز نہیں پڑھیں گے؟"

عمر ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھا اگر بوڑھا کمہار نہ اٹھاتا تو آج کی نماز قضا ہو جاتی اس نے بوڑھے کی طرف ممنون نظروں سے دیکھا اور وضو کرنے کے بعد نماز پڑھنے لگا ـــــ آج کی نماز میں اس کو

جتنا لطف آیا تھا شاید زندگی میں پہلے کبھی نہ آیا ہو ـــــ بہت دیر تک خاموش بیٹھا سوچتا رہا پھر پورے کمہار کو آواز دے کر بلایا اور اپنی رباعی سنائی جس کا مضمون اسی وقت اس کے دماغ میں آیا تھا۔

خشتی ز بہر در سرِ خُم کردیم
وز خاک خرابات تیمم کردیم
باشد کہ درین میکدہ با دریابیم
عمری کہ در آں مدرسہ با گم کردیم

پھر دوبارہ سونے چلا گیا ـــــ اور دن گذرنے لگے سونا اور جاگنا ـــــ جاگنا اور سونا ـــــ دن کے وقت کمہار کے پورے ہاتھ مٹی کی عجیب عجیب شکلیں بناتے ـــــ صراحیاں۔ آبخورے ـــــ اور عمر دن کو اٹھا اٹھا کر آوے میں رکھتا۔ پکنے کے بعد انکو گدھوں پر لادتا ـــــ کمہار دن کو فروخت کرنے کے لئے بازار لے جاتا رات کو عمر لطف اٹھاتا اپنی موجودہ زندگی پر فخر کرتا ـــــ آج کل وہ مٹی پر سوچتا ـــــ یہی وہ مٹی ہے جو کبھی ذی ہوش آدمی بنتی ہے کبھی جماد کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے ـــــ کبھی اس سے راشتی کا دل دیوانہ اور کبھی شرابی کا پیالہ اور پیمانہ بنایا جاتا ہے ـــــ اور کبھی یہ مٹی کسی شہریار کی شہرگ کا خون اور کبھی لالہ بستانی کا رنگ بنتی ہے۔ اور یہ واقعہ ہے کہ مٹی سے زیادہ انقلاب وفنا پر

حقیقی مواد اسے کہاں مل سکتا تھا ـــــ کبھی کوزوں اور صراحیوں پر نظر پڑتی تو وہ بول اٹھتا:۔

در کارگہ کوزہ گری رفتم و دوش

دیدم دو ہزار کوزہ گویا و خموش

ناگاہ یکے کوزہ بر آورد بہ خروش

کو، کوزہ گرو۔ کوزہ خرو۔ کوزہ فروش

"میری وجہ سے تمہیں کوئی تکلیف تو نہیں ہے" ایک روز عمر نے کمہار سے پوچھا۔

"نہیں میاں ـــــ تکلیف کیوں ہوتی ـــــ آپ کے آنے سے تو میرا کاروبار دوگنا چوگنا ہو گیا ہے" کمہار نے کہا "لیکن آپ کے کرنے کا یہ کام نہیں تھا آپ کو ضرور صدمہ ہوتا ہوگا"

"اوہ ـــــ اس کی فکر نہ کرو ـــــ جو دن گذر گئے وہ

---

[1] ترجمہ از حضرت مولانا حامد حسین قادری مدظلہ:۔

کل کوزہ گری دیکھ کے جاتے رہے ہوش

گویا تھے ہزار کوزے ـــ لیکن تھے خموش

ایک کوزے سے شور اٹھا کہ ہو جائیں گے خاک

سب کوزہ گرو۔ کوزہ خرو۔ کوزہ فروش

پھر نہیں آ سکتے"

ایک روز تو صبح کا سورج ایک نئی مصیبت لایا۔ عمر کو سوتے سے اٹھانے والی لیلیٰ تھی اس کی آواز غصہ کی وجہ سے کانپ رہی تھی اس کے برابر اسحاق کھڑا تھا۔

"واہ یہ بھی خوب رہی" لیلیٰ نے ہاتھ مٹکا کر کہا "ہم نے تو تمہاری تلاش میں جان لڑا دی ـــــ ہفتے ہو گئے نیشاپور کا کونہ کونہ چھان ڈالا اور آپ یہاں مزے کر رہے ہیں ـــــ قصر کو چاک لٹ گیا ـــــ مہاجنوں نے قرضے میں اس کو نیلام کرا یا۔ رصدگاہ جل کر خاک ہو گئی لیکن تمہیں کچھ بھی خبر نہیں ہے"

"جو ہونا تھا ہو چکا" عمر نے بے پرواہی سے کہا "اب تو رصدگاہ کی خاک ہوا میں بھی اڑ چکی ہو گی۔ اور ممکن ہے کہ یہاں کی صراحیوں اور انگوروں میں اس کی مٹی بھی شامل ہو چکی ہو ـــــ پھر کیا فکر!"

"اب نئے سلطان کے دربار میں تمہارا مذاق اڑایا جاتا ہے" لیلیٰ نے کہا "تمہاری جنتری منسوخ کر دی گئی اور دوبارہ قمری جنتری شروع کر دی گئی ہے ـــــ"

"میری جنتری ـــــ میری جنتری کبھی ختم نہیں ہو سکتی ـــــ اگر سلطان نے اس کو منسوخ کر دیا ہے زمانہ ختم نہیں کر سکتا۔ عورتیں دریا پر نہاتے وقت میرا مذاق اڑاتی ہیں تمہارا نام لے کر چڑاتی ہیں کہ او خیام کی کنیز! اب تیری بہار ختم ہو گئی ـــــ

تمہاری ساری جائداد ختم ہو گئی ـــــ دولت لٹ گئی ۔ میرے اور اسحاق کے پاس صرف ایک ایک گھوڑا رہ گیا ہے اور وہ لباس جو جسم پر ہے ـــــ اور تم یہاں کمہار کی لڑکی سے عشق ـــ اور ۔ ؟" عمر نے بیٹھتے ہوئے کہا "لیلیٰ میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ اب ایسا نہ ہو گا ـــــ عورتیں میرا نام لے کر اب تمہیں نہ چھیڑیں گی ـــــ ہاں اسحاق" وہ اسحاق کی طرف مڑا "تمہارے پاس تو میری کئی من چاندی ہے ؟"

"ارے! اسحاق کے پاس تمہاری چاندی ہے!" لیلیٰ نے چونک کر کہا "کتنی ہے ؟"

"اور لیلیٰ تمہارے پاس بیس توڑے اشرفیوں کے اور جواہرات ہیں" عمر نے کہا۔

لیلیٰ اور اسحاق نے ایک دوسرے کو شکایت آمیز نظروں سے دیکھا ان دونوں کو بالکل خبر نہیں تھی کہ ایک دوسرے کے پاس کیا تھا۔ ان دونوں کو شبہ تو پہلے بھی تھا کہ عمر دل کا حال جان لیتا ہے لیکن آج یقین ہوا دونوں کے سر شرم سے جھک گئے۔

"ٹھیک ہے" عمر نے کمہار کی طرف مخاطب ہو کر کہا "بڑے میاں تم گواہ رہنا ـــــ میں نے اپنی ساری دولت جو میری کنیز لیلیٰ اور غلام اسحاق کے پاس ہے ان دونوں کو دیتا ہوں ـــــ جو کچھ بھی

جس کے پاس ہے وہ اس کا شرعی مالک ہے ـــــ نیشاپور جاکر مفتی اعظم کے سامنے تو گواہی دے کر اس کی تصدیق کرا دینا"

"لیکن آقا آپ؟" اسحاق نے بے چینی سے پوچھا۔

"میں! ـــــ میرے پاس اب کیا رہ گیا ہے ـــــ میری کتابیں درسگاہوں کے نصاب سے خارج کر دی گئیں، وہ تلف کر دی گئیں ـــــ رصدگاہ جلا دی گئیں ـــــ جائداد ضبط ہو گئی ـــــ قصر کو چک نیلام ہو گیا ـــــ جنتری منسوخ ہو گئی ـــــ اپنے وطن نیشاپور سے نکال دیا گیا ـــــ اب" عمر نے ٹھنڈی سانس بھری "ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں ـــــ تم میری فکر نہ کرو ـــــ آج سے میں تم دونوں کو آزاد کرتا ہوں

دونوں نے جھک کر سلام کیا۔

"اور مفتی اعظم سے یہ بھی کہہ دینا کہ میں اس قافلہ کے ساتھ چلا جاؤں گا جو عنقریب حلب کو جانے والا ہے" عمر نے کہا

"اچھا اب تم نیشاپور جاؤ ـــــ تم دونوں جاؤ۔"

اپنے گھوڑوں پر سوار ہوتے وقت دونوں کھسر پھسر کر رہے تھے۔ لیلیٰ اپنی نقاب کے اندر رو رہی تھی اسحاق نے آگے بڑھ کر رکاب میں پاؤں جمانے میں اس کی مدد کی تو اسے روتے دیکھا۔ "اب تجھے کیا ہوا جو تو رو رہی ہے" اسحاق نے پوچھا۔

"مجھے نہیں معلوم ـــــ لیکن کیا ـــــ کیا یہ سب اشرفیاں اور

جواہرات میرے ہی ہیں ــــ؟"

"بالکل ــــ آقا نے ابھی تو کہا تھا"

لیلیٰ نے آنسو پونچھ لئے۔ نیشاپور میں مفتی اعظم کے مکان کی طرف جاتے ہوئے، وہ بازار کی طرف دیکھے بغیر نہ رہ سکی جہاں عورتیں کھڑی ہوئی قسم قسم کا ریشمی کپڑا خرید رہی تھیں۔

۳۵

چینتیسواں باب

سناٹا

خراساں روڈ سے دو منزل پر ایک کاروان سرائے کے صحن میں وہ بیٹھا ہوا تھا اس کے سامنے آگ جل رہی تھی اور وہ آلتی پالتی مارے ہوئے زمین پر بیٹھا ہوا آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلوں کو دیکھ رہا تھا جنہوں نے رات بھر اسے گرم رکھا تھا اسکے کندھے پر ایک اونٹ کے بالوں کی عبا پڑی تھی جو انتہائی بوسیدہ اور جگہ جگہ سے پھٹی ہوئی تھی۔ اس نے اپنے ننگے پاؤں آگ کے سامنے کر رکھے تھے جو ٹھنڈ کی وجہ سے برف ہو رہے تھے اور ان میں پڑے ہوئے چھالوں اور زخموں سے تکلیف بھی غائب ہو چکی تھی ـــــ وہ رات جو الاؤ کے سامنے بیٹھا رہا اب صبح ہونے والی تھی ـــــ ایک تیز ہوا کے جھونکے نے بہت سے سوکھے پتے اس کے سامنے لا کر ڈھیر کر دیئے اس نے اپنی شکستہ دامن میں ان کو بھرا اور آگ میں جھونک دیا ایک لمحہ کے لئے

شعلے بلند ہوئے اور وہی ٹھنڈ ـــــ اس کی پیٹھ میں کھجلی ہو رہی تھی اس نے ایک سوکھی ہوئی ٹہنی اٹھا کر کھجایا اب صبح ہونے میں تھوڑی ہی دیر باقی تھی ستارے جھلملا کر بجھتے جا رہے تھے۔

کوئی چیز اسے دیر سے پریشان کر رہی تھی اور وہ تھی گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز جو سخت زمین اور رات کے سناٹے میں دیر سے آ رہی تھی ـــــ تھوڑی ہی دیر کے بعد اسے ایک سوار آتا ہوا معلوم ہوا

"اوہ!" اس نے اطمینان کی سانس لی کیونکہ وہ کوئی فوجی رسالہ وغیرہ نہ تھا بلکہ ایک سوار تھا ایک معمولی سوار ـــــ

سوار نے اس آگ کو دیکھا تو گھوڑے سے اتر پڑا اور گھوڑے ایک پیڑ سے باندھ کر وہیں آ کر بیٹھ گیا "اوہ اللہ ـــــ" اس نے اس طرح سانس بھری جیسے بہت دور سے آ رہا ہو" نیشاپور اب کتنی دور رہ گیا ہوگا؟" سوار نے پوچھا "اے شخص تم نے خواجہ عمر خیام کو تو نہیں دیکھا جو کسی قافلے کے ساتھ سفر کر رہا ہے؟"

اس نے چند خشک لکڑیاں آگ پر ڈالیں اور سوچنے لگا اسی وقت سرائے کے دروازہ سے کوئی شخص نکلتا ہوا نظر آیا یہ سرائے دار تھا جو اس سوار کی آواز سن کر باہر نکل آیا تھا۔

"آپ کیا دریافت کر رہے ہیں؟" سرائے دار نے

سوار سے پوچھا۔

"میں خواجہ عمر خیام کی تلاش میں ہوں" سوار نے کہا "آپ کے یہاں تو وہ مقیم نہیں ہیں؟"

"نہیں" سرائے دار نے جواب دیا "ہمارے یہاں بہت سے سوداگر آج کے قافلے کا انتظار کر رہے ہیں لیکن ان میں خواجہ عمر خیام کوئی نہیں ہے"

"میرا ہی نام عمر خیام ہے" شکستہ حال شخص نے کہا۔

دونوں آدمی ـــ سوار اور سرائے دار اسے مشتبہ نظروں سے دیکھنے لگے پھر سوار نے زور سے قہقہہ لگایا۔

"میرے خدا!" سوار کے لہجہ میں تمسخر تھا "کیا مصر کے خلیفہ کا خط مجھے ایسے شخص کو دینا ہوگا جو کسی سرائے کا چوکیدار ہو! ـــ جس کے بال بڑھے ہوئے ہوں اور لباس بوسیدہ ہو! ـــ خلیفہ نے عمر خیام کے نام ایک خط بھیجا ہے کہ وہ آکر مصر کی رصدگاہ کا چارج لے لے ـــ مجھے حکم ملا ہے کہ میں خواجہ عمر خیام کو مصر کے دربار تک احترام اور حفاظت کے ساتھ پہونچا دوں ـــ" اور اس نے پھر قہقہہ لگایا کیونکہ ظاہری شکل و صورت سے وہ عمر کو پاگل سمجھ رہا تھا۔

"عمر نیشاپور میں ہی ہوں" عمر نے ایسے لہجہ میں کہا کہ دونوں مرعوب ہو گئے۔

اپنی جیب سے سوار نے ایک لفافہ نکالا جس پر بہت سی شاہی مہریں لگی تھیں "یہ دیکھئے" اس نے عمر کے سامنے خط پیش کر دیا۔

"الموت کا حسن بن صباح بھی تو آج کل مصر میں ہے" عمر نے کہا۔

"ارے! یہ آپ کو کس طرح معلوم ہوا!" سوار نے حیران ہو کر کہا کیونکہ حسن اس وقت بہت خفیہ طور سے وہاں پہنچا تھا "آپ کہہ تو صحیح رہے ہیں لیکن ——"

"مجھے قلم اور دوات کی ضرورت ہے" عمر نے سرائے دار سے کہا جس کا منہ اس وقت حیرت سے کھلا ہوا تھا کیونکہ یہ وہی شخص تھا جسے اس نے سرائے کے اندر قیام کرنے سے منع کر دیا تھا اس کے خیال سے عمر کوئی چور اچکا تھا۔

خط کو اٹھا کر وہ دیکھنے لگا لیکن کھولا نہیں —— وہ کافی وزنی تھا اس لئے یہ ظاہر تھا کہ کافی طویل ہوگا —— اپنے ہاتھ پر وزن کرتے ہوئے اس نے آنکھیں بند کیں اور سوچنے لگا۔

اس وقت اس کی نظروں کے سامنے سینما کی تصویروں کی طرح گذشتہ زمانہ پھرنے لگا —— نظام الملک اور حسن بن صباح اس کے ساتھ بیٹھے مدرسہ میں پڑھ رہے ہیں۔ پھر نظام سے دوبارہ ملاقات ہونا جو اس سے نئی جنتری کے لئے کہہ رہا تھا۔

دوسرا مین آیا رصدگاہ کی عمارت بن رہی تھی ملک شاہ اس سے گفتگو کرنے کیلئے کہہ رہا تھا ـــــ پھر رحیم ـــ بختیار اور حشام کی تصویریں آگئیں ـــــ یاسمین کی موت کا نقشہ ـــــ پھر عدالت کے سامنے حاضری مفتی اعظم کا فیصلہ ـــ رصدگاہ کا چلنا ـــــ جائداد کی ضبطی ـــــ جلاوطنی ـــ غرضکہ ہر تصویر صاف اور واضح طور پر اس کی نظر کے سامنے تھی ـــــ اس نے اپنی زندگی ایک خشک پتے کی مانند گذاری تھی جس کو ہوا ہمیشہ اڑا اڑا کر لے جاتی رہی ہو ـــــ کبھی وہ خود پر نازاں تھا اس کو اپنی دولت علم اور رتبہ پر فخر تھا لیکن آج ـــــ اس نے اپنے ہاتھ ایسے پردے کی طرف بڑھائے جو غیر محسوس تھا لیکن اس کے بجائے اس کے ہاتھوں میں سرائے دار نے قلم دیدیا۔

اس کو دو راستوں میں سے ایک کو چننا تھا ـــــ ایک طرف دبی پچھلی زندگی ـــــ دوسری طرف ایک نئی زندگی ـــــ ماضی کی تلخیاں اسے جلد فیصلہ کرنے میں اکسا رہی تھیں ـــــ خلیفہ کو جواب دینا بھی ضروری تھا آگ کے قریب ہو کر اس نے بند لفافے کی پشت پر صرف چار سطریں لکھ دیں ـــــ اپنا آخری فیصلہ :-

من گوہر خود بہ قیمتم نہ دہم — در دو تو بعد ہزار درہم نہ دہم
خاک در تو بہ مملکت جم نہ دہم — یک موے ترا بہ ہر دو عالم نہ دہم

اس نے وہ لفافہ قاصد کی طرف بڑھا دیا۔

"لیکن آپ نے خط تو پڑھا ہی نہیں" سوار نے تعجب سے کہا۔

"مجھے معلوم ہے کہ اس میں کیا لکھا ہے"

وہ قاصد کھڑا ہو گیا ـــــ حلیف نے اس کو بتایا تھا عمر ایک پُراسرار شخصیت کا مالک ہو گا وہ انسانی قسمتوں کا حال جاننے والا ہو گا اور واقعی وہ ایسے ہی نکلا ـــــ اپنا گھوڑا کھول کر وہ سرائے دار کے ساتھ سرائے میں چلا گیا۔

عمر نے آسمان کی طرف دیکھ کر ٹھنڈی سانس لی اب وہ دنیا میں ایسا ہی تھا جس طرح یہاں پیدا ہوا تھا۔ نہ دوست۔ نہ ساتھی۔ نہ غلام اور نہ رشتہ دار ـــــ

اس نے دونوں ہاتھوں سے اپنا سر تھام لیا اور آگ کے سامنے اکڑوں بیٹھ گیا۔

"یا خدا! تو خوب جانتا ہے کہ میں نے اسکان بھر تجھ کو جانا ہے" اس نے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہا "میری بقیہ زندگی تیری بندگی میں گذرے"

اب کہیں دور سے ہوا کے جھونکوں کے ساتھ قافلہ کے آوازیں آنے لگیں وہ جلدی اٹھ بیٹھا اور ادھر ادھر دیکھنے لگا تارے جھلملا کر پھیکے پڑ گئے تھے ـــــ وہ ڈگمگاتے ہوئے قدموں سے سرائے کے دروازہ کی طرف بڑھنے لگا اس نے سرائے کے تمام مسافروں کو جگا دیا کیوں کہ اب قافلہ کی گھنٹیوں کی آواز تیز

آنے لگی تھی ـــــ ہر شخص تمر پر خفا ہوا کہ اس نے سوتے سے کیوں اٹھا دیا لیکن جب یہ معلوم ہوا کہ قافلہ آنے والا ہے ہر شخص خاموش ہو گیا۔

امیر کارواں نے عمر کی شکل دیکھ کر اندازہ کر لیا تھا کہ وہ کوئی فقیہ ہوگا اس لئے اس نے قافلہ میں شریک کرنے سے انکار کر دیا۔

"لیکن اس کے نام خلیفہ مصر کا خط آیا تھا" ـ اس نے دار سے کہا "میں نے خود اپنی آنکھوں سے اس کو نظم میں جواب لکھتے ہوئے دیکھا ہے"

امیر کارواں نے اپنی داڑھی کے بل دیکھا "اچھا وہ خیام ہے!" اس نے عمر کی طرف حیرت سے دیکھتے ہوئے کہا "خیر اگر تمہاری مرضی ہے تو اپنے کارواں میں شریک کر لو لیکن اونٹ کا کرایہ کون دیگا؟"

"میرے پاس صرف ایک انگوٹھی ہے" عمر نے اپنی انگلی سے مصر کی انگوٹھی اتارتے ہوئے کہا۔ "اس وقت تو اسکی قیمت تھوڑی ہی ہے لیکن ممکن ہے کہ آئندہ اس انگوٹھی کی قیمت سے کئی اونٹ خرید لو"

"خیر ـــــ یہی سہی ـــــ جلدی کرو"

"میں تیار ہوں" عمر نے کہا اور اپنا بوسیدہ لبادہ اٹھا کر اونٹ پر سوار ہو گیا جو اس کے واسطے کارواں سرائے کے دروازہ پر

بجھا دیا گیا۔

کارواں روانہ ہو گیا ـــــ اس کارواں کی منزل حلب تھی لیکن عمر بجائے خود ایک ایسا کارواں تھا جس کی کوئی منزل نہ تھی ـــــ لیکن آخر میں ان دونوں قافلوں کی ایک ہی منزل تھی ـــ موت

محمود نیازی

خواجہ قطب۔ بریلی

۸ / جون ۱۹۵۸ء

خیام

اس ناول کی تیاری میں مندرجہ ذیل کتب سے استفادہ حاصل کیا گیا ہے۔

۱۔ تاریخ کامل ـــــ ابن اثیر

۲۔ ابن خلکان ـــــ (ترجمہ ایب ارسلان)

۳۔ تاریخ فاطمیین مصر ـــــ مولفہ ڈاکٹر زہیر علی

۴۔ آئین اکبری ـــــ ترجمہ فدا علی طالب

۵۔ سلاجقہ ۔ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی

۶۔ نظام الملک طوسی ۔ مولوی عبدالرزاق کانپوری

۷۔ شعر العجم ۔ علامہ شبلی رح

۸۔ خیام ۔ سید سلیمان ندوی

۹۔ فردوس بریں ۔ مولانا عبدالحلیم شرر

۱۰۔ حسن بن صباح ۔ مولانا عبدالحلیم شرر

۱۱۔ حدائق النجوم

۱۲۔ سیاروں کا نظام ۔ محمد نظیر الدین

۱۳۔ سکونیات ۔ محمد نظیر الدین

۱۴۔ حرکیات ۔ محمد نظیر الدین

۱۵۔ علم ہیئت کروی ۔ محمد نظیر الدین

۱۶۔ اصطلاحات علم ہیئت

17. Omar Khyyam & his age—by Otto Rosenfeld.

18. Omar Khyyam by Harold Lamb.

19. Algebra of Omar Khyyam by Dabir S. Kasir.

20. Rubaiyat Omar Khyyam by Fitz Gerald.

۲۱۔ رسالہ کون و تکلیف ۔ عمر خیام } بجواد سید سلیمان ندوی
۲۲۔ رسالہ وجود موعود ۔ عمر خیام } بے ترجمہ و حاشیہ۔
۲۳۔ عرائس الفضائل ۔ عمر خیام } خیام صفدر ندوی ؛

حرفِ آخر

حجۃ الحق خواجہ امام عمر بن ابراہیم الخیامی پر یورپ نے بہت کچھ لکھا ہے کئی سو برس سے یہ سلسلہ جاری ہے اور نہ معلوم کب تک جاری رہے لیکن مشرق اور خاص طور سے ہندوستان کا اُردو داں طبقہ اسے صرف رباعی کو شاعری خیال کرتا ہے۔ ایک ایسا رند میخوار جس کے چاروں طرف شراب کے پیالوں اور صراحیوں کا انبار ہو اور وہ ان میں بیٹھا ہوا رباعیاں لکھ رہا ہو۔ اگر کوئی پڑھے لکھے یا ان پڑھ مولوی ثاقب کے سامنے خیام کا نام لیا جائے تو وہ منہ بنا کر کہتا ہے "لاحول ولاقوۃ تم نے بھی کس ملحد کا نام لیا ہے! ارے صاحب وہ تو دائم الخمر تھا۔ زندیق تھا کافر تھا"۔ اگر ہمت کر کے اس مولانا سے پوچھا جائے کہ کیوں صاحب آپ کے پاس اس کے زندیق۔ ملحد اور کافر ہونے کے کیا ثبوت ہیں؟ تو فوراً ہی خیام کی وہی رباعی پڑھ دی جاتی ہے جس میں "ابریق مے سر شکنی ربی" وغیرہ حالانکہ اس قسم کی بیہودہ رباعیوں سے خیام کو دور کا واسطہ بھی نہیں ہے اور یہ اس کی طرف سے منسوب کر کے گڑھ لی گئی ہیں۔ خیام کا سارا کلام شراب معرفت سے پر ہے۔ حق تعالیٰ کے ذکر و حمد سے لبریز ہے۔ اس کی تمام تصانیف خدا کے وجود اور اس کی ذات و صفات سے بھری ہوئی ہیں اُردو میں اس کی بیشتر رباعیات کا ترجمہ ہو چکا ہے لیکن لوگوں نے اس کو شراب کو جھوٹ والی معمولی شراب ہی سمجھا۔ پھر یہ کیا تصور جو اس نے خیام کی تمام معرفت کو WINE سمجھا۔ میں نے ایک دوست مہندر ہائے سکسینہ سے اپنے

"عمر خیام" کا ذکر کیا تو بولے کہ خیام کو تو میں جانتا ہوں" میں نے تعجب سے پوچھا کہ وہ کس طرح؟ کہنے لگے کہ خیام تو وہی ہے نا جس کی رباعیوں کا انگریزی ہندی میں بھی ہو چکا ہے ـــ وہ دارو کا بہت دلدادہ تھا اسکی ساری رباعیاں مدرا سے بھری ہوئی ہیں" اگر میں یہی سوال کسی اردو داں سے کرتا تو وہ بھی یہی جواب دیتا اگر وہ زیادہ پڑھا لکھا ہوتا ورنہ زیادہ تر لوگ تو خیام سے ناواقف ہی ہیں۔

ہیرالڈ لیمب تاریخی ناول لکھنے میں مشہور ہے اس کے کئی ناولوں کا ترجمہ اردو میں ہو چکا ہے جیسے امیر تیمور اور چنگیز خاں وغیرہ۔ مجھے اسکا ناول "عمر خیام" مل گیا۔ یہ ناول دلچسپ تو بہت تھا لیکن مصنف نے قدم قدم پر اسلام دشمنی کا مظاہرہ کیا تھا۔ سلجوقیوں کے حملوں کا ناموں حسن بن صباح کی ریشہ دوانیوں اور نظام الملک طوسی کی سیاسی سوجھ بوجھ کو نمایاں رنگ میں پیش کیا گیا۔ مجھے خیام سے دلچسپی پیدا ہو گئی اردو اور فارسی میں دوسرا لٹریچر تلاش کیا۔ سب سے پہلے علامہ شبلی کی شعر العجم ملی۔ اس میں خیام کا مختصر لیکن مستند حال تھا لیکن میرے کام نہ آسکی کیونکہ اس میں صرف خیام کی شاعری اور فلسفیانہ خیالات پر تبصرہ کیا گیا تھا۔ پھر میں نے ابن الاثیر کی تاریخ کامل تاریخ فاطمین مصر۔ ابن خلکان اور بہت سی مستند تاریخوں کا مطالعہ کیا۔ خیام پر سب سے بہتر سید سلیمان ندوی کی کتاب "خیام" سید سلیمان ندوی نے واقعات کی تلاش اور جستجو۔ ماخذوں اور سندوں کے حوالوں اور مختلف سنین کی تحقیق میں انتہائی احتیاط سے کام لیا تھا۔ ان کتابوں کو پڑھ کر

خیام کے متعلق بہت سی بدگمانیاں اور غلط فہمیاں دور ہو گئیں جو یورپ نے پیدا کی تھیں۔ یہ معلوم ہونے لگا جیسے نیشاپوری خیام اور یورپ کا خیام دو علیحدہ علیحدہ شخصیتیں ہیں ـــــ ایک طرف رندِ لاابالی۔ خدا کا منکر اور تناسخ کا قائل خیام دوسری طرف حدیث۔ لغت۔ فلسفہ اور تاریخ کا عالم۔ ریاضیات۔ حسابیات اور معقولات کا امام۔ خدا اور رسول کو ماننے والا۔ امام غزالی کا ہمعصر اور خاص دوست۔ حجۃ الحق خواجہ امام عمر خیام۔ وہ خیام جس نے حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ حضرت شیخ فریدالدین عطارؒ اور حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ جیسے بزرگوں کو دیکھا ہو اور ان سے فیضیاب ہوا ہو ان دونوں خیالوں میں کتنا فرق تھا! وہی جو مشرق و مغرب میں ہے جو آسمان اور زمین میں ہے ـــــ جو ایک عالم باعمل اور ایک عمل میں سست!

میرا یہ ناول اصلی مستند تاریخوں سے ماخوذ ہے۔ بالکل اصلی نوعیت واقعات و تعلق سے وہ ایک ایک لیکن کسی تحقیق میں ترجمہ نہیں ـــ وہ بھی صرف زیب داستان کیلئے ـــــ اگر میں ایسا نہ کرتا تو میرے ناول کا حشر بھی وہی ہوتا جو تاریخی کتابوں کا ہوتا ہے۔

اس ناول کے مطالعہ سے بہتر اگر خیام کے مختصر رباعیات بھی مطالعہ کیے جائیں تو بہتر ہوگا۔

عمر کے باپ کا نام ابراہیم تھا۔ وطن نیشاپور۔ تاریخ پیدائش ۴۲۷ھ ہجری۔ پیشہ خیمہ دوزی۔ اسی وجہ سے خیام کی نسبت کے ساتھ مشہور ہے۔ خیمہ دوز ہونا اسلام میں کوئی تحقیر یا توہین کا باعث نہیں ہے بلکہ

اسلامی معاشرت اور مساوات کی یہ روشن مثال ہے۔ اسلام میں مشاہیر عالم اور اکابر فن اور بزرگان دین میں بہت سی ایسی ہستیاں ملتی ہیں جو ادنیٰ خاندانوں اور چھوٹے پیشوں سے اعلیٰ مقامات پر پہونچیں۔ امام شمس الائمہ فقہ حنفی کے مشہور امام حلوائی تھے۔ حجۃ الاسلام امام غزالی سوت کاتنے والے تھے۔ وحدت کے مشہور مبلغ اور شہید حسن بن منصور حلاج نداف تھے مشہور بزرگ اور شاعر حضرت شیخ فریدالدین عطار تھے۔

خیام کی شادی ہوئی تھی اور اس کی اولاد کا سلسلہ بھی چلا تھا۔ مولوی عبدالرزاق صاحب کانپوری کی یہ روایت جو انھوں نے نظام الملک کے متعلق خیام میں تحفۃ العراقین کے حوالہ سے لکھی ہے صحیح نہیں ہے کہ عمر خیام نے کبھی تاہل کی زندگی اختیار نہیں کی اور ہمیشہ مجرد رہا۔ خیام کے معتقد اور پہلے سوانح نگار ابوالحسن بیہقی نے خیام کے داماد امام محمد بغدادی کی روایت سے اس کی وفات کا واقعہ نقل کیا ہے[1]۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خیام کی ایک نسل تھی اور اس کی شادی نیشاپور کے امام محمد نامی کسی شخص سے ہوئی تھی دولت شاہ سمرقندی نے خیام کے سلسلہ اولاد میں ایک شاہ ملک الکلام شاہ پور اشہری نیشاپوری کا ذکر کیا ہے[2] اور شاہ پور کے کچھ اشعار بھی لکھے ہیں۔

خیام نے مذہبی تعلیم جمال الاسلام امام موفق سے حاصل کی اسی زمانہ میں

---

[1] اقتباسات بیہقی ـــ بلیوٹ، کلکتہ، ایشیاٹک سوسائٹی فروری ۱۹۲۶ء

[2] تذکرہ دولت شاہ: سمرقندی ص ۱۳۰ ـ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد ص ۱۳۵

خیام

نظام الملک طوسی، حسن بن صباح اور عمر خیام کے ساتھ ساتھ پڑھنے کا واقعہ مشہور ہے۔ امام موفق جو زمانہ کے اتنے زبردست عالم تھے کہ ان کے صاحبزادے امام الحرمین کی تعلیم اور فیض تربیت سے امام غزالی جیسے شاگرد ہوئے۔ خیام کے اساتذہ ہیئت میں خواجہ ابوالحسن الانباری کا نام نمایاں نظر آتا ہے اس نے یونانی ہیئت کی سب سے بڑی کتاب المجسطی ان سے ہی پڑھی تھی۔ خیام نے اپنے رسالہ کون و تکلیف میں ابوعلی سینا کو اپنا استاد (معلم) لکھا ہے لیکن سنین مطالعت نہیں کرتے ممکن ہے کہ وہ انکا شاگرد ہو یا ان کے کسی شاگرد کا شاگرد ہو اور احتراماً معلم لکھا ہو۔ وہ ابوعلی سینا سے عقیدت تو انتہائی رکھتا تھا اور اس کے ایک کردہ مسئلہ عقول عشرہ کا وہ قائل تھا۔

تمام تذکرے متفق ہیں کہ فلسفہ و حکمت میں ابوعلی سینا کے بعد خیام کا ہی درجہ تھا۔ بیہقی اور شہرزوری کی رائے میں "حکمت کی مختلف قسموں میں ابوعلی سینا کے بعد وہی ممتاز تھا لیکن فلسفہ، ریاضیات اور معقولات میں تو وہ اس سے بھی بڑھ کر تھا۔" جب علماء نے خوارزم کا شمار کیا جاوے تو خیاد ات میں جو نام اور سب سے بلند مرتبہ اور ریاضیات میں سب سے بڑھ کر مشہور تھا وہ حکیم خاقانی نے اپنے تذکرہ میں اور فلسفی چغانی الدین عمر بن عثمان نے تعریف میں اسکو علم و نقل میں عمر خیام کا ثانی قرار دیا ہے۔[1]

---

[1] حیات خیام۔ مصنفہ نیاز احمد بریلی لکھنؤ۔

ز ان عقل بدو گفتہ کہ اے عمر عثمان
ہم عمر خیامی و ہم عمر خطاب رضؓ

خیام کے احکامات نجوم کی اتنی شہرت تھی کہ لوگ اس کی مثالیں دیتے تھے حالانکہ خود خیام کو نجوم سے ذرا بھی عقیدت نہیں تھی اور اسے لغو فن سمجھتا تھا۔ طب میں بھی اس کا پایہ بلند تھا۔ بیہقی نے لکھا ہے کہ ملک شاہ سلجوقی کے دربار کا طبیب بھی وہی تھا اس نے ملک شاہ کے لڑکے شہزادہ سنجر کا علاج کیا تھا جس کے بچنے کی امید نہ تھی لیکن وہ اچھا ہو گیا اور اپنے بھائیوں سے زیادہ اس نے حکومت کی۔ عقلیات کے علاوہ وہ علوم نقلی کا بھی عالم تھا[1]۔ شعر اور نثر میں ید طولیٰ رکھتا تھا ایک خشک فلسفی اور ریاضی دان کو فن قراءت سے کیا واسطہ لیکن وہ اس کا بھی ماہر تھا۔ قضیہ اس کے دائرہ کی چیز نہ تھی لیکن شہر زوری نے ثانی عہد الرشید بن نصر کے حوالے سے لکھا ہے کہ مرتے وقت اتفاقاً ایک دفعہ خیام سے اس کی ملاقات ہو گئی اس نے خیام سے سورۂ ناس اور سورۂ فلق کا مطلب دریافت کیا۔ سورۂ ناس میں بعض الفاظ کی تکرار کی وجہ پوچھی اس نے وہیں اپنے علم اور معلومات کا دریا بہانا شروع کر دیئے اور اس تفصیل سے ان سورتوں کی قضیہ بیان کی کہ اس کی وہ تقریر اگر قلم بند کی جاتی تو ایک ضخیم کتاب ہو جاتی اس کے رسالہ جبر و مقابلہ کے ایک نقرہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کو

---

[1] وکان عالماً باللغۃ والفقہ والتاریخ ... بیہقی و شہر زوری

ہندی ۔ ریاضیات میں بھی کافی دخل تھا اور اس نے ان طریقوں کی صحت پر ایک رسالہ بھی لکھا ہے بیہقی کی روایت ہے کہ اس کا حافظہ اتنا زبردست تھا کہ اصفہان میں ایک کتاب کو سات بار پڑھنے کے بعد یاد کر لیا اور تیرہ برس کے بعد نیشاپور آکر وہی کتاب بعینہ لکھوا دی ۔ وہ اپنے وقت کا زبردست انشا پرداز و ادیب تھا۔ وہ اپنے عہد کے دوسرے حکما کی مانند شاعر بھی تھا۔ عماد اصفہانی نے اپنی کتاب خریدۃ القصر (ادیبوں اور شاعروں کا تذکرہ) میں خیام کو ادیب اور شاعر کی حیثیت سے ہی جگہ دی ہے وہ لکھتا ہے اسکے اشعار کو یہ پرواز حاصل تھا (وَلَہٗ شِعرٌ طَائِرٌ) اس کی شاعری پیشہ ورانہ نہیں بلکہ علم و خیال کی شاعری تھی اس نے عربی اور فارسی میں دونوں میں اشعار کہے ۔ وہ فارسی رباعیات بھی کہتا تھا اور صرف ان رباعیوں کی بدولت ہی اس کی شہرت آج تک قائم ہے۔ اسکی رباعیات کا ترجمہ فٹز جیرلڈ نے کیا جس کی بدولت یورپ نے خیام سے دلچسپی لی۔ خیام سے پہلے زیادہ تر رباعیات تفریح اور تفریح متعلقین کے لئے مخصوص تھیں لیکن اس نے رباعی کو اپنی تعلیم حکمت کا ذریعہ بنایا۔ فلسفہ کے بیان کا کام لیا۔

خیام نے درس و تدریس کے بجائے اپنے آپ کو تحریر و تصنیف کا کام پسند کیا۔ اسکی تصنیفات بے شمار ہیں لیکن جن کے نام معلوم ہو سکے وہ یہ ہیں:

۱۔ رسالہ مختصر طبعیات یا رسالہ نوادر الامکنہ۔

۲۔ رسالہ بحث وجود

۳۔ رسالہ کون و تکلیف

۴۔ رسالہ اسئلہ ثلاثہ

۵۔ میزان الحکم یا رسالہ فی الاحتیال لمعرفۃ مقداری الذہب والفضۃ

۶۔ زیج ملک شاہی عمر الخیامی

۷۔ رسالہ فی شرح ما اشکل من مصادرات کتاب اقلیدس۔

۸۔ رسالہ فی الجبر و مقابلہ۔

۹۔ کتاب البرہان علی طرق استخراج اضلاع المربعات المنکعبات

۱۰۔ رسالہ فی کلیات الوجود

۱۱۔ رسالہ موضوع علم کلی و وجود

۱۲۔ رسالہ اوصاف یا رسالۃ الوجود

۱۳۔ بعض عربی اشعار

۱۴۔ رباعیات فارسی

۱۵۔ مکاتبات خیام

۱۶۔ نوروز نامہ

تمام تذکرہ نویس متفق ہیں کہ خیام اپنے شاگردوں کے ساتھ لطف سے پیش نہیں آتا تھا اور اپنے علم میں بخل سے کام لیتا تھا اس کے صرف تین شاگردوں کے نام معلوم ہو سکے ہیں۔ ابو المعالی عبداللہ بن محمد سیاں جی حکیم علی بن [illegible] قاضی۔ حسن بن عمر بن علی نظامی۔ عروضی۔ سمرقندی۔ [illegible] یہ [illegible] زیج المرسوم میں عالی رومی نے کسی کتاب کے

حوالہ سے لکھا ہے کہ امام غزالی باصرار خیام کے شاگرد رہے اور بارہ برس
اس کی خدمت میں رہے اور تدریس کی اجازت مانگتے رہے مگر وہ نہیں
دیتا تھا آخر کار ایک دن اجازت دیدی[1]۔ حجۃ الاسلام کی شاگردی ناممکن
نہیں ہے لیکن تعجب تو یہ ہے کہ امام موصوف نے خود اس کا ذکر نہیں کیا
اور بارہ برس کی طویل مدت قابل ترک نہ تھی اس کا بیان مشکل
ہو سکتا ہے۔

خیام نے کچھ روز قاضی القضاۃ ابو طاہر سمرقندی کی صحبت اور تربیت
میں بھی گذارے۔ ابو طاہر سمرقند کے صاحب ثروت لوگوں میں سے تھے۔
وہاں کے رئیس شافعیہ تھے۔ فقہ و حدیث کے بڑے عالم تھے سنہ ۴۶۴ھ میں
نیشاپور آکر سلجوقی دربار سے وابستہ ہو گئے اور انھوں نے ملک شاہ کو
سمرقند لینے پر آمادہ کیا تھا۔

سنہ ۴۶۵ھ میں جب ملک شاہ تخت نشین ہوا تو اس کی
کی تھی اس وقت سلجوقی سلطنت کا دارالحکومت اصفہان تھا
وزیر سلطنت نظام الملک تھے جو بڑے قابل اور بڑے
نمایاں انعام دے ان میں ایک معقول رقم ان کو بھی ملی جب حکیم خیام کو

---

[1] خیام، سید سلیمان ندوی جو تاریخ ... [illegible]
... ابو الحسن محمد بن ... [illegible]
... تدریس دار حکمت ... [illegible]

طلب کیا گیا۔ اس کے سپرد رصد خانہ کر دیا گیا اور درباری حیثیت سے پہلے طبیب کی ہوئی پھر شاہی منجم اور اس کے بعد ندیم خاص۔ وہ ملک شاہ کے انتقال یعنی ۴۸۵ھ ہجری تک انیس ۱۹ سال دربار سے وابستہ رہا۔ اس دور میں اس کے کارنامے۔ رصدگاہ ملک شاہی کا قیام۔ فلکیاتی تحقیق۔ زمین کی گردش صفحہ[1] کا استعمال۔ تاریخ جلالی کا آغاز اور نتیجہ ملک شاہی اور دوسرے رسالوں کی تصنیف کے تھے۔ ملک شاہ کے بعد اس کا لڑکا برکیارق تخت پر بیٹھا تو خیام کا تعلق دربار سے منقطع ہو گیا۔ تاریخ جلالی کے بجائے قمری سال کا رواج دوبارہ کر دیا گیا اور خیام کو نیشاپور چھوڑنا پڑا۔ برکیارق کے بعد محمد بن ملک شاہ اور پھر محمود بن ملک شاہ یکے بعد دیگرے تخت پر بیٹھے ان تینوں سلطانوں کے چھبیس ۲۶ سالہ دور میں ہمیں خیام کا پتہ چلتا کہ وہ کہاں مارا مارا پھرتا رہا ۵۱۱ھ ہجری میں سلطان سنجر بن ملک شاہ تخت نشین ہوا اس کا عہد ۵۲۲ھ ہجری تک وسیع رہا اس میں بھی خیام کا پتہ دربار شاہی میں نہیں ملتا البتہ ۵۱۵ھ ہجری میں بعض حکماء نے فلزات کے تولنے کے ترازو بنانے پر کچھ رسالے لکھ کر سلطان کے سامنے پیش کئے تھے ان میں ایک رسالہ عمر خیام کا بھی تھا۔

خیام مسلمان تھا نماز پابندی سے پڑھتا تھا اور حج بھی کر چکا تھا۔ آخر عمر میں وہ گوشہ نشین ہو کر ریاضت اور عبادت میں مصروف رہنے لگا تھا

---

[1] یونانی زیج۔

اپنے رسالہ کون و تکلیف میں اس نے بعثت رسول کی ضرورت پر دلیلیں پیش کی ہیں۔ مغفرت الٰہی کی دعائیں بھی اس نے بارہا مانگیں۔ جزا و سزا بہشت و دوزخ کا وہ بھی قائل تھا لیکن اسکا فلسفیانہ اور حکیمانہ اسلام تھا جسکا خاکہ ابو علی سینا کے اشارات اور الٰہیات شفا میں نظر آتا ہے۔ وہ اسلام کے تمام فرقوں میں ذات باری کی حقیقی عزت اور عظمت سمجھنے کا اہل حکماء کو سمجھتا تھا۔ فرقہ حکماء مسلمان فلاسفروں کی وہ جماعت تھی جس کا مقصد عقل نقل اور فلسفہ و مذہب میں تطبیق تھا۔ یہ فرقہ اسلامی عقائد کی تشریح فلسفیانہ مذاق کے مطابق کرتا تھا اور حکماء یونان اور انبیاء علیہم السلام کو ایک ہی تہ کی دو شاخیں سمجھ کر ان دونوں کی تعلیمات میں تطابق پیدا کرتا تھا۔ خیام کا تصوف مذہبی نہیں بلکہ حکیمانہ تھا۔ خیام کے سامنے انبیاء کے احوال نہیں بلکہ حکماء کے احوال تھے اس کے تصوف کا ماخذ یونانی اور افلاطونی اسکول تھے۔ وہ خدا کی کلی معرفت کے امکان کا قائل نہ تھا اور اس کے خیال سے یہ چیز انسانی دسترس سے باہر تھی۔ اسی مضمون پر اسکی رباعی ہے۔

کنہ خودم در خور اثبات تو نیست ؛ واندیشۂ من بجز مناجات تو نیست
من ذات ترا بواجبی کے دانم ؛ دانندۂ ذات تو بجز ذات تو نیست

خیام خدا کے عالم کل ہونے کا قائل تھا اور جبر پر عقیدہ رکھتا تھا۔ اس نے کہا ہے کہ "شاید بظاہر جبری حق کے زیادہ قریب ہے"[1] یہی

---

[1] فلعل الجبری اقرب الی الحق فی بادیٔ الرأی وظاهر النظر۔
(رسالہ مسائل: عمر خیام)

خیالات اس کی رباعیوں سے ظاہر ہیں

نیکی و بدی کہ در نہاد بشر است ٭ شادی و غمی کہ در قضا و قدر است
با چرخ مکن حوالہ کاندر رہ عقل ٭ چرخ از تو ہزار بار بیچارہ تر است

عربی زبان میں رباعیات کی ابتدا ابوالعلاء معری نے کی اور بہت سے حکیمانہ و فلسفیانہ قطعات لکھے جن کو لزومیات کہا جاتا ہے لیکن خیام اور ابوالعلاء معری کی شاعری میں کافی فرق ہے۔ ابوالعلاء یہودیت عیسائیت اور اسلام سب کا علیحدہ علیحدہ ذکر کرتا ہے۔ ان کا مقابلہ کرتا ہے ان پر اپنی رائے دیتا ہے لیکن خیام کے یہاں کفر و دین کے علاوہ تیسرا کوئی لفظ نہیں ملتا۔ ابوالعلاء شراب کا سخت مخالف ہے اور اسکا کلام خمریات سے پاک ہے لیکن خیام نے حقیقی یا مجازی مستی کے بغیر ایک مصرع بھی نہیں کہا۔ ابوالعلاء کے نزدیک یہ دنیا سرائے فانی ہے اور اس لیے یہاں عیش و آرام سے فائدہ اٹھانا بھی بیکار ہے۔ خیام کے نزدیک بھی یہ دنیا فانی ہے لیکن اس سے جتنا فائدہ اٹھانا ہو اٹھا لو۔ اس کا خیال ہے

کچھ لوگوں کا خیام پر سب سے بڑا الزام یہ ہے کہ وہ رند بلا نوش تھا ہر وقت مستی میں پڑا رہتا تھا اور اس عالم خمار میں جو کچھ بک جاتا تھا وہی رباعی ہو جاتی تھی ـــ مجھے یقین ہے کہ یہ خیال صرف ان لوگوں کا ہے جنھوں نے یورپ کے لٹریچر کا مطالعہ کیا ہے یا صرف رباعیات خیام کو پڑھ کر ہی اندازہ کر لیا ہے یہ حقیقت ہے کہ خیام نے جس دور میں آنکھ کھولی تھی اس دور میں لوگ چھپ چھپ کر شراب پیتے تھے اور شراب نوشی حکیم اور فلسفی ہونے کی سند تھی

سارے ماحول پر شراب چھائی ہوئی تھی۔ بڑے بڑے عالم وفاضل زاہد وعابد شراب پیتے نہیں تو تذکرہ ضرور کرتے تھے۔ گل وبلبل کی طرح اسلامی شاعری میں شراب کی آمیزش ہو چکی تھی اور جام وسبو کی تشبیہات اور استعارات شاعری کیلئے ضروری جزو بن گئے تھے بنی امیہ کے دربار سے یہ بدعت شروع ہوئی ہارون رشید کے دور میں خمریات کا زور ہوا فارسی تو پیدا ہی اس دور میں ہوئی اس لئے اسکی شاعری میں شراب کا ذکر ہونا تو لازمی تھا وہ لوگ جنھوں نے کبھی شراب دیکھی تک نہیں اپنے کلام میں اسکا ذکر ضرور کرتے۔ بزرگان دین کے میکدہ کلام میں بھی یہی جوش نظر آتا ہے حالانکہ یہ شراب معرفت ہے ملاحظہ فرمایئے۔

مشہور رباعی گو شاعر حضرت خواجہ سلطان ابوالخیر المخزومی رح ؎

گر سبحہ صد دانہ شماری خوب است ٭ ور جام مئے از کف نگذاری خوب است

حضرت خواجہ حافظ شیرازی رح ؎

بر در میخانہ خواہم گشت چوں حافظ مقیم ٭ چوں خراباتی شد اے یار طریقت پیر ما

حضرت قطب عالم شاہ نیاز احمد بریلوی رح ؎

بر در میخانہ نشستم بصد عجز و نیاز ٭ گشتہ آواز بہر میکدہ جام مئے طاعت فروش

موجودہ عہد کے امام طریقت حضرت راز بریلوی رح ؎

پیر میخانہ ز رندان بلا کش مستند ٭ ساقی مئے عجبے جرعہ مہیا بکنے

ہر میکدہ باد خواری میں گذری ٭ پس میکدہ شرم ساری میں گذری

موجودہ دور کے صوفی باصفا حضرت سنگش اکبر آبادی ؎

ہے خانقاہ میں بے جا تلاش سنگش کی ٭ ملیں گے آپ کو حضرت شراب خانے میں

وہ رند ہوش باختہ سنگش کبیر تب ٭ آتے ہی جام ہاتھ میں فرزانہ ہو گیا

اور اس بات کا اقرار بلا نوش شاعر غالب بھی کرتا ہے ؎

ہر چند ہو مشاہدہ حق کی گفتگو ؛ بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

لیکن بدقسمت خیام ہی ایسا تھا جس کی شراب کو لوگوں نے شراب معرفت مئے محبت اور بادۂ وطن نہ سمجھا اسکی رباعیوں کو پڑھ کر یہ اندازہ کر لیتا کہ وہ شراب کا رسیا تھا کہاں کا انصاف ہے اسکی بہت سی رباعیاں ایسی ہیں کہ جنکے متعلق یہ بھی شبہ ہے کہ وہ اسی کی ہیں یا اور کسی کی ــــ خیام کے جس قدر پرانے اور مستند سوانح نگار ہیں کسی نے اسکی شراب کا ذکر نہیں کیا۔ کاتب اصفہانی۔ قفطی اور ابن وایہ جو اس کے بدترین مخالف تھے اور جو اسکو بے دین اور ملحد کہتے تھے انھوں نے بھی شراب کا ذکر تو درکنار اس کی طرف اشارہ تک نہ کیا۔

خیام کے متعلق اکبر اعظم کہتا تھا ــــ "باید[1] کہ پس ہر غزل حافظ رباعی خیام بر نویسند ورنہ خواندن آں حکم شراب بے گزک است" ایک رند کے بعد ایک پیر طریقت کی بات بھی سنئے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی[2] اپنے والد ماجد اور خدا رسیدہ اور صاحب حال بزرگ حضرت سیف ترک بخاری[3] کے متعلق فرماتے ہیں کہ جب کبھی ان کے سامنے خیام کی یہ رباعی پڑھی گئی تو وہ رو پڑے اور گھنٹوں اس پر کیف طاری رہا

اے کوزہ چو من عاشق زارے بودہ است ؛ در بند سر زلف نگارے بودہ است

اے دست کہ در گردن او می بینی ؛ دستے است کہ در گردن یارے بودہ است

خیام کی وفات کا واقعہ بھی عجیب و غریب ہے ابوالحسن بیہقی نے لکھا ہے کہ ایک روز خیام ابوعلی سینا کی کتاب شفا کی الٰہیات کا مطالعہ کر رہا تھا۔

---

[1] آئین اکبری۔ جلد سوم ص ۱۸۶ نولکشور پریس لکھنؤ [2] اخبار الاخیار شیخ عبدالحق محدث دہلوی

جب واحد و کثیر کی بحث پر پہونچا تو ملائی خلال نشانی کے طور پر رکھ کر کتاب بند کر دی۔ چند مجھداروں کو بلا کر وصیت کی اور نماز کے لئے کھڑا ہو گیا۔ سجدہ میں اسکی زبان سے یہ فقرے ادا ہو رہے تھے :۔

"بار الہٰا! تو جانتا ہے کہ میں نے اپنا امکان بھر تجھ کو پہچانا تو مجھے معاف کر۔ کہ میں نے جتنا بھی تجھ کو پہچانا وہی میری نجات کا وسیلہ ہے۔" یہ کہتے کہتے طوطی زباں ہمیشہ کے لئے خاموش ہو گیا۔

خیام نے اپنی قبر کے متعلق جو پیشین گوئی کی تھی وہ بھی حرف بحرف پوری ہوئی۔ اس کے عزیز شاگرد نظامی عروضی کی روایت ہے کہ "خواجہ خیام نے بلخ میں مجھ سے کہا تھا کہ میری قبر ایسی جگہ ہو گی جہاں ہر موسم میں باد شمال اس پر پھول برسائیگی" جب چار سال کے بعد وہ نیشاپور گیا تو اسکا واحد مقصد خیام کی قبر کی زیارت کا ہی تھا اس نے ایک باغ کے دیوار کے نیچے خواجہ کی قبر پائی۔ قبر کے چاروں طرف امرود اور زردآلو کے درخت لگے ہوئے تھے جن کے پھولوں سے پوری قبر ڈھکی ہوئی تھی اس کو دیکھتے ہی نظامی رو پڑا۔

خیام کے بارے میں بہت سی غیر مستند روایات بھی منسوب ہیں۔ بہت سے جعلی خیاموں کی مہمل رباعیات بھی اس کی ذات منسوب کر دی گئیں خمریات پر جو رباعی بھی کسی شاعر کی ملی اسے عزیز خیام کی تصور کر لیا گیا۔

ابریق مے مرا شکستی ربی ؛ بر من در عیش را ببستی ربی

بر خاک فکندی مے گلگوں را
خاکم بدہن مگر تو مستی ربی

نامعلوم کس بے ادب کی یہ مہمل اور بیہودہ رباعی خیام کی سمجھ لی گئی ہے[1]
حالانکہ خیام کے تمام بڑے مجموعوں میں شامل ہے اور یہ غلط فہمی سینکڑوں برس سے
مستقل طور پر چلی آرہی ہے[2]۔ خیام کبھی ایسی گستاخی نہیں کرسکتا تھا جو خیالات
اسکی عربی فارسی نظم ونثر میں ہیں ان کے عنوانات دیکھ کر آپ خود فیصلہ کرلیجئے
کہ یہ واقعہ کہاں تک صحیح ہوسکتا ہے۔

(۱) اللہ تعالیٰ خیر محض وسراپا رحمت ہے (۲) بندوں کے تمام کام اسی کی قضا
قدر سے ہیں جسمیں انسان سراسر مجبور اور معذور ہے۔ (۳) اللہ تعالیٰ اپنے
گنہگار بندوں کو اپنی رحمت سے سرفراز فرمائیگا (۴) بندوں کی گنہگاری
اسی لئے ہے تاکہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت وشفقت اور جود وکرم کے جلوے
دکھائے۔

محمود نیازی

۱۸ر جون ۵۸ء

---

[1] و [2] سید سلیمان ندوی نے اپنی معرکۃ الآرا کتاب "خیام" کے ص ۲۶۲ سے ۲۷۰ تک ان
تمام مجہول اور غیر مصدقہ روایات کا پول کھولا ہے اور ثبوت ودلائل کے ساتھ انکو غلط ثابت کیا ہے
[2] یہ کوئی نئی بات نہیں ہے اور ہمیشہ سے ہوتا چلا آرہا ہے لوگوں نے تو مثنوی مولانا روم میں بھی الحاقی کلام شامل
کردیا ہے

عم محترم جناب حامد حسن صاحب قادری کا میں انتہائی شکر گذار ہوں کہ آپ نے میرے ناول کیلئے عمر خیام کی چند رباعیات کا منظوم ترجمہ مرحمت فرمایا

رباعی خیام

(۱)

ہرگز دل من ز علم محروم نہ شد ؛ کم ماند ز اسرار کہ معلوم نہ شد
ہفتاد و دو سال فکر کردم شب و روز ؛ معلومم شد کہ ہیچ معلوم نہ شد

ترجمہ قادری۔ گو دل ز کسی علم سے محروم ہوا ؛ سمجھا جس راز کا جو مفہوم ہوا
کرتا رہا فکر روز و شب ستر سال[1] ؛ معلوم ہوا کہ کچھ نہ معلوم ہوا

(۲)

اے دل چو زمانہ می کند غمناکت ؛ ناگہ برود ز تن رواں پاکت
بر سبزہ نشیں و خوش بزی روزی چند ؛ زاں پیش کہ سبزہ بردمد از خاکت

ترجمہ۔ اے دل تجھے کرتی ہے جو دنیا غمناک ؛ آخر نکلے گی تن سے یہ جان پاک
کر سبزہ و گل کی سیر خوش رہ کچھ روز ؛ قبل اسکے کہ سبزہ پوش ہو تیری خاک

(۳)

مے نوش کہ عمر جاودانی این است ؛ خود حاصلت از دور جوانی این است
ہنگام گل و بادہ یاراں سرمست ؛ خوش باش دمے کہ زندگانی این است

ترجمہ۔ مے پی کہ حیات جاودانی یہ ہے ؛ ہاں ثمرۂ ایام جوانی یہ ہے
فصل گل ہو شراب ہو مست رہیں ؛ کر عیش ذرا کہ زندگانی یہ ہے

(۴)

برخیز و مخور غم جہاں گذراں ؛ بنشیں و دمے بشادمانی گذراں
در طبع جہاں اگر وفائے بود ؛ نوبت بتو خود نیامدے از دگراں

---

[1] مترجم کی عمر ۷۰ سال ہے۔

خیام

ترجمہ۔ اٹھ اور نہ کھا غم جہان گذراں ؛ بیٹھ ایک ہی دم خوشی میں گذرے ناداں
ہوتی جو جہان کی طبیعت میں وفا ؛ نوبت تری دوسروں سے آتی ہی کہاں

(۵)

آں قصر کہ بر چرخ ہمی زد پہلو ؛ بر درگہ او شہان نہادندے او
دیدیم کہ بر کنگرہ اش فاختہ ؛ بنشستہ ہمی گفت کہ کو کو کو کو

ترجمہ۔ وہ قصر جو آسمان کا تھا ہم پہلو ؛ جھکتے تھے جہاں شہان ذی قدر و علو
اک فاختہ کنگرے پہ بیٹھی تھی وہاں ؛ کہتی تھی وہ فارسی میں کو کو کو کو

نسیم انہونوی

Rs. 4/-